ف۱ اللہ صاحب مسلمانوں کو سُناتا ہے کہ جنکی نیت ہو کہ پرایا حق کھاوے کو یہ مسئلہ بنا لیا کہ ہم کو غیر دین والوں کی امانت میں خیانت کرنی روا ہے، ان کی بات دین کے مقدمہ میں کیا سند ہو سکے ہمارے ہاں بھی کافر حربی کا مال زور سے لینا روا ہے لیکن امانت میں خیانت روا نہیں ۱۲۔ منہ رح۔

ف۲ یہ یہود میں صفت تھی کہ اُن سے اللہ نے اقرار لیا تھا اور قسمیں دی تھیں کہ ہر نبی کے مددگار رہیو پھر غرض دنیا کے واسطے پھر گئے اور جو کوئی جھوٹی قسم کھاوے دنیا ملنے کے واسطے اسکا یہی حال ہے۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۳ یعنی ان پڑھوں کو دغا دیتے ہیں۔ اپنی عبارت بنا کر قرآن کی طرح پڑھنے لگے سو اللہ نے یوں فرمایا ۴۔ ۱۲۔ منہ رح۔

النُّبُوَّةَ ثُمَّ يَقُولَ لِلنَّاسِ كُونُوا عِبَادًا لِّي مِن
پیغمبری پھر کہے واسطے لوگوں کے ہو جاؤ تم بندے واسطے میرے
دُونِ اللَّهِ وَلَٰكِن كُونُوا رَبَّانِيِّينَ بِمَا كُنتُمْ تُعَلِّمُونَ
سوائے خدا کے اور لیکن ہو جاؤ تم اللہ کے لوگ اس واسطے کہ ہو تم سکھاتے
الْكِتَابَ وَبِمَا كُنتُمْ تَدْرُسُونَ ﴿٧٩﴾ وَلَا يَأْمُرَكُمْ أَن
کتاب اور اس واسطے کہ ہو تم پڑھتے اور نہیں لائق کہ حکم کرے تم کو یہ کہ
تَتَّخِذُوا الْمَلَائِكَةَ وَالنَّبِيِّينَ أَرْبَابًا ۗ أَيَأْمُرُكُم بِالْكُفْرِ
پکڑو تم فرشتوں کو اور پیغمبروں کو پروردگار کیا حکم کریگا تم کو ساتھ کفر کے
بَعْدَ إِذْ أَنتُم مُّسْلِمُونَ ﴿٨٠﴾ وَإِذْ أَخَذَ اللَّهُ مِيثَاقَ النَّبِيِّينَ
پیچھے اس کے کہ ہو تم مسلمان ف۱ اور جس وقت لیا اللہ نے عہد پیغمبروں کا
لَمَا آتَيْتُكُم مِّن كِتَابٍ وَحِكْمَةٍ ثُمَّ جَاءَكُمْ رَسُولٌ
البتہ جو کچھ دوں میں تم کو کتاب سے اور حکمت سے پھر آوے تمہارے پاس پیغمبر
مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهِ وَلَتَنصُرُنَّهُ ۚ قَالَ
سچا کرنے والا اس چیز کو کہ ساتھ تمہارے ہے البتہ ایمان لائیو ساتھ اسکے اور البتہ مدد دیجیو اسکو کہا
أَأَقْرَرْتُمْ وَأَخَذْتُمْ عَلَىٰ ذَٰلِكُمْ إِصْرِي ۖ قَالُوا
کیا اقرار کیا تم نے اور لیا تم نے اوپر اس کے بھاری عہد میرا کہا انھوں نے
أَقْرَرْنَا ۚ قَالَ فَاشْهَدُوا وَأَنَا مَعَكُم مِّنَ الشَّاهِدِينَ ﴿٨١﴾
اقرار کیا ہم نے کہا پس شاہد رہو اور میں ساتھ تمہارے شاہدوں سے ہوں ف۲
فَمَن تَوَلَّىٰ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ ﴿٨٢﴾
پس جو کوئی پھر جاوے پیچھے اس کے پس یہ لوگ وہی ہیں بدکار۔
أَفَغَيْرَ دِينِ اللَّهِ يَبْغُونَ وَلَهُ أَسْلَمَ مَن فِي السَّمَاوَاتِ
کیا پس غیر دین خدا کے چاہتے ہیں اور واسطے اسکے مطیع ہوتے ہیں جو کچھ بیچ آسمانوں
وَالْأَرْضِ طَوْعًا وَكَرْهًا وَإِلَيْهِ يُرْجَعُونَ ﴿٨٣﴾ قُلْ
کے اور زمین کے ہے خوشی سے اور ناخوشی سے اور طرف اسی کے پھیرے جاویں گے ف۳ کہہ
آمَنَّا بِاللَّهِ وَمَا أُنزِلَ عَلَيْنَا وَمَا أُنزِلَ عَلَىٰ إِبْرَاهِيمَ
ایمان لائے ہم ساتھ اللہ کے اور اس چیز کے کہ اتاری گئی اوپر ہمارے اور اس چیز کے کہ اتاری گئی اوپر ابراہیم کے

ع ۹ ۱۶

ف۱ یہود مسلمانوں سے کہتے کہ تمہارا نبی ہم کو کہتا ہے کہ بندگی کرو اللہ کی ہم تو آگے سے اسی کی بندگی کرتے ہیں مگر وہ چاہتا ہے کہ میری بندگی کرو سو اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ جس کو اللہ نبی کرے اور وہ لوگوں کو کفر سے نکال کر مسلمانی میں دے پھر کیونکر انکو کفر سکھاوے مگر تم کو یہ کہتا ہے کہ تم میں جو آگے دینداری تھی کتاب کا پڑھنا اور سکھانا وہ نہیں رہی اب میری صحبت میں وہی کمال حاصل کرو۔ ۱۲۔ منہ رح۔

ف۲ اللہ نے اقرار لیا نبیوں کا یعنی نبیوں کے معتقدوں سے میں بنی اسرائیل سے اقرار لیا۔

ف۳ یعنی ہر عہد کا جو حکم فرمایا اس کے سوا اور دین قبول نہیں ۱۲۔ منہ رح۔

وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَمَآ
اور اسماعیل کے اور اسحاق کے اور یعقوب کے اور اولاد اس کی کے اور جو
اُوْتِيَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى وَالنَّبِيُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ لَا
دی گئی موسیٰ کو اور عیسیٰ کو اور نبیوں کو پروردگار ان کے سے نہیں
نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿۸۴﴾
جدائی ڈالتے ہم درمیان کسی کے ان میں سے اور ہم واسطے اسکے فرماں بردار ہیں
وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ الْاِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْهُ
اور جو کوئی چاہے سوائے اسلام کے دین پس ہرگز نہ قبول کیا جاویگا اس سے
وَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۸۵﴾ كَيْفَ يَهْدِي
اور وہ بیچ آخرت کے ٹوٹا پانے والوں سے ہے کیونکر ہدایت کرے
اللّٰهُ قَوْمًا كَفَرُوْا بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ وَشَهِدُوْٓا اَنَّ الرَّسُوْلَ
اللہ اس قوم کو کہ کافر ہوئے پیچھے ایمان اپنے کے اور گواہی دی یہ کہ رسول
حَقٌّ وَّجَآءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ
سچ ہے اور آئیں ان کے پاس دلیلیں اور اللہ نہیں ہدایت کرتا قوم
الظّٰلِمِيْنَ ﴿۸۶﴾ اُولٰٓئِكَ جَزَآؤُهُمْ اَنَّ عَلَيْهِمْ لَعْنَةَ
ظالموں کو یہ لوگ سزا ان کی یہ ہے کہ اوپر ان کے لعنت ہے
اللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿۸۷﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا
اللہ کی اور فرشتوں کی اور لوگوں کی سب کی ہمیشہ رہیں گے بیچ اسکے
لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿۸۸﴾ اِلَّا
نہ ہلکا کیا جاوے گا ان سے عذاب اور نہ وہ ڈھیل دیئے جاویں گے مگر
الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ
وہ لوگ کہ جنھوں نے توبہ کی پیچھے اس سے اور نیکی کی پس تحقیق اللہ
غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۸۹﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ ثُمَّ
بخشنے والا مہربان ہے تحقیق جو لوگ کہ کافر ہوئے پیچھے ایمان اپنے کے پھر
ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّنْ تُقْبَلَ تَوْبَتُهُمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الضَّآلُّوْنَ ﴿۹۰﴾
زیادہ ہوئے کفر میں ہرگز نہ قبول کی جاوے گی توبہ ان کی اور یہ لوگ وہی ہیں گمراہ ف۱

موضح القرآن
ف۱ یعنی یہود پہلے اقرار کرتے تھے کہ یہ نبی تحقیق ہے جب ان سے مقابلہ ہوا تو منکر ہو گئے اور بڑھتے گئے انکار میں یعنی لڑائی کو مستعد ہوئے اُن کی توبہ ہرگز قبول نہ ہوگی یعنی انکو توبہ کرنی ہی نصیب نہ ہوگی ۱۲ منہ

ربع

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَمَاتُوا وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَنْ يُقْبَلَ
تحقیق جو لوگ کہ کافر ہوئے اور مر گئے اور وہ کافر رہے پس ہرگز نہ قبول کیا
مِنْ أَحَدِهِمْ مِلْءُ الْأَرْضِ ذَهَبًا وَلَوِ افْتَدَىٰ بِهِ
جاویگا کسی ان میں سے بھر کر زمین سونا اور اگرچہ بدلا دے شتا اسکے
أُولَٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ وَمَا لَهُمْ مِنْ نَاصِرِينَ ﴿٩١﴾
یہ لوگ واسطے اُن کے عذاب ہے درد دینے والا اور نہیں واسطے انکے کوئی مدد دینے والا
لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتَّىٰ تُنْفِقُوا مِمَّا تُحِبُّونَ ۚ
ہرگز نہ پہنچو گے تم بھلائی کو. یہاں تک کہ خرچ کرو تم اس چیز سے کہ دوست رکھتے ہو
وَمَا تُنْفِقُوا مِنْ شَيْءٍ فَإِنَّ اللَّهَ بِهِ عَلِيمٌ ﴿٩٢﴾
اور جو کچھ خرچ کرو تم کسی چیز پس تحقیق اللہ ساتھ اسکے جاننے والا ہے ف۱
كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ حِلًّا لِبَنِي إِسْرَائِيلَ إِلَّا مَا حَرَّمَ
تمام کھانا تھا حلال واسطے بنی اسرائیل کے مگر جو حرام کیا تھا
إِسْرَائِيلُ عَلَىٰ نَفْسِهِ مِنْ قَبْلِ أَنْ تُنَزَّلَ التَّوْرَاةُ ۗ
یعقوب نے اوپر جان اپنی کے پہلے اس سے کہ اُتاری جاوے تورات
قُلْ فَأْتُوا بِالتَّوْرَاةِ فَاتْلُوهَا إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ﴿٩٣﴾
کہہ پس لاؤ تم توریت کو پس پڑھو اس کو اگر ہو تم سچے
فَمَنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ الْكَذِبَ مِنْ بَعْدِ ذَٰلِكَ
پس جو کوئی باندھ لیوے اُوپر اللہ کے جھوٹ پیچھے اس کے
فَأُولَٰئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ ﴿٩٤﴾ قُلْ صَدَقَ اللَّهُ ۗ فَاتَّبِعُوا
پس یہ لوگ وہی ہیں ظالم ف۲ کہہ سچ کہا اللہ نے پس پیروی کرو
مِلَّةَ إِبْرَاهِيمَ حَنِيفًا وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ﴿٩٥﴾
دین ابراہیم حنیف کی اور نہ تھا مشرکوں سے۔
إِنَّ أَوَّلَ بَيْتٍ وُضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِي بِبَكَّةَ مُبَارَكًا
تحقیق پہلا گھر مقرر کیا گیا واسطے لوگوں کے وہ ہے جو بیچ مکہ کے ہے برکت والا
وَهُدًى لِلْعَالَمِينَ ﴿٩٦﴾ فِيهِ آيَاتٌ بَيِّنَاتٌ مَقَامُ
اور ہدایت واسطے عالموں کے بیچ اس کے نشانیاں ہیں ظاہر مقام

موضح القرآن

ف۱ یعنی جس چیز سے دل بہت لگا ہو اس کا خرچ کرنا بڑا درجہ ہے۔ اور ثواب ہر چیز میں ہے۔ شاید یہود کے ذکر میں یہ آیت اس واسطے فرمائی کہ انکو اپنی ریاست بہت عزیز تھی جسکے تقاضے کو نبی کے تابع نہ ہوتے تھے تو جب وہی نہ چھوڑیں اللہ کی راہ میں درجہ ایمان نہ پاویں۔ ۱۲ منہ رح۔ ف۲ یہود کہتے کہ تم کیسے ہو ہم ابراہیم کے دین پر ہیں اور ابراہیم کے گھرانے میں جو چیزیں حرام ہیں سو کھاتے ہو جیسے اونٹ کا گوشت اور دودھ اللہ نے فرمایا کہ جتنی چیزیں اب لوگ کھاتے ہیں سب ابراہیم کے وقت حلال تھیں جبتک توریت نازل ہوئی تو توریت میں خاص بنی اسرائیل پر حرام ہوئی ہیں مگر اونٹ توریت سے پہلے حضرت یعقوب نے اسکے کھانے کی قسم کھائی تھی۔ انکی تبعیت سے انکی اولاد نے بھی چھوڑ دیا تھا اس قسم کا سبب تھا کہ انکو ایک مرض ہوا تھا انھوں نے نذر کی کہ (باقی صفحہ ۸۱ پر)

ع ۹ / ۱۱ / ۱۷ — منزل ۱

إِبْرٰهِيمَ ۚ وَمَنْ دَخَلَهُ كَانَ اٰمِنًا ۗ وَلِلّٰهِ عَلَى
ابراہیم کا اور جو کوئی داخل ہو اُس میں ہوتا ہے امن میں اور واسطے اللہ کے اوپر
النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيلًا ۚ وَ
لوگوں کے حج کرنا اس گھر کا (یعنی کعبہ کا) جو کوئی پا سکے طرف اس کے راہ اور
مَنْ كَفَرَ فَإِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِينَ ۝٩٧ قُلْ يٰٓأَهْلَ
جو کوئی کافر ہو پس تحقیق اللہ بے پروا ہے عالموں سے ف۱ کہہ اے اہل
الْكِتٰبِ لِمَ تَكْفُرُونَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۖ وَاللّٰهُ شَهِيدٌ عَلَىٰ
کتاب کیوں کفر کرتے ہو تم ساتھ نشانیوں اللہ کے اور اللہ گواہ ہے اوپر
مَا تَعْمَلُونَ ۝٩٨ قُلْ يٰٓأَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَصُدُّونَ عَنْ
اس چیز کے کہ کرتے ہو تم کہہ اے صاحب کتاب کے کیوں بند کرتے ہو
سَبِيلِ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ تَبْغُونَهَا عِوَجًا وَأَنْتُمْ شُهَدَاءُ ۗ
راہ خدا کی سے اس شخص کو کہ ایمان لایا ہے چاہتے ہو واسطے اسکے کجی اور تم گواہ ہو
وَمَا اللّٰهُ بِغٰفِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ ۝٩٩ يٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوٓا
اور نہیں اللہ غافل اس چیز سے کہ کرتے ہو تم اے لوگو جو ایمان لائے ہو
إِنْ تُطِيعُوا فَرِيقًا مِنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتٰبَ يَرُدُّوكُمْ
تم اگر کہا مانوگے تم ایک فرقے کا ان لوگوں میں سے جو دیئے گئے ہیں کتاب پھیر دینگے تمکو
بَعْدَ إِيمٰنِكُمْ كٰفِرِينَ ۝١٠٠ وَكَيْفَ تَكْفُرُونَ وَأَنْتُمْ
پیچھے ایمان تمھارے کے کافر ف۲ اور کیونکر کفر کروگے تم حالانکہ
تُتْلَىٰ عَلَيْكُمْ اٰيٰتُ اللّٰهِ وَفِيكُمْ رَسُولُهُ ۗ وَمَنْ يَعْتَصِمْ
پڑھی جاتی ہیں اوپر تمھارے نشانیاں اللہ کی اور بیچ تمھارے ہے پیغمبر اسکا اور جو کوئی محکم پکڑے
بِاللّٰهِ فَقَدْ هُدِيَ إِلَىٰ صِرٰطٍ مُسْتَقِيمٍ ۝١٠١ يٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ
اللہ کو پس تحقیق راہ دکھایا گیا طرف راہ سیدھی کے اے لوگو جو
اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهِ وَلَا تَمُوتُنَّ إِلَّا
ایمان لائے ہو ڈرو اللہ سے حق ڈرنے اس کے کا اور ہرگز نہ مرو تم مگر
وَأَنْتُمْ مُسْلِمُونَ ۝١٠٢ وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيعًا
اور تم مسلمان ہو اور محکم پکڑو ساتھ رسی اللہ کے اکٹھے

(بقیہ صفحہ ۸۰) اگر میں صحت پاؤں تو جو میری بہت بھاوت کی چیز ہو وہ چھوڑ دوں انکو بھی بہت بھاتا تھا سو نذر کے سبب چھوڑ دیا ۔ ۱۲ منہ رح

موضح القرآن

ف۱ یہی یہود کا شبہ تھا کہ ابراہیم کا گھرانا ہمیشہ سے شام میں رہا اور بیت المقدس کو قبلہ رکھا اور تم مکہ میں ہو اور کعبہ کو قبلہ کرتے ہو۔ تم کیونکر ابراہیم کے وارث ہوئے۔ سو اللہ نے فرمایا کہ ابراہیم کے ہاتھ سے اول عبادت خانہ اللہ کے نام پر یہی بنا اور اس میں بزرگی کی نشانیاں اور خوارق ہمیشہ دیکھتے رہے ہیں اصل مقام ابراہیم کا یہی ہے ۱۲ ۔ منہ رح ۔

ف۲ اللہ تعالیٰ نے اہل کتاب کے شبہوں کا جواب دے کر مسلمانوں کو فرمایا کہ ان کی بات مت سنو یہی علاج ہے نہیں تو شبہے سنتے سنتے اپنی راہ سے نکل جاؤ گے۔ اب بھی ہر مسلمان کو چاہئے کہ شبہے والوں کی بات نہ سنے اس میں دین کی سلامتی ہے اور جھگڑنے سے شبہے پڑتے ہیں ۱۲ منہ رح

ع ۱۰

وَلَا تَفَرَّقُوا ۚ وَاذْكُرُوا نِعْمَتَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ إِذْ كُنْتُمْ

اور مت متفرق ہو اور یاد کرو نعمت اللہ کی اوپر تمہارے جسوقت تھے تم

أَعْدَاءً فَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِكُمْ فَأَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهِ إِخْوَانًا

دشمن پس اُلفت ڈالی درمیان دلوں تمہارے کے پس ہوگئے تم ساتھ نعمت اسکی کے بھائی

وَكُنْتُمْ عَلَىٰ شَفَا حُفْرَةٍ مِنَ النَّارِ فَأَنْقَذَكُمْ مِنْهَا ۗ كَذَٰلِكَ

اور تھے تم اُوپر کنارے گڑھے کے آگ سے پس چھڑایا تمکو اس سے اسی طرح

يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمْ آيَاتِهِ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ ﴿١٠٣﴾ وَلْتَكُنْ مِنْكُمْ

بیان کرتا ہے اللہ واسطے تمہارے نشانیاں اپنی تاکہ تم راہ پاؤ ف۱ اور چاہئے کہ ہو تم میں سے

أُمَّةٌ يَدْعُونَ إِلَى الْخَيْرِ وَيَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ

ایک جماعت کہ بُلاویں طرف بھلائی کے اور حکم کریں ساتھ اچھی چیز کے اور منع کریں

عَنِ الْمُنْكَرِ ۚ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ﴿١٠٤﴾ وَلَا تَكُونُوا

نامعقول سے اور یہ لوگ وہی ہیں چھٹکارا پانے والے ف۲ اور مت ہو مانند

كَالَّذِينَ تَفَرَّقُوا وَاخْتَلَفُوا مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَهُمُ الْبَيِّنَاتُ ۚ

ان لوگوں کے کہ متفرق ہوئے اور اختلاف کرنے لگے پیچھے اس سے کہ آئیں اُن کے پاس دلیلیں

وَأُولَٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿١٠٥﴾ يَوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوهٌ

اور یہ لوگ واسطے اُن کے عذاب ہے بڑا اس دن کہ سفید ہونگے کتنے مُنہ

وَتَسْوَدُّ وُجُوهٌ ۚ فَأَمَّا الَّذِينَ اسْوَدَّتْ وُجُوهُهُمْ أَكَفَرْتُمْ

اور کالے ہوں گے کتنے مُنہ پس جو لوگ کہ کالے ہوئے مُنہ انکے کیا کافر ہوئے تم

بَعْدَ إِيمَانِكُمْ فَذُوقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُونَ ﴿١٠٦﴾

پیچھے ایمان اپنے کے پس چکھو عذاب بسبب اس کے کہ تھے تم کفر کرتے۔

وَأَمَّا الَّذِينَ ابْيَضَّتْ وُجُوهُهُمْ فَفِي رَحْمَةِ اللَّهِ ۖ

اور جو لوگ کہ سفید ہوئے مُنہ اُن کے پس بیچ رحمت اللہ کے ہیں

هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿١٠٧﴾ تِلْكَ آيَاتُ اللَّهِ نَتْلُوهَا عَلَيْكَ

وہ بیچ اسکے ہمیشہ رہنے والے ہیں ف۳ یہ ہیں نشانیاں اللہ کی پڑھتے ہیں ہم انکو اوپر تیرے

بِالْحَقِّ ۗ وَمَا اللَّهُ يُرِيدُ ظُلْمًا لِلْعَالَمِينَ ﴿١٠٨﴾ وَلِلَّهِ مَا

ساتھ حق کے اور نہیں اللہ ارادہ کرتا ظلم کا واسطے عالموں کے ف۴ اور واسطے اللہ

موضح القرآن

ف۱ ایک مجلس میں مسلمان تھے اور یہود تھے۔ یہود نے مسلمانوں کو آپس میں لڑا دیا اور قریب ہوا کہ شمشیر چلے حضرت آپ واں پہنچے اور صلح کر دی۔ لڑا دیا اسطرح کہ مدینے کے لوگ دو فرقے تھے اسلام سے پہلے آپس میں لڑ چکے تھے۔ اور دونوں طرف بہت لوگ مرے تھے اس وقت یہود نے دونوں کو وہی لڑائی یاد دلا کر غصہ چڑھایا اور لڑا دیا۔ حقتعالیٰ مسلمانوں کو خبردار کرتا ہے کہ سمجھو اور آپس کا اتفاق نعمت سمجھو اور یہود کی طرح پھوٹ کر خراب نہ ہو۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ معلوم ہوا کہ مسلمانوں میں فرض ہے ایک جماعت قائم رہے جہاد کرنے کو اور دین کا تنقید رکھنے کو تا خلاف دین کوئی نہ کرے اور جو اس کام پر قائم ہوں وہی کامیاب ہیں اور یہ کہ کوئی کسی سے تعرض نہ کرے۔ موسیٰ بدین خود عیسیٰ بدین خود۔ یہ راہ مسلمانی کی نہیں۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ معلوم ہوا کہ سیاہ مُنہ انکے ہیں جو مسلمانی میں کفر کرتے ہیں یعنی مُنہ سے کلمۂ اسلام کہتے ہیں اور عقیدہ خلاف اسلام کے رکھتے ہیں۔ سب فرقے گمراہ یہی حکم رکھتے ہیں۔ ۱۲۔ منہ رح۔

(باقی صفحہ ۸۳ پر)

فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۱۰۹

کے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے اور جو کچھ بیچ زمین کے ہے اور طرف اللہ کے پھیرے جاتے ہیں سب کام ول

كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ

ہو تم بہتر امت جو نکالی گئی ہے واسطے لوگوں کے حکم کرتے ہو ساتھ بھلائی کے

وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ۭ وَلَوْ اٰمَنَ

اور منع کرتے ہو برائی سے اور ایمان لاتے ہو ساتھ اللہ کے اور اگر ایمان لاتے

اَھْلُ الْكِتٰبِ لَكَانَ خَيْرًا لَّھُمْ ۭ مِنْھُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ

صاحب کتاب البتہ ہوتا بہتر واسطے انکے بعضے ان میں سے ایمان لانے والے ہیں

وَاَكْثَرُھُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۱۱۰ لَنْ يَّضُرُّوْكُمْ اِلَّآ اَذًى ۭ

اور اکثر ان کے فاسق ہیں ول ہرگز نہ ضرر پہنچاویں گے تم کو مگر ایذا تھوڑی

وَاِنْ يُّقَاتِلُوْكُمْ يُوَلُّوْكُمُ الْاَدْبَارَ ۣ ثُمَّ لَا يُنْصَرُوْنَ ۱۱۱

اور اگر لڑائی کریں گے تم سے پھیر دیں گے تمکو پیٹھ پھر نہیں مدد دیئے جاویں گے

ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ اَيْنَ مَا ثُقِفُوْٓا اِلَّا بِحَبْلٍ مِّنَ

ماری گئی اوپر ان کے ذلت جہاں پائے جائیں مگر ساتھ پناہ

اللّٰهِ وَحَبْلٍ مِّنَ النَّاسِ وَبَاۗءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ

اللہ کے اور پناہ لوگوں کے سے اور پھر آئے ساتھ غصہ کے اللہ سے

وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الْمَسْكَنَةُ ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّھُمْ كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ

اور ماری گئی اوپر ان کے فقیری یہ اس واسطے کہ تھے وہ کفر کرتے

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ الْاَنْۢبِيَاۗءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۭ ذٰلِكَ بِمَا

ساتھ نشانیوں اللہ کے اور مار ڈالتے تھے پیغمبروں کو ناحق یہ بسبب اسکے ہو

عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ۱۱۲ لَيْسُوْا سَوَاۗءً ۭ مِنْ اَھْلِ

کہ نافرمانی کی انھوں نے اور تھے حد سے نکل جاتے ول۳ نہیں وہ سب برابر صاحب

الْكِتٰبِ اُمَّةٌ قَاۗىِٕمَةٌ يَّتْلُوْنَ اٰيٰتِ اللّٰهِ اٰنَاۗءَ الَّيْلِ

کتاب سے ایک جماعت ہے قائم ہے دین پر پڑھتے ہیں آیتیں خدا کی اوقات رات کے میں

وَھُمْ يَسْجُدُوْنَ ۱۱۳ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ

اور وہ سجدہ کرتے ہیں ایمان لاتے ہیں ساتھ اللہ کے اور دن آخرت کے

(بقیہ صفحہ ۸۲)

ع ۸

ول یعنی جہاد اور امر معروف کا جو حکم فرمایا ظلم نہیں خلق پر انکی تربیت ہے ۱۲

نصف

موضح القرآن

ف۱ یعنی جہاد میں خلق کی جان و مال تلف ہو تو مالک کے حکم سے ہے سب چیز مال اللہ کا ہے۔ ۱۲۔ منہ رح۔

ف۲ یعنی یہ امت ہر امت سے بہتر ہے اسی دو صفت میں امر معروف یعنی جہاد اور ایمان یعنی توحید کا تقید اسقدر اور دین میں نہیں۔ ۱۲۔ منہ رح۔

ف۳ سوائے دست آویز یعنی یہود دنیا میں کہیں اپنی حکومت سے نہیں رہتے بغیر دست آویز اللہ کے کہ بعضی رسمیں توریت کی عمل میں لاتے ہیں اسکے طفیل سے پڑے ہیں یا بغیر دستاویز لوگوں کے یعنی کسی کی رعیت ہیں۔ اسکی پناہ میں پڑے ہیں ۱۲ منہ رح

وَيَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنكَرِ وَ
اور حکم کرتے ہیں ساتھ بھلائی کے اور منع کرتے ہیں برائی سے اور
يُسَارِعُونَ فِي الْخَيْرَاتِ وَأُولَٰئِكَ مِنَ الصَّالِحِينَ ﴿١١٤﴾
جلدی کرتے ہیں بیچ بھلائیوں کے اور یہ لوگ ہیں صالحوں سے ۔
وَمَا يَفْعَلُوا مِنْ خَيْرٍ فَلَن يُكْفَرُوهُ وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِالْمُتَّقِينَ ﴿١١٥﴾
اور جو کچھ کریں گے بھلائی سے پس ہرگز نہ کی جاوے گی ناقدری اسکی ! اور اللہ جاننے والا ہے پرہیزگاروں کو
إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا لَن تُغْنِيَ عَنْهُمْ أَمْوَالُهُمْ وَلَا أَوْلَادُهُم
تحقیق جو لوگ کہ کافر ہوئے ہرگز نہ کفایت کریں گے اُن سے مال اُنکے اور نہ اولاد اُن کی
مِّنَ اللَّهِ شَيْئًا وَأُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿١١٦﴾
اللہ سے کچھ اور یہ لوگ ہیں رہنے والے آگ کے وہ ہیں بیچ اسکے ہمیشہ رہنے والے
مَثَلُ مَا يُنفِقُونَ فِي هَٰذِهِ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا كَمَثَلِ رِيحٍ
مثال اُس کی جو خرچ کرتے ہیں بیچ اس زندگانی دنیا کے مانند مثال باؤ کے ہو کہ تھا
فِيهَا صِرٌّ أَصَابَتْ حَرْثَ قَوْمٍ ظَلَمُوا أَنفُسَهُمْ فَأَهْلَكَتْهُ
بیچ اس کے پالا پہنچی کھیتی ایک قوم کی کو کہ ظلم کیا تھا انھوں نے جانوں اپنی کو پس ہلاک کیا اسکو
وَمَا ظَلَمَهُمُ اللَّهُ وَلَٰكِنْ أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ ﴿١١٧﴾ يَا أَيُّهَا
اور نہ ظلم کیا اُن کو اللہ نے ولیکن جانوں اپنی کو ظلم کرتے تھے ف۲ اے لوگو
الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا بِطَانَةً مِّن دُونِكُمْ لَا يَأْلُونَكُمْ
جو ایمان لائے ہو مت پکڑو دوست دلی سوائے اپنے سے نہیں کمی کرتے تم سے
خَبَالًا وَدُّوا مَا عَنِتُّمْ قَدْ بَدَتِ الْبَغْضَاءُ مِنْ أَفْوَاهِهِمْ
تباہ کرنے میں اور دوست رکھتے ہیں یہ کہ ایذا میں پڑو تم تحقیق ظاہر ہوئی ناخوشی منھ اُن کے سے
وَمَا تُخْفِي صُدُورُهُمْ أَكْبَرُ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْآيَاتِ
اور جو کچھ چھپاتے ہیں سینے اُن کے بہت بڑا ہے ۔ تحقیق بیان کیا ہمنے واسطے تمھارے نشانیوں کو
إِن كُنتُمْ تَعْقِلُونَ ﴿١١٨﴾ هَا أَنتُمْ أُولَاءِ تُحِبُّونَهُمْ وَلَا
اگر ہو تم سمجھتے ف۳ خبردار ہو تم وہ لوگ کہ دوست رکھتے ہو تم اُن کو اور نہیں
يُحِبُّونَكُمْ وَتُؤْمِنُونَ بِالْكِتَابِ كُلِّهِ وَإِذَا لَقُوكُمْ
دوست رکھتے وہ تمکو اور ایمان لاتے ہو تم ساتھ کتاب ساری کے اور جسوقت ملاقات کرتے ہیں تم کو

منزل

موضح القرآن

ف۱ یہود میں پانچ سات آدمی حق پرست تھے وہ مسلمان ہو گئے انکے سردار عبداللہ بن سلام تھے ۔ حقتعالیٰ ہر جگہ اہل کتاب کی مذمت میں سے اُن کو نکال لیتا ہے ۔ یہ بھی اُنکا ہی مذکور تھا ۔ ۱۲ ۔ منہ رح ۔

ف۲ یعنی جو مال خرچ کیا اور اللہ کی رضا پر نہ دیا آخرت میں یا نہ دیا برابر ہے ۱۲ منہ رح

ف۳ یعنی مسلمانوں کو کافروں سے دوستی کرنی نہ چاہیئے وہ ہر طرح دشمن ہیں ۔ ۱۲ منہ رح

قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚۖ وَاِذَا خَلَوْا عَضُّوْا عَلَيْكُمُ الْاَنَامِلَ
کہتے ہیں ایمان لائے ہم اور جب اکیلے ہوتے ہیں کاٹتے ہیں اوپر تمہارے انگلیاں
مِنَ الْغَيْظِ ۭ قُلْ مُوْتُوْا بِغَيْظِكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ
غصے سے کہہ کہ مرجاؤ ساتھ غصے اپنے کے تحقیق اللہ جانتا ہے
بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۱۹﴾ اِنْ تَمْسَسْكُمْ حَسَنَةٌ تَسُؤْھُمْ ۡ
سینے والی بات کو اگر لگے تمکو بھلائی ناخوش کرتی ہے اُن کو
وَاِنْ تُصِبْكُمْ سَيِّئَةٌ يَّفْرَحُوْا بِھَا ۭ وَاِنْ تَصْبِرُوْا
اور اگر پہنچے تمکو برائی خوش ہوتے ہیں ساتھ اسکے اور اگر صبر کرو تم
وَتَتَّقُوْا لَا يَضُرُّكُمْ كَيْدُھُمْ شَـيْـــًٔا ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا
اور پرہیزگاری کرو نہ ضرر کرے گا تمکو مکر اُن کا کچھ تحقیق اللہ ساتھ اس چیز کے
يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ﴿۱۲۰﴾ وَاِذْ غَدَوْتَ مِنْ اَھْلِكَ تُبَوِّئُ
کرتے ہیں گھیرنے والا ہے ف۱ اور جب صبح کو نکلا تو لوگوں اپنے سے جگہ دیتا ہے
الْمُؤْمِنِيْنَ مَقَاعِدَ لِلْقِتَالِ ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۲۱﴾ۙ
مسلمانوں کو بیٹھنے کی واسطے لڑائی کے اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے۔
اِذْ ھَمَّتْ طَّاۗىِٕفَتٰنِ مِنْكُمْ اَنْ تَفْشَلَا ۙ وَاللّٰهُ وَلِيُّهُمَا ۭ
جب قصد کیا تھا دو فرقوں نے تم میں سے یہ کہ نامردی کریں اور اللہ دوستدار تھا انکا
وَعَلَي اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ
اور اوپر اللہ کے پس چاہئے کہ توکل کریں ایمان والے ف۲ اور البتہ تحقیق مدد دی تمکو
اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّاَنْتُمْ اَذِلَّةٌ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ
اللہ نے بیچ بدر کے اور تم تھے ذلیل پس ڈرو اللہ سے تاکہ تم
تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۲۳﴾ اِذْ تَقُوْلُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ اَلَنْ يَّكْفِيَكُمْ اَنْ
شکر کرو جس وقت کہتا تھا تو واسطے مسلمانوں کے کیا نہ کفایت کریگا تم کو یہ کہ
يُّمِدَّكُمْ رَبُّكُمْ بِثَلٰثَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰۗىِٕكَةِ مُنْزَلِيْنَ ﴿۱۲۴﴾ۭ
مدد کرے تمکو رب تمہارا ساتھ تین ہزار کے فرشتوں سے اتارے ہوئے
بَلٰٓى ۙ اِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا وَيَاْتُوْكُمْ مِّنْ فَوْرِھِمْ
بلکہ اگر صبر کرو تم اور پرہیزگاری کرو تم اور آویں تم پر اپنے جوش سے

موضح القرآن

ف۱ اکثر منافق بھی یہود میں تھے اسواسطے انکے ذکر کے ساتھ ان کا ذکر بھی فرمایا۔ اب آگے جنگ احد کی باتیں کہتے ہیں کہ اسمیں بھی مسلمانوں نے بعضے کافروں کا کہا مان لیا تھا اور لڑائی کو پھر چلے تھے اور منافقوں نے اپنے نفاق کی باتیں ظاہر کی تھیں یہ اسکا ذکر ہے۔

ف۲ جب حضرت مکے سے مدینے میں آئے اسکے ڈیڑھ برس کے بعد جنگ بدر ہوئی مکے کے لوگوں پر اللہ تعالیٰ نے فتح دی مسلمانوں کو۔ ستر آدمی کافر مارے گئے اور ستر اسیر آئے۔ اگلے سال کافر جمع ہوکر مدینے پر چڑھ آئے حضرت نے مسلمانوں سے مشورت لی۔ اکثر کہنے لگے ہم شہر میں رہینگے اور حضرت کی بھی یہی مرضی تھی اور بعض کہنے لگے کہ یہ عار ہے بلکہ میدان میں مقابل ہونگے آخر یہی مشورت قبول ہوئی جب حضرت شہر سے باہر چلے۔ عبداللہ بن ابی منافق تھا تین سو کا ساتھ وہ بھی شریک جنگ تھا ناخوش ہوکر پھر گیا کہ میرا قول پر عمل نہ کیا اور اسکے بہکانے سے دو قبیلے تھے کہ بھی پھر چلے آخر انکے سردار عوام کو سمجھا کر لے گئے اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو تقویت دیتا ہے کہ اللہ پر توکل چاہئے اطاعت حکم میں اندیشہ نہ کرو

ع ۱۲ / ۱۱ / ۴

نصف

هٰذَا يُمْدِدْكُمْ رَبُّكُمْ بِخَمْسَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ
جو یہ ہے مدد کرے گا تمکو پروردگار تمھارا ساتھ پانچ ہزار کے فرشتوں سے

مُسَوِّمِيْنَ ﴿۱۲۵﴾ وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى لَكُمْ
نشانی کرنے والے اور نہیں کیا اُس کو اللہ نے مگر خوشخبری واسطے تمھارے

وَلِتَطْمَئِنَّ قُلُوْبُكُمْ بِهٖ ۭ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ
اور تاکہ آرام پکڑیں دل تمھارے ساتھ اس کے اور نہیں مدد مگر

عِنْدِ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ﴿۱۲۶﴾ لِيَقْطَعَ طَرَفًا مِّنَ
نزدیک اللہ غالب حکمت والے کے سے تاکہ کاٹ ڈالے ایک ٹکڑا

الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْ يَكْبِتَهُمْ فَيَنْقَلِبُوْا خَآئِبِيْنَ ﴿۱۲۷﴾
اُن لوگوں سے جو کافر ہوئے یا ذلیل کرے اُن کو پس پھر جاویں نامُراد۔

لَيْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ
نہیں واسطے تیرے اس کام میں سے کچھ یا پھر آوے اوپر اُن کے

اَوْ يُعَذِّبَهُمْ فَاِنَّهُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۲۸﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ
یا عذاب کرے اُنکو پس تحقیق وہ ظالم ہیں ف اور واسطے اللہ کے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں

وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَاۗءُ وَيُعَذِّبُ
کے اور جو کچھ بیچ زمین کے ہے بخشتا ہے جس کو چاہے اور عذاب کرتا ہے

مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲۹﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ
جس کو چاہے اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے اے لوگو جو

اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوا الرِّبٰوٓا اَضْعَافًا مُّضٰعَفَةً ۠ وَّ
ایمان لائے ہو مت کھاؤ تم سُود کو دُونا دوگنا کئے ہوئے۔ اور

اتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۳۰﴾ وَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْٓ
ڈرو اللہ سے تاکہ تم چھٹکارا پاؤ ف۲ اور ڈرو اس آگ سے

اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۳۱﴾ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ
جو تیار کی گئی ہے واسطے کافروں کے اور فرمانبرداری کرو اللہ کی اور رسول کی

لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۱۳۲﴾ وَسَارِعُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ
تاکہ تم رحم کئے جاؤ اور جلدی کرو طرف بخشش کے

منزل ۱ — ع ۹

موضح القرآن

ف حق تعالیٰ نے پیغمبر کو تربیت فرمائی کہ بندے کو اختیار نہیں اللہ تعالیٰ الربع جو چاہے سو کرے۔ اگرچہ کافر تمھارے دشمن ہیں اور ظالم پر ہیں لیکن چاہے انکو ہدایت دے اور چاہے عذاب کرے اپنی طرف سے بد دعا نہ کرو۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ شاید سود کا ذکر یہاں اسواسطے فرمایا کہ اوپر مذکور ہوا جہاد میں نامردی کا اور سود کھانے سے نامردی آتی ہے دو سبب سے ایک یہ کہ مال حرام کھانے سے توفیق طاعت کم ہوتی ہے اور بڑی طاعت جہاد ہے دوسرے یہ کہ سود دینا کمال بخل ہے۔ چاہے کہ اپنا مال جتنا دیا تھا لے لیا بیچ میں کسی کام نکلا یہ بھی مفت چھوٹے اس کا جُدا بدلا چاہے تو جسکو اتنا بخل ہو وہ کب جان دیا چاہے۔ ۱۱ منہ رح

رَبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ ۙ اُعِدَّتْ
رب اپنے سے اور بہشت کے کہ چوڑاؤ اس کا آسمان اور زمین ہے تیار کی گئی ہے
لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۳۳﴾ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ فِي السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ
واسطے پرہیزگاروں کے جو لوگ کہ خرچ کرتے ہیں بیچ خوشی کے اور سختی کے
وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ؕ وَ
اور بند کرنے والے غصہ کے اور معاف کرنیوالے لوگوں سے اور
اللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۳۴﴾ وَالَّذِيْنَ اِذَا فَعَلُوْا
اللہ دوست رکھتا ہے احسان کرنے والوں کو اور وہ لوگ جب کریں
فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوْا
بے حیائی یا ظلم کریں جانوں اپنی کو یاد کریں اللہ کو پس بخشش مانگیں
لِذُنُوْبِهِمْ ۠ وَمَنْ يَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ ۠ وَلَمْ
واسطے گناہوں اپنے کے اور کون بخشتا ہے گناہوں کو مگر خدا اور نہ
يُصِرُّوْا عَلٰى مَا فَعَلُوْا وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳۵﴾ اُولٰٓئِكَ
ہٹ کریں اوپر اس چیز کے کہ کیا انھوں نے اور وہ جانتے ہیں یہ لوگ
جَزَآؤُهُمْ مَّغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَجَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ
بدلا ان کا بخشش ہے رب ان کے سے اور بہشتیں چلتی ہیں
تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ وَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ﴿۱۳۶﴾
نیچے ان کے سے نہریں ہمیشہ رہنے والے بیچ اسکے اور اچھا ہے ثواب عمل کرنے والوں کا
قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ سُنَنٌ ۙ فَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ
تحقیق گذری ہیں پہلے تم سے راہیں پس سیر کرو بیچ زمین کے
فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۱۳۷﴾ هٰذَا
پس دیکھو کیونکر ہوا آخر کام جھٹلانے والوں کا ف۱ یہ
بَيَانٌ لِّلنَّاسِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۳۸﴾ وَ
بیان ہے واسطے لوگوں کے اور ہدایت ہے اور نصیحت ہے واسطے پرہیزگاروں کے اور
لَا تَهِنُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ
مت سستی کرو اور مت غم کھاؤ اور تم ہی بلند ہو یعنی غالب اگر ہو تم

موضح القرآن

ف۱ یعنی کافروں کا مقابلہ نبیوں سے قدیم دستور ہے ہر ملک کی خبر تحقیق کرو تو جانو کہ اول نبیوں پر بھی تکلیفات گذری ہیں لیکن آخر جھٹلانے والے خراب ہوئے۔ جنگ احد میں ستر کامل مسلمان شہید ہوئے اور لڑائی بگڑ گئی اسواسطے حق تعالیٰ تقویت فرماتا ہے۔ ۱۲ منہ

مُّؤْمِنِينَ ﴿١٣٩﴾ إِنْ يَمْسَسْكُمْ قَرْحٌ فَقَدْ مَسَّ الْقَوْمَ

ایمان والے۔ اگر لگے تمکو زخم پس تحقیق لگا ہے اس قوم کو بھی

قَرْحٌ مِّثْلُهُ ۚ وَتِلْكَ الْأَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ

زخم مانند اس کے اور یہ دن باری باری سے پھیرتے ہیں ہم انکو درمیان لوگوں کے

وَلِيَعْلَمَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا وَيَتَّخِذَ مِنْكُمْ شُهَدَاءَ ۗ

اور تاکہ ظاہر کرے اللہ اُن لوگوں کو کہ ایمان لائے ہیں اور تاکہ پکڑے تم میں سے گواہ

وَاللَّهُ لَا يُحِبُّ الظَّالِمِينَ ﴿١٤٠﴾ وَلِيُمَحِّصَ اللَّهُ الَّذِينَ

اور اللہ نہیں دوست رکھتا ظالموں کو اور تاکہ خالص کرے اللہ اُن لوگوں کو کہ

آمَنُوا وَيَمْحَقَ الْكَافِرِينَ ﴿١٤١﴾ أَمْ حَسِبْتُمْ أَنْ تَدْخُلُوا

ایمان لائے اور مٹا ڈالے کافروں کو ف۱ کیا گمان کیا تم نے یہ کہ داخل ہو

الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَعْلَمِ اللَّهُ الَّذِينَ جَاهَدُوا مِنْكُمْ وَ

بہشت میں اور ابھی نہ ظاہر کیا اللہ نے اُن لوگوں کو کہ جہاد کرتے ہیں تم میں سے اور

يَعْلَمَ الصَّابِرِينَ ﴿١٤٢﴾ وَلَقَدْ كُنْتُمْ تَمَنَّوْنَ الْمَوْتَ مِنْ

ابھی نہ ظاہر کیا صبر کرنے والوں کو اور تحقیق تھے تم آرزو کرتے موت کی پہلے

قَبْلِ أَنْ تَلْقَوْهُ فَقَدْ رَأَيْتُمُوهُ وَأَنْتُمْ تَنْظُرُونَ ﴿١٤٣﴾

اس سے کہ ملاقات کرو اس سے پس تحقیق دیکھ لیا تم نے اس کو اور تم دیکھتے ہو۔

وَمَا مُحَمَّدٌ إِلَّا رَسُولٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ۚ

اور نہیں محمد ﷺ مگر پیغمبر تحقیق گذرے پہلے اس سے بہت پیغمبر

أَفَإِنْ مَاتَ أَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلَىٰ أَعْقَابِكُمْ ۚ وَ

آیا پس اگر مرجاوے یا مارا جاوے کیا پھر جاؤ گے اوپر ایڑیوں اپنی کے اور

مَنْ يَنْقَلِبْ عَلَىٰ عَقِبَيْهِ فَلَنْ يَضُرَّ اللَّهَ شَيْئًا ۗ

جو کوئی پھر جاوے اوپر دونوں ایڑیوں اپنی کے پس ہرگز نہ ضرر کریگا اللہ کو کچھ

وَسَيَجْزِي اللَّهُ الشَّاكِرِينَ ﴿١٤٤﴾ وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ

اور البتہ جزا دے گا اللہ شکر کرنے والوں کو ف۲ اور نہیں ہے لائق واسطے کسی جان کے

أَنْ تَمُوتَ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ كِتَابًا مُؤَجَّلًا ۗ وَمَنْ

یہ کہ مرجاوے مگر ساتھ حکم اللہ کے لکھ رکھا ہے وقت مقرر کر کر اور جو کوئی

منزل ۱ — ع ۱۴ ۵

موضح القرآن

ف۱ یعنی فتح اور شکست بدلتی چیز ہے اور مسلمانوں کو شہادت کا درجہ ملنا تھا اور مومن و منافق کا پرکھنا منظور تھا۔ اور مسلمانوں کو سُدھارنا۔ اسواسطے اتنی شکست ہوئی نہیں تو اللہ کافروں سے راضی نہیں ۱۲ منہ

ف۲ اس جنگ اُحد میں بعضے مسلمان کامل بھی بہت ہٹ گئے تھے اس واسطے کہ ایک کافر نے اپنی فوج میں پکارا کہ میں محمد کو مار آیا اور حضرت کو زخم سے خون بہت گیا تھا۔ ضعف کھا کر ایک گڑھے میں گرے تھے مسلمانوں نے حضرت کو نہ دیکھا۔ یہ بات یقین ہو گئی۔ جب حضرت ہوشیار ہوئے تو میدان میں جو لوگ حاضر تھے جمع کیا۔ پھر لڑائی قائم کی۔ تب کافر پھر کر چلے گئے سو اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ رسول زندہ رہے یا نہ رہے دین اللہ کا ہے۔

(باقی صفحہ ۸۹ پر)

يُرِدْ ثَوَابَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا ۚ وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ

چاہے ثواب دُنیا کا دیں گے ہم اسکو اس میں سے اور جو کوئی چاہے ثواب

الْاٰخِرَةِ نُؤْتِهٖ مِنْهَا ۚ وَسَنَجْزِي الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۴۵﴾ وَ

آخرت کا دیں گے ہم اسکو اس میں سے اور شتاب جزا دیں گے ہم شکر کرنیوالوں کو ف اور

كَاَيِّنْ مِّنْ نَّبِيٍّ قٰتَلَ ۙ مَعَهٗ رِبِّيُّوْنَ كَثِيْرٌ ۚ فَمَا

بہت نبی تھے کہ لڑے ہیں اسکے ہوکر خدا کے لوگ بہت پس نہ

وَهَنُوْا لِمَآ اَصَابَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَمَا ضَعُفُوْا

سُست ہوئے واسطے اسکے جو کچھ پہنچا اُنکو بیچ راہ خدا کے اور نہ ناتوانی کی

وَمَا اسْتَكَانُوْا ۭ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۴۶﴾ وَمَا

اور نہ گڑگڑائے اور اللہ دوست رکھتا ہے صبر کرنے والوں کو اور نہ

كَانَ قَوْلَهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوْا رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا

تھی بات اُن کی مگر یہ کہ کہا انھوں نے اے رب ہمارے بخش واسطے ہمارے گناہ ہمارے

وَاِسْرَافَنَا فِيْٓ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا

اور زیادتی ہماری بیچ کام ہمارے کے اور ثابت رکھ قدم ہمارے اور مدد دے ہمکو

عَلَي الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۴۷﴾ فَاٰتٰىهُمُ اللّٰهُ ثَوَابَ الدُّنْيَا

اُوپر قوم کافروں کے پس دیا اُن کو اللہ نے ثواب دنیا کا

وَحُسْنَ ثَوَابِ الْاٰخِرَةِ ۭ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۴۸﴾

اور خوبی ثواب آخرت کی اور اللہ دوست رکھتا ہے احسان کرنیوالوں کو

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِيْعُوا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

اے لوگو جو ایمان لائے ہو اگر کہا مانوگے تم اُن لوگوں کا جو کافر ہوئے

يَرُدُّوْكُمْ عَلٰٓي اَعْقَابِكُمْ فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿۱۴۹﴾ بَلِ

پھیر دیں گے تم کو اُوپر ایڑیوں تمھاری کے پس ہو جاؤگے تم زیان پانے والے ف۲ بلکہ

اللّٰهُ مَوْلٰىكُمْ ۚ وَهُوَ خَيْرُ النّٰصِرِيْنَ ﴿۱۵۰﴾ سَنُلْقِيْ فِيْ

اللہ کارساز تمھارا ہے اور وہ بہتر ہے مدد کرنے والا شتاب ڈالیں گے ہم بیچ

قُلُوْبِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ بِمَآ اَشْرَكُوْا بِاللّٰهِ

دِلوں اُن لوگوں کے کہ کافر ہوئے رُعب بسبب اسکے کہ شریک کئے ہیں ساتھ اللہ کے

(بقیہ صفحہ ۸۸) اس پر قائم رہو اور اشارت نکلتی ہے کہ حضرت کی وفات پر بعضے لوگ پھر جاوینگے اور جو قائم رہینگے انکو بڑا ثواب ہے اسی طرح ہوا کہ بہت لوگ حضرت کے بعد مرتد ہوگئے اور حضرت صدیق نے انکو پھر مسلمان کیا اور بعضوں کو مارا ۱۲ منہ

موضح القرآن

ف۱ یعنی جو لوگ اس دین پر ثابت رہیں گے انکو دین بھی ملیگا اور دنیا بھی لیکن جو کوئی اس نعمت کی قدر جانے ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی اس جنگ میں جو مسلمانوں کے دل ٹوٹے تو کافروں نے اور منافقوں نے وقت پایا بعضے الزام دینے لگے بعضے خیرخواہی کے پردے میں سمجھانے لگے تا آگے لڑائی پر دلیری نہ کریں حق تعالےٰ خبردار کرتا ہے کہ دشمن کا فریب کھاؤ ۱۲ منہ رح

ع ۵ | ۱۵

مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا ۚ وَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ۭ وَبِئْسَ

وہ چیز کہ نہ اُتاری ساتھ اُسکے دلیل اور جگہ اُن کی آگ ہے اور بُری ہے

مَثْوَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۵۱﴾ وَلَقَدْ صَدَقَكُمُ اللّٰهُ وَعْدَهٗٓ

جگہ رہنے ظالموں کی ف۱ اور البتہ تحقیق سچا کیا ہے تم سے اللہ نے وعدہ اپنا

اِذْ تَحُسُّوْنَهُمْ بِاِذْنِهٖ ۚ حَتّٰٓى اِذَا فَشِلْتُمْ وَتَنَازَعْتُمْ

جسوقت کاٹتے تھے تم انکو ساتھ حکم اُسکے کے یہاں تک جب نامردی کی تم نے اور جھگڑا کیا تھے

فِي الْاَمْرِ وَعَصَيْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَآ اَرٰىكُمْ مَّا تُحِبُّوْنَ ۭ

بیچ کام کے اور نافرمانی کی تم نے پیچھے اس سے کہ دکھلایا تم کو جو چاہتے تھے تم

مِنْكُمْ مَّنْ يُّرِيْدُ الدُّنْيَا وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرِيْدُ الْاٰخِرَةَ ۚ

بعضا تم میں سے وہ تھا کہ ارادہ کرتا تھا دنیا کا اور بعضا تم میں سے وہ تھا کہ ارادہ کرتا تھا آخرت کا

ثُمَّ صَرَفَكُمْ عَنْهُمْ لِيَبْتَلِيَكُمْ ۚ وَلَقَدْ عَفَا عَنْكُمْ ۭ وَاللّٰهُ

پھر پھیر دیا تم کو اُن سے تاکہ آزمائے تم کو اور البتہ تحقیق معاف کیا تم سے اور اللہ

ذُوْ فَضْلٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۵۲﴾ اِذْ تُصْعِدُوْنَ وَلَا

صاحب فضل کا ہے اُوپر ایمان والوں کے ف۲ جسوقت چڑھے جاتے تھے تم اور نہ

تَلْوٗنَ عَلٰٓي اَحَدٍ وَّالرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ فِيْٓ اُخْرٰىكُمْ

مُڑ کر دیکھتے ہوتے تھے اُوپر کسی کے اور پیغمبر پکارتا تھا تم کو بیچ پچھاڑی تمہاری کے

فَاَثَابَكُمْ غَمًّۢا بِغَمٍّ لِّكَيْلَا تَحْزَنُوْا عَلٰي مَا فَاتَكُمْ

پس دوبارہ دیا تم کو غم ساتھ غم کے تاکہ نہ غم کھاؤ تم اوپر اس چیز کے کہ چوک گئی تم سے

وَلَا مَآ اَصَابَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۵۳﴾ ثُمَّ

اور جو نہ پہنچی تمکو اور اللہ خبردار ہے ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم ف۳ پھر

اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى

اُتارا اوپر تمہارے پیچھے غم کے سے امن اُونگھ تھی کہ ڈھانکتی تھی

طَاۗىِٕفَةً مِّنْكُمْ ۙ وَطَاۗىِٕفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْھُمْ اَنْفُسُھُمْ

ایک جماعت کو تم میں سے اور ایک جماعت تھی کہ تحقیق فکر میں ڈالا تھا انکو جانوں اُنکی نے

يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ۭ يَقُوْلُوْنَ

گمان کرتے تھے ساتھ اللہ کے سوائے حق کے گمان جاہلیت کا کہتے تھے

منزل ۱

موضح القرآن

ف۱ یعنی وہ چور ہیں اللہ کے اور چور کے دل میں ڈر رہتا ہے اسواسطے ان کے دل میں اللہ تعالی ہیبت ڈالے گا۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی اول غلبہ مسلمانوں کا تھا کہ کافروں کو مارتے تھے اور وہ بھاگتے تھے اور آثار فتح کے نظر آتے تھے کسی کو خوشی تھی مال کی اور کسی کو غلبۂ اسلام کی۔ جب مسلمانوں سے پیغمبر کی بےحکمی ہوئی تب مقدمہ اُلٹا ہوگیا وہ بےحکمی ایک یہ کہ حضرت نے پچاس آدمی تیرانداز پہاڑ کی راہ پر کھڑے کئے تھے نگہبانی کو۔ باقی لشکر لڑنے لگا۔ جب ان تیراندازوں نے فتح اور غلبہ دیکھا اس جگہ سے چاہا کہ چلے آویں شریک فتح ہوں اور غنیمت لیویں۔ بعضوں نے منع کیا پر وہ نہ مانا وہاں کم آدمی رہ گئے اس طرف سے کافروں کی فوج پچھاڑی پر آپڑی۔ دوسری یہ کہ جب کافر بھاگنے لگے مسلمان دوڑے تعاقب کو حضرت پیچھے سے پکارتے رہے کہ میری طرف آؤ آگے مت جاؤ۔ اسطرف جو نہ نظر آئی لوگ پھرے اس بےحکمی سے شکست پڑی ۱۲ منہ رح

(باقی صفحہ ۹۱ پر)

هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ ؕ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ

آیا ہے واسطے ہمارے اختیار سے کچھ چیز کہہ تحقیق اختیار سب

لِلّٰهِ ؕ يُخْفُوْنَ فِيْۤ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ ؕ يَقُوْلُوْنَ

واسطے اللہ کے ہے چھپاتے ہیں بیچ جیوں اپنے کے وہ چیز کہ نہیں ظاہر کرتے واسطے تیرے کہتے ہیں

لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ؕ قُلْ

اگر ہوتا واسطے ہمارے اختیار سے کچھ نہ مارے جاتے ہم یہاں کہہ

لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ

اگر ہوتے تم بیچ گھروں اپنوں کے البتہ نکل کھڑے ہوتے وہ لوگ کہ لکھا گیا ہے اوپر اُن کے مارا جانا

اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ ۚ وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ

طرف جگہ پڑنے اپنے کے اور تاکہ آزماوے اللہ اس چیز کو کہ بیچ سینوں تمہارے کے ہے

وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ

اور تو کہ خالص کرے اس چیز کو بیچ دلوں تمہارے کے ہے اور اللہ جاننے والا ہے سینے والی

الصُّدُوْرِ ﴿۱۵۴﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا مِنْكُمْ يَوْمَ الْتَقَى

بات کو ف تحقیق جو لوگ کہ پیٹھ موڑ گئے تم میں سے اس دن کہ ملیں

الْجَمْعٰنِ ۙ اِنَّمَا اسْتَزَلَّهُمُ الشَّيْطٰنُ بِبَعْضِ مَا

دو جماعتیں سوائے اسکے نہیں کہ ڈگایا ان کو شیطان نے بعض اس چیز سے کہ

كَسَبُوْا ۚ وَلَقَدْ عَفَا اللّٰهُ عَنْهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ

کمایا انھوں نے اور تحقیق معاف کیا اللہ نے اُن سے تحقیق اللہ بخشنے والا

حَلِيْمٌ ﴿۱۵۵﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ

تحمل والا ہے ف۲ اے لوگو جو ایمان لائے ہو مت ہو مانند ان لوگوں کے

كَفَرُوْا وَقَالُوْا لِاِخْوَانِهِمْ اِذَا ضَرَبُوْا فِي الْاَرْضِ

کہ کافر ہوئے اور کہنے لگے واسطے بھائیوں اپنے کے جس وقت چلتے بیچ زمین کے

اَوْ كَانُوْا غُزًّى لَّوْ كَانُوْا عِنْدَنَا مَا مَاتُوْا وَمَا قُتِلُوْا ۚ

یا ہوتے لڑنے والے اگر ہوتے ہمارے پاس نہ مرتے اور نہ مارے جاتے

لِيَجْعَلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ حَسْرَةً فِيْ قُلُوْبِهِمْ ؕ وَاللّٰهُ يُحْيٖ

تاکہ کرے اللہ اس کو پچھتاوا بیچ دلوں اُنکے کے اور اللہ جلاتا ہے

(بقیہ صفحہ ۹۰)

ف۳ یعنی تم نے رسول کو دل تنگ کیا اس کے بدلے تم پر تنگی آئی تاکہ آگے کو یاد رکھو کہ حکم پر چلنے میں کچھ ہاتھ سے جاوے، کچھ بلا سامنے آوے۔ ۱۲ منہ

موضح القرآن

ف۱ اس شکست میں جن کو شہید ہونا تھا ہو چکے اور جنکو ہٹنا تھا ہٹ گئے اور جو میدان میں باقی رہے ان پر اونگھ آئی اسکے بعد رُعب اور دہشت دفع ہو گیا اور اتنی دیر حضرت کو غشی رہی پھر جب ہوشیار ہوئے سب حضرت پاس جمع ہو کر پھر لڑائی قائم کی اور شکست ایمان والے کہنے لگے کہ کچھ بھی کام ہمارے ہاتھ ہے کہ ظاہر یہ معنی کہ اس شکست کے بعد کچھ بھی ہمارا کام بنا رہیگا یا بالکل بگڑ چکا یا یہ معنی کہ اللہ نے جو چاہا سو کیا ہمارا کیا اختیار ہے اور نیت میں یہ معنی تھے کہ ہماری مشورت پر عمل کیا۔ جو اتنے ذبح ہوئے اللہ تعالیٰ نے دونوں معنوں کا جواب فرمادیا اور بتایا کہ اللہ کو یہیں حکمت منظور تھی تاکہ صادق اور منافق معلوم ہو جاویں۔ ۱۲ منہ رح۔

نصف

۱۶ ع ۷

ف۲ اس سے معلوم ہوا کہ

(باقی صفحہ ۹۲ پر)

وَيُمِيتُ ۗ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ﴿١٥٦﴾ وَلَئِنْ قُتِلْتُمْ

اور مارتا ہے اور اللہ ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو دیکھنے والا ہے اور اگر مارے جاؤ تم

فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَوْ مُتُّمْ لَمَغْفِرَةٌ مِنَ اللَّهِ وَرَحْمَةٌ خَيْرٌ

بیچ راہ اللہ کے یا مرجاؤ تم البتہ بخشش طرف اللہ کے سے ہے اور رحمت ہے بہتر

مِمَّا يَجْمَعُونَ ﴿١٥٧﴾ وَلَئِنْ مُتُّمْ أَوْ قُتِلْتُمْ لَإِلَى اللَّهِ

اس چیز سے کہ جمع کرتے ہیں اور اگر مرجاؤ تم یا مارے جاؤ تم البتہ طرف اللہ کے

تُحْشَرُونَ ﴿١٥٨﴾ فَبِمَا رَحْمَةٍ مِنَ اللَّهِ لِنْتَ لَهُمْ ۖ وَلَوْ

اکٹھے کئے جاؤ گے ف۱ پس ساتھ رحمت کے اللہ کی سے نرم ہوا تو واسطے انکے اور اگر

كُنْتَ فَظًّا غَلِيظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوا مِنْ حَوْلِكَ ۖ

ہوتا تو سخت خو سخت دل یعنی بے رحم البتہ بھاگ جاتے گرد تیرے سے

فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ فِي الْأَمْرِ ۖ

پس معاف کر ان سے اور بخشش مانگ واسطے انکے اور مصلحت کر ان سے بیچ کام کے

فَإِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِينَ ﴿١٥٩﴾

پس جب قصد مقرر کرے تو بس اعتماد کر اوپر اللہ کے تحقیق اللہ دوست رکھتا ہے توکل کرنیوالوں کو ف۲

إِنْ يَنْصُرْكُمُ اللَّهُ فَلَا غَالِبَ لَكُمْ ۖ وَإِنْ يَخْذُلْكُمْ

اگر مدد کرے تمہاری اللہ پس نہیں کوئی غالب آنیوالا واسطے تمہارے اور اگر چھوڑ دے تم کو

فَمَنْ ذَا الَّذِي يَنْصُرُكُمْ مِنْ بَعْدِهِ ۗ وَعَلَى اللَّهِ

پس کون ہے وہ جو مدد کرے تمہاری پیچھے اس کے اور اوپر اللہ کے

فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ ﴿١٦٠﴾ وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ أَنْ يَغُلَّ ۚ

پس چاہیئے کہ توکل کریں ایمان والے اور نہیں لائق کسی نبی کو یہ کہ خیانت کرے

وَمَنْ يَغْلُلْ يَأْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۚ ثُمَّ تُوَفَّىٰ

اور جو کوئی خیانت کریگا لے آویگا اس چیز کو کہ خیانت کی ہے دن قیامت کے پھر پورا دیا جاویگا

كُلُّ نَفْسٍ مَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ﴿١٦١﴾ أَفَمَنِ

ہر جی کو جو کچھ کمایا ہے اور وہ نہیں ظلم کئے جاوینگے ف۳ کیا پس جس نے

اتَّبَعَ رِضْوَانَ اللَّهِ كَمَنْ بَاءَ بِسَخَطٍ مِنَ اللَّهِ وَ

پیروی کی رضامندی اللہ کی ہوگا مانند اس شخص کے کہ پھر آیا ساتھ غصے کے اللہ سے اور

(بقیہ صفحہ ۹۱) اس جنگ میں جو لوگ ہٹ گئے ہیں ان پر گناہ نہیں رہا ۱۲ منہ رح

موضح القرآن

ف۱ یعنی نیک کام پر نکلے اور مرگئے یا مارے گئے تو نکلنے پر افسوس نہ کرے یہیں نکار آتا ہو تقدیر کا اور آخرت کا فائدہ نہ دیکھنا دنیا کے جینے کو عزیز رکھنا یہ سب خصلت ہے کافروں کی ۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ شاید حضرت کا دل مسلمانوں سے خفا ہوا ہو گا اور چاہا ہو گا کہ اب سے انکی مشورت نہ پوچھئے ۔ سو حقتعالی نے سفارش کی اور فرمایا کہ اول مشورت لینی بہتر ہے جب ایک بات ٹھیرا چکے پھر پس وپیش نہ کرے ۱۲ منہ رح

ف۳ اس سے مراد یا تو مسلمانوں کی خاطر جمع کرنی ہے تا یہ نہ جانیں کہ حضرت نے ہمکو ظاہر معاف کیا اور دل میں خفا ہیں پھر کبھی خفگی نکالینگے یہ کام نبیوں کا نہیں کہ دل میں کچھ اور ظاہر میں کچھ یا مسلمانوں کو کچھ سمجھانا ہے کہ حضرت پر گمان نہ کریں کہ غنیمت کا مال کچھ چھپا رکھیں شاید یہ اسواسطے فرمایا کہ وہ تیرانداز مورچہ چھوڑ کر دوڑے غنیمت پر کہ کیا حضرت انکو حصہ نہ دیتے یا بعضی چیز چھپا رکھتے (باقی صفحہ ۹۳ پر)

مَاْوٰىهُ جَهَنَّمُ ؕ وَ بِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۱۶۲﴾ هُمْ دَرَجٰتٌ

جگہ اُس کی دوزخ ہے اور بُری ہے جگہ پھر جانے کی یہ لوگ درجوں پر ہیں

عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَ اللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶۳﴾ لَقَدْ مَنَّ

نزدیک اللہ کے اور اللہ دیکھنے والا ہے اس چیز کو کہ کرتے ہیں ف۱ تحقیق احسان کیا

اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ

اللہ نے اُوپر ایمان والوں کے جس وقت بھیجا بیچ ان کے پیغمبر آپس اُن کے سے

يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَ يُزَكِّيْهِمْ وَ يُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَ

پڑھتا ہے اُوپر اُن کے نشانیاں اُس کی اور پاک کرتا ہے انکو اور سکھاتا ہے اُن کو کتاب اور

الْحِكْمَةَ ۚ وَ اِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۱۶۴﴾

حکمت اور تحقیق تھے پہلے اس سے البتہ بیچ گمراہی ظاہر کے۔

اَوَ لَمَّاۤ اَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةٌ قَدْ اَصَبْتُمْ مِّثْلَيْهَا ۙ قُلْتُمْ

کیا جس وقت پہنچی تم کو مصیبت تحقیق پہنچا یا تھا تم نے دو برابر اسکے کہا تم نے

اَنّٰى هٰذَا ؕ قُلْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اَنْفُسِكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى

کہاں سے ہوا یہ کہہ کہ وہ نزدیک جانوں تمہاری سے تحقیق اللہ اُوپر

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۶۵﴾ وَ مَاۤ اَصَابَكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ

ہر چیز کے قادر ہے ف۲ اور جو کچھ پہنچا تم کو اس دن کہ ملیں دو جماعتیں

فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَ لِيَعْلَمَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۶۶﴾ وَ لِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ

پس ساتھ حکم اللہ کے تھا اور تا کہ ظاہر کرے ایمان والوں کو اور تا کہ ظاہر کرے اُن لوگوں کو

نَافَقُوْا ۖۚ وَ قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا قَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

کہ منافق ہوئے اور کہا گیا واسطے اُن کے آؤ لڑو بیچ راہ اللہ کے

اَوِ ادْفَعُوْا ؕ قَالُوْا لَوْ نَعْلَمُ قِتَالًا لَّا اتَّبَعْنٰكُمْ ؕ هُمْ

یا دفع کرو کہنے لگے اگر جانتے ہم لڑائی البتہ تھا چلتے ہم تمہارے یہ لوگ

لِلْكُفْرِ يَوْمَئِذٍ اَقْرَبُ مِنْهُمْ لِلْاِيْمَانِ ۚ يَقُوْلُوْنَ

طرف کفر کے اس دن بہت نزدیک تھے اُن سے طرف ایمان کی کہتے ہیں

بِاَفْوَاهِهِمْ مَّا لَيْسَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ ؕ وَ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا

ساتھ مونہوں اپنے کے جو کچھ کہ نہیں بیچ دلوں اُن کے کے اور اللہ خوب جانتا ہے جو کچھ کہ

(بقیہ صفحہ ۹۲)
اور کہتے ہیں کہ بدر کی لڑائی میں ایک چیز غنیمت میں سے کم ہوگئی کسی نے کہا شاید حضرتؐ نے اپنے واسطے رکھی ہوگی اسپر یہ نازل ہوئی ۱۲ منہ

موضح القرآن

ف۱ یعنی نبی اور سب خلق برابر نہیں طمع کر کام ادنیٰ نبیوں سے نہیں ہوتے۔ ۱۲ منہ رحمہ۔

ف۲ یعنی تم بدر کی لڑائی میں ستر کافروں کو مار چکے ہو اور ستر کو پکڑ لائے تھے تمہارے اس لڑائی میں ستر آدمی شہید ہوئے تو بد دل کیوں ہوتے ہو سو یہ بھی اپنے قصور سے کہ بے حکمی سے لڑے یا قصور یہ کہ بدر کے اسیروں کو نہ مارا مال لیکر چھوڑ دیا اور حضرتؐ نے فرمایا تھا کہ اگر انکو چھوڑتے ہو تو تم میں ستر آدمی شہید ہونگے لوگوں نے قبول کر کر مال لیا اور انکو چھوڑا۔ ۱۲ منہ رحمہ۔

النصف

نصف

يَكْتُمُونَ ﴿١٦٧﴾ الَّذِينَ قَالُوا لِإِخْوَانِهِمْ وَقَعَدُوا لَوْ
چھپاتے ہیں ف جن لوگوں نے کہا واسطے بھائیوں اپنے کے اور آپ بیٹھ رہے اگر

أَطَاعُونَا مَا قُتِلُوا ۗ قُلْ فَادْرَءُوا عَنْ أَنفُسِكُمُ الْمَوْتَ
کہا مانتے ہمارا نہ مارے جاتے کہہ پس ہٹا دو تم جانوں اپنی سے موت کو

إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿١٦٨﴾ وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ قُتِلُوا
اگر ہو تم سچے اور مت گمان کر ان لوگوں کو کہ مارے گئے

فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَمْوَاتًا ۚ بَلْ أَحْيَاءٌ عِندَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُونَ ﴿١٦٩﴾
بیچ راہ اللہ کے مُردے بلکہ زندہ ہیں نزدیک رب اپنے کے رزق دیئے جاتے ہیں

فَرِحِينَ بِمَا آتَاهُمُ اللَّهُ مِن فَضْلِهِ وَيَسْتَبْشِرُونَ
خوشی ہیں ساتھ اس چیز کے کہ دی ہے انکو اللہ نے فضل اپنے سے اور خوش خبری لیتے ہیں

بِالَّذِينَ لَمْ يَلْحَقُوا بِهِم مِّنْ خَلْفِهِمْ أَلَّا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ
ساتھ اُن لوگوں کے کہ نہیں ملے ساتھ اُن کے پیچھے اُن کے سے یہ کہ نہیں ڈر اوپر اُن کے

وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ﴿١٧٠﴾ يَسْتَبْشِرُونَ بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللَّهِ
اور نہ وہ غمگین ہوں گے خوش خبری لیتے ہیں ساتھ نعمت کے اللہ کی طرف

وَفَضْلٍ وَأَنَّ اللَّهَ لَا يُضِيعُ أَجْرَ الْمُؤْمِنِينَ ﴿١٧١﴾
اور فضل سے اور تحقیق اللہ نہیں ضائع کرتا ثواب ایمان والوں کا ف٣

الَّذِينَ اسْتَجَابُوا لِلَّهِ وَالرَّسُولِ مِن بَعْدِ مَا
جن لوگوں نے قبول کیا واسطے اللہ کے اور رسول کے پیچھے اس کے کہ

أَصَابَهُمُ الْقَرْحُ ۚ لِلَّذِينَ أَحْسَنُوا مِنْهُمْ وَاتَّقَوْا
پہنچے اُن کو زخم واسطے ان لوگوں کے کہ نیکی کرتے ہیں ان میں سے اور پرہیزگاری کرتے ہیں

أَجْرٌ عَظِيمٌ ﴿١٧٢﴾ الَّذِينَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ إِنَّ النَّاسَ
ثواب ہے بڑا ف٣ وہ لوگ کہ کہا واسطے اُن کے لوگوں نے تحقیق آدمی

قَدْ جَمَعُوا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ إِيمَانًا وَقَالُوا
جمع ہوئے ہیں واسطے تمہارے پس ڈرو تم اُن سے پس زیادہ کیا انکو ایمان اور کہا انھوں نے

حَسْبُنَا اللَّهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ ﴿١٧٣﴾ فَانقَلَبُوا بِنِعْمَةٍ
کفایت ہے ہم کو اللہ اور اچھا کارساز ہے ف۴ پس پھر آئے ساتھ نعمت کے

موضح القرآن

ف یہ بھی منافقوں کا کلام تھا کہ ہمکو معلوم ہو لڑائی یعنی ظاہر میں کہا کہ جسوقت لڑائی دیکھیں گے تو شامل ہونگے یا کہا کہ ہم لڑائی کے قاعدے سے واقف نہیں اور دل میں طعن دیا کہ ہماری مشورت نہیں مانتے انکو لڑائی معلوم نہیں اسی لفظ سے کفر کے قریب ہوگئے اور ایمان سے دور۔ ۱۲ منہ رح

ف٢ شہیدوں کو مرنے کے بعد ایک طرح کی زندگی ہے اور مردوں کو نہیں کھانا پینا اور عیش اور خوشی انکو پوری ہے اوروں کو قیامت کے بعد ہوگی۔ ۱۲ منہ رح

ف٣ جب جنگ احد فتح ہوئی ابو سفیان کہ سردار تھا کافروں کا کہہ گیا کہ اگلے سال بدر پر پھر لڑائی ہو اور حضرت نے قبول کر لیا جب اگلا سال آیا حضرت نے لوگوں کو حکم کیا کہ چلو لڑائی کو۔ اس وقت جنھوں نے رفاقت کی اور تیار ہوئے انکو بشارت ہے کہ شکست کے بعد پھر جرأت کی۔ ۱۲ منہ

ف٤ ابو سفیان نے چاہا کہ حضرت وعدے پر

(باقی صفحہ ۹۵ پر)

مِّنَ اللّٰهِ وَ فَضْلٍ لَّمْ يَمْسَسْهُمْ سُوْٓءٌ ۙ وَّ اتَّبَعُوْا
اللہ کی طرف سے اور فضل کے نہ لگی اُن کو بُرائی اور پیروی کی

رِضْوَانَ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۷۴﴾ اِنَّمَا ذٰلِكُمُ
رضامندی اللہ کی اور اللہ صاحب فضل بڑے کا ہے سوائے اسکے نہیں کہ یہ

الشَّيْطٰنُ يُخَوِّفُ اَوْلِيَاۗءَهٗ ۠ فَلَا تَخَافُوْھُمْ وَخَافُوْنِ
شیطان ہے ڈراتا ہے تمکو دوستوں اپنے سے پس مت ڈرو اُن سے اور ڈرو مجھ سے

اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۷۵﴾ وَلَا يَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ
اگر ہو تم ایمان والے ف۱ اور نہ غمگین کریں تجھ کو وہ لوگ کہ جلدی کرتے ہیں

فِي الْكُفْرِ ۚ اِنَّھُمْ لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَـيْـــًٔـا ۭ يُرِيْدُ اللّٰهُ اَلَّا
بیچ کفر کے تحقیق وہ ہرگز نہ ضرر کریں گے اللہ کا کچھ ارادہ کرتا ہے اللہ یہ کہ

يَجْعَلَ لَھُمْ حَظًّا فِي الْاٰخِرَةِ ۚ وَلَھُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۷۶﴾
نہ کرے واسطے اُنکے کچھ حصہ بیچ آخرت کے اور واسطے اُن کے عذاب ہے بڑا ف۲

اِنَّ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الْكُفْرَ بِالْاِيْمَانِ لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ
تحقیق جن لوگوں نے مول لیا کفر کو بدلے ایمان کے ہرگز نہ ضرر کریں گے اللہ کو

شَيْــــًٔا ۚ وَلَھُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۷۷﴾ وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ
کچھ اور واسطے اُن کے عذاب ہے درد دینے والا۔ اور نہ گمان کریں وہ لوگ کہ

كَفَرُوْٓا اَنَّمَا نُمْلِيْ لَھُمْ خَيْرٌ لِّاَنْفُسِھِمْ ۭ اِنَّمَا نُمْلِيْ
کافر ہوئے ہیں یہ کہ جو ڈھیل دیتے ہیں ہم اُنکو بہتر ہے واسطے جانوں اُنکی کے سوائے اسکے نہیں ڈھیل دیتے

لَھُمْ لِيَزْدَادُوْٓا اِثْمًا ۚ وَلَھُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۱۷۸﴾ مَا
ہیں ہم اُنکو تاکہ زیادہ ہو جاویں گناہوں میں اور واسطے اُنکے عذاب ہے ذلیل کرنے والا نہیں

كَانَ اللّٰهُ لِيَذَرَ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلٰي مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ
ہے اللہ کو کہ چھوڑ دے ایمان والوں کو اوپر اس حالت کے کہ ہو تم اوپر اس کے

حَتّٰى يَمِيْزَ الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ ۭ وَمَا كَانَ اللّٰهُ
یہاں تک کہ جُدا کردے ناپاک کو پاک سے اور نہیں ہے اللہ

لِيُطْلِعَكُمْ عَلَي الْغَيْبِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَجْتَبِيْ مِنْ
کہ خبردار کرے تم کو اوپر غیب کے اور لیکن اللہ پسند کرتا ہے

(بقیہ صفحہ ۹۴)
نہ آویں تو الزام انہیں پر ہے اور لڑائی سے خوف کھا کر ایک شخص مدینے کی طرف جاتا تھا اسکو کچھ دینا کیا کہ وہاں اسطرف کی یہی خبریں کہیو کہ وہ خوف کھاویں اور جنگ کو نہ آویں۔ وہ شخص مدینے میں پہنچکر کہنے لگا کہ مکے کے لوگوں نے بڑی جمعیت کی ہے تمکو لڑنا بہتر نہیں مسلمانوں کو حق تعالیٰ نے استقلال دیا، یہی کہا کہ ہمکو اللہ بس ہے۔ آخر بدر پر گئے تین روز رہکر تجارت کرکر نفع لے کر پھر آ گئے۔ اگلی آیتوں میں بھی یہی ذکر ہے ۱۲۔ منہ رح۔

ربع

موضح القرآن

ف۱ یعنی وہ شخص جو خبر کہتا تھا اسکو شیطان سکھاتا تھا۔ ۱۲ منہ

ف۲ یعنی منافق لوگ جو مسلمانوں کی بیچ دیکھی اور کفر کی باتیں کرنے لگے۔ ۱۲ منہ رح

رُّسُلِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۖ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۚ وَاِنْ تُؤْمِنُوْا

پیغمبروں اپنے میں سے جسکو چاہے پس ایمان لاؤ تم ساتھ اللہ کے اور رسولوں اسکے کے اور اگر ایمان لاؤ تم

وَتَتَّقُوْا فَلَكُمْ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۷۹﴾ وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ

اور پرہیزگاری کرو پس واسطے تمہارے ہے ثواب بڑا ف۱ اور نہ گمان کریں وہ لوگ کہ

يَبْخَلُوْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ هُوَ خَيْرًا لَّهُمْ ۭ

بخیلی کرتے ہیں ساتھ اس چیز کے کہ دیا ہے انکو اللہ نے فضل اپنے سے وہ بہتر ہے واسطے انکے

بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ ۭ سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ

بلکہ وہ برا ہے واسطے ان کے البتہ طوق پہنائے جاوینگے وہ چیز کہ بخیلی کی ہے تھا ساتھ اسکے دن قیامت کے

وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

اور واسطے اللہ کے ہے جو کچھ چھوڑ گئے ہیں آسمانوں والے اور زمین والے اور اللہ ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو

خَبِيْرٌ ﴿۱۸۰﴾ لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ

خبردار ہے ف۲ البتہ تحقیق سنا اللہ نے کہنا ان لوگوں کا جو کہتے ہیں تحقیق اللہ

فَقِيْرٌ وَّنَحْنُ اَغْنِيَآءُ ۘ سَنَكْتُبُ مَا قَالُوْا وَقَتْلَهُمُ

فقیر ہے اور ہم دولت مند ہیں اب لکھتے ہیں ہم جو کچھ کہا انھوں نے اور مار ڈالنا انکا

الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ وَّنَقُوْلُ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿۱۸۱﴾

پیغمبروں کو ناحق اور کہیں گے ہم چکھو عذاب جلن کا ف۳

ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ

یہ ہے بدلے اس چیز کے کہ آگے بھیجا ہاتھوں تمہارے نے اور یہ کہ اللہ نہیں ظلم کرنے والا

لِّلْعَبِيْدِ ﴿۱۸۲﴾ اَلَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ عَهِدَ اِلَيْنَآ اَلَّا

واسطے بندوں کے جن لوگوں نے کہا تحقیق اللہ نے عہد کیا ہے طرف ہمارے یہ کہ

نُؤْمِنَ لِرَسُوْلٍ حَتّٰى يَاْتِيَنَا بِقُرْبَانٍ تَاْكُلُهُ النَّارُ ۭ

نہ ایمان لاویں واسطے کسی پیغمبر کے یہاں تک لاوے ہمارے پاس قربانی کہ کھا جاوے اسکو آگ

قُلْ قَدْ جَاۗءَكُمْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِيْ بِالْبَيِّنٰتِ وَ

کہہ تحقیق آئے تھے تمہارے پاس پیغمبر پہلے مجھ سے ساتھ دلیلوں کے اور

بِالَّذِيْ قُلْتُمْ فَلِمَ قَتَلْتُمُوْهُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۸۳﴾

ساتھ اس چیز کے کہ کہا تم نے پس کیوں مار ڈالا تم نے ان کو اگر ہو تم سچے ف۴

ع ۱۸/۹ — منزل ۱ — وقف لازم

موضح القرآن

ف۱ یعنی حق تعالیٰ مومن اور منافق اسطرح کھولتا ہے اور غیب کی خبر کسی کو نہیں پہنچاتا مگر رسولوں کو۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۲ جو کوئی زکوٰۃ نہ دیگا اسکا مال اژدہا بنکر گلے میں پڑیگا اور اسکے گلے چیریگا اور اللہ وارث ہے آخر تم مرجاؤ گے اور مال اسی کا ہو رہیگا۔ تم اپنے ہاتھ سے دو۔ ثواب پاؤ۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۳ یہود نے جو یہ آیت سنی کہ اقرضوا اللہ۔ کہنے لگے اللہ ہم سے قرض مانگتا ہے تو اللہ محتاج ہے اور ہم دولتمند ہیں۔ ۱۲ منہ

ف۴ بعضے رسولوں کے یہ معجزہ ہوا تھا کہ کچھ چیز اللہ کی نیاز رکھی پھر آسمان سے آگ آئی اس کو کھا گئی پس وہ قبول ہوئی اب یہود بہانہ پکڑتے تھے کہ ہم کو یہ حکم ہے کہ جس سے یہ معجزہ نہ دیکھیں اس پر یقین نہ لاویں اور یہ جھوٹے بہانے تھے ہر نبی کو معجزے ملے ہیں جدا۔ سب کو ایک ہی معجزہ کیا لازم ہے۔ ۱۲ منہ رح۔

فَإِنْ كَذَّبُوكَ فَقَدْ كُذِّبَ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ جَآءُوْ

پس اگر جھٹلاویں تجھ کو پس تحقیق جھٹلائے گئے پیغمبر پہلے تجھ سے آئے تھے

بِالْبَيِّنٰتِ وَالزُّبُرِ وَالْكِتٰبِ الْمُنِيْرِ ﴿۱۸۴﴾ كُلُّ نَفْسٍ

ساتھ دلیلوں کے اور ساتھ چھوٹی کتابوں کے اور کتاب روشن کے ہر جان

ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ۗ وَإِنَّمَا تُوَفَّوْنَ أُجُوْرَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۗ

چکھنے والی ہے موت اور سوائے اسکے نہیں کہ پورے دیئے جاؤ گے تم بدلے اپنے دن قیامت

فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَأُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ

کے پس جو کوئی دور کیا گیا آگ سے اور داخل کیا گیا بہشت میں پس تحقیق

فَازَ ۗ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ إِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ﴿۱۸۵﴾ لَتُبْلَوُنَّ

مراد کو پہنچا اور نہیں زندگانی دنیا کی مگر فائدہ اٹھانا فریب کا البتہ آزمائے جاؤ گے

فِيْٓ أَمْوَالِكُمْ وَأَنْفُسِكُمْ ۗ وَلَتَسْمَعُنَّ مِنَ الَّذِيْنَ

تم بیچ مالوں اپنے کے اور جانوں اپنی کے اور البتہ سنو گے ان لوگوں سے کہ

أُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَمِنَ الَّذِيْنَ أَشْرَكُوْٓا أَذًى

دیئے گئے ہیں کتاب پہلے تم سے اور ان لوگوں سے جو کہ شریک کرتے ہیں ایذا

كَثِيْرًا ۗ وَإِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا فَإِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ

بہت اور اگر صبر کرو تم اور پرہیزگاری کرو تم پس تحقیق یہ ہمت کے کاموں

الْأُمُوْرِ ﴿۱۸۶﴾ وَإِذْ أَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ الَّذِيْنَ أُوْتُوا

ف۳ یعنی اوپر سے سب شرارتیں انکی جو ذکر کیں بعضی پہلے ہوئیں اور بعضی پیچھے لیکن مجمل یہ کہ گناہ پر دلیر تھے اسواسطے انکو شریعت سخت رکھی کہ سرکشی ٹوٹے ۱۲ منہ رح

عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۶۱﴾ لٰكِنِ الرّٰسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ مِنْهُمْ
عذاب درد دینے والا۔ لیکن مضبوط لوگ بیچ علم کے ان میں سے

وَالْمُؤْمِنُوْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ
اور مسلمان ایمان لاتے ہیں ساتھ اس چیز کے کہ اتاری گئی ہے طرف تیری اور جو اتاری

مِنْ قَبْلِكَ وَالْمُقِيْمِيْنَ الصَّلٰوةَ وَالْمُؤْتُوْنَ
گئی ہے پہلے تجھ سے اور قائم کرنے والے نماز کو اور دینے والے

الزَّكٰوةَ وَالْمُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ اُولٰٓئِكَ
زکوٰۃ کے اور ایمان لانے والے ساتھ اللہ کے اور دن پچھلے کے۔ یہ لوگ

سَنُؤْتِيْهِمْ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۱۶۲﴾ اِنَّآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ كَمَآ
البتہ دیں گے ہم اُن کو ثواب بڑا۔ تحقیق ہمنے وحی بھیجی طرف تیری جیسے

اَوْحَيْنَآ اِلٰى نُوْحٍ وَّالنَّبِيّٖنَ مِنْۢ بَعْدِهٖ ۚ وَاَوْحَيْنَآ
وحی بھیجی ہمنے طرف نوح کی اور پیغمبروں کی پیچھے اس کے اور وحی کی ہمنے

اِلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَ
طرف ابراہیم کے اور اسمٰعیل کے اور اسحٰق کے اور یعقوب کے اور

الْاَسْبَاطِ وَعِيْسٰى وَاَيُّوْبَ وَيُوْنُسَ وَهٰرُوْنَ
اولاد اس کی کے اور عیسےٰ اور ایوب کے اور یونس اور ہارون کے

وَسُلَيْمٰنَ ۚ وَاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ﴿۱۶۳﴾ وَرُسُلًا قَدْ
اور سلیمان کے۔ اور دی ہمنے داؤد (علیہ السلام) کو زبور۔ اور بھیجے ہمنے پیغمبر کہ تحقیق

قَصَصْنٰهُمْ عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ وَرُسُلًا لَّمْ
بیان کیا ہمنے ان کو اُوپر تیرے پہلے اس سے اور پیغمبر کہ نہ

نَقْصُصْهُمْ عَلَيْكَ ؕ وَكَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰى تَكْلِيْمًا ﴿۱۶۴﴾
بیان کیا ہم نے انکو اوپر تیرے۔ اور باتیں کیں اللہ نے موسیٰ سے باتیں کرنا۔

رُسُلًا مُّبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ
بھیجے ہمنے پیغمبر خوشخبری دینے والے اور ڈرانے والے تاکہ نہ ہو واسطے لوگوں کے

عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌۢ بَعْدَ الرُّسُلِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا
اُوپر اللہ کے الزام پیچھے پیغمبروں کے۔ اور ہے اللہ تعالیٰ غالب

ع ۲۲ / ۱۰ / ۲

حَكِيمًا ﴿١٦٥﴾ لَٰكِنِ اللَّهُ يَشْهَدُ بِمَا أَنزَلَ إِلَيْكَ
حکمت والا۔ ف۱ لیکن اللہ تعالیٰ شاہدی دیتا ہے ساتھ اس چیز کے کہ اتاری طرف تیری
أَنزَلَهُ بِعِلْمِهِ ۖ وَالْمَلَائِكَةُ يَشْهَدُونَ ۚ وَكَفَىٰ بِاللَّهِ
اتاری اس کو ساتھ علم اپنے کے اور فرشتے گواہی دیتے ہیں۔ اور کفایت ہے اللہ
شَهِيدًا ﴿١٦٦﴾ إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَن
گواہی دینے والا۔ ف۲ تحقیق جو لوگ کہ کافر ہوئے اور بند کیا انھوں نے
سَبِيلِ اللَّهِ قَدْ ضَلُّوا ضَلَالًا بَعِيدًا ﴿١٦٧﴾ إِنَّ الَّذِينَ
راہ خدا تعالیٰ کی سے تحقیق گمراہ ہوئے گمراہی دور۔ تحقیق جو لوگ کہ
كَفَرُوا وَظَلَمُوا لَمْ يَكُنِ اللَّهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا
کافر ہوئے اور ظلم کیا نہیں ہے اللہ کہ بخشے اُن کو اور نہ
لِيَهْدِيَهُمْ طَرِيقًا ﴿١٦٨﴾ إِلَّا طَرِيقَ جَهَنَّمَ خَالِدِينَ
دکھائے گا اُن کو راہ۔ مگر راہ دوزخ کی ہمیشہ رہیں گے
فِيهَا أَبَدًا ۚ وَكَانَ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرًا ﴿١٦٩﴾ يَا أَيُّهَا
بیچ اس کے ہمیشہ۔ اور ہے یہ اوپر اللہ کے آسان۔ اے
النَّاسُ قَدْ جَاءَكُمُ الرَّسُولُ بِالْحَقِّ مِن رَّبِّكُمْ فَآمِنُوا
لوگو تحقیق آیا تمہارے پاس پیغمبر ساتھ حق کے پروردگار تمہارے سے پس ایمان لاؤ
خَيْرًا لَّكُمْ ۚ وَإِن تَكْفُرُوا فَإِنَّ لِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ
بہتر ہوگا واسطے تمہارے۔ اور اگر کفر کروگے پس تحقیق واسطے اللہ کے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے
وَالْأَرْضِ ۚ وَكَانَ اللَّهُ عَلِيمًا حَكِيمًا ﴿١٧٠﴾ يَا أَهْلَ
اور زمین کے ہے۔ اور ہے اللہ جاننے والا حکمت والا۔ اے اہل
الْكِتَابِ لَا تَغْلُوا فِي دِينِكُمْ وَلَا تَقُولُوا عَلَى اللَّهِ
کتاب مت زیادتی کرو بیچ دین اپنے کے اور مت کہو اوپر اللہ کے
إِلَّا الْحَقَّ ۚ إِنَّمَا الْمَسِيحُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ رَسُولُ
مگر سچ۔ سوائے اس کے نہیں کہ مسیح عیسیٰ بیٹا مریم کا پیغمبر
اللَّهِ وَكَلِمَتُهُ أَلْقَاهَا إِلَىٰ مَرْيَمَ وَرُوحٌ مِّنْهُ
اللہ کا ہے اور حکم ہے اُسکا۔ ڈال دیا اُس کو طرف مریم کی اور روح ہے اُسکی طرف سے

موضح القرآن

ف۱ یعنی عذر کی جگہ نہ رہے کہ ہمکو تیری مرضی معلوم ہوتی تو اس پر چلتے یہ اللہ کی حکمت اور تدبیر ہے اور اگر زبردستی کرے تو اسکی حاجت نہیں۔ ۱۲۔ منہ رح

ربع

ف۲ یعنی وحی ہمیشہ پیغمبر کو آتی رہی ہے کچھ نیا کام نہیں پر اس کلام میں اللہ نے اپنا خاص علم اتارا اور اللہ اس حق کو ظاہر کریگا چنانچہ ظاہر ہوا کہ جسقدر ہدایت اس نبی سے ہوئی اور کسی سے نہ ہوئی۔ ۱۲۔ منہ رح

فَآمِنُوا بِاللَّهِ وَرُسُلِهِ ۖ وَلَا تَقُولُوا ثَلَاثَةٌ ۚ انتَهُوا

پس ایمان لاؤ ساتھ اللہ کے اور رسولوں اُسکے کے۔ اور نہ کہو خدا تین ہیں۔ باز رہو

خَيْرًا لَّكُمْ ۚ إِنَّمَا اللَّهُ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ ۖ سُبْحَانَهُ أَن

بہتر ہوگا واسطے تمہارے۔ سوائے اسکے نہیں کہ اللہ معبود اکیلا ہے۔ پاکی ہے اُسکو اس سے

يَكُونَ لَهُ وَلَدٌ ۘ لَّهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي

کہ ہو واسطے اس کے اولاد واسطے اسی کے جو کچھ بیچ آسمانوں کے اور جو کچھ بیچ

الْأَرْضِ ۗ وَكَفَىٰ بِاللَّهِ وَكِيلًا ﴿١٧١﴾ لَّن يَسْتَنكِفَ

زمین کے ہے۔ اور کفایت ہے اللہ کارساز۔ ہرگز انکار نہ کرے گا

الْمَسِيحُ أَن يَكُونَ عَبْدًا لِّلَّهِ وَلَا الْمَلَائِكَةُ

مسیح اس سے کہ ہو بندہ واسطے اللہ کے اور نہ فرشتے

الْمُقَرَّبُونَ ۚ وَمَن يَسْتَنكِفْ عَنْ عِبَادَتِهِ وَ

مقرب۔ اور جو کوئی انکار کرے گا بندگی اس کی سے اور

يَسْتَكْبِرْ فَسَيَحْشُرُهُمْ إِلَيْهِ جَمِيعًا ﴿١٧٢﴾ فَأَمَّا الَّذِينَ

تکبر کرے گا پس اکٹھا کریگا انکو طرف اپنی سب کو۔ پس اپر جو لوگ کہ

آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَيُوَفِّيهِمْ أُجُورَهُمْ وَ

ایمان لائے اور عمل کیے اچھے پس پورا دیگا اُن کو ثواب انکا اور

يَزِيدُهُم مِّن فَضْلِهِ ۖ وَأَمَّا الَّذِينَ اسْتَنكَفُوا وَ

زیادہ دے گا اُن کو فضل اپنے سے اور جن لوگوں نے انکار کیا اور

اسْتَكْبَرُوا فَيُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا أَلِيمًا ﴿١٧٣﴾ وَلَا يَجِدُونَ

تکبر کیا پس عذاب کریگا اُنکو عذاب درد دینے والا۔ اور نہ پاویں گے

لَهُم مِّن دُونِ اللَّهِ وَلِيًّا وَلَا نَصِيرًا ﴿١٧٤﴾ يَا أَيُّهَا

واسطے اپنے سوائے اللہ کے دوست اور نہ مددگار۔ اے

النَّاسُ قَدْ جَاءَكُم بُرْهَانٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَأَنزَلْنَا إِلَيْكُمْ

لوگو تحقیق آئی تمہارے پاس دلیل پروردگار تمہارے سے اور اتاری ہم نے طرف تمہاری

نُورًا مُّبِينًا ﴿١٧٥﴾ فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَاعْتَصَمُوا بِهِ

روشنی ظاہر۔ پس جو لوگ کہ ایمان لائے ساتھ اللہ کے اور مُحکم پکڑا اُسکو

وقف لازم

ع ٩ ٢٣ ٣

موضح القرآن

ف یہ خطاب ہے نصاریٰ کو کہ اللہ کو تین جگہ بتاتے ہیں باپ اور بیٹا اور روح القدس فرمایا کہ دین کی بات میں مبالغہ عیب ہے ایک شخص سے اعتقاد ہو تو اس کی تعریف میں حد سے نہ بڑھے جتنی بات ہو تحقیق ہو وہی کہئے اور فرمایا فی الحقیقت بیٹا جننے۔ یہ اللہ کو لائق نہیں اور بیٹا کرے تو اس کو پیش کار کی حاجت نہیں۔ وہ بس ہے کام بنانے والا۔

١٢ منہ رح

فَسَيُدْخِلُهُمْ فِىْ رَحْمَةٍ مِّنْهُ وَفَضْلٍ ۙ وَّيَهْدِيْهِمْ

پس البتہ داخل کریگا اُنکو بیچ رحمت کے اپنی طرف سے اور فضل کے اور دکھلاویگا اُنکو

اِلَيْهِ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿١٧٥﴾ يَسْتَفْتُوْنَكَ ۭ قُلِ اللّٰهُ

طرف اپنی راہ سیدھی۔ فتوے پوچھتے ہیں تجھ سے۔ کہہ اللہ

يُفْتِيْكُمْ فِى الْكَلٰلَةِ ۭ اِنِ امْرُؤٌا هَلَكَ لَيْسَ لَهٗ

فتوے دیتا ہے تمکو بیچ کلالہ کے۔ اگر کوئی مرد ہلاک ہو جاوے نہیں ہو واسطے اسکے

وَلَدٌ وَّلَهٗٓ اُخْتٌ فَلَهَا نِصْفُ مَا تَرَكَ ۚ وَهُوَ

اولاد اور نہ باپ واسطے اسکے ہو ایک بہن پس واسطے اسکے ہے آدھا اس چیز کہ چھوڑ گیا اور وہ

يَرِثُهَآ اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهَا وَلَدٌ ۭ فَاِنْ كَانَتَا اثْنَتَيْنِ

وارث ہوتا ہے اس کا اگر نہ ہو واسطے اُس کے اولاد۔ پس اگر ہوں دو بہنیں

فَلَهُمَا الثُّلُثٰنِ مِمَّا تَرَكَ ۭ وَاِنْ كَانُوْٓا اِخْوَةً رِّجَالًا

پس واسطے ان دونو کے دو تہائی اس چیز کہ چھوڑ گیا۔ اور اگر ہوں وہ وارث جماعت مرد

وَّنِسَاۗءً فَلِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ ۭ يُبَيِّنُ

اور عورتیں پس واسطے مرد کے برابر حصے دو عورتوں کے۔ بیان کرتا ہے

اللّٰهُ لَكُمْ اَنْ تَضِلُّوْا ۭ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿١٧٦﴾

اللہ واسطے تمہارے ایسا نہ ہو کہ گمراہ ہو جاؤ۔ اور اللہ ساتھ ہر چیز کے جاننے والا ہے ف

سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ مِائَةٌ وَّعِشْرُوْنَ اٰيَةً وَّسِتَّةَ عَشَرَ رُكُوْعًا

سورۂ مائدہ مدینہ میں نازل ہوئی اس میں ایک سو بیس آیتیں اور سولہ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ ڛ اُحِلَّتْ

اے لوگو جو ایمان لائے ہو پورا کرو ساتھ عہدوں کے ف۲ حلال کیے گئے

لَكُمْ بَهِيْمَةُ الْاَنْعَامِ اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ غَيْرَ

واسطے تمہارے چارپائے چرنے والے مگر جو پڑھی جاتی ہیں اوپر تمہارے نہ

مُحِلِّي الصَّيْدِ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَحْكُمُ مَا

حلال جاننے والے شکار کو اور تم احرام باندھے ہو۔ تحقیق اللہ حکم کرتا ہے جو

موضح القرآن

ف کلالہ کے معنی ہارا ضعیف یہاں فرمایا اسکو جسکے وارثوں میں باپ بیٹا نہیں کہ اصل وارث وہی تھے۔ تو اسوقت سگے بھائی بہن کو بیٹا بیٹی کا حکم ہے سگے نہ ہوں تو یہی حکم سوتیلوں کا۔ نری ایک بہن کو آدھا اور دو کو دو تہائی اور ملے ہوں بھائی بہن تو مرد کو حصہ دوہرا۔ عورت کو اکہرا اور جو نرے بھائی ہوں تو انکو فرمایا کہ وہ بہن کے وارث ہیں یعنی حصہ میں معین نہیں وہ عصبہ ہیں فائدہ اگر بیٹی ہو اور بہن ہو تو حصہ بیٹی کو اور بہن عصبہ ہے یعنی حصہ داروں سے بچے سو وہ لے ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی جب آدمی مسلمان ہوا تو سب حکم اللہ کے قبول کرنے ٹھہرا چکا اب آگے حکم فرمائے انکو قبول کرے ۱۲ منہ رح

ربع · ع ۲۴ / ٦ · نصف · منزل ۲

يُرِيدُ ① يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ لَا تُحِلُّوا۟ شَعَٰٓئِرَ

چاہتا ہے ف۱ اے لوگو جو ایمان لائے ہو مت بے حرمت کرو نشانیوں

ٱللَّهِ وَلَا ٱلشَّهْرَ ٱلْحَرَامَ وَلَا ٱلْهَدْىَ وَلَا ٱلْقَلَٰٓئِدَ

اللہ کی کو اور نہ مہینے حرام کو اور نہ ان جانور کو کہ نیاز کعبہ کی ہو اور نہ جنکے گلے میں پٹا ڈالکر لیجاویں

وَلَآ ءَآمِّينَ ٱلْبَيْتَ ٱلْحَرَامَ يَبْتَغُونَ فَضْلًا مِّن

کعبے کو اور نہ قصد کرنیوالوں گھر حرمت والے کو کہ چاہتے ہیں فضل

رَّبِّهِمْ وَرِضْوَٰنًا ۚ وَإِذَا حَلَلْتُمْ فَٱصْطَادُوا۟ ۚ وَلَا

پروردگار اپنے سے اور رضامندی اور جب حلال ہو تم پس شکار کرو تم اور نہ

يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَـَٔانُ قَوْمٍ أَن صَدُّوكُمْ عَنِ ٱلْمَسْجِدِ

باعث ہو تمکو دشمنی کسی قوم کی اس واسطے کہ بند کیا تمکو مسجد

ٱلْحَرَامِ أَن تَعْتَدُوا۟ ۘ وَتَعَاوَنُوا۟ عَلَى ٱلْبِرِّ وَٱلتَّقْوَىٰ

حرام سے یہ کہ حد سے نکل جاؤ اور مددگاری کرو اوپر بھلائی کے اور پرہیزگاری کے

وَلَا تَعَاوَنُوا۟ عَلَى ٱلْإِثْمِ وَٱلْعُدْوَٰنِ ۚ وَٱتَّقُوا۟ ٱللَّهَ ۖ

اور مت مدد کرو اوپر گناہ کے اور تعدی کے اور ڈرو اللہ سے

إِنَّ ٱللَّهَ شَدِيدُ ٱلْعِقَابِ ② حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ

تحقیق اللہ سخت عذاب کرنیوالا ہے ف۲ حرام کیا گیا اوپر تمہارے

ٱلْمَيْتَةُ وَٱلدَّمُ وَلَحْمُ ٱلْخِنزِيرِ وَمَآ أُهِلَّ لِغَيْرِ

مردار اور لہو اور گوشت سوئر کا اور جو کچھ پکارا جاوے سوائے

ٱللَّهِ بِهِۦ وَٱلْمُنْخَنِقَةُ وَٱلْمَوْقُوذَةُ وَٱلْمُتَرَدِّيَةُ وَ

اللہ کے ساتھ اسکے اور گلا گھونٹی اور لاٹھی ماری اور اوپر سے گر پڑی اور

ٱلنَّطِيحَةُ وَمَآ أَكَلَ ٱلسَّبُعُ إِلَّا مَا ذَكَّيْتُمْ وَمَا

سینگ ماری اور جو کھا گیا ہو درندہ مگر جو ذبح کر لو تم ان میں سے اور جو

ذُبِحَ عَلَى ٱلنُّصُبِ وَأَن تَسْتَقْسِمُوا۟ بِٱلْأَزْلَٰمِ ۚ

ذبح کی جاوے اوپر تھانوں کے اور یہ کہ قسمت معلوم کرو ساتھ تیروں کے۔

ذَٰلِكُمْ فِسْقٌ ۗ ٱلْيَوْمَ يَئِسَ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ مِن

یہ فسق ہے۔ آج کے دن ناامید ہوئے وہ لوگ کہ کافر ہوئے

موضح القرآن

ف۱ مواشی یا جانور ہیں جنکو لوگ پالتے ہیں کھانے کو جیسے گائے بکری پھر جنگل کے ہرن اور نیلہ گاؤ وغیرہ اسی میں داخل ہیں کہ جنس ایک ہے انکو احرام کے وقت اور اسی طرح کے مکان میں حرام فرمایا۔ اسکے ساتھ حرم کے آداب اور بھی فرما دیئے ۱۲ منہ

ف۲ حلال نہ سمجھو یعنی ہاتھ مت ڈالو اللہ کے نام کی چیزوں پر یعنی کافر بھی اگر نیاز کعبہ لاویں تو لوٹ مت لو اور ماہِ حرام میں انکو نہ مارو اور پٹکن والیاں بھی وہی قربانی کے جانور ہیں کہ مکے کو لیجاتے ہیں نشان کر کر اور فرمایا کہ کافروں نے تمکو روکا تھا مسجد سے تم زیادتی نہ کرو یعنی آنے کو نہ روکو باقی اگے سو منع کرو کہ کافر نہ آئے تو یہ ظاہر اس سے معلوم ہوا کہ کافر جس کام میں اللہ کو تعظیم کیے اس کام کو نصیحت کرے مگر جو بت کی تعظیم کرے تو البتہ اہانت کرے۔ ۱۲ منہ رح

(ربع الحزب) (منزل ٢) (الربع)

دِيْنِكُمْ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ ۚ اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ

دین تمہارے سے پس مت ڈرو ان سے اور ڈرو مجھ سے۔ آج کے دن پورا کیا میں نے

لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ

واسطے تمہارے دین تمہارا اور پوری کی اوپر تمہارے نعمت اپنی اور پسند کیا

لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ فِيْ مَخْمَصَةٍ

واسطے تمہارے اسلام کو دین۔ پس جو کوئی بے بس ہوا بیچ بھوک کے

غَيْرَ مُتَجَانِفٍ لِّاِثْمٍ ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ③

نہ جھکنے والا طرف گناہ کے پس تحقیق اللہ بخشنے والا مہربان ہے ف۱

يَسْــَٔلُوْنَكَ مَاذَآ اُحِلَّ لَهُمْ ۭ قُلْ اُحِلَّ لَكُمُ

پوچھتے ہیں تجھ سے کیا حلال کیا گیا ہے واسطے اُن کے۔ کہہ کہ حلال کی گئی ہیں واسطے تمہارے

الطَّيِّبٰتُ ۙ وَمَا عَلَّمْتُمْ مِّنَ الْجَوَارِحِ مُكَلِّبِيْنَ

پاکیزہ چیزیں اور جو سکھلاؤ تم زخم دینے والوں کو شکار کرنے والوں کو

تُعَلِّمُوْنَهُنَّ مِمَّا عَلَّمَكُمُ اللّٰهُ ۡ فَكُلُوْا مِمَّآ اَمْسَكْنَ

سکھلاتے ہو تم ان کو اس چیز سے کہ سکھلایا ہے تم کو اللہ نے پس کھاؤ اس چیز سے کہ پکڑ رکھیں

عَلَيْكُمْ وَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ ۠ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ

اوپر تمہارے اور یاد کرو نام اللہ کا اوپر اس کے اور ڈرو اللہ سے۔

اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ④ اَلْيَوْمَ اُحِلَّ لَكُمُ

تحقیق اللہ جلد لینے والا ہے حساب کا ف۲ آج کے دن حلال کی گئیں واسطے تمہارے

الطَّيِّبٰتُ ۭ وَطَعَامُ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حِلٌّ لَّكُمْ ۠

پاکیزہ چیزیں۔ اور کھانا ان لوگوں کا کہ دیئے گئے ہیں کتاب حلال ہے واسطے تمہارے

وَطَعَامُكُمْ حِلٌّ لَّهُمْ ۡ وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ الْمُؤْمِنٰتِ

اور کھانا تمہارا حلال ہے واسطے ان کے اور پاک دامنیں مسلمانوں میں سے

وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ

اور پاک دامنیں ان لوگوں میں سے کہ دیئے گئے ہیں کتاب پہلے تم سے

اِذَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ مُحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ

جب دو تم ان کو مہران کے نکاح میں لانے والے نہ بدکاری کرنے والے

موضح القرآن

ف۱ مواشی میں سے یہ چیزیں حرام فرما دیں بشرط اور ہر چیز کا لہو اور آپ سے مرا کسی طرح بغیر ذبح کے اور جو خدا کے سوا کسی کے نام پر ذبح کیا اور جو کسی مکان کی تعظیم پر ذبح کیا سوائے خانۂ خدا۔ مگر یہ چیزیں مضطر کو معاف ہیں اور بانٹا کرنا پانسوں سے یہ کافروں کا ایک جوا تھا کہ شرط بدکے ایک جانور دس شخص نے خریدا اور ذبح کیا اور دس پانسے تھے کسی پر لکھا آدھا کسی پر پاؤ کم زیادہ کوئی خالی پھر بانٹنے لگے تو ہر ایک کے نام پر جو پانسا آیا وہی حصہ اسکو ملا یا خالی نکل گیا۔ شرط بدنی تمام حرام ہے یہ بھی اسی میں داخل ہے فائدہ اس سے معلوم ہوا کہ غیر خدا کے نام پر جانور ذبح ہوا یا غیر خدا کی تعظیم پر وہ مُردار ہے۔ فائدہ یہ جو فرمایا کہ آج پورا دین تمہارا ہو چکا یہ آیت آخر کو اُتری ہے کہ سب احکام اللہ کے نازل ہو چکے تھے۔ اسکے بعد تین مہینے حضرت زندہ رہے ہیں۔ ١٢۔ مترجم

ف۲ مواشی کا حکم تو فرما دیا پھر لوگوں نے اور چیزوں کو پوچھا تو فرمایا کہ ستھری چیزیں تمکو حلال ہیں سو حضرت نے جو منع فرمائیں معلوم ہوا کہ وہ ستھری نہیں جیسے پھاڑنے والا جانور چوپائے یا پرندہ مثلاً شیر یا باز یا چیل اور اسی میں داخل ہوئے مُردار خوار سارے۔ کوا وغیرہ اور جیسے گدھا اور خچر اور جیسے کیڑے زمین کے مثلاً چوہا وغیرہ۔ فائدہ دُ پہلے حرام فرمایا جس کو

(باقی صفحہ ١٤٢ پر)

وَلَا مُتَّخِذِيٓ أَخْدَانٍ ۗ وَمَن يَكْفُرْ بِالْإِيمَانِ

اور نہ پکڑنے والے چھپے آشنا ۔ اور جو کوئی کفر کرے ساتھ ایمان کے

فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهُۥ وَهُوَ فِى الْءَاخِرَةِ مِنَ الْخَٰسِرِينَ ﴿٥﴾

پس تحقیق کھوئے گئے عمل اسکے اور وہ بیچ آخرت کے ٹوٹا پانے والوں سے ہے ف۱

يَٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ ءَامَنُوٓا۟ إِذَا قُمْتُمْ إِلَى الصَّلَوٰةِ

اے لوگو جو ایمان لائے ہو جب کھڑے ہو تم واسطے نماز کے

فَاغْسِلُوا۟ وُجُوهَكُمْ وَأَيْدِيَكُمْ إِلَى الْمَرَافِقِ

پس دھوؤ مونہوں اپنوں کو اور ہاتھوں اپنوں کو کہنیوں تک

وَامْسَحُوا۟ بِرُءُوسِكُمْ وَأَرْجُلَكُمْ إِلَى الْكَعْبَيْنِ ۚ وَ

اور مسح کرو سروں اپنوں کو اور دھوؤ پاؤں اپنوں کو دو نو ٹخنوں تک ۔ اور

إِن كُنتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوا۟ ۚ وَإِن كُنتُم مَّرْضَىٰٓ أَوْ

اگر ہو تم ناپاک پس نہالو ۔ اور اگر ہو تم بیمار یا

عَلَىٰ سَفَرٍ أَوْ جَآءَ أَحَدٌ مِّنكُم مِّنَ الْغَآئِطِ أَوْ لَٰمَسْتُمُ

اوپر سفر کے یا آوے کوئی تم میں سے مکان ضرور سے یا صحبت کرو تم

النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوا۟ مَآءً فَتَيَمَّمُوا۟ صَعِيدًا طَيِّبًا

عورتوں سے پس نہ پاؤ تم پانی پس قصد کرو تم مٹی پاک کا

فَامْسَحُوا۟ بِوُجُوهِكُمْ وَأَيْدِيكُم مِّنْهُ ۚ مَا يُرِيدُ

پس ملو مونہوں اپنوں کو اور ہاتھوں اپنوں کو اس سے ۔ نہیں ارادہ کرتا

اللَّهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُم مِّنْ حَرَجٍ وَلَٰكِن يُرِيدُ

اللہ تا کہ کرے اوپر تمہارے کچھ تنگی ولیکن ارادہ کرتا ہے

لِيُطَهِّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهُۥ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ

تا کہ پاک کرے تمکو اور تا کہ پوری کرے نعمت اپنی اوپر تمہارے تا کہ تم

تَشْكُرُونَ ﴿٦﴾ وَاذْكُرُوا۟ نِعْمَةَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَمِيثَٰقَهُ

شکر کرو ۔ اور یاد کرو نعمت اللہ کی اوپر اپنے اور عہد اس کا

الَّذِى وَاثَقَكُم بِهِۦٓ إِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا ۖ وَ

جو قول لیا ہے تم سے ساتھ اسکے جب کہا تم نے سنا ہم نے اور مانا ہم نے اور

(بقیہ صفحہ ۱۴۱)
پھاڑنے والے نے کھایا۔ اسمیں سے شکار کو سدھے جانور کا مارا ہوا حلال کیا جب اس نے آدمی کی خو سیکھی تو گویا آدمی نے ذبح کیا لیکن سدھنا شرط۔ سدھا وہ کہ پکڑ کر رکھ چھوڑے آپ نہ کھاوے اور اللہ کا نام لینا شرط ہو دوڑانے کے وقت آگے بغیر ذبح درست نہیں مگر بھوکے تو معاف ہے۔ ۱۲ منہ

ع ۵ ‏ ۵

موضح القرآن

ف۱ فرمایا کہ آج تمکو ستھری چیزیں حلال ہوئیں یعنی حضرت ابراہیم کے وقت یہ سب حلال تھیں جب توریت نازل ہوئی تو یہود کی سزا میں اکثر چیزیں منع ہوئیں اور انجیل میں حلال اور حرام بیان نہ ہوا۔ اب قرآن میں دین ابراہیم کے موافق سب حلال ہوئیں اور فرمایا کہ کتاب والوں کا کھانا حلال ہے یعنی انکا ذبح اور جو ذبح کی شرط فرمائی کہ اللہ کا نام ذکر ہو اور غیر کی تعظیم ہو یہاں اور شرط فرما دی کہ ذبح کرنیوالا مسلمان ہو یا اہل کتاب یعنی یہود یا نصاریٰ اور کسی دین اور مذہب والے کا ذبح نہیں حلال اگرچہ نام اللہ کا لے اسکا لینا معتبر نہیں اور فرمایا کہ اسیطرح مسلمان کو عورت نکاح کرنی انکی حلال ہے اوروں کی نہیں سو جن شرطوں سے آپس میں نکاح درست ہے اسی طرح ان کا درست ہے پھر فرمایا کہ اہل کتاب کو اور کفار کو دو حکم میں مخصوص کیا یہ فقط دنیا میں ہے اور آخرت میں ہر کافر خراب ہے اگر عمل نیک بھی کرے تو قبول نہیں ۱۲ منہ

منزل ۲

اتَّقُوا اللّٰهَ ۚ إِنَّ اللّٰهَ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ﴿٧﴾

ڈرو اللہ سے۔ تحقیق اللہ جاننے والا ہے سینوں والی بات کو۔ ف

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُونُوا قَوَّامِينَ لِلّٰهِ شُهَدَاءَ

اے لوگو جو ایمان لائے ہو ہو جاؤ تم قائم رہنے والے واسطے اللہ کے شاہدی دینے والے

بِالْقِسْطِ ۖ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَآنُ قَوْمٍ عَلَىٰ أَلَّا

ساتھ انصاف کے اور نہ باعث ہو تم کو دشمنی کسی قوم کی اوپر اس بات کے کہ نہ

تَعْدِلُوا ۚ اعْدِلُوا هُوَ أَقْرَبُ لِلتَّقْوَىٰ ۖ وَاتَّقُوا

عدل کرو۔ عدل کرو۔ وہ بہت نزدیک ہے پرہیزگاری کے اور ڈرو

اللّٰهَ ۚ إِنَّ اللّٰهَ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ ﴿٨﴾ وَعَدَ اللّٰهُ

اللہ سے۔ تحقیق اللہ خبردار ہے ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم ف وعدہ کیا اللہ نے

الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ ۙ لَهُمْ مَغْفِرَةٌ وَ

ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور کام کیے اچھے واسطے انکے بخشش ہے اور

أَجْرٌ عَظِيمٌ ﴿٩﴾ وَالَّذِينَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا

ثواب بڑا۔ اور جو لوگ کہ کافر ہوئے اور جھٹلایا نشانیوں ہماری کو

أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ ﴿١٠﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا

یہ لوگ ہیں رہنے والے دوزخ کے۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو

اذْكُرُوا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ إِذْ هَمَّ قَوْمٌ أَنْ يَبْسُطُوا

یاد کرو نعمت اللہ کی اوپر اپنے جس وقت قصد کیا ایک جماعت نے یہ کہ دراز کریں

إِلَيْكُمْ أَيْدِيَهُمْ فَكَفَّ أَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ ۖ وَاتَّقُوا

طرف تمہاری ہاتھوں اپنوں کو پس بند کیے ہاتھ ان کے تم سے۔ اور ڈرو

اللّٰهَ ۚ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ ﴿١١﴾ وَلَقَدْ

اللہ سے۔ اور اوپر اللہ کے پس چاہیے کہ توکل کریں ایمان والے۔ اور البتہ تحقیق

أَخَذَ اللّٰهُ مِيثَاقَ بَنِي إِسْرَائِيلَ ۚ وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ

لیا اللہ نے عہد بنی اسرائیل کا اور کھڑے کیے ہم نے انہیں سے

اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيبًا ۖ وَقَالَ اللّٰهُ إِنِّي مَعَكُمْ ۖ لَئِنْ

بارہ سردار۔ اور کہا اللہ نے تحقیق میں ساتھ تمہارے ہوں اگر

ف۱ اللہ تعالی اہل کتاب کو یاد دلادیا کہ تاکید کر کے عہد پر قائم رہو اسی طرح ہمکو تقید فرمایا کہ عہد یاد رکھو وہ عہد یہ ہے کہ جب لوگ مسلمان ہوتے تو حضرت سے بیعت کرتے یعنی ہاتھ پکڑ کر قول دیتے بہت چیزیں کرنے کا جیسے پانچ نمازیں اور روزہ رمضان اور زکوٰۃ اور حج اور خیر خواہی ہر مسلمان کی اور بہت چیزیں چھوڑنے پر جیسے خون اور زنا اور چوری اور تہمت لگانی بے گناہ کو اور سردار سے مخالفت کرنی اسی عہد پر فرمایا کہ قائم رہو۔ ۱۲۔ منہ رح۔

ف۲ اکثر کافروں نے مسلمانوں سے بڑی دشمنی کی تھی پیچھے مسلمان ہوئے تو فرمایا کہ ان سے وہ دشمنی نہ نکالو اور ہر جگہ یہی حکم ہے حق بات میں دوست اور دشمن برابر ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

اَقَمْتُمُ الصَّلٰوةَ وَاٰتَيْتُمُ الزَّكٰوةَ وَاٰمَنْتُمْ بِرُسُلِيْ

قائم رکھو تم نماز کو اور دو تم زکوٰۃ کو اور ایمان لاؤ تم ساتھ پیغمبروں میرے کے

وَعَزَّرْتُمُوْهُمْ وَاَقْرَضْتُمُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا

اور توقیر کرو ان کی اور قرض دو تم اللہ کو قرض اچھا

لَّاُكَفِّرَنَّ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَلَاُدْخِلَنَّكُمْ جَنّٰتٍ

البتہ دور کروں گا میں تم سے برائیاں تمہاری اور البتہ داخل کروں گا میں تمکو بہشتوں میں

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ فَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ

چلتی ہیں نیچے ان کے سے نہریں۔ پس جو کوئی کافر ہوا پیچھے اس کے

مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ﴿١٢﴾ فَبِمَا نَقْضِهِمْ

تم میں سے پس تحقیق گمراہ ہوا راہ سیدھی سے ف پس بسبب توڑنے انکے کے

مِّيْثَاقَهُمْ لَعَنّٰهُمْ وَجَعَلْنَا قُلُوْبَهُمْ قٰسِيَةً

عہد اپنے کو لعنت کیا ہمنے انکو اور کردیا ہم نے دلوں اُن کے کو سخت

يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِهٖ وَنَسُوْا حَظًّا مِّمَّا

بدل ڈالتے ہیں باتوں کو جگہ اُن کی سے اور بھول گئے حصہ اس چیز کا کہ

ذُكِّرُوْا بِهٖ وَلَا تَزَالُ تَطَّلِعُ عَلٰى خَآئِنَةٍ مِّنْهُمْ

نصیحت کئے گئے تھے ساتھ اسکے اور ہمیشہ رہیگا تو خبردار ہوتا اُوپر خیانت کے اُن سے

اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاصْفَحْ اِنَّ

مگر تھوڑے ان میں سے پس معاف کر اُن سے اور درگذر کر۔ تحقیق

اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٣﴾ وَمِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا

اللہ دوست رکھتا ہے احسان کرنیوالوں کو۔ اور اُن لوگوں سے کہ کہتے ہیں

اِنَّا نَصٰرٰٓى اَخَذْنَا مِيْثَاقَهُمْ فَنَسُوْا حَظًّا مِّمَّا

تحقیق ہم نصاریٰ ہیں لیا ہمنے قول اُن کا پس بھول گئے حصہ اس چیز کا کہ

ذُكِّرُوْا بِهٖ فَاَغْرَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ

نصیحت کئے گئے ساتھ اسکے پس لگادی ہمنے درمیان ان کے دشمنی اور بغض

اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَسَوْفَ يُنَبِّئُهُمُ اللّٰهُ بِمَا كَانُوْا

دن قیامت تک۔ اور البتہ خبردار کریگا ان کو اللہ ساتھ اس چیز کے کہ کرتے

منزل

ف یہ بیان فرمایا بنی اسرائیل سے عہد لینا حضرت موسیٰ کی آخر عمر میں یہ قرار لئے ہیں سورت حضرت کی آخر عمر میں نازل ہوئی شاید ہم کو سنایا ہی اسواسطے کہ ہمکو بھی یہی تقید ہے ایک عہد اس امت سے تھا کہ رسول جو بعد پیدا ہوں ان کی مدد کرو اس کے بدل ہم سے یہ ہے کہ خلفاء کی اطاعت کرو یہ مذکور بارہ سرداروں کا یہاں فرمایا اسی اشارہ کو کہ حضرت نے بتایا ہے میری اُمت میں بارہ خلیفہ ہوں گے قوم قریش سے۔ اور فرمایا ہے کہ جو خرابی ہوئی پہلی اُمت سے سو ہوگی تم میں سے جیسے وہ خراب ہوئے پیغمبروں کی مخالفت سے یہ اُمت خراب ہوئی خلیفہ پر خروج کر کر۔ ١٢ منہ رح

يَصْنَعُونَ ﴿١٤﴾ يٰٓأَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ رَسُولُنَا
وہ کرتے ف۱ ۔ اے اہل کتاب تحقیق آیا ہے تمہارے پاس پیغمبر ہمارا
يُبَيِّنُ لَكُمْ كَثِيرًا مِّمَّا كُنْتُمْ تُخْفُونَ مِنَ الْكِتٰبِ
بیان کرتا ہے واسطے تمہارے بہت اس چیز کہ تھے تم چھپاتے کتاب میں سے
وَيَعْفُوا عَنْ كَثِيرٍ ۚ قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُورٌ وَّ
اور درگذر کرتا ہے بہت سے ۔ تحقیق آئی تمہارے پاس اللہ کی طرف سے روشنی اور
كِتٰبٌ مُّبِينٌ ﴿١٥﴾ يَهْدِي بِهِ اللّٰهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهُ
کتاب بیان کرنے والی ۔ ہدایت کرتا ہے ساتھ اسکے اللہ اس شخص کو کہ پیروی کرتا ہے رضامندی
سُبُلَ السَّلٰمِ وَيُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ إِلَى النُّورِ
اسکی کی راہیں سلامتی کی اور نکالتا ہے ان کو تاریکیوں سے طرف روشنی کے
بِإِذْنِهِ وَيَهْدِيهِمْ إِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ﴿١٦﴾ لَقَدْ
ساتھ حکم اپنے کے اور ہدایت کرتا ہے ان کو طرف راہ سیدھی کے ۔ البتہ تحقیق
كَفَرَ الَّذِينَ قَالُوٓا إِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيحُ ابْنُ مَرْيَمَ
کافر ہوئے وہ لوگ جو کہتے ہیں تحقیق اللہ وہی ہے مسیح بیٹا مریم کا
قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا إِنْ أَرَادَ أَنْ
کہہ پس کون اختیار رکھتا ہے اللہ کے کام سے کچھ اگر چاہے یہ کہ
يُّهْلِكَ الْمَسِيحَ ابْنَ مَرْيَمَ وَأُمَّهُ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ
ہلاک کر ڈالے مسیح بیٹے مریم کے کو اور ماں اس کی کو اور ان لوگوں کو جو بیچ زمین کے ہیں
جَمِيعًا ۗ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَمَا
سارے ۔ اور واسطے اللہ کے ہے بادشاہی آسمانوں کی اور زمین کی اور جو کچھ
بَيْنَهُمَا ۚ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۚ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ
درمیان دونو کے ہے ۔ پیدا کرتا ہے جو کچھ چاہتا ہے ۔ اور اللہ اوپر ہر چیز کے
قَدِيرٌ ﴿١٧﴾ وَقَالَتِ الْيَهُودُ وَالنَّصٰرٰى نَحْنُ أَبْنٰٓؤُا
قادر ہے ف۲ اور کہا یہود نے اور نصاریٰ نے ہم بیٹے
اللّٰهِ وَأَحِبَّآؤُهُ ۚ قُلْ فَلِمَ يُعَذِّبُكُمْ بِذُنُوبِكُمْ
اللہ کے ہیں اور پیارے ہیں اسکے کہہ پس کیوں عذاب کرتا ہے تمکو ساتھ گناہوں تمہارے کے

موضح القرآن

ف۱ اس سے معلوم ہوا کہ جب اللہ کے کلام سے اثر پکڑنا اور حکم شرع پر محبت قائم رہنا چھوٹ جاوے اور فقط مذہب کا جھگڑا اور حمیت رہ جاوے تو راہ سے بہکے۔ ۱۲ منہ رح

ع ۳

ف۲ اللہ صاحب کئی جگہ نبیوں کے حق میں ایسی بات فرماتے ہیں تاکہ ان کی امت انکو بندگی کی حد سے زیادہ نہ چڑھا دیں۔ و الا نبی اس لائق کا ہے کو ہیں ۱۲ منہ رح

بَلْ اَنْتُمْ بَشَرٌ مِّمَّنْ خَلَقَ ۭ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَاۗءُ وَ

بلکہ تم آدمی ہو اس چیز سے کہ پیدا کیا ہے۔ بخشتا ہے جس کو چاہتا ہے اور

يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ

عذاب کرتا ہے جسے چاہتا ہے۔ اور واسطے اللہ کے ہے بادشاہی آسمانوں کی اور

الْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۡ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ⑱ يٰٓاَهْلَ

زمین کی اور جو کچھ درمیان ان دونو کے ہے اور طرف اسی کے ہے پھر جانا۔ اے اہل

الْكِتٰبِ قَدْ جَاۗءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ عَلٰي فَتْرَةٍ

کتاب تحقیق آیا ہے تمہارے پاس پیغمبر ہمارا بیان کرتا ہو واسطے تمہارے پیچھے موقوف ہو

مِّنَ الرُّسُلِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا جَاۗءَنَا مِنْۢ بَشِيْرٍ وَّ

جانے پیغمبروں کے ایسا نہ ہو کہ کہو تم نہیں آیا ہمارے پاس کوئی خوشخبری دینے والا اور

لَا نَذِيْرٍ ۡ فَقَدْ جَاۗءَكُمْ بَشِيْرٌ وَّنَذِيْرٌ ۭ وَاللّٰهُ

نہ ڈرانے والا پس تحقیق آیا تمہارے پاس خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا۔ اور اللہ

عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ⑲ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ

اوپر ہر چیز کے قادر ہے ف۱ اور جب کہا موسیٰ نے واسطے قوم اپنی کے

يٰقَوْمِ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَعَلَ فِيْكُمْ

اے قوم میری یاد کرو نعمت اللہ کی اوپر اپنے جس وقت کئے بیچ تمہارے

اَنْۢبِيَاۗءَ وَجَعَلَكُمْ مُّلُوْكًا ڰ وَّاٰتٰىكُمْ مَّا لَمْ يُؤْتِ اَحَدًا

پیغمبر اور کیا تمکو بادشاہ اور دیا تمکو جو کچھ کہ نہ دیا کسی کو

مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ⑳ يٰقَوْمِ ادْخُلُوا الْاَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ

سارے جہان سے۔ اے قوم میری داخل ہو زمین پاک میں

الَّتِيْ كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ وَلَا تَرْتَدُّوْا عَلٰٓي اَدْبَارِكُمْ

جو لکھی ہے اللہ نے واسطے تمہارے اور مت پھر جاؤ اوپر پیٹھ اپنی کے

فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِيْنَ ㉑ قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِنَّ فِيْهَا

پس پلٹ جاؤ ٹوٹا پانے والے ف۲ کہا انھوں نے اے موسیٰ تحقیق بیچ اسکے ہے

قَوْمًا جَبَّارِيْنَ ڰ وَاِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَا حَتّٰي يَخْرُجُوْا

قوم سرکش۔ اور تحقیق ہم ہرگز نہ جاویں گے اسمیں یہانتک کہ نکلجاویں وہ

موضح القرآن

ف۱ حضرت عیسیٰ سے بعد کوئی رسول نہ آیا تھا سو فرمایا کہ تم افسوس کرتے کہ ہم رسولوں کے وقت میں نہ ہوئے کہ تربیت ان کی پاتے۔ اب بعد مدت تمکو رسول کی صحبت میسر ہوئی غنیمت جانو اور اللہ قادر ہے اگر تم نہ قبول کروگے اور خلق کھڑی کر دیگا تم سے بہتر جیسے حضرت موسیٰ کو ساتھ جہاد کرنا قبول کیا انکی قوم نے اللہ نے انکو محروم کر دیا اوروں کے ہاتھ ملک شام فتح کروا دیا۔ ۱۲ منہ رح

ع ۳

ف۲ حضرت ابراہیم اپنے باپ کا وطن چھوڑ نکلے اللہ کی راہ میں اور ملک شام میں آکر ٹھہرے اور مدت تک انکو اولاد نہ ہوئی تب اللہ تعالیٰ نے انکو بشارت فرمائی کہ تیری اولاد بہت پھیلاؤں گا اور زمین شام ان کو دونگا اور نبوت اور دین اور کتاب اور سلطنت انہیں کو دونگا پھر حضرت موسیٰ کے وقت وہ وعدہ پورا ہوا۔ بنی اسرائیل کو

(باقی صفحہ ۱۳۷ پر)

مِنْهَا ۚ فَإِنْ يَخْرُجُوا مِنْهَا فَإِنَّا دَاخِلُونَ ﴿٢٢﴾ قَالَ

اسمیں سے۔ پس اگر نکل جاویں اس میں سے پس تحقیق ہم داخل ہونیوالے ہیں۔ کہا

رَجُلَانِ مِنَ الَّذِينَ يَخَافُونَ أَنْعَمَ اللَّهُ عَلَيْهِمَا

دو مردوں نے ان لوگوں سے کہ ڈرتے تھے انعام کیا تھا اللہ نے اوپر ان کے

ادْخُلُوا عَلَيْهِمُ الْبَابَ ۚ فَإِذَا دَخَلْتُمُوهُ فَإِنَّكُمْ

داخل ہو تم اوپر ان کے دروازے میں سے پس جب داخل ہوگئے تم اس میں پس تحقیق تم

غَالِبُونَ ۚ وَعَلَى اللَّهِ فَتَوَكَّلُوا إِنْ كُنْتُمْ

غالب ہو۔ اور اوپر اللہ کے پس توکل کرو تم اگر ہو تم

مُؤْمِنِينَ ﴿٢٣﴾ قَالُوا يَا مُوسَىٰ إِنَّا لَنْ نَدْخُلَهَا أَبَدًا

ایمان لانے والے۔ کہا انھوں نے اے موسیٰ تحقیق ہم ہرگز نہ داخل ہونگے اسمیں کبھی

مَا دَامُوا فِيهَا ۖ فَاذْهَبْ أَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلَا إِنَّا

جب تک وہ رہیں گے اس میں پس جا تو اور پروردگار تیرا پس لڑو تم دونو تحقیق ہم

هَاهُنَا قَاعِدُونَ ﴿٢٤﴾ قَالَ رَبِّ إِنِّي لَا أَمْلِكُ إِلَّا

یہیں بیٹھے ہیں۔ کہا موسیٰ نے اے رب میرے تحقیق میں نہیں مالک مگر

نَفْسِي وَأَخِي ۖ فَافْرُقْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْقَوْمِ

جان اپنی کا اور بھائی اپنے کا پس جدائی ڈال درمیان ہمارے اور درمیان قوم

الْفَاسِقِينَ ﴿٢٥﴾ قَالَ فَإِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ عَلَيْهِمْ ۛ أَرْبَعِينَ

فاسقوں کے۔ کہا پس تحقیق وہ زمین حرام کی گئی اوپر ان کے چالیس

سَنَةً ۛ يَتِيهُونَ فِي الْأَرْضِ ۚ فَلَا تَأْسَ عَلَى

برس۔ سرگرداں پھریں گے بیچ زمین کے پس مت غم کھا اوپر

الْقَوْمِ الْفَاسِقِينَ ﴿٢٦﴾ وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ ابْنَيْ

قوم فاسقوں کے ف اور پڑھ اوپر ان کے خبر دو بیٹوں

آدَمَ بِالْحَقِّ إِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا فَتُقُبِّلَ مِنْ أَحَدِهِمَا

آدم کی ساتھ حق کے۔ جس وقت کہ نیاز لائے دونو کچھ نیاز پس قبول کی گئی ایک ان دونو میں سے

وَلَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ الْآخَرِ قَالَ لَأَقْتُلَنَّكَ ۖ قَالَ

اور نہ قبول کی گئی دوسرے سے۔ کہا اسنے البتہ مار ڈالونگا میں تجھ کو۔ کہا اس نے

(بقیہ صفحہ ۱۴۶)

فرعون کی بیگار سے خلاص کیا اور اسکو غرق کیا اور انکو فرمایا کہ تم جہاد کرو عمالقہ سے ملک شام چھین لو پھر ہمیشہ ملک شام تمہارا ہے حضرت موسیٰ نے بارہ شخص بارہ قبیلہ بنی اسرائیل پر سردار کیے تھے انکو بھیجا کہ اس ملک کی خبر لا دیں وہ خبر لائے تو ملک شام کی بہت خوبیاں بیان کیں اور وہاں مسلط تھے عمالقہ انکی قوت زور بھی بیان کی حضرت موسیٰ نے انکو کہا کہ تم قوم کے پاس خوبی ملک بیان کرو اور قوت دشمن نہ کہو انمیں دو شخص اس حکم پر رہے اور دس رہے قوم نے سنا تو نامردی کرنے لگے اور چاہا کہ پھر لوٹے مصر میں جا دیں اس تقصیر سے چالیس برس فتح شام کو دیر لگی اسقدر مدت جنگلوں میں پھرتے رہے جب اس قرن کے لوگ مر چکے مگر وہ دو شخص کہ وہی حضرت موسیٰ کے بعد خلیفہ ہوئے انکے ہاتھ سے فتح ہوئی ۱۲ منہ رح

(ربع) (ع ۷/۸)

موضح القرآن

ف اہل کتاب کو یہ قصہ

(باقی صفحہ ۱۴۸ پر)

إِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللَّهُ مِنَ الْمُتَّقِينَ ﴿٢٧﴾ لَئِن بَسَطتَ

سوائے اسکے نہیں کہ قبول کرتا ہے اللہ پرہیزگاروں سے ف۱ البتہ اگر دراز کریگا تو

إِلَيَّ يَدَكَ لِتَقْتُلَنِي مَا أَنَا بِبَاسِطٍ يَدِيَ إِلَيْكَ

طرف میری ہاتھ اپنا تو کہ مار ڈالے مجھ کو میں نہیں دراز کرنے والا ہاتھ اپنا طرف تیری

لِأَقْتُلَكَ إِنِّي أَخَافُ اللَّهَ رَبَّ الْعَالَمِينَ ﴿٢٨﴾ إِنِّي

تاکہ مار ڈالوں میں تجھ کو تحقیق میں ڈرتا ہوں اللہ پروردگار عالموں کے سے ف۲ تحقیق میں

أُرِيدُ أَن تَبُوءَ بِإِثْمِي وَإِثْمِكَ فَتَكُونَ مِنْ

ارادہ کرتا ہوں یہ کہ پھر جاوے تو ساتھ گناہ میرے کے اور گناہ اپنے کے پس ہو جاوے تو

أَصْحَابِ النَّارِ وَذَٰلِكَ جَزَاءُ الظَّالِمِينَ ﴿٢٩﴾

رہنے والوں آگ کے سے۔ اور یہ ہے بدلہ ظالموں کا۔ ف۳

فَطَوَّعَتْ لَهُ نَفْسُهُ قَتْلَ أَخِيهِ فَقَتَلَهُ فَأَصْبَحَ

پس رغبت دلائی اس کو نفس اسکے نے مار ڈالنا بھائی اپنے کا پس مار ڈالا اس کو پس ہو گیا

مِنَ الْخَاسِرِينَ ﴿٣٠﴾ فَبَعَثَ اللَّهُ غُرَابًا يَبْحَثُ فِي

ٹوٹا پانے والوں سے۔ پس بھیجا اللہ نے ایک کوا کہ کریدتا تھا بیچ

الْأَرْضِ لِيُرِيَهُ كَيْفَ يُوَارِي سَوْءَةَ أَخِيهِ قَالَ

زمین کے تاکہ دکھاوے اس کو کیونکر ڈھانک دے لاش بھائی اپنے کی۔ کہا

يَا وَيْلَتَا أَعَجَزْتُ أَنْ أَكُونَ مِثْلَ هَٰذَا الْغُرَابِ

اے وائے مجھ کو کیا نہ ہوا مجھ سے یہ کہ ہوں میں مانند اس کوے کے

فَأُوَارِيَ سَوْءَةَ أَخِي فَأَصْبَحَ مِنَ النَّادِمِينَ ﴿٣١﴾

پس ڈھانکدوں میں لاش بھائی اپنے کی۔ پس ہو گیا پشیمانوں سے۔ ف۴

مِنْ أَجْلِ ذَٰلِكَ كَتَبْنَا عَلَىٰ بَنِي إِسْرَائِيلَ أَنَّهُ

اسی واسطے لکھا ہم نے اوپر بنی اسرائیل کے یہ کہ

مَن قَتَلَ نَفْسًا بِغَيْرِ نَفْسٍ أَوْ فَسَادٍ فِي

جو کوئی مار ڈالے جی کو بغیر بدلے جی کے یا بغیر فساد کے بیچ

الْأَرْضِ فَكَأَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِيعًا وَمَنْ

زمین کے گویا کہ مار ڈالا لوگوں کو سب کو اور جس نے

(بقیہ صفحہ ١٤٧)
سُنایا اسپر کہ اگر تم رفاقت نہ کروگے پیغمبر کی تو غنیمت اوروں کے نصیب ہو گی آگے اسی پر قصہ سُنایا ہابیل و قابیل کا کہ حسد والا مردود ہے۔ ١٢۔ منہ رح۔

موضح القرآن

ف۱ حضرت آدم کی اولاد جننے لگی ایک حمل میں ایک شخص بیٹا اور بیٹی ہوتے اس وقت میں بہن بھائی کا نکاح روا تھا ضرورت کو حضرت آدم تو بھی احتیاط کرتے ایک حمل کے بھائی بہن نہ ملاتے ایک بیٹی حضرت آدم ہابیل کو دینے لگے اسی کو قابیل لگا مانگنے انھوں نے دونوں کی خاطر رکھی کہا تم دونوں اللہ کی نیاز کرو ہابیل جو نبی کے حکم پر تھا اُس کی نیاز غیب سے آتش آکر جلا گئی یعنی قبول ہوئی قابیل کی نیاز چھوڑ گئی قابیل نے حسد چاہا کہ ہابیل کو مار ڈالے آخر مار ڈالا ایک جہان میں خون ناحق جو ہو اسپر بھی ایک وبال چڑھتا ہے۔ ١٢ منہ رح۔

ف۲ اگر کوئی ناحق کسی کو مارنے لگے تو اس کو رخصت ہے کہ ظالم کو مار ڈالے

(باقی صفحہ ١٤٩ پر)

فَكَأَنَّمَا أَحْيَا النَّاسَ جَمِيعًا ۚ وَلَقَدْ

جلا دیا اسکو پس گویا کہ جلا دیا اس نے لوگوں کو سب کو۔ اور البتہ تحقیق

جَاءَتْهُمْ رُسُلُنَا بِالْبَيِّنَاتِ ثُمَّ إِنَّ كَثِيرًا مِنْهُمْ

آئے ہیں انکے پاس رسول ہمارے ساتھ دلیلوں ظاہر کے پھر تحقیق بہت اُن میں سے

بَعْدَ ذَٰلِكَ فِي الْأَرْضِ لَمُسْرِفُونَ ﴿٣٢﴾ إِنَّمَا جَزَاءُ

پیچھے اس کے ہیں بیچ زمین کے حد سے نکل جانیوالے ف۱ سوائے اسکے نہیں کہ بدلا

الَّذِينَ يُحَارِبُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَيَسْعَوْنَ فِي

ان لوگوں کا کہ لڑتے ہیں اللہ سے اور رسول اسکے سے اور دوڑتے ہیں بیچ

الْأَرْضِ فَسَادًا أَنْ يُقَتَّلُوا أَوْ يُصَلَّبُوا أَوْ تُقَطَّعَ

زمین کے فساد کو یہ کہ قتل کیے جاویں یا سُولی دیئے جاویں یا کاٹے جاویں

أَيْدِيهِمْ وَأَرْجُلُهُمْ مِنْ خِلَافٍ أَوْ يُنْفَوْا مِنَ

ہاتھ ان کے اور پاؤں ان کے مخالف طرف سے یا کھوئے جاویں زمین سے

الْأَرْضِ ۚ ذَٰلِكَ لَهُمْ خِزْيٌ فِي الدُّنْيَا ۖ وَلَهُمْ فِي

یعنی قید کیے جاویں۔ یہ واسطے اُن کے رسوائی ہے بیچ دنیا کے اور واسطے انکے بیچ

الْآخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿٣٣﴾ إِلَّا الَّذِينَ تَابُوا مِنْ

آخرت کے عذاب ہے بڑا ف۲ مگر جن لوگوں نے توبہ کی

قَبْلِ أَنْ تَقْدِرُوا عَلَيْهِمْ ۖ فَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ

پہلے اس سے کہ قدرت پاؤ تم اوپر ان کے پس جانو کہ تحقیق اللہ

غَفُورٌ رَحِيمٌ ﴿٣٤﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ

بخشنے والا مہربان ہے ف۳ اے لوگو جو ایمان لائے ہو ڈرو اللہ سے

وَابْتَغُوا إِلَيْهِ الْوَسِيلَةَ وَجَاهِدُوا فِي سَبِيلِهِ

اور ڈھونڈو طرف اس کے وسیلہ اور محنت کرو بیچ راہ اسکی کے

لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ﴿٣٥﴾ إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْ أَنَّ لَهُمْ

تاکہ تم فلاح پاؤ ف۴ تحقیق جو لوگ کافر ہوئے اگر ہو واسطے انکے

مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا وَمِثْلَهُ مَعَهُ لِيَفْتَدُوا

جو کچھ بیچ زمین کے ہے سارا اور مانند اسکی ساتھ اسکے تاکہ بدلہ دیں

(بقیہ صفحہ ۱۴۸)
اگر صبر کرے تو شہادت کا درجہ ہے ۱۲۔ منہ رح

ف۳ یعنی تیرے گناہ بھی تجھ پر ثابت رہیں اور میرے خون کا گناہ چڑھے اور میری عمر کر گناہ اتریں ۱۲ منہ رح

ف۴ اس سے پہلے کوئی انسان مرا نہ تھا کہ معلوم ہو مُردے کا بدن کیا کیجے قابیل ہابیل کو مار کر ڈرا کہ اسکا بدن پڑا رہیگا تو لوگ دیکھ کر مجھکو پکڑ لینگے اسکو پیٹھ باندھ کر لئے پھرا کئی روز آخر اللہ نے ایک کوا بھیجا اُسنے زمین کُرید اسکو دیکھ کر سمجھا کہ اسکے بدن کو دفن کرنا چاہیئے اور قتل میں کوئی یا یوں کہ ایک کوے نے زمین کرید کر دوسرے کوے مرے کو دفن کیا اس دفن بھی دیکھا اور بھائی کی خیرخواہی دوسرے بھائی کے حق میں دیکھی اور اپنے فعل سے پشیمان ہوا ۱۲ منہ

منزل ۲ — ع ۸

موضح القرآن

ف۱ یعنی اول روئے زمین میں بڑا گناہ یہی ہوا اس آگے رسم پڑی اسی سبب توریت میں اسطرح فرمایا کہ ایک مارا جیسے سبکو مارا۔ یعنی ایک کرنے سو اور دلیر ہوتے ہیں تو سبکے گناہ میں

(باقی صفحہ ۱۵۰)

بِهٖ مِنْ عَذَابِ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَا تُقُبِّلَ مِنْهُمْ ۚ وَلَهُمْ

ساتھ اس کے عذاب دن قیامت کے سے نہ قبول کیا جاوے ان سے اور

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنَ

واسطے انکے عذاب ہے درد دینے والا۔ ارادہ کریں گے یہ کہ نکل جاویں

النَّارِ وَمَا هُمْ بِخٰرِجِيْنَ مِنْهَا ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ

آگ سے اور نہیں وہ نکل جانے والے اس سے اور واسطے ان کے عذاب

مُّقِيْمٌ ۝۳۷ وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْٓا اَيْدِيَهُمَا

ہے ہمیشہ۔ اور چور اور چورنی پس کاٹو ہاتھ ان دونو کے

جَزَآءًۢ بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ اللّٰهِ ۗ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ

سزا بدلے اس چیز کے جو کمایا انھوں نے عبرت خدا کی طرف سے۔ اور اللہ غالب

حَكِيْمٌ ۝ فَمَنْ تَابَ مِنْۢ بَعْدِ ظُلْمِهٖ وَاَصْلَحَ

حکمت والا ہے۔ پس جو کوئی توبہ کرے پیچھے ظلم اپنے کے اور نیکی کرے

فَاِنَّ اللّٰهَ يَتُوْبُ عَلَيْهِ ۗ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۳۹

پس تحقیق اللہ پھر آتا ہے اوپر اس کے۔ تحقیق اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ

کیا نہ جانا تو نے یہ کہ اللہ واسطے اسکے ہے بادشاہی آسمانوں کی اور زمین کی

يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي

عذاب کرتا ہے جس کو چاہتا ہے اور بخشتا ہے جس کو چاہتا ہے۔ اور اللہ اوپر

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۴۰ يٰٓاَيُّهَا الرَّسُوْلُ لَا يَحْزُنْكَ

ہر چیز کے قادر ہے۔ ف اے رسول نہ غمگین کریں تجھ کو

الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِي الْكُفْرِ مِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا

وہ لوگ کہ جلدی کرتے ہیں بیچ کفر کے ان لوگوں میں سے کہ کہتے ہیں

اٰمَنَّا بِاَفْوَاهِهِمْ وَلَمْ تُؤْمِنْ قُلُوْبُهُمْ ۚ وَمِنَ

ایمان لائے ہم ساتھ مونہوں اپنے کے اور نہ ایمان لائے دل ان کے۔ اور ان

الَّذِيْنَ هَادُوْا ۚ سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ سَمّٰعُوْنَ لِقَوْمٍ

لوگوں میں سے کہ یہودی ہوئے سننے والے ہیں واسطے جھوٹ کے سننے والے ہیں واسطے قوم

منزل ٢

ع ٦

عند المتقدمین ١٢

(بقیہ صفحہ ۱۴۹)

اول بھی شریک ہے اور جیسا ایک جلایا سبکو جلایا۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ اول فرمایا کہ خون کرنا گناہ ہو کر بڑے میں یا فساد کی سزا میں۔ اب اسکا بیان کیا کہ جو کوئی لڑائی کرے اللہ و رسول سے یعنی حاکم کے مخالف ہو کر ملک کو غارت کرے وہ ہاتھ لگے تو سولی چڑھا کر مارے یا قتل کرے یا داہنا ہاتھ اور بایاں پاؤں کاٹے یا قید میں ڈال رکھے جیسی خطا ہو ویسی سزا۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ اگر ایک شخص سر راہ لوٹتا تھا اب اس نے موقوف کیا اور اسباب اس کام کا دور کیا تو اسپر حد نہیں آتی۔ ۱۲ منہ رح

ف۴ یعنی رسول کی اطاعت میں جو نیکی کرو وہ قبول ہے اور بغیر اسکے عقل سے کرو سو قبول نہیں۔ ۱۲ منہ رح

موضح القرآن

ف یہ اسپر فرمایا کہ کوئی تعجب کرے چور کو تھوڑی خطا پر بڑی سزا فرمائی۔ ۱۲ منہ رح

آخَرِينَ لَمْ يَأْتُوكَ يُحَرِّفُونَ الْكَلِمَ مِنْ بَعْدِ

دوسری کے کہ نہ آئی تیرے پاس ف بدل ڈالتے ہیں باتوں کو پیچھے

مَوَاضِعِهِ يَقُولُونَ إِنْ أُوتِيتُمْ هَٰذَا فَخُذُوهُ وَ

جگہ ان کی سے۔ کہتے ہیں اگر دیئے جاؤ تم یہ پس لے لو اسکو اور

إِنْ لَمْ تُؤْتَوْهُ فَاحْذَرُوا وَمَنْ يُرِدِ اللَّهُ

اگر نہ دیئے جاؤ تم وہ پس بچو۔ اور جو شخص کہ ارادہ کرے اللہ تعالیٰ

فِتْنَتَهُ فَلَنْ تَمْلِكَ لَهُ مِنَ اللَّهِ شَيْئًا أُولَٰئِكَ

گمراہ کرنا اس کا پس ہرگز نہ مالک ہوگا تو واسطے اس کے اللہ کی طرف سے کچھ۔ یہ وہ

الَّذِينَ لَمْ يُرِدِ اللَّهُ أَنْ يُطَهِّرَ قُلُوبَهُمْ لَهُمْ فِي

لوگ ہیں کہ نہ ارادہ کیا اللہ نے یہ کہ پاک کرے دلوں انکے کو واسطے انکے ہے بیچ

الدُّنْيَا خِزْيٌ وَلَهُمْ فِي الْآخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿٤١﴾

دنیا کے رسوائی اور واسطے ان کے بیچ آخرت کے عذاب ہے بڑا ف٢

سَمَّاعُونَ لِلْكَذِبِ أَكَّالُونَ لِلسُّحْتِ فَإِنْ جَاءُوكَ

سننے والے ہیں جھوٹ کو بہت کھانے والے ہیں حرام کو پس اگر آویں تیرے پاس

فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ أَوْ أَعْرِضْ عَنْهُمْ وَإِنْ تُعْرِضْ

پس حکم کر درمیان اُن کے یا منہ پھیر لے اُن سے۔ اور اگر منہ پھیرے تو

عَنْهُمْ فَلَنْ يَضُرُّوكَ شَيْئًا وَإِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُمْ

ان سے پس ہرگز نہ زیان پہنچاوینگے تجھ کو کچھ۔ اور اگر حکم کرے تو پس حکم کر

بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِينَ ﴿٤٢﴾

درمیان انکے ساتھ انصاف کے۔ تحقیق اللہ تعالیٰ دوست رکھتا ہے انصاف کرنیوالوں کو ف٣

وَكَيْفَ يُحَكِّمُونَكَ وَعِنْدَهُمُ التَّوْرَاةُ فِيهَا

اور کیونکر حکم کریں تجھ کو اور پاس ان کے تورات ہے بیچ اسکے

حُكْمُ اللَّهِ ثُمَّ يَتَوَلَّوْنَ مِنْ بَعْدِ ذَٰلِكَ وَمَا أُولَٰئِكَ

حکم ہے اللہ کا پھر پھر جاتے ہیں پیچھے اس کے اور نہیں یہ لوگ

بِالْمُؤْمِنِينَ ﴿٤٣﴾ إِنَّا أَنْزَلْنَا التَّوْرَاةَ فِيهَا هُدًى وَ

ایمان لانے والے۔ تحقیق اُتاری ہم نے تورات بیچ اسکے ہدایت ہے اور

موضح القرآن

ف١ بعضے منافق تھے کہ دل میں یہود سے ملتے تھے اور بعضے یہود تھے کہ حضرت پاس آمد و رفت کرتے تھے اللہ نے فرمایا کہ یہ لوگ جاسوسی کو آتے ہیں کہ تمہارے دین میں کچھ عیب چُن کر لے جاویں اپنے سرداروں پاس جو یہاں نہیں آتے اور فی الحقیقت عیب کہاں ہے لیکن بات کو غلط تقریر کر کر حضرت کو عیب کرتے ہیں۔ ١٢۔ منہ رح

(ربع)

ف٢ یہود میں کئی قصے ہوئے کہ اپنے قضایا حضرت پاس لائے فیصلے کو وہ سردار یہود آپ نہ آتے بیچ والوں کے ہاتھ بھیجتے اور کہہ دیتے کہ ہمارے معمول کے موافق حکم کریں تو قبول رکھو۔ غرض یہ تھی کہ حکم توریت کے خلاف معمول

ع ٦/٩/١٠

(باقی صفحہ ١٥٢ پر)

نُوْرٌ ۚ يَحْكُمُ بِهَا النَّبِيُّوْنَ الَّذِيْنَ اَسْلَمُوْا لِلَّذِيْنَ
روشنی ہے حکم کرتے تھے ساتھ اس کے پیغمبر وہ جو مطیع تھے خدا کے واسطے ان لوگوں کے

هَادُوْا وَالرَّبّٰنِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ بِمَا اسْتُحْفِظُوْا
یہودی ہوئے اور حکم کرتے تھے خدا کے لوگ اور عالم ساتھ اس چیز کے کہ یاد رکھوائے گئے تھے

مِنْ كِتٰبِ اللّٰهِ وَكَانُوْا عَلَيْهِ شُهَدَآءَ ۚ فَلَا تَخْشَوُا
کتاب اللہ کی سے اور تھے اوپر اس کے گواہ۔ پس مت ڈرو

النَّاسَ وَاخْشَوْنِ وَلَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِیْ ثَمَنًا
لوگوں سے اور ڈرو مجھ سے اور مت مول لو بدلے نشانیوں میری کے مول

قَلِيْلًا ۚ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ
تھوڑا۔ اور جو کوئی نہ حکم کرے ساتھ اس چیز کے کہ اتاری ہے اللہ نے پس یہ لوگ

هُمُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿٤٤﴾ وَكَتَبْنَا عَلَيْهِمْ فِيْهَآ اَنَّ النَّفْسَ
وہ ہیں کافر۔ اور لکھا ہم نے اوپر ان کے بیچ اس کے یہ کہ جان

بِالنَّفْسِ وَالْعَيْنَ بِالْعَيْنِ وَالْاَنْفَ بِالْاَنْفِ
بدلے جان کے اور آنکھ بدلے آنکھ کے اور ناک بدلے ناک کے

وَالْاُذُنَ بِالْاُذُنِ وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ ۙ وَالْجُرُوْحَ
اور کان بدلے کان کے اور دانت بدلے دانت کے اور زخموں کا

قِصَاصٌ ۚ فَمَنْ تَصَدَّقَ بِهٖ فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَّهٗ ۚ
بدلا ہے۔ پس جو کوئی خیرات کر ڈالے ساتھ اسکے پس وہ کفارہ ہے واسطے اسکے

وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿٤٥﴾
اور جو کوئی نہ حکم کرے ساتھ اس چیز کے کہ اتاری ہے اللہ نے پس یہ لوگ وہ ہیں ظالم

وَقَفَّيْنَا عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ مُصَدِّقًا
اور پچھاڑی بھیجا ہم نے اوپر پیروں انکے کے عیسے بیٹے مریم کے کو سچا کرنے والا

لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ ۪ وَاٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ
اس چیز کو کہ آگے اس کے تھی تورات سے اور دی ہم نے اسکو انجیل

فِيْهِ هُدًى وَّنُوْرٌ ۙ وَّمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ
بیچ اس کے ہدایت اور روشنی اور سچا کرنے والی اس چیز کو کہ آگے اس کے ہے

(بقیة صفحہ ١٥١)
باندھتے تھے ایک نبی اگر اس کے موافق حکم کر دے تو ہم کو اللہ کے ہاں سند ہو جائے اور جانتے تھے کہ انکو توریت کی خبر نہیں جو ہمارا معمول سنیں گے سو حکم کریں گے اللہ تعالیٰ نے حضرت کو خبردار کیا موافق توریت ہی کے حکم فرمایا اور توریت میں سے ثابت کر کے قائل کیا ایک قصہ رجم کا تھا وہ منکر ہوئے تھے پھر توریت سے قائل کیا اور ایک قصاص کا تھا وہ اشراف اور کم ذات کا فرق کرتے تھے اور توریت میں فرق نہیں لکھا۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ حضرت کے دل میں تردد تھا کہ انکے مقدمہ میں بولوں ناخوش ہوں اگر اپنے دین پر فیصل کروں تو ناقبول رکھیں اور اگر ان کا معمول جاری رکھوں تو عند اللہ غلط ہے حق تعالیٰ نے فرمایا کہ اختیار ہے یا تغافل کرو تو انکی ناخوشی کا خطرہ نہیں یا حکم
(باقی صفحہ ١٥٣ پر)

منزل ٢

التَّوْرٰىةِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝

توریت سے اور ہدایت اور نصیحت واسطے پرہیزگاروں کے۔

وَلْيَحْكُمْ اَهْلُ الْاِنْجِيْلِ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْهِ

اور چاہیے کہ حکم کریں اہل انجیل ساتھ اس چیز کے کہ اُتاری ہے اللہ نے بیچ اسکے

وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ

اور جو کوئی نہ حکم کرے ساتھ اس چیز کے کہ اُتاری ہے اللہ نے پس یہ لوگ وہی ہیں

الْفٰسِقُوْنَ ۝ وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ

فاسق۔ اور اُتاری ہمنے طرف تیری کتاب ساتھ حق کے

مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكِتٰبِ وَمُهَيْمِنًا

سچا کرنے والی اس چیز کو کہ آگے اس کے ہے کتاب سے اور نگہبان

عَلَيْهِ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ

اوپر اسکے پس حکم کر درمیان ان کے ساتھ اس چیز کے کہ اُتاری اللہ نے اور مت پیروی کر

اَهْوَآءَهُمْ عَمَّا جَآءَكَ مِنَ الْحَقِّ ؕ لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنْكُمْ

خواہشوں انکی کی مُڑ کر اس چیز سے کہ آئی ہے تیرے پاس حق سے۔ واسطے ہر ایک کے کیا ہمنے تم میں سے

شِرْعَةً وَّمِنْهَاجًا ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً

گھاٹ اور راہ۔ اور اگر چاہتا اللہ البتہ کرتا تم کو اُمت

وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَآ اٰتٰىكُمْ فَاسْتَبِقُوا

ایک ولیکن تاکہ آزماوے تم کو بیچ اس چیز کے کہ دی تم کو پس دوڑ کر لو

الْخَيْرٰتِ ؕ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا

بھلائیوں کو۔ طرف اللہ کے ہے پھر جانا تمہارا سب کا پھر خبر دیگا تمکو ساتھ اس چیز کے

كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ۝ وَاَنِ احْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ

کہ تھے تم بیچ اس کے اختلاف کرتے۔ اور یہ کہ حکم کر درمیان انکے ساتھ اس چیز کے

اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ وَاحْذَرْهُمْ اَنْ

کہ اُتاری اللہ نے اور مت پیروی کر خواہشوں ان کی کی اور ڈر ان سے یہ کہ

يَّفْتِنُوْكَ عَنْۢ بَعْضِ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكَ ؕ فَاِنْ تَوَلَّوْا

بہکا دیں تجھ کو بعض اس چیز کے کہ اُتاری ہے اللہ نے طرف تیرے۔ پس اگر پھر جاویں

(بقیہ صفحہ ۱۵۲) کرو تو اپنے دین کے موافق کرو۔ پھر حضرت نے وہی حکم فرمایا ان کو قائل کر کر۔ ۱۲ منہ رح

منزل ۲

فَإِن تَوَلَّوْا فَاعْلَمْ أَنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ أَن يُصِيبَهُم بِبَعْضِ ذُنُوبِهِمْ
پس جان تو سوائے اسکے نہیں کہ ارادہ کرتا ہے اللہ یہ کہ پہنچاوے انکو سزا ساتھ بعضے گناہوں انکے کے
وَإِنَّ كَثِيرًا مِّنَ النَّاسِ لَفَاسِقُونَ ﴿٤٩﴾ أَفَحُكْمَ
اور تحقیق بہت لوگوں میں سے البتہ فاسق ہیں۔ کیا پس حکم
الْجَاهِلِيَّةِ يَبْغُونَ ۚ وَمَنْ أَحْسَنُ مِنَ اللَّهِ حُكْمًا
جاہلیت کا چاہتے ہیں۔ اور کون شخص بہتر ہے اللہ تعالیٰ سے حکم میں
لِّقَوْمٍ يُوقِنُونَ ﴿٥٠﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا
واسطے اس قوم کے کہ یقین لاتے ہیں۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو مت پکڑو
الْيَهُودَ وَالنَّصَارَىٰ أَوْلِيَاءَ ۘ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ
یہود اور نصاریٰ کو دوست بعضے ان کے دوست ہیں بعض کے۔
وَمَن يَتَوَلَّهُم مِّنكُمْ فَإِنَّهُ مِنْهُمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ لَا
اور جو کوئی دوست پکڑے انکو تم میں سے پس تحقیق وہ انہی میں سے ہے۔ تحقیق اللہ نہیں
يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ﴿٥١﴾ فَتَرَى الَّذِينَ فِي
ہدایت کرتا قوم ظالموں کو۔ پس دیکھتا ہے تو ان لوگوں کو کہ بیچ
قُلُوبِهِم مَّرَضٌ يُسَارِعُونَ فِيهِمْ يَقُولُونَ نَخْشَىٰ
دلوں ان کے کے بیماری ہے جلدی کرتے ہیں بیچ ان کے کہتے ہیں ڈرتے ہیں ہم
أَن تُصِيبَنَا دَائِرَةٌ ۚ فَعَسَى اللَّهُ أَن يَأْتِيَ بِالْفَتْحِ
یہ کہ پہنچ جاوے ہمکو گردش زمانے کی۔ پس شتاب ہے اللہ یہ کہ لے آوے فتح کو
أَوْ أَمْرٍ مِّنْ عِندِهِ فَيُصْبِحُوا عَلَىٰ مَا أَسَرُّوا فِي
یا کچھ بات اپنے پاس سے پس ہو جاویں اوپر اس چیز کے کہ چھپاتے تھے بیچ
أَنفُسِهِمْ نَادِمِينَ ﴿٥٢﴾ وَيَقُولُ الَّذِينَ آمَنُوا أَهَٰؤُلَاءِ
دلوں اپنے کے پشیمان ف اور کہیں گے وہ لوگ جو ایمان لائے ہیں کیا یہی ہیں
الَّذِينَ أَقْسَمُوا بِاللَّهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ ۙ إِنَّهُمْ لَمَعَكُمْ
وہ لوگ جو قسم کھاتے تھے ساتھ اللہ کے سخت قسمیں اپنی کہ تحقیق وہ البتہ ساتھ تمہارے ہیں
حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فَأَصْبَحُوا خَاسِرِينَ ﴿٥٣﴾ يَا أَيُّهَا
نابود ہوئے عمل ان کے پس ہو گئے ٹوٹا پانے والے۔ اے

ع ٧ — منزل ٢

موضح القرآن

ف یعنی منافق کافروں سے دوستی لگائے جاتے ہیں کہ ہم پر گردش نہ آجائے یعنی مسلمان مغلوب ہو جاویں تو ان کی دوستی ہمارے کام آئے سو اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اب قریب ہے کہ کافر ہلاک ہوں مسلمانوں کی ان پر فتح ہو یا کچھ اور حکم آئے یعنی کافر ملک ویران ہوں آخر یہود کو حکم فرمایا جلا وطن کرنے کا۔ ۱۲ منہ رح

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَنْ يَّرْتَدَّ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَسَوْفَ

لوگو جو ایمان لائے ہو جو کوئی پھر جاویگا تم میں سے دین اپنے سے پس البتہ

يَاْتِي اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُّحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗٓ ۙ اَذِلَّةٍ عَلَى

لاوے گا اللہ ایک قوم کو کہ پیار کرتا ہے انکو اور پیار کرتے ہیں وہ اسکو نرم کرنیوالے ہیں اوپر

الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۫ يُجَاهِدُوْنَ فِيْ

مسلمانوں کے سختی کرنے والے ہیں اوپر کافروں کے جہاد کریں گے بیچ

سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يَخَافُوْنَ لَوْمَةَ لَآئِمٍ ۭ ذٰلِكَ فَضْلُ

راہ اللہ کے اور نہ ڈریں گے ملامت کسی ملامت کرنیوالے کی سے۔ یہ بڑائی

اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝ اِنَّمَا

اللہ کی ہے دیتا ہے اس کو جس کو چاہے۔ اور اللہ کشائش والا ہے جاننے والا ف سوائے

وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ

اسکے نہیں کہ دوست تمہارا اللہ ہے اور رسول اسکا اور وہ لوگ کہ ایمان لائے وہ لوگ

يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ رٰكِعُوْنَ ۝

کہ قائم رکھتے ہیں نماز کو اور دیتے ہیں زکوٰۃ اور وہ رکوع کرنیوالے ہیں۔

وَمَنْ يَّتَوَلَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَاِنَّ

اور جو کوئی دوست رکھے اللہ کو اور رسول اسکے کو اور ان لوگوں کو کہ ایمان لائے پس تحقیق

حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْغٰلِبُوْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا

گروہ اللہ کے وہی ہیں غالب۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو مت

تَتَّخِذُوا الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَكُمْ هُزُوًا وَّلَعِبًا مِّنَ

پکڑو ان لوگوں کو جو پکڑتے ہیں دین تمہارے کو ٹھٹھا اور کھیل ان

الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَالْكُفَّارَ اَوْلِيَآءَ ۚ

لوگوں میں سے کہ دیئے گئے ہیں کتاب پہلے تم سے اور نہ کافروں کو دوست۔

وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ وَاِذَا نَادَيْتُمْ اِلَى

اور ڈرو اللہ سے اگر ہو تم ایمان والے۔ اور جب پکارتے ہو تم طرف

الصَّلٰوةِ اتَّخَذُوْهَا هُزُوًا وَّلَعِبًا ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ

نماز کے پکڑتے ہیں اس کو ٹھٹھا اور کھیل۔ یہ بسبب اسکے کہ وہ ایک قوم ہیں

موضح القرآن

ف جب حضرت کی وفات پر عرب دین سے پھرے تو حضرت صدیق نے یمن سے مسلمان بلائے ان سے جہاد کرادیا کہ تمام عرب مسلمان ہوئے یہ انکے حق میں بشارت ہے ١٢- منہ رح

ع ٨/٦ ١٢

يَعْقِلُوْنَ ۝ قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ هَلْ تَنْقِمُوْنَ مِنَّآ

نہیں سمجھتے ف۱ کہہ اے اہل کتاب نہیں عیب پکڑتے تم ہم سے

اِلَّآ اَنْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ

مگر یہ کہ ایمان لائے ہم ساتھ اللہ کے اور اس چیز کے کہ اتاری گئی ہو طرف ہمارے اور جو اتاری گئی

قَبْلُ وَاَنَّ اَكْثَرَكُمْ فٰسِقُوْنَ ۝ قُلْ هَلْ اُنَبِّئُكُمْ

پہلے اس سے اور یہ کہ بہت تمہارے فاسق ہیں۔ کہہ کیا خبر دوں میں تم کو

بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكَ مَثُوْبَةً عِنْدَ اللّٰهِ ۭ مَنْ لَّعَنَهُ اللّٰهُ

ساتھ بدتر کے اس سے جزا میں نزدیک اللہ کے وہ شخص کہ لعنت کی اسکو اللہ نے

وَغَضِبَ عَلَيْهِ وَجَعَلَ مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ وَالْخَنَازِيْرَ

اور غصہ ہوا اوپر اسکے اور کئے ان میں سے بندر اور سور

وَعَبَدَ الطَّاغُوْتَ ۭ اُولٰۗىِٕكَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضَلُّ عَنْ

اور بندگی کی شیطان کی۔ یہ لوگ بدتر ہیں جگہ میں اور بہت بہکے ہوئے ہیں

سَوَاۗءِ السَّبِيْلِ ۝ وَاِذَا جَاۗءُوْكُمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا وَقَدْ

راہ سیدھی سے۔ اور جب آتے ہیں تیرے پاس کہتے ہیں ایمان لائے ہم اور تحقیق

دَّخَلُوْا بِالْكُفْرِ وَهُمْ قَدْ خَرَجُوْا بِهٖ ۭ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا

داخل ہوئے ہیں ساتھ کفر کے اور وہ تحقیق نکل گئے ہیں ساتھ اسکے۔ اور اللہ خوب جانتا ہے جو چیز کہ

كَانُوْا يَكْتُمُوْنَ ۝ وَتَرٰى كَثِيْرًا مِّنْهُمْ يُسَارِعُوْنَ

رکھ چھپاتے ہیں۔ اور دیکھتا ہے تو بہتوں کو ان میں سے جلدی کرتے ہیں

فِي الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَاَكْلِهِمُ السُّحْتَ ۭ لَبِئْسَ

بیچ گناہ کے اور تعدی کے اور کھانے انکے کے حرام کو۔ البتہ برا ہے

مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ لَوْلَا يَنْهٰىهُمُ الرَّبّٰنِيُّوْنَ

جو کچھ کہ تھے وہ کرتے۔ کیوں نہ منع کیا ان کو درویشوں نے

وَالْاَحْبَارُ عَنْ قَوْلِهِمُ الْاِثْمَ وَاَكْلِهِمُ السُّحْتَ ۭ

اور عالموں نے بولنے ان کے سے جھوٹ کو اور کھانے انکے کے حرام کو

لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ۝ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ

البتہ برا ہے جو کچھ تھے وہ کرتے۔ اور کہا یہود نے ہاتھ

موضح القرآن

ف۱ یعنے یہود اور بعضے مشرک اذان کی آواز پر ہنستے۔ یہ انکی بے عقلی تھی۔ اللہ کی بڑائی ہر دین میں بہتر ہے۔ ۱۲ منہ رح

اللّٰهِ مَغْلُولَةٌ ۚ غُلَّتْ أَيْدِيهِمْ وَلُعِنُوا بِمَا قَالُوا ۘ بَلْ

اللہ کے بند ہیں - بند کیے گئے ہاتھ انکے اور لعنت کی گئی بسبب اسچیز کے کہ کہا انہوں نے بلکہ

يَدَاهُ مَبْسُوطَتَانِ يُنْفِقُ كَيْفَ يَشَاءُ ۚ وَلَيَزِيدَنَّ

دونو ہاتھ اس کے کشادہ ہیں خرچ کرتا ہے جسطرح چاہتا ہے - اور البتہ زیادہ کریگا

كَثِيرًا مِّنْهُمْ مَّا أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَ

بہت کو ان میں سے جو اتارا گیا ہے طرف تیرے پروردگار تیرے سے سرکشی اور

كُفْرًا ۚ وَأَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ إِلَىٰ

کفر - اور ڈالدی ہمنے درمیان ان کے عداوت اور بغض دن

يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۚ كُلَّمَا أَوْقَدُوا نَارًا لِّلْحَرْبِ أَطْفَأَهَا

قیامت تک - جس وقت جلاتے ہیں آگ واسطے لڑائی کے بجھا دیتا ہے

اللّٰهُ وَيَسْعَوْنَ فِي الْأَرْضِ فَسَادًا ۚ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ

اسکو اللہ اور دوڑتے ہیں بیچ زمین کے فساد کو - اور اللہ نہیں دوست رکھتا

الْمُفْسِدِينَ ﴿٦٤﴾ وَلَوْ أَنَّ أَهْلَ الْكِتٰبِ آمَنُوا وَاتَّقَوْا

فساد کرنے والوں کو ف۱ اور اگر اہل کتاب ایمان لاتے اور پرہیزگاری کرتے

لَكَفَّرْنَا عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ وَلَأَدْخَلْنٰهُمْ جَنّٰتِ النَّعِيمِ ﴿٦٥﴾

البتہ دور کرتے ہم ان سے برائیاں ان کی اور البتہ داخل کرتے ہم انکو بہشتوں میں نعمت کے

وَلَوْ أَنَّهُمْ أَقَامُوا التَّوْرٰىةَ وَالْإِنْجِيلَ وَمَا أُنْزِلَ

اور اگر وہ قائم رکھتے تورات کو اور انجیل کو اور جو کچھ اتارا گیا ہے

إِلَيْهِمْ مِّنْ رَّبِّهِمْ لَأَكَلُوا مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ

طرف انکے پروردگار انکے سے البتہ کھاتے اوپر اپنے سے اور نیچے

أَرْجُلِهِمْ ۚ مِنْهُمْ أُمَّةٌ مُّقْتَصِدَةٌ ۖ وَكَثِيرٌ مِّنْهُمْ

پاؤں اپنے کے سے - بعضے انمیں سے ایک جماعت ہے بیچ کی راہ - اور بہت ان میں سے

سَاءَ مَا يَعْمَلُونَ ﴿٦٦﴾ يٰأَيُّهَا الرَّسُولُ بَلِّغْ مَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ

برا ہے جو کچھ کرتے ہیں ف۲ اے رسول پہنچا دے جو کچھ اتارا گیا ہے طرف تیرے

مِنْ رَّبِّكَ ۖ وَإِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهُ ۚ وَاللّٰهُ

پروردگار تیرے سے اور اگر نہ کرے تو پس نہ پہنچایا تونے پیغام اس کا - اور اللہ

وقف لازم

منزل ٢

ع ٩ ١٠ ١٣

موضح القرآن

ف۱ یہ یہود میں بولنا رواج تھا کہ اللہ کا ہاتھ بند ہوا - یعنی ہم پر روزی تنگ ہوئی یہ کفر کا لفظ ہے فرمایا کہ اللہ کا ہاتھ کبھی بند نہیں دونوں ہاتھ کھلے ہیں - قہر کا اور مہر کا - تم پر اب قہر کا ہاتھ کھلا - مہر کا اوروں پر - اور فرمایا کہ اللہ نے ان میں اتفاق نہیں رکھا جب آگ سلگاتے ہیں لڑائی کو یعنی فتنہ انگیزی کرتے ہیں کہ آپس میں سب ملا کر مسلمانوں سے لڑیں وہ اللہ بجھا دیتا ہے آپسیں پھوٹ جاتے ہیں - ١٢ - منہ رح

ف۲ کھاویں اوپر سے اور نیچے سے یعنی آسمان اور زمین سے انکو رزق فراخ آوے - ١٢ - منہ رح

يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ ۗ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ
بچاوے گا تجھ کو لوگوں سے۔ تحقیق اللہ نہیں ہدایت کرتا قوم

الْكَافِرِينَ ۝ قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لَسْتُمْ عَلَىٰ شَيْءٍ
کافروں کو ف کہہ اے اہل کتاب نہیں تم اوپر کسی چیز کے

حَتَّىٰ تُقِيمُوا التَّوْرَاةَ وَالْإِنجِيلَ وَمَا أُنزِلَ إِلَيْكُم
یہاں تک کہ قائم کرو تم توراۃ کو اور انجیل کو اور جو کچھ اتارا جاتا ہے طرف تمہارے

مِّن رَّبِّكُمْ ۗ وَلَيَزِيدَنَّ كَثِيرًا مِّنْهُم مَّا أُنزِلَ إِلَيْكَ
پروردگار تمہارے سے اور البتہ زیادہ کرے گا بہتوں کو ان میں سے جو اتارا گیا طرف تیرے

مِن رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَكُفْرًا ۖ فَلَا تَأْسَ عَلَى الْقَوْمِ
رب تیرے سے سرکشی اور کفر۔ پس مت غم کھا اوپر قوم

الْكَافِرِينَ ۝ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَالَّذِينَ هَادُوا
کافروں کے۔ تحقیق جو لوگ کہ ایمان لائے اور جو لوگ کہ یہودی ہوئے

وَالصَّابِئُونَ وَالنَّصَارَىٰ مَنْ آمَنَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ
اور بے دین اور نصاریٰ جو کوئی ایمان لائے ساتھ اللہ کے اور دن

الْآخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ
پچھلے کے اور کام کرے اچھے پس نہیں خوف اوپر ان کے اور نہ وہ

يَحْزَنُونَ ۝ لَقَدْ أَخَذْنَا مِيثَاقَ بَنِي إِسْرَائِيلَ وَ
غم کھاویں گے تحقیق لیا ہم نے عہد بنی اسرائیل کا اور

أَرْسَلْنَا إِلَيْهِمْ رُسُلًا ۖ كُلَّمَا جَاءَهُمْ رَسُولٌ بِمَا
بھیجے ہم نے طرف ان کے پیغمبر۔ جس وقت آیا ان کے پاس پیغمبر ساتھ اس چیز کے کہ

لَا تَهْوَىٰ أَنفُسُهُمْ فَرِيقًا كَذَّبُوا وَفَرِيقًا يَقْتُلُونَ ۝
نہیں چاہتے تھے جی ان کے ایک فرقے کو جھٹلادیا اور ایک فرقے کو مار ڈالتے ہیں۔

وَحَسِبُوا أَلَّا تَكُونَ فِتْنَةٌ فَعَمُوا وَصَمُّوا ثُمَّ
اور گمان کیا انھوں نے یہ کہ نہ ہوگا فتنہ پس اندھے ہوئے اور بہرے ہوئے پھر

تَابَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ ثُمَّ عَمُوا وَصَمُّوا كَثِيرٌ مِّنْهُمْ ۚ
ساتھ رحمت کے پھر اللہ اوپر ان کے پھر اندھے ہوئے اور بہرے ہوئے بہت ان میں سے۔

منزل ۲

موضح القرآن

ف یعنی یہ اگلی بات کہ صاف اہل کتاب کو گمراہ کہو جب تک یہ کلام اللہ کا قبول نہ کریں اسمیں اگرچہ وہ دشمن ہوں تم جھکر پہنچاؤ اور خطرہ نہ کرو ۱۲ منہ ر

وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ۝ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا

اور اللہ دیکھنے والا ہے ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہیں۔ البتہ تحقیق کافر ہوئے وہ لوگ کہتے ہیں

اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ۭ وَقَالَ الْمَسِيْحُ يٰبَنِيْٓ

تحقیق اللہ وہی ہے مسیح بیٹا مریم کا۔ اور کہا مسیح نے اے بیٹو

اِسْرَاۗءِيْلَ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبَّكُمْ ۭ اِنَّهٗ مَنْ يُّشْرِكْ

یعقوب کے عبادت کرو اللہ کی پروردگار میرا ہے اور پروردگار تمہارا۔ تحقیق بات یہ ہے جو کوئی شریک

بِاللّٰهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَمَاْوٰىهُ النَّارُ ۭ

لاوے گا اللہ کے پس تحقیق حرام کی اللہ نے اوپر اس کے بہشت اور جگہ اس کی آگ ہے۔

وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ۝ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ

اور نہیں واسطے ظالموں کے کوئی مددگار۔ البتہ تحقیق کافر ہوئے وہ لوگ

قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ ۘ وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّآ اِلٰهٌ

کہ کہتے ہیں تحقیق اللہ تیسرا ہے تین میں کا۔ اور نہیں کوئی معبود مگر معبود

وَّاحِدٌ ۭ وَاِنْ لَّمْ يَنْتَهُوْا عَمَّا يَقُوْلُوْنَ لَيَمَسَّنَّ

ایک۔ اور اگر نہ باز رہیں گے اس چیز سے کہ کہتے ہیں البتہ لگے گا

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ اَفَلَا يَتُوْبُوْنَ

ان لوگوں کو کہ کافر ہوئے ان میں سے عذاب درد دینے والا ف۲ کیا پس نہیں توبہ کرتے

اِلَى اللّٰهِ وَيَسْتَغْفِرُوْنَهٗ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

طرف اللہ کے اور نہیں بخشش مانگتے اس سے۔ اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

مَا الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ

نہیں مسیح بیٹا مریم کا مگر پیغمبر۔ تحقیق گذرے ہیں

قَبْلِهِ الرُّسُلُ ۭ وَاُمُّهٗ صِدِّيْقَةٌ ۭ كَانَا يَاْكُلٰنِ

پہلے اس سے پیغمبر۔ اور ماں اس کی صدیقہ تھی یعنی ولیہ تھی۔ وہ دونوں کھاتے

الطَّعَامَ ۭ اُنْظُرْ كَيْفَ نُبَيِّنُ لَهُمُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ انْظُرْ

کھانا۔ دیکھ کیونکر بیان کرتے ہیں ہم واسطے ان کے نشانیاں۔ پھر دیکھ

اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ۝ قُلْ اَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا

کہاں سے پلٹائے جاتے ہیں ف کہہ کیا عبادت کرتے ہو تم سوائے خدا کے اس چیز کو کہ نہیں

موضح القرآن

ف۱ نصاریٰ میں دو قول ہیں بعضے کہتے ہیں اللہ یہی تھا جو صورت مسیح میں آیا اور بعضے کہتے ہیں تین حصہ ہو گیا ایک اللہ رہا ایک روح القدس ایک مسیح یہ دونوں صریح کفر ہیں کا لوگوں کے حق میں یہی کہیے جو آگے فرمایا۔ ۱۲ منہ

ف۲ یعنی اس سے زیادہ کیا نشانی کہ جو شخص کھانا کھاوے اسے حاجت بشری لگے۔ اللہ کی ذات پاک اس لائق کب ہے۔ ۱۲ منہ

لَا يَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا ۚ وَاللّٰهُ هُوَ السَّمِيْعُ

اختیار میں رکھتے واسطے تمہارے ضرر اور نہ نفع۔ اور اللہ وہی ہے سننے والا

الْعَلِيْمُ ۞ قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ

جاننے والا۔ کہہ اے اہل کتاب مت زیادتی کرو بیچ دین اپنے کے

غَيْرَ الْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعُوْٓا اَهْوَآءَ قَوْمٍ قَدْ ضَلُّوْا مِنْ

سوائے حق کے اور مت پیروی کرو خواہشوں اس قوم کی کہ تحقیق گمراہ ہوئے

قَبْلُ وَاَضَلُّوْا كَثِيْرًا وَّضَلُّوْا عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ ۞

پہلے اس سے اور گمراہ کیا بہتوں کو اور بھٹک گئے راہ سیدھی سے۔

ع ١١ / ١٤

لُعِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْۢ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ عَلٰي لِسَانِ

لعنت کئے گئے وہ لوگ کہ کافر ہوئے بنی اسرائیل سے اوپر زبان

دَاوٗدَ وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ ۭ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا

داؤد کے اور عیسٰے بیٹے مریم کے۔ یہ بسبب اسکے کہ نافرمانی کرتے تھے اور تھے

منزل ٢

يَعْتَدُوْنَ ۞ كَانُوْا لَا يَتَنَاهَوْنَ عَنْ مُّنْكَرٍ فَعَلُوْهُ

حد سے نکل جاتے۔ ایک دوسرے کو منع نہ کرتے برے کام سے کہ کرتے تھے اس کو۔

لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ۞ تَرٰى كَثِيْرًا مِّنْهُمْ يَتَوَلَّوْنَ

البتہ برا تھا جو کچھ کرتے تھے۔ دیکھتا ہے تو بہت کو انمیں سے دوستی کرتے ہیں

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ لَبِئْسَ مَا قَدَّمَتْ لَهُمْ اَنْفُسُهُمْ

ان لوگوں کی کہ جو کافر ہوئے۔ البتہ برا ہے جو کچھ کہ آگے بھیجا ہے واسطے انکے جانوں ان کی نے

اَنْ سَخِطَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَفِي الْعَذَابِ هُمْ خٰلِدُوْنَ ۞

یہ کہ ناخوش ہوا اللہ اوپر ان کے اور بیچ عذاب کے وہ ہمیشہ رہنے والے ہیں۔

وَلَوْ كَانُوْا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالنَّبِيِّ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ

اور اگر ہوتے ایمان لاتے ساتھ اللہ کے اور نبی کے اور اس چیز کے جو اتاری گئی ہے طرف اسکے

مَا اتَّخَذُوْهُمْ اَوْلِيَآءَ وَلٰكِنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ۞

نہ پکڑتے ان کو دوست ولیکن بہت ان میں سے فاسق ہیں۔

لَتَجِدَنَّ اَشَدَّ النَّاسِ عَدَاوَةً لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا

البتہ پاوے گا تو زیادہ سب لوگوں سے عداوت میں واسطے ان لوگوں کے کہ ایمان لائے ہیں

الْيَهُودَ وَالَّذِينَ أَشْرَكُوا ۖ وَلَتَجِدَنَّ أَقْرَبَهُم مَّوَدَّةً

یہود کو اور ان لوگوں کو کہ شریک کرتے ہیں۔ اور البتہ پاویگا نزدیک انکا دوستی میں

لِّلَّذِينَ آمَنُوا الَّذِينَ قَالُوا إِنَّا نَصَارَىٰ ۚ ذَٰلِكَ بِأَنَّ

واسطے ان لوگوں کے کہ ایمان لائے ہیں ان لوگوں کو کہ کہتے ہیں تحقیق ہم نصاریٰ ہیں۔ یہ اس واسطے ہے کہ بعضے

مِنْهُمْ قِسِّيسِينَ وَرُهْبَانًا وَأَنَّهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُونَ ۝

ان میں سے پڑھے ہیں اور عبادت کرنے والے ہیں اور یہ کہ وہ تکبر نہیں کرتے۔

وَإِذَا سَمِعُوا مَا أُنزِلَ إِلَى الرَّسُولِ تَرَىٰ

اور جب سنتے ہیں جو کچھ اتارا گیا ہے طرف رسول کے دیکھتا ہے تو

أَعْيُنَهُمْ تَفِيضُ مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُوا مِنَ

آنکھوں ان کی کو کہ بہتی ہیں آنسوؤں سے اس چیز سے کہ پہچانا ہے انھوں نے

الْحَقِّ ۖ يَقُولُونَ رَبَّنَا آمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشَّاهِدِينَ ۝

حق سے۔ کہتے ہیں اے رب ہمارے ایمان لائے ہم پس لکھ ہمکو ساتھ شاہدوں کے۔

وَمَا لَنَا لَا نُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَمَا جَاءَنَا مِنَ الْحَقِّ وَ

اور کیا ہے ہمکو کہ نہ ایمان لاویں ساتھ اللہ کے اور ساتھ اس چیز کے کہ آئی ہمارے پاس حق سے اور

نَطْمَعُ أَن يُدْخِلَنَا رَبُّنَا مَعَ الْقَوْمِ الصَّالِحِينَ ۝

طمع رکھتے ہیں یہ کہ داخل کرے ہم کو رب ہمارا ساتھ قوم صالحوں کے۔ ف

فَأَثَابَهُمُ اللَّهُ بِمَا قَالُوا جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا

پس ثواب دیا انکو اللہ نے بدلے اسکے جو کہا تھا انھوں نے بہشتیں چلتی ہیں نیچے ان کے سے

الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا ۚ وَذَٰلِكَ جَزَاءُ الْمُحْسِنِينَ ۝

نہریں ہمیشہ رہنے والے بیچ ان کے۔ اور یہ ہے بدلہ نیکی کرنے والوں کا۔

وَالَّذِينَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ

اور جو لوگ کافر ہوئے اور جھٹلایا نشانیوں ہماری کو یہ لوگ رہنے والے

الْجَحِيمِ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُحَرِّمُوا طَيِّبَاتِ

دوزخ کے ہیں۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو مت حرام کرو پاکیزہ

مَا أَحَلَّ اللَّهُ لَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوا ۚ إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ

اس چیز کو کہ حلال کیا اللہ نے واسطے تمہارے اور مت نکلو حد سے تحقیق اللہ نہیں دوست رکھتا ہے

موضح القرآن

ف مکے میں کافروں نے جب مسلمانوں پر ظلم کیا تو حضرت نے اذن دیا کہ اور ملک میں نکل جاؤ قریب اسی آدمی مسلمان بعضے تنہا بعضے گھر سمیت ملک حبش میں جا رہے اس کا بادشاہ خوب منصف تھا پھر مکے کے کافروں نے اسکو بہکایا کہ اس قوم کو رہنے نہ دو کہ حضرت عیسیٰ کو غلام کہتے ہیں تب بادشاہ نے مسلمانوں کو بلا کر پوچھا اور قرآن پڑھوا کر سنا وہ اور اس کے علما بہت روئے اور کہا حضرت عیسیٰ کی زبان سے ہم کو اسی کی موافق پہنچا ہے اور ہمکو خبر دی ہے حضرت عیسیٰ نے کہ میرے بعد پیش از قیامت ایک اور نبی آئیگا وہ بیشک یہی نبی ہے وہ بادشاہ خفیہ مسلمان ہوا انکے حق میں یہ آیتیں ہیں ۱۲۰ منہ رح

الْمُعْتَدِيْنَ ﴿٨٧﴾ وَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا

حد سے نکل جانیوالوں کو۔ اور کھاؤ اس چیز سے کہ دیا تم کو اللہ نے حلال پاکیزہ

وَّاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِیْٓ اَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ﴿٨٨﴾ لَا

اور ڈرو اللہ سے وہ جو تم ساتھ اس کے ایمان لانے والے ہو ف۱ نہیں

يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِیْٓ اَيْمَانِكُمْ وَلٰكِنْ

پکڑے گا تمکو اللہ ساتھ بے قصد کے بیچ قسموں تمھاری کے اور لیکن

يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا عَقَّدْتُّمُ الْاَيْمَانَ ۚ فَكَفَّارَتُهٗٓ اِطْعَامُ

پکڑتا ہے تمکو ساتھ اس چیز کے کہ گرہ باندھی تم نے قسموں کی پس کفارہ اس کا کھلا دینا

عَشَرَةِ مَسٰكِيْنَ مِنْ اَوْسَطِ مَا تُطْعِمُوْنَ

دس فقیروں کا درمیان سے اس چیز کے کہ کھلاتے ہو تم

اَهْلِيْكُمْ اَوْ كِسْوَتُهُمْ اَوْ تَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ ۭ فَمَنْ لَّمْ

لوگوں اپنوں کو یا پہنانا ان کا یا آزاد کرنا ایک گردن کا۔ پس جو کوئی نہ

يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ ۭ ذٰلِكَ كَفَّارَةُ اَيْمَانِكُمْ

پاوے پس روزے تین دن کے۔ یہ ہے کفارہ قسموں تمھاری کا

اِذَا حَلَفْتُمْ ۭ وَاحْفَظُوْٓا اَيْمَانَكُمْ ۭ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ

جب قسم کھاؤ تم۔ اور حفاظت کیا کرو قسموں اپنی کی۔ اسی طرح بیان کرتا ہے

اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿٨٩﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

اللہ واسطے تمھارے نشانیاں اپنی تاکہ تم شکر کرو۔ ف۲ اے لوگو جو

اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ

ایمان لائے ہو سوائے اسکے نہیں کہ شراب اور جوا اور تھان بتوں کے اور تیر فال کے

رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ

ناپاک ہیں کام شیطان کے سے پس بچو اس سے تاکہ تم

تُفْلِحُوْنَ ﴿٩٠﴾ اِنَّمَا يُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّوْقِعَ بَيْنَكُمُ

فلاح پاؤ۔ سوائے اسکے نہیں کہ ارادہ کرتا ہے شیطان یہ کہ ڈالے درمیان تمھارے

الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاۗءَ فِي الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ

عداوت اور بغض بیچ شراب کے اور جوئے کے اور بند کرے تم کو

موضح القرآن

ف۱ جو چیز شرع میں مباح حلال ہو اس سے پرہیز کرنا برا ہے یہ دو طرح ہوتا ہے ایک تو زہد کے سبب اپنے اوپر تنگ پکڑے یہ رہبانیت ہے اسے دین میں پسند نہیں بلکہ تقوی چاہیے کہ جو منع ہو اس کے نزدیک نہ جائے دوسرے یہ کہ قسم کھا بیٹھا ایک کام پر یہ بھی بہتر نہیں جو کام موافق شرع ہو اس کی قسم کھاوے اور کھا بیٹھا تو توڑے اور کفارہ دے یہ آگے فرمایا۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ جس بات پر قصد کر کے قسم کھائے آئندہ کو پھر اس کے خلاف ہوا تو تین بات میں سے ایک کرے جو چاہے یا دس محتاج کو کھلانا یعنے ہر ایک کو اناج دینا ڈیڑھ سیر گیہوں یا چار سیر جو یا ان کو کپڑا دینا جس بدن کم ڈھکا رہے یا ایک بردہ آزاد کرنا ان تین میں کوئی مقدور نہ ہو تو تین روزے اور اپنے قسم کو چاہئے تھامنا یعنی نامقدور قسم نہ کھائے اور زبان کی یہ عادت نہ کرے ۱۲ منہ رح

منزل ٢

عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَعَنِ الصَّلٰوةِ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ ﴿۹۱﴾
یاد خدا کی سے اور نماز سے۔ پس کیا ہو تم باز رہنے والے ف۱

وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاحْذَرُوْا ۚ فَاِنْ
اور فرماں برداری کرو اللہ کی اور کہا مانو رسول کا اور ڈرو۔ پس اگر

تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا عَلٰى رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۹۲﴾
پھر جاؤ تم پس جانو یہ کہ اوپر پیغمبر ہمارے کے پہنچانا ہے ظاہر۔

لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جُنَاحٌ
نہیں اوپر ان لوگوں کے کہ ایمان لائے اور کام کئے اچھے گناہ

فِيْمَا طَعِمُوْٓا اِذَا مَا اتَّقَوْا وَّاٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
بیچ اس چیز کے کہ کھایا انھوں نے جس وقت کہ پرہیزگاری کریں اور ایمان لاویں اور کام کریں اچھے

ثُمَّ اتَّقَوْا وَّاٰمَنُوْا ثُمَّ اتَّقَوْا وَّاَحْسَنُوْا ۗ وَاللّٰهُ يُحِبُّ
پھر پرہیزگاری کریں اور ایمان لاویں پھر پرہیزگاری کریں اور احسان کریں اور اللہ دوست رکھتا ہے

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۹۳﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَيَبْلُوَنَّكُمُ اللّٰهُ
احسان کرنیوالوں کو۔ ف۲ اے لوگو جو ایمان لائے ہو البتہ آزماوے گا تمکو اللہ

بِشَيْءٍ مِّنَ الصَّيْدِ تَنَالُهٗٓ اَيْدِيْكُمْ وَرِمَاحُكُمْ
ساتھ ایک چیز کے شکار سے کہ پہنچتے ہیں اسکو ہاتھ تمہارے اور نیزے تمہارے

لِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَّخَافُهٗ بِالْغَيْبِ ۚ فَمَنِ اعْتَدٰى
تاکہ جانے اللہ اس شخص کو کہ ڈرتا ہے اس سے بن دیکھے۔ پس جو کوئی حد سے نکلجاوے

بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۹۴﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ
پیچھے اس کے پس واسطے اسکے عذاب ہے درد دینے والا ف۳ اے لوگو جو

اٰمَنُوْا لَا تَقْتُلُوا الصَّيْدَ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ۭ وَمَنْ
ایمان لائے ہو مت مار ڈالو شکار کو اور تم احرام میں ہو۔ اور جو کوئی

قَتَلَهٗ مِنْكُمْ مُّتَعَمِّدًا فَجَزَاۗءٌ مِّثْلُ مَا قَتَلَ مِنَ
مار ڈالے اسکو تم میں سے جان کر پس بدلا اسکا ہو مانند اسکی جو مارا ہے جان کے

النَّعَمِ يَحْكُمُ بِهٖ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ هَدْيًۢا بٰلِغَ
جانوروں سے حکم کریں ساتھ اسکے دو صاحب عدالت ان میں سے قربانی پہنچنے والی

موضح القرآن

ف۱ شراب جس چیز کا پانی سڑا کے نشہ لاوے تو وہ تھوڑا اور بہت حرام ہے اور نجس ہے باقی جو چیز نشہ لاوے اور سڑی نہ ہو وہ نجس نہیں لیکن حرام ہے اور جوا شرط بدنا کسی چیز پر جسمیں جیت اور ہار ہو وہ محض حرام ہے اور ایک طرف کی شرط حرام نہیں باقی جو کھیل کہ انمیں شرط بدنی رواج ہے اگر بغیر شرط کھیلے تو جُوا نہ ہوا لیکن یہ کہ شیطان ان بہانے سے روکتا ہے اللہ کی یاد کو اور نماز سے سو منع ہوا۔ ۱۲ منہ

ف۲ یعنی کفر کی حالت میں اگر حرام چیز کھائی تھی پھر مسلمان ہوا ڈر کر اور منع پہنچا تو اسکو ڈر کر چھوڑ دیا پھر آگے نیکی پر ڈر کر ایمان کے اعمال برتتا رہا ان میں سب کے آگے وہ گناہ نہ رہا۔ ۱۲ منہ رح

ربع
ع ۱۲/۷

ف۳ نیزے کا نام لیا اس میں سب ہتھیار داخل ہوئے پھر یہ جو دو طرح ذکر کیا ہاتھ سے اور ہتھیار سے اسواسطے کہ احرام میں دونوں طرح شکار کو مارنا یکساں ہے دُور سے ہتھیار مارا یا ہاتھ سے صحیح و سلامت پکڑ لیا پھر ذبح کیا اور طریق ذبح میں ان دونوں کا فرق ہے دُور سے مارا تو جیان تم تک کر مر گیا حلال ہوا اور سلامت پکڑ لیا تو مواشی کی طرح ذبح کرنا چاہیے۔ ۱۲ منہ رح

الْكَعْبَةِ أَوْ كَفَّارَةٌ طَعَامُ مَسٰكِينَ أَوْ عَدْلُ
کعبہ کی یا کفارہ کھلانا مسکینوں کا یا برابر
ذٰلِكَ صِيَامًا لِّيَذُوقَ وَبَالَ أَمْرِهٖ ؕ عَفَا اللّٰهُ عَمَّا
اس کے روزے تاکہ چکھے وبال کام اپنے کا۔ معاف کیا اللہ نے اس چیز سے
سَلَفَ ؕ وَمَنْ عَادَ فَيَنْتَقِمُ اللّٰهُ مِنْهُ ؕ وَاللّٰهُ عَزِيزٌ
کہ گذرا۔ اور جو کوئی پھر کریگا پس بدلہ لیویگا اللہ اس سے۔ اور اللہ غالب ہے
ذُو انْتِقَامٍ ﴿۹۵﴾ أُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ وَطَعَامُهٗ
بدلا لینے والا۔ ف۱ حلال کیا گیا واسطے تمہارے شکار کرنا دریا کا اور کھانا اس کا
مَتَاعًا لَّكُمْ وَلِلسَّيَّارَةِ ۚ وَحُرِّمَ عَلَيْكُمْ صَيْدُ
فائدہ واسطے تمہارے اور واسطے مسافروں کے۔ اور حرام کیا گیا اوپر تمہارے شکار کرنا
الْبَرِّ مَا دُمْتُمْ حُرُمًا ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيٓ إِلَيْهِ
جنگل کا جب تک کہ رہو تم احرام میں۔ اور ڈرو اللہ سے وہ جو طرف اس کے
تُحْشَرُونَ ﴿۹۶﴾ جَعَلَ اللّٰهُ الْكَعْبَةَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ
اکٹھے کئے جاؤگے ف۲ کیا اللہ نے کعبہ کو اس گھر حرمت والے کو
قِيٰمًا لِّلنَّاسِ وَالشَّهْرَ الْحَرَامَ وَالْهَدْيَ وَ
باعث قائم رہنے کا واسطے لوگوں کے اور مہینوں حرمت والوں کو اور قربانیاں اور
الْقَلَآئِدَ ؕ ذٰلِكَ لِتَعْلَمُوٓا أَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي
گلے میں پٹے والیاں۔ یہ کہ جانو تم یہ کہ اللہ جانتا ہے جو کچھ بیچ
السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَأَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ
آسمانوں کے ہے اور جو کچھ بیچ زمین کے ہے اور یہ کہ اللہ ساتھ ہر چیز کے
عَلِيمٌ ﴿۹۷﴾ اِعْلَمُوٓا أَنَّ اللّٰهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ وَأَنَّ
دانا ہے ف۳ جانو تم یہ کہ اللہ سخت عذاب والا ہے اور یہ کہ
اللّٰهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿۹۸﴾ مَا عَلَى الرَّسُولِ إِلَّا الْبَلٰغُ ؕ
اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ نہیں اوپر پیغمبر کے مگر پہنچا دینا
وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُونَ وَمَا تَكْتُمُونَ ﴿۹۹﴾ قُلْ لَّا
اور اللہ جانتا ہے جو ظاہر کرتے ہو تم اور جو چھپاتے ہو تم۔ کہہ نہیں

موضح القرآن

ف۱ مسئلہ یوں ہے کہ اگر احرام میں شکار پکڑے تو فرض ہے کہ چھوڑ دے اور اگر مارے تو اسقدر قیمت کا ایک جانور جیسا ہو اسکا یعنی بکری یا گائے یا اونٹ وہ کعبہ تک پہنچ کر ذبح کرے اور آپ نہ کھائے یا اس قیمت کا اناج محتاج کو کھلائے ہر محتاج کو دو سیر گیہوں یا جتنے محتاجوں کو پہنچتا اسقدر روزے رکھے اور قیمت ٹھیرادیں دو مسلمان معتبر۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۲ احرام میں دریا کا شکار یعنی جو مچھلی پانی سوکھ جانے سے مر گئی اس نے نہیں پکڑی وہ بھی حلال ہو فرمایا کہ یہ تمہارے فائدہ کو رخصت دی پھر کوئی نہ سمجھے حج کے طفیل سے حلال فرمایا کہ اور سب مسافروں کے فائدہ کو بھی فرمایا لایعنی جو کبھی شکار دریا ہے حکم شکار کا معلوم ہوا احرام کے اندر اور احرام میں قصد ہے مکے کا اس شہر کا اور گرد پیش میں ہمیشہ شکار مارنا حرام ہو بلکہ شکار کو ڈرانا اور بھگانا بھی۔ ۱۲۔ منہ رح

ف۳ عرب کا ملک بے حاکم تھا ہمیشہ اس میں جنگ و فتنہ رہتا مگر بزرگی کعبہ کی ثابت تھی یا ماہ حرام میں امن ہوتا اس میں ہر کوئی سفر کرتا اپنا مطلب حاصل کر لاتا اور قربانی کے ساتھ قافلہ گذر جاتا اس طرح گذران چلتی تھی۔ ۱۲۔ منہ رح

يَسْتَوِي الْخَبِيثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ أَعْجَبَكَ كَثْرَةُ

برابر ہوتا ناپاک اور پاک اور اگرچہ خوش لگے تجھ کو بہتات

الْخَبِيثِ ۚ فَاتَّقُوا اللَّهَ يَا أُولِي الْأَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ

ناپاک کی۔ پس ڈرو اللہ سے اے صاحبو عقل کے تاکہ تم

تُفْلِحُونَ ﴿۱۰۰﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَسْأَلُوا عَنْ

فلاح پاؤ ف۱ اے لوگو جو ایمان لائے ہو مت پوچھا کرو

أَشْيَاءَ إِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ وَإِنْ تَسْأَلُوا عَنْهَا

ان چیزوں سے کہ اگر ظاہر کیجاویں واسطے تمہارے ناخوش لگیں تم کو۔ اور اگر سوال کرو گے اُن سے

حِينَ يُنَزَّلُ الْقُرْآنُ تُبْدَ لَكُمْ عَفَا اللَّهُ عَنْهَا ۗ وَ

جب کہ اُتارا جاتا ہے قرآن ظاہر کیا جاویگا واسطے تمہارے۔ معاف کیا اللہ نے اُن سے۔ اور

اللَّهُ غَفُورٌ حَلِيمٌ ﴿۱۰۱﴾ قَدْ سَأَلَهَا قَوْمٌ مِنْ قَبْلِكُمْ

اللہ بخشنے والا تحمل والا ہے۔ تحقیق پوچھا تھا اُنکو ایک قوم نے پہلے تم سے

ثُمَّ أَصْبَحُوا بِهَا كَافِرِينَ ﴿۱۰۲﴾ مَا جَعَلَ اللَّهُ مِنْ

پھر ہو گئے ساتھ اس کے کافر ف۲ نہیں حرام مقرر کئے اللہ نے

بَحِيرَةٍ وَلَا سَائِبَةٍ وَلَا وَصِيلَةٍ وَلَا حَامٍ ۙ

کان کٹے اور نہ سانڈھ اور نہ اُونٹنی سے اُونٹنی ملنے والی اور نہ دس بچے جننے والا اُونٹ

وَلَٰكِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا يَفْتَرُونَ عَلَى اللَّهِ الْكَذِبَ ۖ

اور لیکن وہ لوگ کہ کافر ہیں باندھ لیتے ہیں اُوپر اللہ کے جھوٹ۔

وَأَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُونَ ﴿۱۰۳﴾ وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ تَعَالَوْا

اور بہت ان کے نہیں سمجھتے ف۳ اور جب کہا جاتا ہے واسطے اُن کے آؤ

إِلَىٰ مَا أَنْزَلَ اللَّهُ وَإِلَى الرَّسُولِ قَالُوا حَسْبُنَا مَا

طرف اس چیز کے کہ اتاری اللہ نے اور طرف رسول کے کہتے ہیں کفایت ہے ہمکو جو کچھ کہ

وَجَدْنَا عَلَيْهِ آبَاءَنَا ۚ أَوَلَوْ كَانَ آبَاؤُهُمْ لَا

پایا ہم نے اُوپر اسکے باپوں اپنوں کو۔ کیا اگرچہ تھے باپ ان کے نہ

يَعْلَمُونَ شَيْئًا وَلَا يَهْتَدُونَ ﴿۱۰۴﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ

جانتے کچھ اور نہ راہ پاتے۔ ف۴ اے لوگو جو

موضح القران

ف۱ یعنی موافق حکم شرع جو ہاتھ لگے وہ پاک ہے تھوڑا بھی بہتر ہے اور خلاف شرع جو ہاتھ لگے وہ ناپاک ہے اسکی بہتایت پر نظر نہ کرے بکرے کا گوشت ایک سیر بہتر ہے خنزیر کے من بھر سے۔ ۱۲۔ منہ رح

ع ۱۳ / ۷ / ۳

ف۲ یعنی آپ نہ پوچھو کہ یہ چیز روا ہے یا نہیں۔ یہ کام کریں یا نہ کریں بلکہ جو فرمایا اسپر عمل کرو۔ جو نہ فرمایا اسکو معاف جانو۔ اسمیں دین آسان ہے اور جو ہر بات کا جواب آوے تو دین تنگ ہو جاوے پھر عمل نہ کر سکو جیسے اگلے نہ کر سکے پھر کفر کی رسمیں تھیں کہ پوچھنے کی حاجت نہیں جو اللہ نے نہ فرمایا وہ بے اصل ہے اور اسی طرح بیفائدہ باتیں پوچھنی کسی نے پوچھا میرا باپ کون تھا یا میری عورت گھر میں کس طرح ہے اگر پیغمبر جواب دے تو شاید بُرا جواب آئے اور پشیمان ہو۔ ۱۲۔ منہ رح

نصف

ف۳ یہ کفر کی رسمیں تھیں کہ مواشی میں کوئی بچہ نیاز رکھتے بُت کی تو اس کا کان پھاڑ دیتے نشان کو اور اسکو بحیرہ کہتے اور کوئی جانور بُت کے نام پر آزاد کرتے اس کو اسکے اختیار پر چھوڑ دیتے وہ سائبہ تھا اور بعض شخص نے ٹھیرایا کہ جو بچہ نر ہو۔ وہ بُت کی نیاز ذبح کروں اور جو مادہ ہو میں رکھوں پھر اگر

(باقی صفحہ ۱۶۶ پر)

آمَنُوا عَلَيْكُمْ أَنفُسَكُمْ ۖ لَا يَضُرُّكُم مَّن ضَلَّ

ایمان لائے ہو اپنے ذمے پر رہو جانوں اپنیوں کو یعنی قائم رہو احکام الٰہی پر نہ ضرر کریگا تمکو جو کوئی گمراہ ہو جاوے

إِذَا اهْتَدَيْتُمْ ۚ إِلَى اللَّهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيعًا فَيُنَبِّئُكُم

جب راہ پاؤ تم۔ طرف خدا کے ہے پھر جانا تمھارا سب کا پس خبر دیگا تم کو

بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿١٠٥﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا شَهَادَةُ

ساتھ اسکے جو تھے تم کرتے ف۱ اے لوگو جو ایمان لائے ہو گواہی

بَيْنِكُمْ إِذَا حَضَرَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ حِينَ الْوَصِيَّةِ

درمیان تمھارے جب حاضر ہو ایک کسی کو تم میں سے موت وقت وصیت کے

اثْنَانِ ذَوَا عَدْلٍ مِّنكُمْ أَوْ آخَرَانِ مِنْ غَيْرِكُمْ

دو شخص ہیں صاحب اعتبار تم میں سے یا اور دو سوا تمھارے

إِنْ أَنتُمْ ضَرَبْتُمْ فِي الْأَرْضِ فَأَصَابَتْكُم

اگر تم چلتے ہو بیچ زمین کے پس پہنچے تمکو

مُّصِيبَةُ الْمَوْتِ ۚ تَحْبِسُونَهُمَا مِن بَعْدِ الصَّلَاةِ

مصیبت موت کی۔ بند کر رکھو ان دونوں کو پیچھے نماز کے یعنی نماز عصر کے

فَيُقْسِمَانِ بِاللَّهِ إِنِ ارْتَبْتُمْ لَا نَشْتَرِي بِهِ ثَمَنًا

پس قسم کھاویں دونوں ساتھ اللہ کے اگر شک میں پڑو تم نہ مول لیوینگے ہم بدلے اس قسم کے کچھ مول

وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبَىٰ ۙ وَلَا نَكْتُمُ شَهَادَةَ اللَّهِ إِنَّا إِذًا

اور اگرچہ ہو صاحب قرابت اور نہ چھپاویں گے ہم گواہی اللہ کی تحقیق ہم اسوقت

لَّمِنَ الْآثِمِينَ ﴿١٠٦﴾ فَإِنْ عُثِرَ عَلَىٰ أَنَّهُمَا اسْتَحَقَّا

البتہ گنہگاروں سے ہیں ف۲ پس اگر خبر ہوئی اوپر اس بات کے کہ ان دونوں نے حق ثابت کیا

إِثْمًا فَآخَرَانِ يَقُومَانِ مَقَامَهُمَا مِنَ الَّذِينَ

گناہ سے پس اور دو شخص کھڑے ہوں گے جگہ ان کی ان لوگوں میں سے

اسْتَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْأَوْلَيَانِ فَيُقْسِمَانِ بِاللَّهِ

کہ حق ثابت کیا ہے اوپر انکے انھوں نے جو نزدیک اسکے تھے پس قسمیں کھاویں ساتھ اللہ کے

لَشَهَادَتُنَا أَحَقُّ مِن شَهَادَتِهِمَا وَمَا اعْتَدَيْنَا

کہ البتہ گواہی ہماری بہت سچی ہے گواہی ان دونوں کی سے اور نہیں حد سے نکل گئے ہم

(بقیہ صفحہ ۱۶۵)
زمادہ ملے ہوتے تو نر بھی آپ رکھتا مادہ کے ساتھ۔ سیلہ تھا اور جس اونٹ کی پشت سے دس بچے پیدا ہوتے لائق سواری کے اور بوجھ کے اس باپ کو لادنا موقوف کرتے اور چارے پانی پر سے نہ ہانکتے وہ حامی تھا۔ یہ سب غلط رسمیں ڈال کر اسکو حکم شرعی سمجھتے ہو ۱۲۔ منہ رح

ف۲ یعنی باپ کا احوال معلوم ہو کر حق کا تابع تھا اور صاحب علم تھا تو اسکی راہ پکڑے نہیں تو عبث ہے۔ ۱۲۔ منہ رح

موضح القرآن

ف۱ یعنی ان مسئلوں کو تمنے جانا تم انپر عمل کرو اور جو کوئی اصل دین ہی نہیں مانتا اسکو مسئلے بتانا کیا حاصل اول دین سمجھائے اگر وہ مانے تب مسئلہ بتائیے۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی مسلمان مرتے وقت کسی کو اپنے مال کا کام حوالے کرے تو بہتر ہے کہ دو مسلمان معتبر کو کرے پھر اگر وارثوں کو شبہ پڑے کہ ان شخصوں نے کچھ مال چھپایا اور وارث دعویٰ کریں اور شاہد نہیں تو دونوں شخص قسم کھاویں کہ ہم نے نہیں چھپایا اگر سفر میں مرنے وہاں مسلمان پیدا نہ ہوئے تو دو کافر بھی وا ہیں اور قسم دیں بعد از نماز عصر اس وقت کی دعا نیک بد زیادہ قبول ہے۔ شاید ڈر کر جھوٹی قسم نہ کھاویں۔ ۱۲۔ منہ رح

إِنَّآ إِذًا لَّمِنَ ٱلظَّٰلِمِينَ ﴿١٠٧﴾ ذَٰلِكَ أَدْنَىٰٓ أَن يَأْتُوا۟

تحقیق ہم اسوقت البتہ ظالموں سے ہیں یعنی مرتے وقت۔ یہ بہت نزدیک ہے اس سے کہ لے آویں

بِٱلشَّهَٰدَةِ عَلَىٰ وَجْهِهَآ أَوْ يَخَافُوٓا۟ أَن تُرَدَّ أَيْمَٰنٌۢ

گواہی اوپر طرح اس کی کے یا ڈریں یہ کہ پھیری جاوینگی قسمیں

بَعْدَ أَيْمَٰنِهِمْ ۗ وَٱتَّقُوا۟ ٱللَّهَ وَٱسْمَعُوا۟ ۗ وَٱللَّهُ لَا

پیچھے قسموں ان کی کے۔ اور ڈرو اللہ سے اور سنو۔ اور اللہ نہیں

يَهْدِى ٱلْقَوْمَ ٱلْفَٰسِقِينَ ﴿١٠٨﴾ يَوْمَ يَجْمَعُ ٱللَّهُ ٱلرُّسُلَ

ہدایت کرتا قوم فاسقوں کو ف۱ جس دن اکٹھا کرے گا اللہ پیغمبروں کو

فَيَقُولُ مَاذَآ أُجِبْتُمْ ۖ قَالُوا۟ لَا عِلْمَ لَنَآ ۖ إِنَّكَ

پس کہے گا کیا جواب دیئے گئے تھے تم۔ کہیں گے نہیں علم ہمکو۔ تحقیق تو

أَنتَ عَلَّٰمُ ٱلْغُيُوبِ ﴿١٠٩﴾ إِذْ قَالَ ٱللَّهُ يَٰعِيسَى ٱبْنَ

ہی ہے جاننے والا غیبوں کا ف۲ جس وقت کہ کہے گا اللہ اے عیسٰے بیٹے

مَرْيَمَ ٱذْكُرْ نِعْمَتِى عَلَيْكَ وَعَلَىٰ وَٰلِدَتِكَ إِذْ

مریم کے یاد کر نعمت میری اوپر اپنے اور اوپر ماں اپنی کے جس وقت

أَيَّدتُّكَ بِرُوحِ ٱلْقُدُسِ تُكَلِّمُ ٱلنَّاسَ فِى ٱلْمَهْدِ

کہ قوت دی میں نے تجھ کو ساتھ جان پاک کے باتیں کرتا تھا تو لوگوں سے بیچ جھولے کے

وَكَهْلًا ۖ وَإِذْ عَلَّمْتُكَ ٱلْكِتَٰبَ وَٱلْحِكْمَةَ وَٱلتَّوْرَىٰةَ

اور ادھیڑ۔ اور جسوقت کہ سکھائی میں نے تجھ کو کتاب اور حکمت اور توریت

وَٱلْإِنجِيلَ ۖ وَإِذْ تَخْلُقُ مِنَ ٱلطِّينِ كَهَيْـَٔةِ ٱلطَّيْرِ

اور انجیل۔ اور جسوقت بناتا تھا تو مٹی سے جیسے صورت جانور کی

بِإِذْنِى فَتَنفُخُ فِيهَا فَتَكُونُ طَيْرًۢا بِإِذْنِى ۖ وَتُبْرِئُ

ساتھ حکم میرے کے پس پھونکتا تھا بیچ اسکے پس ہوجاتا تھا پرندہ ساتھ حکم میرے کے اور چنگا کرتا تھا

ٱلْأَكْمَهَ وَٱلْأَبْرَصَ بِإِذْنِى ۖ وَإِذْ تُخْرِجُ ٱلْمَوْتَىٰ

مادرزاد اندھوں کو اور سفید داغ والوں کو ساتھ حکم میرے کے۔ اور جسوقت نکالتا تھا تو مُردوں کو

بِإِذْنِى ۖ وَإِذْ كَفَفْتُ بَنِىٓ إِسْرَٰٓءِيلَ عَنكَ إِذْ

ساتھ حکم میرے کے اور جسوقت کہ بند کیا میں نے بنی اسرائیل کو تجھ سے جب

ف۱ یعنی وارثوں کو شبہ پڑے تو قسم دینے کا حکم ہے واسطے کہ قسم پر ڈر ہے جھوٹ نہ ظاہر کریں اگر انکی بات جھوٹ نکلے تو وارث قسم کھاویں یہ اسواسطے کہ وہ قسم میں دغا نہ کریں جانیں کہ آخر ہماری قسم الٹی پڑیگی۔ فائدہ اس جگہ شہادت فرمایا ہے اظہار کو مدعی اظہار کرے یا مدعیٰ علیہ جیسے اقرار کو کہتے ہیں اپنی جان پر شہادت دی۔ فائدہ حضرت کے وقت ایک مسلمان تجارت کو گیا۔ راہ میں مرنے لگا۔ قافلہ میں سے دو نصرانیوں کو اپنا مال سپرد کیا کہ میرے وارثوں کو دیجیو۔ جب وہ لاکر دینے لگے وارثوں نے ایک کٹورہ بیچ دیکھا وہ سونے کا تھا مکلف اس کا دعویٰ کیا۔ وہ دونوں قسم کھا گئے کہ ہمکو یہی دیا تھا۔ پھر وارثوں نے وہ کٹورہ سنار پاس پایا پوچھا تو معلوم ہوا چاندی کا تھا سونے کا ملمع کیا۔ ان نصرانیوں نے بیچا ان پر ثابت کیا تو کہنے لگے کہ میت سے زندگی میں ہمارے ہاتھ بیچا اور قیمت دے چکا تھا پھر وارثوں میں جو دو شخص اس میت کے زیادہ اقرب تھے سب کی طرف سے قسم کھا گئے کہ ہمکو بیچنا نہیں معلوم اور میت کے ہاتھ کی فہرست بھی نکلی اس مال میں سے (باقی صفحہ ۱۶۸ پر)

ع ۱۴ / ۸

نصف ۳

جِئْتَهُم بِالْبَيِّنَٰتِ فَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْهُمْ
لایا تھا تو ان کے پاس دلیلیں پس کہا اُن لوگوں نے جو کافر تھے ان میں سے

إِنْ هَٰذَا إِلَّا سِحْرٌ مُّبِينٌ ﴿١١٠﴾ وَإِذْ أَوْحَيْتُ إِلَى
نہیں یہ مگر جادو ظاہر ف۱ اور جسوقت وحی بھیجی میں نے طرف

الْحَوَارِيِّينَ أَنْ آمِنُوا بِي وَبِرَسُولِي قَالُوا آمَنَّا وَ
حواریوں کے یہ کہ ایمان لاؤ ساتھ میرے اور ساتھ پیغمبر میرے کے کہا انھوں نے ایمان لائے ہم اور

اشْهَدْ بِأَنَّنَا مُسْلِمُونَ ﴿١١١﴾ إِذْ قَالَ الْحَوَارِيُّونَ
شاہد رہ تو ساتھ اس کے کہ ہم مسلمان ہیں۔ جس وقت کہا حواریوں نے

يَٰعِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ هَلْ يَسْتَطِيعُ رَبُّكَ أَن
اے عیسے بیٹے مریم کے آیا کر سکتا ہے پروردگار تیرا یہ کہ

يُنَزِّلَ عَلَيْنَا مَائِدَةً مِّنَ السَّمَاءِ ۖ قَالَ اتَّقُوا
اُتارے اُوپر ہمارے خوان آسمان سے۔ کہا ڈرو

اللَّهَ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ ﴿١١٢﴾ قَالُوا نُرِيدُ أَن نَّأْكُلَ
اللہ سے اگر ہو تم ایمان والے ف۲ کہا انھوں نے ارادہ کرتے ہیں ہم یہ کہ کھاویں

مِنْهَا وَتَطْمَئِنَّ قُلُوبُنَا وَنَعْلَمَ أَن قَدْ صَدَقْتَنَا
اسمیں سے اور آرام پکڑیں دل ہمارے اور جانیں ہم یہ کہ تحقیق سچ کہا تم نے ہم سے

وَنَكُونَ عَلَيْهَا مِنَ الشَّٰهِدِينَ ﴿١١٣﴾ قَالَ عِيسَى
اور ہو ویں ہم اُوپر اس کے گواہوں سے ف۳ کہا عیسے

ابْنُ مَرْيَمَ اللَّهُمَّ رَبَّنَا أَنزِلْ عَلَيْنَا مَائِدَةً مِّنَ
بیٹے مریم کے نے یا اللہ اے پروردگار ہمارے اُتار اوپر ہمارے خوان

السَّمَاءِ تَكُونُ لَنَا عِيدًا لِّأَوَّلِنَا وَآخِرِنَا وَآيَةً
آسمان سے ہووے واسطے ہمارے عید اول ہمارے کو اور آخر ہمارے کو اور نشانی

مِّنكَ ۖ وَارْزُقْنَا وَأَنتَ خَيْرُ الرَّٰزِقِينَ ﴿١١٤﴾ قَالَ
تیری طرف سے۔ اور رزق دے ہمکو اور تو بہتر رزق دینے والا ہے ف۴ - کہا

اللَّهُ إِنِّي مُنَزِّلُهَا عَلَيْكُمْ ۖ فَمَن يَكْفُرْ بَعْدُ مِنكُمْ
اللہ نے تحقیق میں اُتارنے والا ہوں اسکو اوپر تمہارے۔ پس جو کوئی کفر کرے پیچھے اسکے تم میں سے

(بقیہ صفحہ ۱۶۷)
کتو ر: اسمیں داخل تھا آخر نصرانیوں نے پھیر دیا۔ ۱۲ منہ رح

ف۱ یہ اسلئے فرمایا کہ قیامت کے دن یہ سب معجزات اللہ صاحب پوچھے گا کافروں کے سنانے کو کہ میں نے تمکو جن کی طرف بھیجا تھا انھوں نے قبول کیا یا نہ کیا اور پیغمبر عرض کریں گے اللہ کے علم پر کہ ہمکو دل کی خبر نہیں ظاہر کی ہمکو خبر ہے یا جو مغرور ہیں پیغمبروں کی شفاعت پر تا معلوم کریں کہ اللہ کے آگے کوئی کسی کے دل پر گواہ نہیں دیتا اور کوئی کسی کی شفاعت نہیں کرتا۔ ۱۲ منہ رح

موضح القرآن

(ربع)

ف۱ بنی اسرائیل کو روکا تجھ سے یعنی قتل کرنے دیا۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ ہوسکے یعنی کہ ہمارے واسطے تمھاری دعا سے اس قدر خرق عادات کرے یا نہ کرے فرمایا کہ ڈرو اللہ سے یعنی بندہ کو چاہئے اللہ کو نہ آزماوے کہ میرا کہا مانتا ہے یا نہیں اگرچہ خاوند بہتیری مہربانی کرے۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ یعنی برکت کی امید پر مانگتے ہیں اور معجزہ ہمیشہ مشہور ہے آزمانے کو نہیں۔ ۱۲ منہ رح

ف۴ کہتے ہیں وہ خوان اُترا ایک شنبہ کو وہ نصارے کی عید ہے جیسے ہم کو روز جمعہ۔ ۱۲ منہ رح

فَإِنِّيٓ أُعَذِّبُهُۥ عَذَابًا لَّآ أُعَذِّبُهُۥٓ أَحَدًا مِّنَ

پس تحقیق میں عذاب کروں گا اُسکو وہ عذاب کہ نہ عذاب کروں گا میں وُہ کِسی کو

ٱلْعَٰلَمِينَ ﴿١١٥﴾ وَإِذْ قَالَ ٱللَّهُ يَٰعِيسَى ٱبْنَ مَرْيَمَ

عالموں سے ف١ اور جب کہے گا اللہ اے عیسےٰ بیٹے مریم کے

ءَأَنتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ ٱتَّخِذُونِى وَأُمِّىَ إِلَٰهَيْنِ

کیا تو نے کہا تھا لوگوں کو پکڑو مجھ کو اور ماں میری کو دو معبود

مِن دُونِ ٱللَّهِ ۖ قَالَ سُبْحَٰنَكَ مَا يَكُونُ لِىٓ أَنْ

ورے اللہ سے۔ کہے گا پاکی ہے تجھ کو نہیں ہے واسطے میرے یہ کہ

أَقُولَ مَا لَيْسَ لِى بِحَقٍّ ۚ إِن كُنتُ قُلْتُهُۥ فَقَدْ

کہوں میں وہ چیز کہ نہیں واسطے میرے حق۔ اگر میں نے کہا ہوگا یہ اُن کو پس تحقیق

عَلِمْتَهُۥ ۚ تَعْلَمُ مَا فِى نَفْسِى وَلَآ أَعْلَمُ مَا فِى

جانتا ہوگا تو اُسکو۔ جانتا ہے تو جو کچھ بیچ جی میرے کے ہے اور نہیں جانتا میں جو کچھ بیچ

نَفْسِكَ ۚ إِنَّكَ أَنتَ عَلَّٰمُ ٱلْغُيُوبِ ﴿١١٦﴾ مَا قُلْتُ

جی تیرے کے ہے۔ تحقیق تُو ہی جاننے والا ہے غیبوں کا۔ نہیں کہا میں نے

لَهُمْ إِلَّا مَآ أَمَرْتَنِى بِهِۦٓ أَنِ ٱعْبُدُوا۟ ٱللَّهَ رَبِّى

واسطے انکے مگر جو کچھ حکم کیا تھا تو نے مجھ کو ساتھ اسکے یہ کہ عبادت کرو اللہ کو پروردگار میرے کو

وَرَبَّكُمْ ۚ وَكُنتُ عَلَيْهِمْ شَهِيدًا مَّا دُمْتُ فِيهِمْ ۖ

اور پروردگار اپنے کو۔ اور تھا میں اُوپر اُن کے شاہد جبتک رہا میں بیچ ان کے

فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِى كُنتَ أَنتَ ٱلرَّقِيبَ عَلَيْهِمْ ۚ وَ

پس جب قبض کیا تو نے مجھ کو تھا تو ہی نگہبان اُوپر انکے ۔ اور

أَنتَ عَلَىٰ كُلِّ شَىْءٍ شَهِيدٌ ﴿١١٧﴾ إِن تُعَذِّبْهُمْ فَإِنَّهُمْ

تُو اُوپر ہر چیز کے گواہ ہے۔ اگر عذاب کریگا تو اُن کو پس وہ

عِبَادُكَ ۖ وَإِن تَغْفِرْ لَهُمْ فَإِنَّكَ أَنتَ ٱلْعَزِيزُ

بندے تیرے ہیں۔ اور اگر بخش دے تو اُن کو پس تحقیق تو ہی ہے غالب

ٱلْحَكِيمُ ﴿١١٨﴾ قَالَ ٱللَّهُ هَٰذَا يَوْمُ يَنفَعُ ٱلصَّٰدِقِينَ

حکمت والا۔ کہے گا اللہ یہ دن ہے کہ فائدہ دیوے گا سچوں کو

ف١ بعضے کہتے ہیں وہ خوان اُترا چالیس روز تک پھر بعضوں نے ناشکری کی یعنی حکم ہوا تھا کہ فقیر اور مریض کھاویں محظوظ اور چنگے بھی لگے کھانے پھر قریب اسّی آدمی سُور اور بندر ہو گئے یہ عذاب پہلے یہود میں ہوا تھا پیچھے کسی کو نہیں ہوا۔ اور بعضے کہتے ہیں نہ اُترا یہ تہدید سُنکر مانگنے والے ڈر گئے نہ مانگا لیکن پیغمبر کی دُعا عبث نہیں اور اس کلام میں نقل کرنا بے حکمت نہیں شاید اس دعا کا اثر یہ ہو کہ حضرت عیسیٰ کی اُمت میں آسودگی مال سے ہمیشہ رہی اور جو کوئی ان میں ناشکری کرے یعنی دل کے چین سے عبادت میں نہ لگے بلکہ گناہ میں خرچ کرے تو شاید آخرت میں سب سے زیادہ عذاب پاوے اس میں مسلمان کو عبرت ہے کہ اپنا مدعا خرق عادت کی راہ سے (باقی صفحہ پر)

(ع ٧) (دعائِ النبی صلی اللہ علیہ وسلم) (ربع ٣)

صِدْقُهُمْ ۚ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

سچ ان کا۔ واسطے اُنکے بہشتیں ہیں چلتی ہیں نیچے اُن کے سے نہریں

خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا

ہمیش رہیں گے بیچ ان کے ہمیش۔ راضی ہوا اللہ اُن سے اور راضی ہوئے وہ

عَنْهُ ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۱۹﴾ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ

اس سے۔ یہی ہے مُراد پانا بڑا۔ واسطے اللہ کے ہے بادشاہی آسمانوں کی

وَالْاَرْضِ وَمَا فِيْهِنَّ ۭ وَهُوَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۲۰﴾

اور زمین کی اور جو کچھ بیچ اُن کے ہے۔ اور وہ اُوپر ہر چیز کے قادر ہے۔

سُوْرَةُ الْاَنْعَامِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ مِائَةٌ وَخَمْسٌ وَسِتُّوْنَ اٰيَةً وَعِشْرُوْنَ رُكُوْعًا

سورۂ انعام مکہ میں نازل ہوئی اسمیں ایکسو پینسٹھ یا ۱۶۶ آیتیں اور بیس رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَ

سب تعریف واسطے اللہ کے ہے جس نے پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو اور

جَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ۭ ثُمَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ

پیدا کیا اندھیرا اور اُجالا۔ پھر وہ لوگ کہ کافر ہوئے ساتھ پروردگار اپنے کے

يَعْدِلُوْنَ ﴿۱﴾ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ طِيْنٍ ثُمَّ

کسی کو برابر کرتے ہیں ف وہی ہے جس نے پیدا کیا تم کو مٹی سے پھر

قَضٰٓى اَجَلًا ۭ وَاَجَلٌ مُّسَمًّى عِنْدَهٗ ثُمَّ اَنْتُمْ

مقرر کی اجل۔ اور ایک اجل مقرر کی ہوئی ہے نزدیک اسکے یعنی قیامت پھر تم

تَمْتَرُوْنَ ﴿۲﴾ وَهُوَ اللّٰهُ فِي السَّمٰوٰتِ وَفِي الْاَرْضِ ۭ

شک کرتے ہو ف اور وہی ہے اللہ بیچ آسمانوں کے اور بیچ زمین کے

يَعْلَمُ سِرَّكُمْ وَجَهْرَكُمْ وَيَعْلَمُ مَا تَكْسِبُوْنَ ﴿۳﴾ وَ

جانتا ہے پوشیدہ بولنا تمھارا اور پکار کر بولنا تمھارا اور جانتا ہے جو کچھ کماتے ہو تم۔ اور

مَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا

نہیں آتی ان کے پاس کوئی نشانی نشانیوں پروردگار ان کے سے مگر ہوتے ہیں

(بقیہ صفحہ ۱۶۹)

نہ چاہے پھر اس کی شکرگزاری بہت مشکل ہو اسباب ظاہری پر قناعت کرے تو بہتر ہے اس قصہ میں بھی ثابت ہوا کہ خشتعالی کے آگے حمایت پیش نہیں جاتی۔" منہ

ع ۵ ۱۶ ۶

منزل ۲

عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ﴿۴﴾ فَقَدْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ
اس سے منھ پھیرنے والے۔ پس تحقیق جھٹلایا اُنھوں نے حق کو جب آیا اُن کے پاس

فَسَوْفَ يَأْتِيْهِمْ اَنْۢبٰٓؤُا مَا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۵﴾
پس البتہ آویں گی اُن کے پاس خبریں اس چیز کی کہ تھے ساتھ اس کے ٹھٹھا کرتے۔

اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ
کیا نہ دیکھا اُنھوں نے کتنے ہلاک کئے ہیں ہم نے پہلے اُن سے قرنوں سے

مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ مَا لَمْ نُمَكِّنْ لَّكُمْ وَ اَرْسَلْنَا
مقدور دیا تھا ہمنے اُنکو بیچ زمین کے جو کچھ کہ مقدور نہ دیا تھا تمکو اور بھیجا ہمنے یعنی مینھ

السَّمَآءَ عَلَيْهِمْ مِّدْرَارًا ۪ وَّجَعَلْنَا الْاَنْهٰرَ تَجْرِيْ
آسمان سے اُوپر ان کے برسنے والا اور کیں ہمنے نہریں چلتی ہیں

مِنْ تَحْتِهِمْ فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ وَ اَنْشَاْنَا مِنْۢ
نیچے ان کے سے پس ہلاک کیا ہمنے اُنکو ساتھ گناہوں اُن کے کے اور پیدا کئے ہم نے

بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِيْنَ ﴿۶﴾ وَ لَوْ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ كِتٰبًا فِيْ
پیچھے ان کے قرن یعنی مردمان دیگر۔ اور اگر اُتارتے ہم اُوپر تیرے کتاب یعنی لکھا ہوا بیچ

قِرْطَاسٍ فَلَمَسُوْهُ بِاَيْدِيْهِمْ لَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا
کاغذ کے پس ٹٹولتے اسکو ساتھ ہاتھوں اپنے کے البتہ کہتے وہ لوگ کہ کافر ہوئے ہیں

اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۷﴾ وَ قَالُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ
نہیں یہ مگر جادو ظاہر ف۱ اور کہا اُنھوں نے کیوں نہ اُتارا گیا اُوپر اسکے

مَلَكٌ ؕ وَ لَوْ اَنْزَلْنَا مَلَكًا لَّقُضِيَ الْاَمْرُ ثُمَّ لَا
فرشتہ۔ اور اگر اُتارتے ہم فرشتہ البتہ فیصل کیا جاتا کام انکا پھر نہیں

يُنْظَرُوْنَ ﴿۸﴾ وَ لَوْ جَعَلْنٰهُ مَلَكًا لَّجَعَلْنٰهُ رَجُلًا وَّ
ڈھیل دیئے جاتے ف۲ اور اگر کرتے ہم اس کو فرشتہ البتہ کرتے ہم اسکو بصورت مرد کے اور

لَلَبَسْنَا عَلَيْهِمْ مَّا يَلْبِسُوْنَ ﴿۹﴾ وَ لَقَدِ اسْتُهْزِئَ
البتہ شبہ ڈالتے ہم اُوپر انکے جو شبہ کرتے ہیں اب۔ اور البتہ تحقیق ٹھٹھا کیا گیا

بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ سَخِرُوْا مِنْهُمْ
ساتھ پیغمبروں کے پہلے تجھ سے پس گھیر لیا ان لوگوں کو کہ ٹھٹھا کرتے تھے انمیں سے

موضح القرآن

ف۱ یعنی جس کی قسمت میں ہدایت نہیں اس کا شبہ کبھی نہیں مٹتا۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ کہتے تھے کہ ہمارے دیکھتے فرشتہ اُترے سو جب آدمی فرشتوں کو دیکھیں تو عالم غیب ظاہر ہو وے پھر عمل کی جزا بھی غیب سے ظاہر میں آنے لگے۔ ۱۲ منہ رح

ربع

ع ١٠

مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿١٠﴾ قُلْ سِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ
اس چیز کہ تھے ساتھ اس کے ٹھٹھا کرتے ۔ کہہ کہ سیر کرو بیچ زمین کے
ثُمَّ انْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿١١﴾ قُلْ
پھر دیکھو کیونکر ہوا آخر کام جھٹلانے والوں کا کہہ
لِّمَنْ مَّا فِى السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ قُلْ لِّلّٰهِ ؕ كَتَبَ
واسطے کس کے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے اور زمین کے ہے۔ کہہ واسطے اللہ کے ہے لکھی ہے اس نے
عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ؕ لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ
اوپر ذات اپنی کے مہربانی ۔ البتہ اکٹھا کریگا تمکو طرف دن قیامت کے
لَا رَيْبَ فِيْهِ ؕ اَلَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا
نہیں شک بیچ اسکے ۔ جنھوں نے ٹوٹا دیا جانوں اپنی کو پس وہ نہیں
يُؤْمِنُوْنَ ﴿١٢﴾ وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِى الَّيْلِ وَ النَّهَارِ ؕ وَ
ایمان لاتے ۔ اور واسطے اسکے ہے جو کچھ بستا ہے بیچ رات کے اور دن کے ۔ اور
هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿١٣﴾ قُلْ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَتَّخِذُ وَلِيًّا
وہ ہے سننے والا جاننے والا ۔ کہہ کیا سوائے خدا کے پکڑوں میں دوست
فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ يُطْعِمُ وَلَا يُطْعَمُ ؕ
وہ جو پیدا کرنے والا آسمانوں کا اور زمین کا ہے اور وہی کھلاتا ہے اور نہیں کھلایا جاتا ۔
قُلْ اِنِّىْٓ اُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ اَوَّلَ مَنْ اَسْلَمَ وَلَا
کہہ تحقیق میں حکم کیا گیا ہوں یہ کہ ہوں میں اول اس شخص کا جو مسلمان ہوا ، اور ہرگز
تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿١٤﴾ قُلْ اِنِّىْٓ اَخَافُ اِنْ
مت ہو تو شریک لانے والوں سے کہہ تحقیق میں ڈرتا ہوں اگر
عَصَيْتُ رَبِّىْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿١٥﴾ مَنْ يُّصْرَفْ
نافرمانی کروں پروردگار اپنے کی عذاب دن بڑے کے سے ۔ جو شخص کہ پھیرا جاوے عذاب
عَنْهُ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمَهٗ ؕ وَ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ ﴿١٦﴾
اس سے اس دن پس تحقیق مہربانی کی اسپر ۔ اور یہ ہے مراد پانا ظاہر ۔
وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ؕ
اور اگر لگا دیوے تجھ کو اللہ ضرر پس نہیں کھولنے والا اس کو مگر وہی

منزل ٢

وَ اِنۡ يَّمۡسَسۡكَ بِخَيۡرٍ فَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ ﴿۱۷﴾
اور اگر لگا دیوے تجھ کو بھلائی پس وہ اوپر ہر چیز کے قادر ہے ف۱

وَهُوَ الۡقَاهِرُ فَوۡقَ عِبَادِهٖ ؕ وَهُوَ الۡحَكِيۡمُ الۡخَبِيۡرُ ﴿۱۸﴾
اور وہی غالب ہے اوپر بندوں اپنے کے۔ اور وہ ہے حکمت والا خبردار۔

قُلۡ اَىُّ شَىۡءٍ اَكۡبَرُ شَهَادَةً ؕ قُلِ اللّٰهُ ۙ شَهِيۡدٌۢ بَيۡنِىۡ
کہہ کون چیز ہے بڑی گواہی میں۔ کہہ اللہ ہے گواہ درمیان میرے

وَبَيۡنَكُمۡ وَاُوۡحِىَ اِلَىَّ هٰذَا الۡقُرۡاٰنُ لِاُنۡذِرَكُمۡ بِهٖ
اور درمیان تمہارے اور وحی کیا گیا ہے طرف میرے یہ قرآن تاکہ ڈراؤں میں تم کو ساتھ اسکے

وَمَنۡۢ بَلَغَ ؕ اَئِنَّكُمۡ لَتَشۡهَدُوۡنَ اَنَّ مَعَ اللّٰهِ اٰلِهَةً
اور جس کو پہنچے۔ کیا تم گواہی دیتے ہو یہ کہ ساتھ اللہ کے معبود

اُخۡرٰى ؕ قُلۡ لَّاۤ اَشۡهَدُ ۚ قُلۡ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ وَّ
اور ہیں۔ کہہ میں نہیں گواہی دیتا۔ کہہ سوائے اسکے نہیں کہ وہ معبود اکیلا ہے اور

اِنَّنِىۡ بَرِىۡۤءٌ مِّمَّا تُشۡرِكُوۡنَ ﴿۱۹﴾ اَلَّذِيۡنَ اٰتَيۡنٰهُمُ الۡكِتٰبَ
تحقیق میں بیزار ہوں اس چیز سے کہ شریک لاتے ہو تم ف۲ وہ جن کو دی ہے ہم نے اُنکو کتاب

يَعۡرِفُوۡنَهٗ كَمَا يَعۡرِفُوۡنَ اَبۡنَآءَهُمۡ ۘ اَلَّذِيۡنَ خَسِرُوۡۤا
پہچانتے ہیں اسکو جیسا پہچانتے ہیں بیٹوں اپنوں کو جنھوں نے ٹوٹا دیا

اَنۡفُسَهُمۡ فَهُمۡ لَا يُؤۡمِنُوۡنَ ﴿۲۰﴾ وَمَنۡ اَظۡلَمُ مِمَّنِ
جانوں اپنی کو پس وہ ہی نہیں ایمان لاتے۔ اور کون ہے بہت ظالم اس شخص سے

افۡتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوۡ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا
کہ باندھ لیوے اُوپر اللہ کے جھوٹ یا جھٹلاوے نشانیوں اسکی کو۔ تحقیق نہیں

يُفۡلِحُ الظّٰلِمُوۡنَ ﴿۲۱﴾ وَيَوۡمَ نَحۡشُرُهُمۡ جَمِيۡعًا ثُمَّ نَقُوۡلُ
چھٹکارا پاتے ظالم ف۳ اور جس دن اکٹھا کریں گے ہم ان سب کو پھر کہیں گے ہم

لِلَّذِيۡنَ اَشۡرَكُوۡۤا اَيۡنَ شُرَكَآؤُكُمُ الَّذِيۡنَ كُنۡتُمۡ
واسطے ان لوگوں کے جو شریک لاتے تھے کہاں ہیں شریک تمہارے جن کو تھے تم

تَزۡعُمُوۡنَ ﴿۲۲﴾ ثُمَّ لَمۡ تَكُنۡ فِتۡنَتُهُمۡ اِلَّاۤ اَنۡ قَالُوۡا
دعوے کرتے۔ پھر نہیں ہوگا بہانہ اُن کا مگر یہ کہ کہیں گے

موضح القرآن

ف۱ معلوم ہوا کہ بھلائی پہنچانا چاہتا ہے ۔ ۱۲ ۔ منہ رح۔

ف۲ یہاں گواہی فرمایا قسم کو یعنی میں قسم کھاتا ہوں اللہ کی اس سے زیادہ کون قسم ہوگی۔ ۱۲۔ منہ رح۔

ف۳ یعنی اگر میں نے جھوٹ باندھا مجھ سے بدتر کوئی نہیں اور اگر میں نے سچ پہنچایا پھر تم نے جھٹلایا تو تم سا گنہگار کوئی نہیں پھر اپنا فکر کرو ۱۲۔ منہ رح

منزل ۲ ع ۲ / ۱۰ / ۸

وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ ﴿٢٣﴾ اُنْظُرْ كَيْفَ كَذَبُوْا
قسم ہے اللہ پروردگار ہمارے کی نہ تھے ہم شریک لانیوالے۔ دیکھ کیونکر جھوٹ بولا انہوں نے
عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿٢٤﴾
اوپر جانوں اپنی کے اور کھویا گیا اُن سے جو تھے باندھ لیتے جھوٹ۔
وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُ اِلَيْكَ ۚ وَجَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ
اور بعض انہیں سے وہ ہو کہ کان دھرتا ہو طرف تیرے۔ اور کئے ہیں ہمنے اوپر دلوں اُنکے کے
اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ۭ وَاِنْ يَّرَوْا
پردے اس سے کہ سمجھیں اسکو اور بیچ کانوں اُن کے کے بوجھ۔ اور اگر دیکھیں
كُلَّ اٰيَةٍ لَّا يُؤْمِنُوْا بِهَا ۭ حَتّٰٓى اِذَا جَاۗءُوْكَ
سب نشانیاں نہ ایمان لاویں ساتھ ان کے۔ یہاں تک کہ جب آویں تیرے پاس
يُجَادِلُوْنَكَ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّآ
جھگڑتے تجھ سے کہتے ہیں وہ لوگ جو کافر ہوئے نہیں یہ مگر
اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٢٥﴾ وَهُمْ يَنْهَوْنَ عَنْهُ وَيَنْــــَٔوْنَ
کہانیاں پہلوں کی۔ اور وہ منع بھی کرتے ہیں اس سے اور دور بھی رہتے ہیں
عَنْهُ ۚ وَاِنْ يُّهْلِكُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٢٦﴾
اس سے۔ اور نہیں ہلاک کرتے مگر جانوں اپنی کو اور نہیں سمجھتے
وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ وُقِفُوْا عَلَي النَّارِ فَقَالُوْا يٰلَيْتَنَا نُرَدُّ
اور کاش کہ دیکھے تو جس وقت کہ کھڑے کئے جاوینگے اوپر آگ کے پس کہینگے اے کاش کہ ہم پھیرے جاویں
وَلَا نُكَذِّبَ بِاٰيٰتِ رَبِّنَا وَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٢٧﴾
اور نہ جھٹلاویں نشانیوں رب اپنے کی کو اور ہو ویں ہم ایمان والوں سے۔
بَلْ بَدَا لَهُمْ مَّا كَانُوْا يُخْفُوْنَ مِنْ قَبْلُ ۭ وَلَوْ رُدُّوْا
بلکہ ظاہر ہو گیا واسطے ان کے جو کچھ کہ تھے چھپاتے پہلے اس سے۔ اور اگر پھیرے جاویں
لَعَادُوْا لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿٢٨﴾ وَقَالُوْٓا
البتہ پھر جاویں طرف اسی چیز کے کہ منع کئے گئے ہیں اس سے اور تحقیق وہ البتہ جھوٹے ہیں ف اور کہا انھوں نے
اِنْ هِىَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ﴿٢٩﴾
نہیں یہ مگر زندگانی ہماری دنیا کی اور نہیں ہم اٹھائے جانے والے

موضح القرآن
ف یعنی دوزخ کے کنارے پر پہنچکر حکم ہوگا کہ ٹھیراؤ۔ تو کافروں کو توقع پڑے گی کہ شاید ہمکو پھر دنیا میں بھیجیں تو اب کی بار کفر نہ کریں ایمان لاویں سو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اسواسطے انکو نہیں ٹھیرایا بلکہ اس تدبیر سے انکے منہ اقرار کروایا کہ ہمنے کفر کیا تھا حالانکہ پہلے منکر ہوئے تھے کہ ہم شریک کرتے تھے اور پھر بھیجنا اُن کو عبث ہے۔
۱۲ منہ رحمہ

منزل ۲

وَلَوْ تَرٰىٓ اِذْ وُقِفُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ ؕ قَالَ اَلَيْسَ هٰذَا
اور کاش کہ دیکھے تو جس وقت کہ کھڑے کیے جاویں گے اوپر رب اپنے کے کہے گا کیا نہیں یہ
بِالْحَقِّ ؕ قَالُوْا بَلٰى وَرَبِّنَا ؕ قَالَ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ
حق - کہیں گے البتہ ہے قسم پروردگار ہمارے کی - کہے گا پس چکھو عذاب
بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۳۰﴾ قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ
بدلے اس چیز کے جو تھے تم کفر کرتے - تحقیق ٹوٹا پایا ان لوگوں نے کہ جھٹلایا ملاقات
اللّٰهِ ؕ حَتّٰىٓ اِذَا جَآءَتْهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً قَالُوْا يٰحَسْرَتَنَا
اللہ کی کو - یہاں تک کہ جب آوے گی ان کے پاس قیامت ناگہاں کہیں گے اے افسوس ہم کو
عَلٰى مَا فَرَّطْنَا فِيْهَا ۙ وَهُمْ يَحْمِلُوْنَ اَوْزَارَهُمْ عَلٰى
اوپر اس کے کہ تقصیر کی ہم نے بیچ اس کے اور وہ اٹھاویں گے بوجھ اپنے اوپر
ظُهُوْرِهِمْ ؕ اَلَا سَآءَ مَا يَزِرُوْنَ ﴿۳۱﴾ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ
پیٹھوں اپنی کے - خبردار ہو برا ہے جو کچھ بوجھ اٹھاتے ہیں - اور نہیں زندگانی دنیا کی
اِلَّا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ؕ وَلَلدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ
مگر کھیل اور مشغلہ - اور البتہ گھر آخرت کا بہتر ہے واسطے ان لوگوں کے
يَتَّقُوْنَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۳۲﴾ قَدْ نَعْلَمُ اِنَّهٗ لَيَحْزُنُكَ
کہ پرہیزگاری کرتے ہیں کیا پس نہیں سمجھتے ہو تم - تحقیق جانتے ہیں ہم تحقیق البتہ وہ غمگین کرتا ہے تجھ کو
الَّذِيْ يَقُوْلُوْنَ فَاِنَّهُمْ لَا يُكَذِّبُوْنَكَ وَلٰكِنَّ الظّٰلِمِيْنَ
جو کچھ کہ کہتے ہیں پس تحقیق وہ نہیں جھٹلاتے تجھ کو ولیکن ظالم
بِاٰيٰتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَلَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ
نشانیوں اللہ کی کو انکار کرتے ہیں - اور البتہ تحقیق جھٹلائے گئے پیغمبر
مِّنْ قَبْلِكَ فَصَبَرُوْا عَلٰى مَا كُذِّبُوْا وَاُوْذُوْا حَتّٰىٓ
پہلے تجھ سے پس صبر کیا انھوں نے اوپر اس کے کہ جھٹلائے گئے اور ایذا دیئے گئے یہاں تک
اَتٰىهُمْ نَصْرُنَا ۚ وَلَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ۚ وَلَقَدْ
آئی ان کے پاس مدد ہماری - اور نہیں کوئی بدلنے والا باتوں اللہ کی کو - اور البتہ تحقیق
جَآءَكَ مِنْ نَّبَاِى الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۳۴﴾ وَاِنْ كَانَ كَبُرَ
آئی ہیں تیرے پاس بعضی خبریں پیغمبروں کی - اور اگر گراں ہوا ہے

عَلَيْكَ إِعْرَاضُهُمْ فَإِنِ اسْتَطَعْتَ أَنْ تَبْتَغِيَ
اور پر تیرے منہ پھیرنا اُن کا پس اگر سکے تو یہ کہ ڈھونڈے
نَفَقًا فِي الْأَرْضِ أَوْ سُلَّمًا فِي السَّمَاءِ فَتَأْتِيَهُمْ بِآيَةٍ
سُرنگ بیچ زمین کے یا سیڑھی بیچ آسمان کے پس لے آوے اُنکے پاس کوئی نشانی
وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ لَجَمَعَهُمْ عَلَى الْهُدَىٰ فَلَا تَكُونَنَّ
اور اگر چاہتا اللہ البتہ اکٹھا کرتا ان کو اوپر ہدایت کے پس ہرگز مت ہو
مِنَ الْجَاهِلِينَ ﴿٣٥﴾ إِنَّمَا يَسْتَجِيبُ الَّذِينَ يَسْمَعُونَ وَ
جاہلوں سے ف۱ سوائے اسکے نہیں کہ قبول کرتے ہیں وہ لوگ جو سنتے ہیں۔ اور
الْمَوْتَىٰ يَبْعَثُهُمُ اللَّهُ ثُمَّ إِلَيْهِ يُرْجَعُونَ ﴿٣٦﴾ وَقَالُوا
مُردے جِلاوے گا اُن کو اللہ پھر طرف اسی کے پھیرے جاوینگے ف۲ اور کہا انھوں نے
لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ آيَةٌ مِنْ رَبِّهِ ۚ قُلْ إِنَّ اللَّهَ قَادِرٌ
کیوں نہیں اُتاری جاتی اوپر اس کے نشانی رب اس کے سے۔ کہہ تحقیق اللہ قادر ہے
عَلَىٰ أَنْ يُنَزِّلَ آيَةً وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٣٧﴾
اوپر اس کے کہ اُتارے نشانی اور لیکن اکثر اُن کے نہیں جانتے۔
وَمَا مِنْ دَابَّةٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا طَائِرٍ يَطِيرُ بِجَنَاحَيْهِ
اور نہیں کوئی چلنے والا بیچ زمین کے اور نہ کوئی پرندہ کہ اُڑتا ہے ساتھ دو بازو اپنے کے
إِلَّا أُمَمٌ أَمْثَالُكُمْ ۚ مَا فَرَّطْنَا فِي الْكِتَابِ مِنْ شَيْءٍ ۚ
مگر اُمتیں ہیں مانند تمہاری۔ نہیں کم کیا ہم نے بیچ کتاب کے کچھ چیز
ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّهِمْ يُحْشَرُونَ ﴿٣٨﴾ وَالَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا
پھر طرف پروردگار اپنے کے اکٹھے کیے جاویں گے۔ اور جن لوگوں نے جھٹلایا نشانیوں ہماری کو
صُمٌّ وَبُكْمٌ فِي الظُّلُمَاتِ ۗ مَنْ يَشَإِ اللَّهُ يُضْلِلْهُ
بہرے ہیں اور گونگے ہیں بیچ اندھیروں کے جسکو چاہتا ہے اللہ گمراہ کرتا ہے اسکو
وَمَنْ يَشَأْ يَجْعَلْهُ عَلَىٰ صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ ﴿٣٩﴾ قُلْ
اور جسکو چاہتا ہے کرتا ہے اُس کو اوپر راہ سیدھی کے ف۳ کہہ
أَرَأَيْتَكُمْ إِنْ أَتَاكُمْ عَذَابُ اللَّهِ أَوْ أَتَتْكُمُ السَّاعَةُ
کیا دیکھا ہے تم نے اپنے تئیں اگر آوے تمہارے پاس عذاب اللہ کا یا آوے تم کو قیامت

موضح القرآن

ف۱ کافر مانگتے تھے کہ جو نبی ہے تو اس کے ساتھ ہمیشہ ایک نشانی رہے کہ ہر کوئی دیکھے اور یقین لاوے۔ سو شاید حضرت کا دل بھی چاہا ہو سو اسطے تربیت فرمائی کہ اللہ کے تابع رہو اسکو منظور ہوتا تو یہ نشانی سب کے دل پھیر لاتا ایمان پر۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی سب سے توقع نہ رکھو کہ مانیں جن کے دل میں اللہ نے کان نہیں دیئے وہ سنتے نہیں تو کس طرح مانیں مگر یہ کافر کہ مثال مُردے کے ہیں قیامت میں دیکھ کر یقین کریں گے۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ یعنی اللہ کی قدرت کی نشانیاں سب جہان میں ہیں ہر قسم کے جانوروں کو رکھا ایک قاعدے پر باندھا ہے انسان کا بھی ایک قاعدہ رکھا ہے وہ پیغمبر کی زبان سے جو سیکھا ہے اگر دھیان کریں یہی نشانی بس ہے پیغمبروں کے قول پر لیکن بہرا اور گونگا اندھیرے میں پڑا کیا دیکھے اور کیا سمجھے اور یہ جو فرمایا چھوڑی نہیں ہم نے لکھنے میں کوئی چیز یعنی لوح محفوظ میں۔ ۱۲ منہ رح

منزل ٢

أَغَيْرَ اللَّهِ تَدْعُونَ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ۝٤٠ بَلْ
کیا غیر خدا کے پکارو گے تم۔ اگر ہو تم سچے۔ بلکہ

إِيَّاهُ تَدْعُونَ فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُونَ إِلَيْهِ إِن شَاءَ
اسی کو پکارو گے تم پس کھول دیگا جو کچھ کہ بلاتے ہو طرف اسکے اگر چاہے

وَتَنسَوْنَ مَا تُشْرِكُونَ ۝٤١ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا إِلَىٰ أُمَمٍ
اور بھول جاؤ گے جو کچھ شریک مقرر کرتے تھے۔ اور تحقیق بھیجا ہمنے طرف امتوں کے

مِّن قَبْلِكَ فَأَخَذْنَاهُم بِالْبَأْسَاءِ وَالضَّرَّاءِ لَعَلَّهُمْ
پہلے تجھ سے یعنی پیغمبر پس پکڑا ہمنے انکو ساتھ فقر کے اور مرض کے تا کہ وہ

يَتَضَرَّعُونَ ۝٤٢ فَلَوْلَا إِذْ جَاءَهُم بَأْسُنَا تَضَرَّعُوا
عاجزی کریں۔ پس کیوں نہ جسوقت آیا انکے پاس عذاب ہمارا عاجزی کی

وَلَٰكِن قَسَتْ قُلُوبُهُمْ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطَانُ مَا
ولیکن سخت ہوگئے دل انکے اور زینت دی واسطے انکے شیطان نے جو کچھ

كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝٤٣ فَلَمَّا نَسُوا مَا ذُكِّرُوا بِهِ فَتَحْنَا
تھے کرتے۔ پس جب بھول گئے جو کچھ نصیحت کئے گئے تھے ساتھ اسکے کھولدیے

عَلَيْهِمْ أَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ حَتَّىٰ إِذَا فَرِحُوا بِمَا أُوتُوا
ہمنے اوپر انکے دروازے ہر چیز کے۔ یہاں تک کہ جب خوش ہوئے ساتھ اس چیز کے کہ دیئے گئے

أَخَذْنَاهُم بَغْتَةً فَإِذَا هُم مُّبْلِسُونَ ۝٤٤ فَقُطِعَ
پکڑا ہم نے انکو یکبارگی پس ناگہاں وہ ناامید تھے ف۱ پس کاٹی گئی

دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِينَ ظَلَمُوا ۚ وَالْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ
جڑ اس قوم کی کہ جو ظلم کرتے تھے۔ اور سب تعریف واسطے اللہ کے پروردگار

الْعَالَمِينَ ۝٤٥ قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَخَذَ اللَّهُ سَمْعَكُمْ
عالموں کا۔ کہہ کیا دیکھا تم نے اگر لے لے اللہ شنوائی تمھاری

وَأَبْصَارَكُمْ وَخَتَمَ عَلَىٰ قُلُوبِكُم مَّنْ إِلَٰهٌ غَيْرُ اللَّهِ
اور بینائی تمھاری اور مہر کرے اوپر دلوں تمھارے کے کونسا معبود ہے سوائے خدا کے

يَأْتِيكُم بِهِ ۗ انظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْآيَاتِ ثُمَّ هُمْ
کہ لا دیوے تم کو وہ۔ دیکھ کیونکر طرح طرح سے بیان کرتے ہیں ہم نشانیاں پھر وہ

موضح القرآن

ف۱ یعنی گنہگار کو اللہ تعالیٰ تھوڑا سا پکڑتا ہے اگر وہ پکڑا پکڑا یا اور توبہ کی تو بچ گیا۔ اور اگر اتنی پکڑ نہ مانی تو پھر بھلا وا دیا اور خوبی کے دروازے کھولے جب خوب گنا میں غرق ہوا بے خبر پکڑا گیا۔ ارشاد ہے کہ آدمی کو گناہ پر تنبیہ پہنچے تو شتاب توبہ کرے یہ راہ نہ دیکھے کہ اس سے زیادہ پہنچے تو یقین کروں۔ ۱۲ منہ رح۔

يَصْدِفُونَ ﴿٤٦﴾ قُلْ أَرَأَيْتَكُمْ إِنْ أَتَاكُمْ عَذَابُ اللَّهِ

پھر رہتے ہیں ف۱ کہہ کیا دیکھا تم نے اگر آوے تم کو عذاب اللہ کا

بَغْتَةً أَوْ جَهْرَةً هَلْ يُهْلَكُ إِلَّا الْقَوْمُ الظَّالِمُونَ ﴿٤٧﴾

ایکبارگی یا آشکارا کیا ہلاک کئے جاویں گے مگر قوم ظالموں کی۔ ف۲

وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِينَ إِلَّا مُبَشِّرِينَ وَمُنْذِرِينَ

اور نہیں بھیجتے ہم پیغمبروں کو مگر بشارت دینے والے اور ڈرانے والے

فَمَنْ آمَنَ وَأَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ

پس جو کوئی ایمان لاوے اور اصلاح کرے پس نہیں ڈر اوپر اُن کے اور نہ وہ

يَحْزَنُونَ ﴿٤٨﴾ وَالَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا يَمَسُّهُمُ الْعَذَابُ

غم کھاویں گے۔ اور جن لوگوں نے جھٹلایا نشانیوں ہماری کو لگے گا اُن کو عذاب

بِمَا كَانُوا يَفْسُقُونَ ﴿٤٩﴾ قُلْ لَا أَقُولُ لَكُمْ عِنْدِي

بسبب اسکے کہ تھے فسق کرتے۔ کہہ نہیں کہتا میں تم کو نزدیک میرے

خَزَائِنُ اللَّهِ وَلَا أَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَا أَقُولُ لَكُمْ

خزانے خدا کے ہیں اور نہ جانتا ہوں میں غیب کو اور نہ کہتا ہوں تم سے

إِنِّي مَلَكٌ إِنْ أَتَّبِعُ إِلَّا مَا يُوحَىٰ إِلَيَّ قُلْ هَلْ

کہ میں فرشتہ ہوں۔ نہیں پیروی کرتا میں مگر اسی چیز کی کہ وحی کی گئی ہے طرف میرے۔ کہہ کیا

يَسْتَوِي الْأَعْمَىٰ وَالْبَصِيرُ أَفَلَا تَتَفَكَّرُونَ ﴿٥٠﴾ وَ

برابر ہوتا ہے اندھا اور آنکھوں والا۔ کیا پس نہیں فکر کرتے ف۳ اور

أَنْذِرْ بِهِ الَّذِينَ يَخَافُونَ أَنْ يُحْشَرُوا إِلَىٰ رَبِّهِمْ

ڈرا ساتھ اسکے اُن لوگوں کو کہ ڈرتے ہیں اس سے کہ اکٹھے کئے جاویں طرف پروردگار اپنے کے

لَيْسَ لَهُمْ مِنْ دُونِهِ وَلِيٌّ وَلَا شَفِيعٌ لَعَلَّهُمْ

نہیں واسطے ان کے سوائے اس کے کوئی دوست اور نہ شفاعت کرنے والا تاکہ وہ

يَتَّقُونَ ﴿٥١﴾ وَلَا تَطْرُدِ الَّذِينَ يَدْعُونَ رَبَّهُمْ

بچیں ف۴ اور مت ہانک دے اُن لوگوں کو کہ پکارتے ہیں پروردگار اپنے کو

بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيدُونَ وَجْهَهُ مَا عَلَيْكَ

صبح اور شام چاہتے ہیں منہ اس کا۔ نہیں اوپر تیرے

موضح القرآن

ف۱ یعنی توبہ کو دیر نہ کرے جو کان اور دل اس وقت ہے شاید پھر نہ ملے۔ ۱۲ منہ رح

اِلَيْكَ ۭ اَفَاَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ وَلَوْ كَانُوْا لَا يَعْقِلُوْنَ ۝

طرف تیرے۔ کیا پس تو سناتا ہے بہروں کو اور اگرچہ ہوں نہ سمجھتے۔

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْظُرُ اِلَيْكَ ۭ اَفَاَنْتَ تَهْدِي الْعُمْيَ وَلَوْ

اور بعضے انہیں سے وہ ہیں کہ دیکھتے ہیں طرف تیری کیا پس تو راہ دکھاتا ہے اندھوں کو اور اگرچہ

كَانُوْا لَا يُبْصِرُوْنَ ۝ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ النَّاسَ شَيْـًٔا

ہوں نہ دیکھتے۔ ف۳ تحقیق اللہ نہیں ظلم کرتا لوگوں کو کچھ

وَّلٰكِنَّ النَّاسَ اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ

اور لیکن لوگ جانوں اپنی کو ظلم کرتے ہیں ف۴ اور جس دن اکٹھا کریگا انکو

كَاَنْ لَّمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَةً مِّنَ النَّهَارِ يَتَعَارَفُوْنَ بَيْنَهُمْ ۭ

گویا کہ نہ رہے تھے مگر ایک ساعت دن سے ایکدوسرے کو پہچانیں گے آپس میں

قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَاۗءِ اللّٰهِ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ۝

تحقیق زیان پایا اُن لوگوں نے کہ جھٹلایا ملاقات اللہ کی کو اور نہ ہوئے راہ پانے والے ف۵

وَاِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ

اور اگر دکھلاویں ہم تجھ کو بعضی وہ چیز کہ وعدہ دیتے ہیں ہم اُن کو یا قبض کر لیویں تجھ کو

فَاِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ اللّٰهُ شَهِيْدٌ عَلٰي مَا يَفْعَلُوْنَ ۝

پس طرف ہمارے ہے پھر آنا اُن کا پھر اللہ شاہد ہے اوپر اس چیز کے کہ کرتے ہیں۔ ف۶

موضح القرآن

ف۱ اس کی حقیقت نہیں آئی یعنی جو وعدہ ہے اس قرآن میں وہ ابھی ظاہر نہیں ہوا۔ ۱۲ منہ رح۔

ع ۱۰

۹ ف۲ یعنی اگر جھوٹ پہنچاؤں حکم اللہ کا تو میں گنہگار ہوں تم نہیں اور اگر میں سچ لاؤں پھر نہ کرو تو گناہ تم پر ہے تو ماننے میں تمہارا نقصان نہیں کسی طرح۔ ۱۲ منہ رح

نصف

ف۳ یعنی کان رکھتے ہیں یا نگاہ کرتے ہیں اس توقع پر کہ ہمارے دل پر تصرف کر دیں جیسا کہ بعضوں پر ہو گیا سو یہ بات اللہ کے ہاتھ ہے۔ ۱۲ منہ رح

ف۴ یعنی بعضوں کے دل پر اثر نہیں دیتا۔ سو ان کی تقصیر ہے کہ دل صاف کر کر نہیں سنتے۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۵ یعنی قبر میں رہنا اس دن ایک گھڑی بھر معلوم ہوگا۔ ۱۲ منہ رح

(باقی صفحہ ۲۹۱ پر)

وَلِكُلِّ أُمَّةٍ رَّسُولٌ ۖ فَإِذَا جَاءَ رَسُولُهُمْ قُضِيَ بَيْنَهُم

اور واسطے ہر ایک اُمت کے پیغمبر ہے پس جب آتا ہے وہ پیغمبر اُنکا فیصل کیا جاتا ہو درمیان اُنکے

بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ﴿٤٧﴾ وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا

ساتھ انصاف کے اور وہ نہیں ظلم کئے جاتے ف۱ اور کہتے ہیں کب ہے یہ

الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿٤٨﴾ قُل لَّا أَمْلِكُ لِنَفْسِي

وعدہ اگر ہو تم سچے۔ کہہ نہیں اختیار رکھتا میں واسطے جان اپنی کے

ضَرًّا وَلَا نَفْعًا إِلَّا مَا شَاءَ اللَّهُ ۗ لِكُلِّ أُمَّةٍ أَجَلٌ ۚ

ضرر کا اور نہ فائدے کا مگر جو چاہے اللہ۔ واسطے ہر اُمت کے وقت مقرر ہے۔

إِذَا جَاءَ أَجَلُهُمْ فَلَا يَسْتَأْخِرُونَ سَاعَةً ۖ وَلَا يَسْتَقْدِمُونَ ﴿٤٩﴾

جب آتا ہے وقت اُن کا پس نہیں پیچھے رہتے ایک ساعت اور نہ آگے بڑھتے ہیں۔

قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَتَاكُمْ عَذَابُهُ بَيَاتًا أَوْ نَهَارًا مَّاذَا

کہہ کیا دیکھا تم نے اگر آوے تمکو عذاب اُس کا رات کو یا دن کو کس چیز کی

يَسْتَعْجِلُ مِنْهُ الْمُجْرِمُونَ ﴿٥٠﴾ أَثُمَّ إِذَا مَا وَقَعَ آمَنتُم

جلدی کرتے ہیں اس میں سے گنہگار ف۲ کیا پھر جو وقت ہو پڑیگا ایمان لاؤگے تم

بِهِ ۚ آلْآنَ وَقَدْ كُنتُم بِهِ تَسْتَعْجِلُونَ ﴿٥١﴾ ثُمَّ قِيلَ لِلَّذِينَ

ساتھ اُسکے۔ کیا اب ایمان لائے اور تحقیق تھے ساتھ اُسکے جلدی کرتے ف۳ پھر کہا جاویگا واسطے اُن

ظَلَمُوا ذُوقُوا عَذَابَ الْخُلْدِ هَلْ تُجْزَوْنَ إِلَّا بِمَا كُنتُمْ

لوگوں کے کہ ظلم کرتے تھے چکھو عذاب ہمیشہ کا۔ نہیں جزا دیئے جاؤ گے مگر ساتھ اسی چیز کے

تَكْسِبُونَ ﴿٥٢﴾ وَيَسْتَنبِئُونَكَ أَحَقٌّ هُوَ ۖ قُلْ إِي وَرَبِّي

کہ تھے تم کماتے۔ اور خبر پوچھتے ہیں تجھ سے کیا سچ ہے وہ۔ کہہ ہاں قسم ہے پروردگار میرے کی

إِنَّهُ لَحَقٌّ ۖ وَمَا أَنتُم بِمُعْجِزِينَ ﴿٥٣﴾ وَلَوْ أَنَّ لِكُلِّ

تحقیق وہ البتہ حق ہے۔ اور نہیں تم عاجز کرنے والے ف۴ اور اگر ہو واسطے ہر

نَفْسٍ ظَلَمَتْ مَا فِي الْأَرْضِ لَافْتَدَتْ بِهِ ۗ وَأَسَرُّوا

جی کے جس نے ظلم کیا ہے جو کچھ بیچ زمین کے ہے البتہ بدلا دیوے ساتھ اُسکے۔ اور چھپاویں گے

النَّدَامَةَ لَمَّا رَأَوُا الْعَذَابَ ۖ وَقُضِيَ بَيْنَهُم بِالْقِسْطِ

پشیمانی کو جب دیکھیں گے عذاب کو۔ اور فیصل کیا جاویگا درمیان اُنکے ساتھ انصاف کے

منزل ۳ — ع ۵ ۱۳ — وقف النبی علیہ السلام

(بقیہ صفحہ ۲۸۵) ف یعنی غرض ہلاک کیجہ حضرت کے رُوبرو ہُوا اور باقی اُنکے خلیفوں سے ۱۲ منہ رح

موضح القرآن

ف۱ عمل بد آگے سے ہوتے ہیں لیکن رسول پہنچکر سزا ملتی ہے ۱۲ منہ

ف۲ یعنی بچاؤ کر سکو تو پھر پوچھنے کا کیا فائدہ ۱۲ منہ رح

ف۳ یعنی عذاب آئے پر ایمان لانا کب قبول ہوگا ہو اسطے تو بھی عبث ہے ۱۲ منہ

ف۴ یعنی بھاگ کر عاجز نہ کرسکو گے ۱۲ منہ

وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ﴿٥٤﴾ اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ
اور وہ نہ ظلم کئے جاویں گے۔ خبردار ہو تحقیق واسطے اللہ کے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں
وَ الْاَرْضِ ۗ اَلَآ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّ لٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ
اور زمین کے ہے۔ خبردار ہو تحقیق وعدہ اللہ کا حق ہے ولیکن بہت اُن کے
لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٥٥﴾ هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿٥٦﴾
نہیں جانتے۔ وہی جلاتا ہے اور مارتا ہے اور طرف اسی کے پھیرے جاؤ گے
يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ
اے لوگو تحقیق آئی ہے تمہارے پاس نصیحت پروردگار تمہارے کے سے اور
شِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ وَهُدًى وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٥٧﴾
تندرستی واسطے اس چیز کے کہ بیچ سینوں کے ہے اور ہدایت اور رحمت واسطے مسلمانوں کے۔
قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا ؕ هُوَ
کہہ ساتھ فضل اللہ کے اور ساتھ رحمت اُس کی کے پس ساتھ اسی کے پس چاہئے کہ خوش ہوں۔ وہ
خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿٥٨﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ
بہتر ہے اس چیز سے کہ اکٹھا کرتے ہیں۔ کہہ کیا دیکھا تم نے جو کچھ اتارا ہے اللہ نے
لَكُمْ مِّنْ رِّزْقٍ فَجَعَلْتُمْ مِّنْهُ حَرَامًا وَّحَلٰلًا ؕ قُلْ
واسطے تمہارے رزق سے پس کیا تم نے اس میں سے حرام اور حلال۔ کہہ
آٰللّٰهُ اَذِنَ لَكُمْ اَمْ عَلَى اللّٰهِ تَفْتَرُوْنَ ﴿٥٩﴾ وَمَا ظَنُّ
کیا خدا نے حکم دیا ہے واسطے تمہارے یا اُوپر اللہ کے باندھ لیتے ہو ف۱ اور کیا گمان ہے
الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّ
اُن لوگوں کا کہ باندھ لیتے ہیں اُوپر اللہ کے جھوٹ دن قیامت کے۔ تحقیق
اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا
اللہ البتہ صاحب فضل کا ہے اُوپر لوگوں کے ولیکن بہت اُن کے نہیں
يَشْكُرُوْنَ ﴿٦٠﴾ وَمَا تَكُوْنُ فِيْ شَاْنٍ وَّمَا تَتْلُوْا مِنْهُ
شکر کرتے۔ اور نہیں ہوتا تو بیچ کسی حال کے اور نہیں تلاوت کرتا تو اللہ کی طرف کے
مِنْ قُرْاٰنٍ وَّلَا تَعْمَلُوْنَ مِنْ عَمَلٍ اِلَّا كُنَّا عَلَيْكُمْ
کچھ قرآن اور نہیں کرتے تم سب لوگ کچھ کام مگر ہوتے ہیں ہم اُوپر تمہارے

موضح القرآن
ف۱ سورۂ مائدہ اور انعام میں [illegible] ذکر ہو چکا - ۱۲ - منہ [illegible]

ع ۶ / ۱۲ (margin marker)

شُهُودًا إِذْ تُفِيضُونَ فِيهِ ۚ وَمَا يَعْزُبُ عَنْ رَّبِّكَ
حاضر جو تھے تم شروع کرتے بیچ اس کے۔ اور نہیں چھپتی پروردگار تیرے سے
مِنْ مِّثْقَالِ ذَرَّةٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَلَا
کچھ چیز برابر چھنگے کے بیچ زمین کے اور نہ بیچ آسمان کے اور نہ
أَصْغَرَ مِنْ ذٰلِكَ وَلَا أَكْبَرَ إِلَّا فِي كِتٰبٍ مُّبِينٍ ﴿٦١﴾
کوئی چیز چھوٹی اس سے اور نہ بڑی مگر بیچ کتاب بیان کرنیوالی کے ہے
أَلَا إِنَّ أَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ﴿٦٢﴾
خبردار ہو تحقیق دوست خدا کے نہیں ڈر اوپر اُن کے اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔
الَّذِينَ اٰمَنُوا وَكَانُوا يَتَّقُونَ ﴿٦٣﴾ لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ
وہ لوگ جو ایمان لائے اور تھے پرہیزگاری کرتے۔ واسطے اُنکے ہے خوشخبری بیچ زندگانی
الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ۚ لَا تَبْدِيلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ۚ ذٰلِكَ هُوَ
دُنیا کے اور بیچ آخرت کے۔ نہیں بدلنا کلام خدا کے کو۔ یہی ہے
الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ﴿٦٤﴾ وَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ إِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ
مُراد پانا بڑا۔ اور نہ غمگین کرے تجھ کو بات اُنکی۔ تحقیق عزت واسطے اللہ کے ہے
جَمِيعًا ۚ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿٦٥﴾ أَلَا إِنَّ لِلّٰهِ مَنْ فِي
ساری۔ وہی سُننے والا جاننے والا ہے۔ خبردار ہو تحقیق واسطے اللہ کے ہے جو کچھ بیچ
السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ ۗ وَمَا يَتَّبِعُ الَّذِينَ يَدْعُونَ
آسمانوں کے ہے اور جو کچھ بیچ زمین کے ہے۔ اور نہیں پیروی کرتے وہ لوگ جو کہ پکارتے ہیں
مِنْ دُونِ اللّٰهِ شُرَكَآءَ ۚ إِنْ يَتَّبِعُونَ إِلَّا الظَّنَّ وَ
سوائے اللہ کے شریکوں کو۔ نہیں پیروی کرتے مگر گمان کی اور
إِنْ هُمْ إِلَّا يَخْرُصُونَ ﴿٦٦﴾ هُوَ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ
نہیں وہ مگر اٹکل کرتے۔ وہی ہے جس نے کیا واسطے تمھارے رات کو
لِتَسْكُنُوا فِيهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ۚ إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ
تاکہ آرام پکڑیں بیچ اسکے اور دن کو دکھانے والا۔ تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانیاں ہیں
لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُونَ ﴿٦٧﴾ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحٰنَهُ ۗ
واسطے اس قوم کے کہ سنتے ہیں۔ کہتے ہیں پکڑی ہے اللہ نے اولاد پاکی ہے اُس کو۔

وقف لازم

هُوَ الْغَنِيُّ ؕ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ اِنْ

وہی ہے بے احتیاج۔ واسطے اسکے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے ہے اور جو کچھ بیچ زمین کے ہے نہیں

عِنْدَكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍۢ بِهٰذَا ؕ اَتَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۶۸﴾

تمہارے پاس کوئی دلیل ساتھ اس کے۔ کیا کہتے ہو اوپر اللہ کے جو کچھ کہ نہیں جانتے۔

قُلْ اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ﴿۶۹﴾ ؕ

کہہ تحقیق وہ لوگ کہ باندھ لیتے ہیں اوپر اللہ کے جھوٹ نہیں چھٹکارا پاتے کے۔

مَتَاعٌ فِي الدُّنْيَا ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ نُذِيْقُهُمُ الْعَذَابَ

فائدہ ہے بیچ دنیا کے پھر طرف ہمارے ہے پھر آنا اُن کا پھر چکھاویں گے ہم اُنکو عذاب

الشَّدِيْدَ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ﴿۷۰﴾ ع وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ نُوْحٍ ۘ م

سخت بسبب اس کے کہ تھے کفر کرتے۔ اور پڑھ اوپر اُن کے خبر نوح کی

اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكُمْ مَّقَامِيْ وَ

جسوقت کہا واسطے قوم اپنی کے اے قوم میری اگر ہے دشوار اوپر تمہارے رہنا میرا اور

تَذْكِيْرِيْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَعَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ فَاَجْمِعُوْۤا اَمْرَكُمْ

نصیحت کرنی میری ساتھ نشانیوں اللہ کے پس اوپر اللہ کے توکل کیا میں نے پس مقرر کرو تم کام اپنے

وَشُرَكَآءَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُنْ اَمْرُكُمْ عَلَيْكُمْ غُمَّةً ثُمَّ

کو اور جمع کرو شریکوں اپنے کو پھر نہ ہووے کام تمہارا اوپر تمہارے چھپا ہوا پھر

اقْضُوْۤا اِلَيَّ وَلَا تُنْظِرُوْنِ ﴿۷۱﴾ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَمَا سَاَلْتُكُمْ

تمام کر ڈالو اس کام کو طرف میرے اور مت ڈھیل دو مجھکو ف پس اگر پھر جاؤ تم پس نہیں مانگا میں نے

مِّنْ اَجْرٍ ؕ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ ۙ وَاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ

مزدوری۔ نہیں مزدوری میری مگر اوپر اللہ کے اور حکم کیا گیا ہوں میں یہ کہ ہوں میں

مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۷۲﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَنَجَّيْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ فِي

فرماں برداروں سے۔ پس جھٹلایا اُسکو پس نجات دی ہمنے اُسکو اور اُنکو جو تھے اسکے ساتھ بیچ

الْفُلْكِ وَجَعَلْنٰهُمْ خَلٰٓئِفَ وَاَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا

کشتی کے اور کیا ہمنے اُن کو جانشین اور ڈبو دیا ہمنے اُن لوگوں کو کہ جھٹلاتے تھے

بِاٰيٰتِنَا ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۷۳﴾ ثُمَّ

نشانیوں ہماری کو۔ پس دیکھ کیونکر ہوئی عاقبت ڈرائے گیوں کی۔ پھر

ع ١٠ ١٢

موضح القرآن

ف یعنی سمجھانے سے بُرا مانتے ہو تو جو کر سکو میرا کر ڈالو۔ ١٢ منہ رح۔

بَعَثْنَا مِنْ بَعْدِهٖ رُسُلًا اِلٰى قَوْمِهِمْ فَجَآءُوْهُمْ

بھیجے ہم نے پیچھے اس سے پیغمبر طرف قوم انکی کے پس آئے ان کے پاس

بِالْبَيِّنٰتِ فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا بِمَا كَذَّبُوْا بِهٖ مِنْ قَبْلُ

ساتھ دلیلوں ظاہر کے پس نہ تھے کہ ایمان لاویں ساتھ اس چیز کے کہ جھٹلایا تھا اسکو پہلے اس سے

كَذٰلِكَ نَطْبَعُ عَلٰى قُلُوْبِ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿٧٤﴾ ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْ

اسی طرح مہر رکھتے ہیں ہم اوپر دلوں حد سے نکل جانے والوں کے ۔ پھر بھیجا ہم نے

بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى وَهٰرُوْنَ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ بِاٰيٰتِنَا

پیچھے ان سے موسی اور ہارون کو طرف فرعون کے اور سرداروں اسکے کو ساتھ نشانیوں اپنی کے

فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ﴿٧٥﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ

پس تکبر کیا انھوں نے اور تھے وہ لوگ قوم گنہگار ۔ پس جب آیا ان کے پاس حق

مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْٓا اِنَّ هٰذَا لَسِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿٧٦﴾ قَالَ مُوْسٰٓى

نزدیک ہمارے سے کہا انھوں نے تحقیق یہ البتہ جادو ہے ظاہر ۔ کہا موسی نے

اَتَقُوْلُوْنَ لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَكُمْ ؕ اَسِحْرٌ هٰذَا ؕ وَلَا يُفْلِحُ

کیا کہتے ہو تم واسطے حق کے جب آیا تمھارے پاس ۔ کیا جادو ہے یہ ۔ اور نہیں چھٹکارا پاتے

السّٰحِرُوْنَ ﴿٧٧﴾ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِتَلْفِتَنَا عَمَّا وَجَدْنَا عَلَيْهِ

جادوگر ۔ کہا انھوں نے کیا آیا ہی تو ہمارے پاس تا کہ پھیر دے ہمکو اس چیز سے کہ پایا ہی ہمنے اوپر اسکے

اٰبَآءَنَا وَتَكُوْنَ لَكُمَا الْكِبْرِيَآءُ فِى الْاَرْضِ ؕ وَمَا نَحْنُ لَكُمَا

باپوں اپنوں کو اور ہووے واسطے تمہارے بڑائی بیچ زمین کے ۔ اور نہیں ہم واسطے تمہارے

بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿٧٨﴾ وَقَالَ فِرْعَوْنُ ائْتُوْنِىْ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِيْمٍ ﴿٧٩﴾

ایمان لانے والے ۔ اور کہا فرعون نے لے آؤ میرے پاس ہر جادوگر دانا کو ۔

فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰٓى اَلْقُوْا مَآ اَنْتُمْ

پس جب آئے جادوگر کہا واسطے انکے موسی نے ڈالو جو کچھ ہو تم

مُّلْقُوْنَ ﴿٨٠﴾ فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ؕ

ڈالنے والے ۔ پس جب ڈالا انھوں نے کہا موسی نے جو لائے ہو تم جادو ہے ۔

اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿٨١﴾

تحقیق اللہ شتاب باطل کرتا ہے اسکو ۔ تحقیق اللہ نہیں سنوارتا کام مفسدوں کا ۔

وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝٨٢

اور ثابت کریگا اللہ حق کو ساتھ باتوں اپنی کے اور اگرچہ ناخوش رکھیں گنہگار۔

فَمَآ اٰمَنَ لِمُوْسٰٓى اِلَّا ذُرِّيَّةٌ مِّنْ قَوْمِهٖ عَلٰى خَوْفٍ

پس نہ ایمان لائے واسطے موسیٰ کے مگر اولاد قوم اس کی کی اوپر ڈر کے

مِّنْ فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهِمْ اَنْ يَّفْتِنَهُمْ ۭ وَاِنَّ فِرْعَوْنَ لَعَالٍ

فرعون سے اور سرداروں اُن کے سے یہ کہ عذاب کرے انکو۔ اور تحقیق فرعون البتہ چڑھا

فِي الْاَرْضِ ۚ وَاِنَّهٗ لَمِنَ الْمُسْرِفِيْنَ ۝٨٣ وَقَالَ مُوْسٰى يٰقَوْمِ

ہوا ہے بیچ زمین کے۔ اور تحقیق وہ البتہ بے باکوں سے ہے۔ اور کہا موسیٰ نے اے قوم میری

اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ فَعَلَيْهِ تَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّسْلِمِيْنَ ۝٨٤

اگر ہو تم ایمان لائے ساتھ اللہ کے پس اوپر اسی کے توکل کرو تم اگر ہو تم فرماں بردار۔

فَقَالُوْا عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ۚ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ

پس کہا انھوں نے اوپر اللہ کے توکل کیا ہمنے۔ اے رب ہمارے مت کر ہم کو فتنہ واسطے قوم

الظّٰلِمِيْنَ ۝٨٥ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝٨٦

ظالموں کے۔ اور نجات دے ہمکو ساتھ رحمت اپنی کے قوم کافروں سے۔

وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰى وَاَخِيْهِ اَنْ تَبَوَّاٰ لِقَوْمِكُمَا

اور وحی بھیجی ہمنے طرف موسیٰ کے اور بھائی اسکے کے یہ کہ جگہ دو واسطے قوم اپنی کے

بِمِصْرَ بُيُوْتًا وَّاجْعَلُوْا بُيُوْتَكُمْ قِبْلَةً وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ۭ

بیچ مصر کے گھر اور کرو گھروں اپنوں کو رو بقبلہ یعنی مسجدیں بناؤ اور قائم رکھو نماز کو۔

وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝٨٧ وَقَالَ مُوْسٰى رَبَّنَآ اِنَّكَ اٰتَيْتَ

اور بشارت دے ایمان والوں کو ف اور کہا موسیٰ نے اے رب ہمارے تحقیق تو نے دیا ہے

فِرْعَوْنَ وَمَلَاَهٗ زِيْنَةً وَّاَمْوَالًا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ رَبَّنَا

فرعون کو اور سرداروں اس کے کو آرایش اور مال بیچ زندگانی دنیا کے اے رب ہمارے

لِيُضِلُّوْا عَنْ سَبِيْلِكَ ۚ رَبَّنَا اطْمِسْ عَلٰٓي اَمْوَالِهِمْ وَ

تاکہ گمراہ کریں راہ تیری سے۔ اے رب ہمارے میٹ ڈال اوپر مالوں انکے کے اور

اشْدُدْ عَلٰي قُلُوْبِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْا حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ

سختی ڈال اوپر دلوں انکے کے پس نہ ایمان لاویں یہاں تک کہ دیکھیں عذاب

موضح القرآن

ف جب فرعون کا ہلاک ہونا نزدیک پہنچا تب حکم ہوا کہ اپنی قوم اُن میں شامل نہ رکھو اپنا محلہ جدا بساؤ کہ آگے اُن پر آفتیں پڑتی ہیں یہ قوم آفت میں شریک نہ ہو۔ ۱۲ منہ

الْاَلِیْمَ ﴿۸۸﴾ قَالَ قَدْ اُجِیْبَتْ دَّعْوَتُكُمَا فَاسْتَقِیْمَا وَ
درد دینے والا ف۱ کہا تحقیق قبول کی گئی دُعا تمھاری پس مستقیم رہو تم اور
لَا تَتَّبِعٰٓنِّ سَبِیْلَ الَّذِیْنَ لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿۸۹﴾ وَ جٰوَزْنَا
ہرگز مت پیروی کرو راہ اُن لوگوں کی کہ نہیں جانتے ف۲ اور اُتارے گئے ہم
بِبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ الْبَحْرَ فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ وَ جُنُوْدُهٗ بَغْیًا وَّ
بنی اسرائیل کو دریا سے پس پیچھا کیا اُنکا فرعون نے اور لشکروں اسکے نے سرکشی سے اور
عَدْوًا ؕ حَتّٰٓی اِذَآ اَدْرَكَهُ الْغَرَقُ ۙ قَالَ اٰمَنْتُ اَنَّهٗ
تعدی سے۔ یہاں تک کہ جب پایا اُس کو غرق نے کہا کہ ایمان لایا میں یہ کہ
لَآ اِلٰهَ اِلَّا الَّذِیْٓ اٰمَنَتْ بِهٖ بَنُوْٓا اِسْرَآءِیْلَ وَ اَنَا
نہیں کوئی معبود مگر وہ جو ایمان لائے ہیں ساتھ اس کے بنی اسرائیل اور میں
مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ﴿۹۰﴾ آٰلْـٰٔنَ وَ قَدْ عَصَیْتَ قَبْلُ وَ
فرماں برداروں سے ہوں۔ کیا اب ایمان لاتا ہے اور تحقیق نافرمانی کرچکا تو پہلے اس سے اور
كُنْتَ مِنَ الْمُفْسِدِیْنَ ﴿۹۱﴾ فَالْیَوْمَ نُنَجِّیْكَ بِبَدَنِكَ
تھا تو مفسدوں سے ف۳۔ پس آج نجات دینگے ہم تجھ کو ساتھ بدن تیرے کے
لِتَكُوْنَ لِمَنْ خَلْفَكَ اٰیَةً ؕ وَ اِنَّ كَثِیْرًا مِّنَ النَّاسِ
تاکہ ہو تو واسطے اُن لوگوں کے کہ پیچھے تیرے ہیں نشانی۔ اور تحقیق بہت لوگوں میں سے
عَنْ اٰیٰتِنَا لَغٰفِلُوْنَ ﴿۹۲﴾ وَ لَقَدْ بَوَّاْنَا بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ
نشانیوں ہماری سے البتہ غافل ہیں ف۴ اور البتہ تحقیق جگہ دی ہمنے بنی اسرائیل کو
مُبَوَّاَ صِدْقٍ وَّ رَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّیِّبٰتِ ۚ فَمَا اخْتَلَفُوْا
جگہ دینا راستی کا اور رزق دیا ہمنے اُنکو پاکیزہ چیزوں سے پس نہ اختلاف کیا اُنھوں نے
حَتّٰی جَآءَهُمُ الْعِلْمُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ یَقْضِیْ بَیْنَهُمْ یَوْمَ
یہانتک کہ آیا اُنکے پاس علم۔ تحقیق پروردگار تیرا فیصل کرے گا درمیان اُن کے دن
الْقِیٰمَةِ فِیْمَا كَانُوْا فِیْهِ یَخْتَلِفُوْنَ ﴿۹۳﴾ فَاِنْ كُنْتَ فِیْ
قیامت کے بیچ اس چیز کے کہ تھے بیچ اسکے اختلاف کرتے ف۵۔ پس اگر ہو تو بیچ
شَكٍّ مِّمَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَیْكَ فَسْئَلِ الَّذِیْنَ یَقْرَءُوْنَ
شک کے اس چیز کے کہ نازل کی ہمنے طرف تیرے پس سوال کر اُن لوگوں سے کہ پڑھتے ہیں

موضح القرآن

ف۱ سچے ایمان کی اُن سے ... تھی کہ جب کچھ ... ت پڑتی تو جھوٹی زباں ... سے کہتے کہ اب ہم مانیں ... گے اس میں عذاب تھم ... جاتا کام فیصل ہوتا اس ... واسطے مانگا یہ جھوٹا ایمان ... وہیں دل ان کے سخت ... رہیں تا عذاب پڑ چکے اور ... کام فیصل ہو۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی شتابی نکرو حکم ... ... سمجھو۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ یہ اللہ فرماتا ہے یعنی ... مدت عمر مخالف ... رہا اب عذاب دیکھ ... کر یقین لایا اس وقت کا ... یقین کیا معتبر ہو۔ ۱۲ منہ رح

ف۴ جیسا وہ بے وقت ... ایمان لایا بے فائدہ ... ویسا ہی اکثر نے مر گئے ۱۴ ... پیچھے اس کا بدن دریا میں ... سے نکال کر ٹیلے پر ڈال ... دیا کہ بنی اسرائیل دیکھ ... کر شکر کریں اور عبرت پکڑیں ... اسکو بدن بچنے سے کیا ... فائدہ۔ ۱۲ منہ رح

ف۵ یعنی ملک شام دیا ... کہ کوئی مخالف ان کا نہ ... رہا۔ ۱۲ منہ رح

ع ۹/۱۰

الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ لَقَدْ جَآءَكَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ

کتاب پہلے تجھ سے۔ تحقیق آیا ہے تیرے پاس حق پروردگار تیرے سے

فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿٩٤﴾ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ

پس مت ہو شک لانے والوں سے۔ اور مت ہو

الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَتَكُوْنَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿٩٥﴾

اُن لوگوں سے کہ جھٹلاتے ہیں نشانیوں اللہ کی کو پس ہو جاویگا ٹوٹا پانے والوں سے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ حَقَّتْ عَلَيْهِمْ كَلِمَتُ رَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٩٦﴾

تحقیق وہ لوگ کہ ثابت ہوئی اُوپر اُنکے بات پروردگار تیرے کی نہیں ایمان لاویں گے۔

وَلَوْ جَآءَتْهُمْ كُلُّ اٰيَةٍ حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿٩٧﴾

اور اگر آویں اُنکے پاس سب نشانیاں یہاں تک کہ دیکھیں عذاب درد دینے والا ف۱۔

فَلَوْلَا كَانَتْ قَرْيَةٌ اٰمَنَتْ فَنَفَعَهَآ اِيْمَانُهَآ اِلَّا قَوْمَ

پس کیوں نہ ہوئی کوئی بستی کہ ایمان لائی ہو پس نفع دیا ہو اُسکو ایمان اُسکے نے مگر قوم

يُوْنُسَ ۚ لَمَّآ اٰمَنُوْا كَشَفْنَا عَنْهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيٰوةِ

یونس کی۔ جب ایمان لائے کھول دیا ہمنے اُن سے عذاب رسوائی کا بیچ زندگانی

الدُّنْيَا وَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ ﴿٩٨﴾ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَاٰمَنَ

دنیا کے اور فائدہ دیا ہمنے اُنکو ایک مدت تک ف۲۔ اور اگر چاہتا پروردگار تیرا البتہ ایمان لاتے

مَنْ فِي الْاَرْضِ كُلُّهُمْ جَمِيْعًا ۭ اَفَاَنْتَ تُكْرِهُ النَّاسَ حَتّٰى

جو کوئی بیچ زمین کے ہیں سب سارے۔ آیا پس تو زبردستی کرتا ہے لوگوں کو یہاں تک کہ

يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿٩٩﴾ وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تُؤْمِنَ اِلَّا

ہو جاویں مسلمان۔ اور نہیں ممکن کسی جی کو یہ کہ ایمان لاوے مگر

بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَيَجْعَلُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿١٠٠﴾

ساتھ حکم خدا کے۔ اور کر دیتا ہے پلیدی اُوپر اُن لوگوں کے کہ نہیں سمجھتے۔

قُلِ انْظُرُوْا مَاذَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَمَا تُغْنِي

کہہ کہ دیکھو کیا کچھ بیچ آسمانوں کے ہے اور زمین کے ہے۔ اور نہیں کفایت کرتیں

الْاٰيٰتُ وَالنُّذُرُ عَنْ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿١٠١﴾ فَهَلْ

نشانیاں اور ڈرانے والے اُس قوم سے کہ نہیں ایمان لاتے۔ پس نہیں

موضح القرآن

ف۱ ٹھیک آئی بات یعنی ابلیس کو جو فرمایا تھا کہ تجھ کو اور تیرے ساتھیوں کو دوزخ میں بھرونگا۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی دُنیا میں عذاب دیکھ کر یقین لانا کسی کو کام نہیں آیا مگر قوم یونس کو اس واسطے کہ ان پر حکم عذاب کا نہ پہنچا تھا حضرت یونس کی شتابی سے صورت عذاب کی نمودار ہوئی تھی وہ ایمان لائے پھر بچ گئے اسی طرح مکے کے لوگ فتح مکہ میں ان پر فوج اسلام پہنچی قتل و غارت کو لیکن اُن کا ایمان قبول ہو گیا۔ ۱۲ منہ رح

(ع ۹)

يَنْتَظِرُوْنَ اِلَّا مِثْلَ اَيَّامِ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ
انتظار کرتے مگر مانند دنوں اُن لوگوں کے کہ گذرے ہیں پہلے اُن سے ۔
قُلْ فَانْتَظِرُوْٓا اِنِّىْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ۝١٠٢ ثُمَّ
کہہ پس منتظر رہو تحقیق میں بھی ساتھ تمھارے انتظار کرنے والوں سے ہوں ۔ پھر
نُنَجِّيْ رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كَذٰلِكَ ۚ حَقًّا عَلَيْنَا
نجات دینگے ہم پیغمبروں اپنوں کو اور اُن لوگوں کو جو ایمان لائے اسی طرح ثابت ہوا اوپر ہمارے
نُنْجِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝١٠٣ قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ
نجات دینا مسلمانوں کا ۔ کہہ اے لوگو اگر ہو تم بیچ
شَكٍّ مِّنْ دِيْنِيْ فَلَآ اَعْبُدُ الَّذِيْنَ تَعْبُدُوْنَ
شک کے دین میرے سے پس نہیں عبادت کرتا ہیں اُن کو کہ عبادت کرتے ہو تم
مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ اَعْبُدُ اللّٰهَ الَّذِيْ يَتَوَفّٰىكُمْ
سوائے اللہ کے ولیکن میں عبادت کرتا ہوں اللہ کو وہ جو قبض کرتا ہے تمکو
وَاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝١٠٤ وَاَنْ اَقِمْ
اور حکم کیا گیا ہوں میں یہ کہ ہوں میں ایمان والوں سے ف۱ ۔ اور یہ کہ سیدھا کر
وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا ۚ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝١٠٥
مُنہ اپنے کو واسطے دین کے حنیف ہو کر ۔ اور مت ہو مشرکوں سے ف۲ ۔
وَلَا تَدْعُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُكَ وَلَا يَضُرُّكَ ۚ
اور مت پکار سوائے اللہ کے اُس چیز کو کہ نہ نفع دے تجھ کو اور نہ ضرر دے تجھ کو
فَاِنْ فَعَلْتَ فَاِنَّكَ اِذًا مِّنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝١٠٦ وَاِنْ
پس اگر کیا تم نے پس تحقیق تو اُس وقت ظالموں سے ہے ۔ اور اگر
يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ۚ وَاِنْ
لگا دیوے تجھ کو اللہ برائی پس نہیں کھولنے والا واسطے اسکے مگر وہی ۔ اور اگر
يُّرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَاۗدَّ لِفَضْلِهٖ ۭ يُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ
ارادہ کرے تیرے ساتھ بھلائی کا پس نہیں کوئی پھیرنے والا فضل اسکے کو پہنچا دیتا ہے فضل جس کو چاہتا ہے
مِنْ عِبَادِهٖ ۭ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝١٠٧ قُلْ يٰٓاَيُّهَا
بندوں اپنے سے ۔ اور وہ بخشنے والا مہربان ہے ۔ کہہ اے

موضح القرآن

ف۱ کھینچ لیتا ہے یعنی موت دیتا ہے یہ صفت سب لوگ اللہ کی سمجھتے ہیں سو اسطے یہ بتا دیا کہ آخر ہی طرف کھینچے جاؤ گے کیونکہ مشہور ہے کہ اللہ ہی کی طرف آخر کو کھینچے جائیں گے تو بس اللہ ایک ہے اس کے سوا کی طرف رجوع ہونا حماقت ہے شرک کرنا ہے ۔ ۱۲ منہ رحمہ

ف۲ حنیف نام ہے دین ابراہیم والوں کا اور عرب شرک کرتے اور آپ کو حنیف کہے جاتے ۔ ۱۲ منہ رحمہ

النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ فَمَنِ اهْتَدٰى
لوگو تحقیق آیا ہے تمہارے پاس حق پروردگار تمہارے سے۔ پس جس نے راہ پائی
فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ
پس سوائے اسکے نہیں کہ راہ پاتا ہے واسطے جان اپنی کے۔ اور جو کوئی گمراہ ہوا پس سوائے اسکے نہیں گمراہ ہوتا
عَلَيْهَا ۚ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ﴿۱۰۸﴾ وَاتَّبِعْ مَا يُوْحٰٓى
ہے اوپر اس کے۔ اور نہیں میں اوپر تمہارے داروغہ۔ اور پیروی کر اس چیز کی کہ وحی کی جاتی ہے
اِلَيْكَ وَاصْبِرْ حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿۱۰۹﴾
طرف تیرے اور صبر کر یہاں تک کہ حکم کرے اللہ۔ اور وہ بہتر ہے سب حکم کرنے والوں کا۔

ع ۱۱ ۱۶

سُوْرَةُ هُوْدٍ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ مِائَةٌ وَّثَلٰثٌ وَّعِشْرُوْنَ اٰيَةً وَّعَشْرُ رُكُوْعَاتٍ
سورۃ ہود مکہ میں نازل ہوئی اس میں ایک سو تئیس آیتیں اور دس رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے۔

الٓرٰ ۚ كِتٰبٌ اُحْكِمَتْ اٰيٰتُهٗ ثُمَّ فُصِّلَتْ مِنْ لَّدُنْ
ایک کتاب ہے ثابت کی گئیں آیتیں اس کی پھر جدا کی گئی ہیں نزدیک
حَكِيْمٍ خَبِيْرٍ ﴿۱﴾ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ۚ اِنَّنِيْ لَكُمْ مِّنْهُ
حکمت والے خبردار کے سے۔ یہ کہ مت عبادت کرو مگر اللہ کی تحقیق میں واسطے تمہارے اس سے
نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ ﴿۲﴾ وَّاَنِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا
ڈرانے والا اور خوشخبری دینے والا ہوں۔ اور یہ کہ بخشش مانگو پروردگار اپنے سے پھر توبہ کرو
اِلَيْهِ يُمَتِّعْكُمْ مَّتَاعًا حَسَنًا اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى وَّ
طرف اسکی فائدہ دیگا تمکو فائدہ اچھا ایک وقت مقرر تک اور
يُؤْتِ كُلَّ ذِيْ فَضْلٍ فَضْلَهٗ ۗ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنِّيْٓ
دے گا ہر بڑائی والے کو بڑائی اس کی۔ اور اگر پھر جاؤ تم پس تحقیق میں
اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ كَبِيْرٍ ﴿۳﴾ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ ۚ
ڈرتا ہوں اوپر تمہارے عذاب دن بڑے کے سے ف طرف اللہ کے ہے پھر جانا تمہارا
وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۴﴾ اَلَآ اِنَّهُمْ يَثْنُوْنَ صُدُوْرَهُمْ
اور وہ اوپر ہر چیز کے قادر ہے۔ خبردار ہو تحقیق وہ لپیٹتے ہیں سینوں اپنے کو

موضح القرآن
ف برتاوے اور زیادتی والے کو اپنی زیادتی دیوے یعنی ایمان لاؤ تو دنیا کی زندگی اچھی طرح گذرے اور جو کوئی اس سے زیادہ قدم رکھے وہ زیادہ درجہ پاوے ۱۲ منہ

لِيَسْتَخْفُوا مِنْهُ ۚ أَلَا حِينَ يَسْتَغْشُونَ ثِيَابَهُمْ ۙ يَعْلَمُ مَا
تاکہ چھپ جاویں اس سے۔ خبردار ہو جس وقت لپیٹتے ہیں کپڑے اپنے جانتا ہے جو کچھ

يُسِرُّونَ وَمَا يُعْلِنُونَ ۚ إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ﴿٥﴾
چھپاتے ہیں اور جو کچھ ظاہر کرتے ہیں۔ تحقیق وہ جانتا ہے سینے والی بات کو ف۱۔

وَمَا مِنْ دَابَّةٍ فِي الْأَرْضِ إِلَّا عَلَى اللَّهِ
اور نہیں کوئی چلنے والا بیچ زمین کے مگر اوپر اللہ کے ہے

رِزْقُهَا وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا ۚ كُلٌّ فِي كِتَابٍ
رزق اُس کا اور جانتا ہے جگہ قرار اُسکے کی اور جگہ سونپنے اُسکے کی۔ ہر ایک بیچ کتاب

مُبِينٍ ﴿٦﴾ وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ فِي
بیان کرنے والی کے ہے ف۲۔ اور وہی ہے جس نے پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو بیچ

سِتَّةِ أَيَّامٍ وَكَانَ عَرْشُهُ عَلَى الْمَاءِ لِيَبْلُوَكُمْ أَيُّكُمْ
چھ دن کے اور تھا عرش اُس کا اُوپر پانی کے تاکہ آزماوے تمکو کون تم میں سے

أَحْسَنُ عَمَلًا ۗ وَلَئِنْ قُلْتَ إِنَّكُمْ مَبْعُوثُونَ مِنْ بَعْدِ
بہتر ہے عمل میں۔ اور اگر کہے تو البتہ تم اُٹھائے جاؤ گے پیچھے

الْمَوْتِ لَيَقُولَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا إِنْ هَٰذَا إِلَّا سِحْرٌ
موت کے البتہ کہیں گے وہ لوگ کہ کافر ہوئے نہیں یہ مگر جادو

مُبِينٌ ﴿٧﴾ وَلَئِنْ أَخَّرْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ إِلَىٰ أُمَّةٍ
ظاہر۔ اور اگر ڈھیل دیویں ہم اُن سے عذاب کو ایک مُدت

مَعْدُودَةٍ لَيَقُولُنَّ مَا يَحْبِسُهُ ۗ أَلَا يَوْمَ يَأْتِيهِمْ لَيْسَ
گنی ہوئی تلک البتہ کہیں گے کس چیز نے بند رکھا ہے اسکو۔ خبردار ہو جسدن آویگا اُنکے پاس نہ

مَصْرُوفًا عَنْهُمْ وَحَاقَ بِهِمْ مَا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ﴿٨﴾
پھیرا جاوے گا اُن سے اور گھیر لیوے گی اُن کو وہ چیز کہ تھے ساتھ اُس کے ٹھٹھا کرتے۔

وَلَئِنْ أَذَقْنَا الْإِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً ثُمَّ نَزَعْنَاهَا مِنْهُ ۚ
اور اگر چکھا دیں ہم آدمی کو اپنی طرف سے رحمت پھر کھینچ لیویں ہم اُس سے اُس کو

إِنَّهُ لَيَئُوسٌ كَفُورٌ ﴿٩﴾ وَلَئِنْ أَذَقْنَاهُ نَعْمَاءَ بَعْدَ ضَرَّاءَ
تحقیق وہ البتہ نا اُمید ناشکر ہے۔ اور اگر چکھا دیں ہم اُسکو نعمت پیچھے سختی کے کہ

موضح القرآن

ف۱ کافر کچھ مخالفت کی بات گھر میں کہتے اس کا جواب قرآن میں اُترتا سمجھتے کہ کوئی کھڑا سنتا ہے جا کر رسول خدا سے کہہ دیتا ہے تب سے یہی باتیں کہتے وکپڑا اوڑھ کر جھک کر دوہرے ہو کر اللہ تعالیٰ نے یہ نازل کیا: ۱۲۔ منہ رح

ف۲ جہاں ٹھہرنا ہے بہشت و دوزخ جہاں سونپا جانا ہے اس کی قبر اور روزی اسکی سو دنیا میں۔ ۱۲۔ منہ رح

منزل ۳ — الجزء الثانی عشر — ع ۱ / ۸

مَسَّتْهُ لَيَقُوْلَنَّ ذَهَبَ السَّيِّاٰتُ عَنِّيْ ؕ اِنَّهٗ لَفَرِحٌ
لگی تھی اس کو البتہ کہے گا کہ گئیں برائیاں مجھ سے تحقیق وہ خوشیاں کرنیوالا
فَخُوْرٌ ۝١٠ اِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ
شیخی خورا ہے۔ مگر جن لوگوں نے صبر کیا اور کام کئے اچھے۔ یہ لوگ
لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝١١ فَلَعَلَّكَ تَارِكٌۢ بَعْضَ مَا
واسطے اُنکے بخشش ہے اور ثواب بڑا۔ پس شاید کہ تو چھوڑ دینے والا ہے بعضی وہ چیز کہ
يُوْحٰٓى اِلَيْكَ وَضَآئِقٌۢ بِهٖ صَدْرُكَ اَنْ يَّقُوْلُوْا لَوْلَآ
وحی کی جاتی ہے طرف تیری اور تنگ ہوجاتا ہے ساتھ اسکے سینہ تیرا اسواسطے کہ کہیں وہ کیوں نہ
اُنْزِلَ عَلَيْهِ كَنْزٌ اَوْ جَآءَ مَعَهٗ مَلَكٌ ؕ اِنَّمَآ اَنْتَ نَذِيْرٌ ؕ
اُتارا گیا اُوپر اُسکے خزانہ یا کیوں نہ آیا ساتھ اسکے فرشتہ سوائے اسکے نہیں کہ تو ڈرانیوالا ہے۔
وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ؕ ۝١٢ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ
اور اللہ اُوپر ہر چیز کے کارساز ہے۔ کیا کہتے ہیں یہ کہ باندھ لیا ہے اُس کو۔
قُلْ فَاْتُوْا بِعَشْرِ سُوَرٍ مِّثْلِهٖ مُفْتَرَيٰتٍ وَّادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ
کہہ پس لے آؤ دس سورتیں مانند اسکے باندھ لی ہوئی اور پکارو جس کو پکار سکو تم
مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝١٣ فَاِلَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا
سوائے اللہ کے اگر ہو تم سچے۔ پس اگر نہ قبول کریں
لَكُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اُنْزِلَ بِعِلْمِ اللّٰهِ وَاَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا
واسطے تمہارے پس جانو تم یہ کہ وہ اُتارا گیا ہے ساتھ علم خدا کے اور یہ کہ نہیں کوئی معبود مگر
هُوَ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ۝١٤ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيٰوةَ
وہ۔ پس آیا ہو تم فرماں برداری کرنے والے۔ جو کوئی ہے ارادہ کرتا زندگانی
الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا نُوَفِّ اِلَيْهِمْ اَعْمَالَهُمْ فِيْهَا وَهُمْ فِيْهَا
دُنیا کا اور آرایش اسکی کا پورا دینگے ہم طرف اُن کی عمل اُن کے بیچ اسکے اور وہ بیچ اسکے
لَا يُبْخَسُوْنَ ۝١٥ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَيْسَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ
نہ کمی کئے جائیں گے۔ یہی ہیں وہ لوگ کہ نہیں واسطے انکے بیچ آخرت کے
اِلَّا النَّارُ ۖ وَحَبِطَ مَا صَنَعُوْا فِيْهَا وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝١٦
مگر آگ اور کھویا گیا جو کچھ کیا تھا انھوں نے بیچ اسکے اور جھوٹا ہوا جو کچھ کہ تھے وہ عمل کرتے۔

أَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ وَيَتْلُوْهُ شَاهِدٌ
آیا پس جو شخص کہ ہو اُوپر دلیل کے پروردگار اپنے کے اور پیچھے پیچھے آتا ہو اسکے ایک شاہد
مِّنْهُ وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا وَّرَحْمَةً ۚ اُولٰٓئِكَ
اسکی طرف سے اور پہلے اس سے کتاب ہے موسیٰ کی پیشوا اور رحمت۔ یہ لوگ
يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ۚ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِهٖ مِنَ الْاَحْزَابِ فَالنَّارُ مَوْعِدُهٗ ۚ
ایمان لاتے ہیں ساتھ اسکے۔ اور جو کوئی کفر کرے ساتھ اسکے گروہوں میں سے پس آگ ہے جگہ وعدے اسکے کی۔
فَلَا تَكُ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْهُ ۚ اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ وَلٰكِنَّ
پس مت ہو بیچ شک کے اُس سے تحقیق وہ سچ ہے پروردگار تیرے سے ولیکن
اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى
بہت لوگ نہیں ایمان لاتے ف۱ اور کون شخص ہے بہت ظالم اس شخص سے کہ باندھے جھوٹ
عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ۭ اُولٰٓئِكَ يُعْرَضُوْنَ عَلٰى رَبِّهِمْ وَيَقُوْلُ
اُوپر اللہ کے جھوٹ۔ یہ لوگ روبرو لائے جاویں گے اوپر رب اپنے کے اور کہیں گے
الْاَشْهَادُ هٰٓؤُلَاۗءِ الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ ۚ اَلَا لَعْنَةُ
گواہ یہ لوگ ہیں کہ جھوٹ بولتے تھے اوپر پروردگار اپنے کے خبردار ہو لعنت ہے
اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۸﴾ الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ
اللہ کی اُوپر ظالموں کے۔ وہ جو بند کرتے ہیں راہ
اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۭ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۱۹﴾
خدا کی سے اور چاہتے ہیں ساتھ اسکے کجی۔ اور وہ ساتھ آخرت کے وہی ہیں کافر ف۲۔
اُولٰٓئِكَ لَمْ يَكُوْنُوْا مُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ وَمَا كَانَ
یہ لوگ نہ تھے عاجز کرنیوالے بیچ زمین کے اور نہ تھا
لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَاۗءَ ۘ يُضٰعَفُ لَهُمُ الْعَذَابُ ۭ
واسطے اُن کے سوائے اللہ کے کوئی دوست دوگنا کیا جاویگا واسطے اُنکے عذاب۔
مَا كَانُوْا يَسْتَطِيْعُوْنَ السَّمْعَ وَمَا كَانُوْا يُبْصِرُوْنَ ﴿۲۰﴾
نہ تھے کر سکتے سُننا اور نہ تھے دیکھتے ف۳۔
اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا
یہ لوگ ہیں جنھوں نے ٹوٹا دیا جانوں اپنی کو اور کھویا گیا اُن سے جو کچھ کہ تھے

موضح القرآن

ف۱ گواہی پہنچی ہے یعنی دل میں اس دین کا نور اور مزہ پاتا ہے اور قرآن کی حلاوت۔

ف۲ گواہی والے آخرت میں فرشتے ہوں گے جو عمل لکھتے ہیں اور نیک بخت آدمی جن کو خبر تھی۔ فائدہ خدا پر جھوٹ بولنا کئی طرح ہے بے علم میں غلط نقل کرنا یا خواب بنا لینا یا عقل سے حکم کرنا دین کی بات میں یا دعوے کرنا کہ کشف رکھتا ہوں یا اللہ کا مقترب ہوں۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۳ یعنی اللہ پر جھوٹ بولا کہاں سے لائے غیب سن نہ آتے تھے غیب کو دیکھتے نہ تھے۔

۱۲ منہ رح

يَفْتَرُوْنَ ۝٢١ لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ هُمُ الْاَخْسَرُوْنَ ۝٢٢

باندھ لیتے ف۱ نہیں شک یہ کہ وہ بیچ آخرت کے وہی ہیں ٹوٹا پانے والے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَخْبَتُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ ۙ

تحقیق جو لوگ کہ ایمان لائے اور کام کیے اچھے اور عاجزی کی طرف پروردگار اپنے کے

اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝٢٣ مَثَلُ

یہ لوگ رہنے والے بہشت کے ہیں۔ وہ بیچ اسکے ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ مثال

الْفَرِيْقَيْنِ كَالْاَعْمٰى وَالْاَصَمِّ وَالْبَصِيْرِ وَالسَّمِيْعِ ۭ

دونو فرقوں کی جیسے ایک اندھا ہوا اور بہرا ہوا اور دوسرا دیکھنے والا اور سننے والا ہوا۔

هَلْ يَسْتَوِيٰنِ مَثَلًا ۭ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝٢٤ۧ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا

کیا برابر ہوتے ہیں مثال میں۔ کیا پس نہیں نصیحت پکڑتے ہو تم۔ اور تحقیق بھیجا ہم نے

نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖٓ ۡ اِنِّىْ لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝٢٥ۙ اَنْ لَّا تَعْبُدُوْٓا

نوح کو طرف قوم اسکی کے تحقیق میں واسطے تمہارے ڈرانے والا ہوں ظاہر۔ یہ کہ نہ عبادت کرو

اِلَّا اللّٰهَ ۭ اِنِّىْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ اَلِيْمٍ ۝٢٦ فَقَالَ

مگر اللہ کو۔ تحقیق میں ڈرتا ہوں اوپر تمہارے عذاب دن درد دینے والے کے سے۔ پس کہا

الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ مَا نَرٰىكَ اِلَّا بَشَرًا

سرداروں نے جو لوگ کہ کافر ہوئے تھے قوم اس کی سے نہیں دیکھتے ہم تجھ کو مگر آدمی

مِّثْلَنَا وَمَا نَرٰىكَ اتَّبَعَكَ اِلَّا الَّذِيْنَ هُمْ اَرَاذِلُنَا

مانند اپنی اور نہیں دیکھتے ہم تجھ کو کہ پیروی کی ہو تیری مگر اُن لوگوں نے کہ وہ رذالے ہمارے ہیں

بَادِيَ الرَّاْيِ ۚ وَمَا نَرٰى لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلٍۢ بَلْ

ظاہر سمجھے۔ اور نہیں دیکھتے ہم واسطے تمہارے اوپر اپنے کچھ بڑائی سے بلکہ

نَظُنُّكُمْ كٰذِبِيْنَ ۝٢٧ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى

گمان کرتے ہیں ہم تمکو جھوٹے۔ کہا اے قوم میری کیا دیکھا تم نے اگر ہوں میں اوپر

بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَاٰتٰىنِيْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِهٖ فَعُمِّيَتْ

دلیل کے پروردگار اپنے سے اور دی ہو مجھ کو رحمت یعنی نبوت نزدیک اپنے سے پس چھپائی گئی

عَلَيْكُمْ ۭ اَنُلْزِمُكُمُوْهَا وَاَنْتُمْ لَهَا كٰرِهُوْنَ ۝٢٨ وَيٰقَوْمِ

اوپر تمہارے کیا لگا دیویں گے ہم تمکو وہ رحمت اور تم اسکو ناخوش رکھنے والے ہو۔ اور اے قوم میری

ع ۱۶ / ۲

موضح القرآن

ف۱ یعنی جھوٹے دعوے آخرت میں گم ہوگئے۔

۱۲ منہ رح

لَآ أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مَالًا ۖ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَى اللَّهِ ۚ وَ

نہیں مانگتا میں تم سے اوپر اسکے کچھ مال ۔ نہیں بدلا میرا مگر اوپر اللہ کے اور

مَآ أَنَا بِطَارِدِ الَّذِينَ آمَنُوا ۚ إِنَّهُمْ مُلَاقُو رَبِّهِمْ وَلَٰكِنِّي

نہیں میں ہانک دینے والا ان لوگوں کو کہ ایمان لائے بتحقیق وہ ملنے والے ہیں رب اپنے سے ولیکن میں

أَرَاكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُونَ ﴿۲۹﴾ وَيَا قَوْمِ مَنْ يَنْصُرُنِي مِنَ اللَّهِ

دیکھتا ہوں تمکو ایک قوم ہو کر جہالت کرتے ہو ۔ اور اے قوم میری کون شخص مدد دیگا مجھ کو اللہ سے

إِنْ طَرَدْتُهُمْ ۚ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ ﴿۳۰﴾ وَلَآ أَقُولُ لَكُمْ عِنْدِي

اگر ہانک دوں میں اُنکو ۔ کیا پس نہیں نصیحت پکڑتے ف۱ اور نہیں کہتا ہوں میں تمسے کہ نزدیک میرے

خَزَائِنُ اللَّهِ وَلَآ أَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ أَقُولُ إِنِّي مَلَكٌ

خزانے خدا کے ہیں اور نہیں جانتا میں غیب کو اور نہیں کہتا میں کہ تحقیق میں فرشتہ ہوں

وَّلَآ أَقُولُ لِلَّذِينَ تَزْدَرِي أَعْيُنُكُمْ لَنْ يُؤْتِيَهُمُ اللَّهُ

اور نہیں کہتا میں واسطے اُن لوگوں کے کہ حقیر دیکھتی ہیں اُنکو آنکھیں تمھاری ہرگز نہ دیویگا اُنکو اللہ

خَيْرًا ۖ اللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا فِي أَنْفُسِهِمْ ۖ إِنِّي إِذًا لَمِنَ الظَّالِمِينَ ﴿۳۱﴾

بھلائی ۔ اللہ خوب جانتا ہے جو کچھ بیچ جیوں اُنکے کے ہے تحقیق میں اسوقت البتہ ہو جاؤں ظالموں سے ف۲

قَالُوا يَا نُوحُ قَدْ جَادَلْتَنَا فَأَكْثَرْتَ جِدَالَنَا فَأْتِنَا بِمَا

کہنے لگے اے نوح تحقیق جھگڑا کیا تو نے ہم سے پس بہت کیا تو نے جھگڑا ہمسے پس لے آ ہمارے

تَعِدُنَا إِنْ كُنْتَ مِنَ الصَّادِقِينَ ﴿۳۲﴾ قَالَ إِنَّمَا يَأْتِيكُمْ

پاس جو کچھ وعدہ دیتا ہے تو ہمکو اگر ہے تو سچوں سے ۔ کہا سوائے اسکے نہیں کہ لے آ دیگا اُسکو

بِهِ اللَّهُ إِنْ شَاءَ وَمَآ أَنْتُمْ بِمُعْجِزِينَ ﴿۳۳﴾ وَلَا يَنْفَعُكُمْ

تمھارے پاس اللہ اگر چاہے گا اور نہیں تم عاجز کرنے والے ۔ اور نہیں فائدہ دیگی تمکو

نُصْحِي إِنْ أَرَدْتُ أَنْ أَنْصَحَ لَكُمْ إِنْ كَانَ اللَّهُ يُرِيدُ

نصیحت میری اگر ارادہ کروں میں یہ کہ نصیحت کروں میں تمکو اگر ہو اللہ ارادہ کرتا

أَنْ يُغْوِيَكُمْ ۚ هُوَ رَبُّكُمْ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ﴿۳۴﴾ أَمْ يَقُولُونَ

یہ کہ گمراہ کرے تمکو ۔ وہ پروردگار تمھارا ہے اور طرف اسی کے پھیرے جاؤگے ف۳ کیا کہتے ہیں کہ

افْتَرَاهُ ۖ قُلْ إِنِ افْتَرَيْتُهُ فَعَلَيَّ إِجْرَامِي وَأَنَا بَرِيءٌ

باندھ لیا ہے اُسکو ۔ کہہ اگر باندھ لیا ہے میں نے اسکو پس اوپر میرے ہے گناہ میرا اور میں بے تعلق ہوں

موضح القرآن

ف۱ کافروں نے مسلمانوں کو رذال ٹھیرایا اور چاہا کہ ان کو ہانک دو تو ہم تمھارے پاس بیٹھیں بات سنیں ۔ سو فرمایا کہ دل کی بات اللہ تحقیق کرے گا جب اس سے ملیں گے ۔ میں اگر مسلمانوں کو ہانکوں تو اللہ سے کون چھڑاوے مجھ کو ۔ اور رذال ٹھیرایا اس پر کہ وہ کسب کرتے تھے کسب سے بہتر کمائی نہیں ۔ اسی واسطے فرمایا کہ تم جاہل ہو ۔ ۱۲ منہ رح ۔

ف۲ وہ جو کہتے تھے کہ تم میں ہم آپسے بڑائی نہیں دیکھتے سو فرمایا کہ میں فرشتہ نہیں غیب کی خبر نہیں رکھتا ۔ اللہ کے خزانے میرے ہاتھ نہیں وہ جو اللہ نے مہر کی ہے مجھ پر تمھاری آنکھ سے چھپی ہے ۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ یہاں تک جتنے سوال اُس قوم کے تھے

(باقی صفحہ ۳۰ پر)

مِّمَّا تُجْرِمُونَ ﴿۳۵﴾ وَ اُوْحِيَ اِلٰى نُوْحٍ اَنَّهٗ لَنْ يُّؤْمِنَ

اُس چیز سے کہ گناہ کرتے ہو تم ف۱ اور وحی کی گئی طرف نوح کے یہ کہ وہ ہرگز نہ ایمان لاویں گے

مِنْ قَوْمِكَ اِلَّا مَنْ قَدْ اٰمَنَ فَلَا تَبْتَئِسْ بِمَا

قوم تیری سے مگر جو تحقیق ایمان لا چکے پس مت غم کھا ساتھ اُس چیز کے

كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿۳۶﴾ وَ اصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا وَ وَحْيِنَا

کہ کرتے ہیں۔ اور بنا کشتی ساتھ آنکھوں ہماری کے اور وحی ہماری کے

وَلَا تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۚ اِنَّهُمْ مُّغْرَقُوْنَ ﴿۳۷﴾

اور مت گفتگو کر بیچ اُن لوگوں کے کہ ظلم کرتے ہیں۔ تحقیق وہ ڈبائے جاویں گے۔

وَ يَصْنَعُ الْفُلْكَ ۫ وَ كُلَّمَا مَرَّ عَلَيْهِ مَلَاٌ مِّنْ قَوْمِهٖ

اور بناتا تھا نوح کشتی کو۔ اور جب گزرتے اوپر اُس کے سردار قوم اُس کی سے

سَخِرُوْا مِنْهُ ؕ قَالَ اِنْ تَسْخَرُوْا مِنَّا فَاِنَّا نَسْخَرُ مِنْكُمْ

ٹھٹھا کرتے اُس سے۔ کہا اگر تم ٹھٹھا کرتے ہو ہم سے پس ہم بھی ٹھٹھا کرینگے تم سے

كَمَا تَسْخَرُوْنَ ﴿۳۸﴾ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ

جیسے ٹھٹھا کرتے ہو تم ف۲ پس البتہ جانو گے تم کون شخص ہے کہ آویگا اُسکے پاس عذاب

يُّخْزِيْهِ وَ يَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿۳۹﴾ حَتّٰۤى اِذَا

کہ رسوا کریگا اُسکو اور اُتر آویگا اوپر اُسکے عذاب ہمیشہ رہنے کا۔ یہاں تک کہ جب

جَآءَ اَمْرُنَا وَ فَارَ التَّنُّوْرُ ۙ قُلْنَا احْمِلْ فِيْهَا مِنْ كُلٍّ

آیا حکم ہمارا اور جوش مارا پانی نے تنور میں کہا ہمنے چڑھا لے بیچ اس کے ہر قسم

زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَ اَهْلَكَ اِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ

سے جوڑا دو عدد اور اہل اپنے کو مگر جن پر چل چکی پہلے سے بات

وَ مَنْ اٰمَنَ ؕ وَ مَاۤ اٰمَنَ مَعَهٗۤ اِلَّا قَلِيْلٌ ﴿۴۰﴾ وَ قَالَ

اور اُن لوگوں کو کہ ایمان لائے ہیں۔ اور نہ ایمان لائے تھے ساتھ اسکے مگر تھوڑے ف۳ اور کہا

ارْكَبُوْا فِيْهَا بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَ مُرْسٰىهَا ؕ اِنَّ رَبِّيْ

نوح نے کہ سوار ہو بیچ اسکے ساتھ نام اللہ کے ہے چلنا اس کا اور تھمنا اسکا۔ تحقیق رب میرا

لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۴۱﴾ وَ هِيَ تَجْرِيْ بِهِمْ فِيْ مَوْجٍ

البتہ بخشنے والا مہربان ہے۔ اور وہ بھی چلتی تھی ساتھ اُن کے بیچ موجوں کے

(بقیہ صفحہ ۳۰۰)

ع ۳ / ۱۱

ف۳ وہی تھے حضرت کی قوم کے گویا یہ سب جواب انکو ملے ایک اُن کا نیا دعویٰ تھا۔ سو آگے فرمایا۔ ۱۲ منہ رح۔

مُوضح القرآن

ف۱ حضرت نوح کتاب نہ لائے تھے کہ انکی قوم یہ بات کہتی۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۲ وہ ہنستے تھے سپر کہ خشک زمین میں غرق کا بچاؤ کرتا ہے یہ ہنستے اس پر کہ موت سر پر کھڑی اور یہ ہنستے ہیں۔ منہ رح

ع ۴

ف۳ ہر جانور کا جوڑا رکھ لیا کشتی میں جس کی نسل رہنی مقدر تھی اور گھر والوں میں سے جس پر بات پڑ چکی ایک بیٹا کنعان اور اُس کی ماں سو ڈوبے اور تین بیٹے بچے جن کی اولاد ساری خلق ہے اور تنور تھا حضرت نوح کے گھر میں طوفان کا نشان بنا رکھا کہ جب اس تنور سے پانی اُبلے تب کشتی میں سوار ہو جاؤ۔ ۱۲ منہ رح

كَالْجِبَالِ وَنَادَىٰ نُوحٌ ابْنَهُ وَكَانَ فِي مَعْزِلٍ
مانند پہاڑوں کے۔ اور پکارا نوح نے بیٹے اپنے کو اور تھا وہ بیچ کنارے کے

يَا بُنَيَّ ارْكَب مَّعَنَا وَلَا تَكُن مَّعَ الْكَافِرِينَ ﴿٤٢﴾ قَالَ
اے بیٹے میرے چڑھ لے ساتھ ہمارے اور مت ہو ساتھ کافروں کے۔ کہا

سَآوِي إِلَىٰ جَبَلٍ يَعْصِمُنِي مِنَ الْمَاءِ ۚ قَالَ لَا عَاصِمَ
شتاب جگہ پکڑ لیتا ہوں میں طرف پہاڑ کے کہ بچا لیگا مجھ کو پانی سے۔ کہا نہیں بچانیوالا کچھ

الْيَوْمَ مِنْ أَمْرِ اللَّهِ إِلَّا مَن رَّحِمَ ۚ وَحَالَ بَيْنَهُمَا
آج کے دن حکم خدا کے سے مگر جسکو رحم کرے اللہ۔ اور حائل ہوگئی درمیان ان دونو

الْمَوْجُ فَكَانَ مِنَ الْمُغْرَقِينَ ﴿٤٣﴾ وَقِيلَ يَا أَرْضُ ابْلَعِي
کے موج پس ہوگیا ڈوبنے والوں سے ف۱ اور کہا گیا اے زمین نگل جا

مَاءَكِ وَيَا سَمَاءُ أَقْلِعِي وَغِيضَ الْمَاءُ وَقُضِيَ
پانی اپنا اور اے آسمان بس کر یعنی تھم اور خشک کیا گیا پانی اور تمام کیا گیا

الْأَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُودِيِّ ۖ وَقِيلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ
کام اور لگی وہ کشتی اوپر جودی پہاڑ کے اور کہا گیا لعنت ہو جیو واسطے قوم

الظَّالِمِينَ ﴿٤٤﴾ وَنَادَىٰ نُوحٌ رَّبَّهُ فَقَالَ رَبِّ إِنَّ
ظالموں کے ف۲ اور پکارا نوح نے پروردگار اپنے کو پس کہا اے پروردگار میرے تحقیق

ابْنِي مِنْ أَهْلِي وَإِنَّ وَعْدَكَ الْحَقُّ وَأَنتَ أَحْكَمُ
بیٹا میرا اہل میری سے ہے اور تحقیق وعدہ تیرا سچ ہے اور تو بہتر حکم کرنے والا ہے

الْحَاكِمِينَ ﴿٤٥﴾ قَالَ يَا نُوحُ إِنَّهُ لَيْسَ مِنْ أَهْلِكَ ۖ إِنَّهُ
سب حکم کرنیوالوں سے ف۳ کہا اے نوح تحقیق وہ نہیں ہے اہل تیرے سے تحقیق اسکا

عَمَلٌ غَيْرُ صَالِحٍ ۖ فَلَا تَسْأَلْنِ مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ ۖ
عمل ہے ناشائستہ۔ پس مت سوال کر مجھ سے اس چیز کا کہ نہیں واسطے تیرے ساتھ اسکے علم

إِنِّي أَعِظُكَ أَن تَكُونَ مِنَ الْجَاهِلِينَ ﴿٤٦﴾ قَالَ رَبِّ
تحقیق میں نصیحت کرتا ہوں تجھ کو یہ کہ ہو جاوے تو جاہلوں سے ف۴ کہا اے پروردگار میرے

إِنِّي أَعُوذُ بِكَ أَنْ أَسْأَلَكَ مَا لَيْسَ لِي بِهِ عِلْمٌ ۖ
تحقیق میں پناہ پکڑتا ہوں ساتھ تیرے یہ کہ سوال کروں میں تجھ سے وہ چیز کہ نہیں مجھ کو ساتھ اسکے علم۔

موضح القرآن

ف۱ اس دن بلند پہاڑ کے بلند درخت بھی ڈوب گئے کہ پرندہ کا بچاؤ نہ تھا۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ چالیس دن پانی آسمان سے برسا اور زمین سے اُبلا پھر چھ مہینے بعد پہاڑوں کے سر کھلے کہ کشتی لگی جودی پہاڑ ہے ملک شام میں کہ یہ پہاڑ۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ یعنی ایک عورت تو ہلاک ہو چکی اب تو چاہے بیٹے کو ہلاک میں کر چاہے نجات دیں۔ ۱۲ منہ رح

ف۴ آدمی پوچھتا رہے جو معلوم نہ ہو لیکن مرضی معلوم چاہئے یہ کام ہے جاہل کا کہ اگلے کی مرضی نہ دیکھے پوچھنے کی پھر پوچھے۔ ۱۲ منہ رح

منزل ۳

رکوع ۴

وَ اِلَّا تَغْفِرْ لِیْ وَ تَرْحَمْنِیْۤ اَكُنْ مِّنَ الْخٰسِرِیْنَ ﴿۴۷﴾
اور اگر نہ بخشے گا تو مجھ کو اور نہ رحم کریگا تو مجھ کو ہو جاؤنگا میں ٹوٹا پانیوالوں سے ف۱۔

قِیْلَ یٰنُوْحُ اهْبِطْ بِسَلٰمٍ مِّنَّا وَ بَرَكٰتٍ عَلَیْكَ وَ
کہا گیا اے نوح اُتر ساتھ سلامتی کے ہماری طرف سے اور برکتوں کے اُوپر تیرے اور

عَلٰۤى اُمَمٍ مِّمَّنْ مَّعَكَ ؕ وَ اُمَمٌ سَنُمَتِّعُهُمْ ثُمَّ
اُوپر اُمتوں کے اُن لوگوں میں سے کہ ساتھ تیرے ہیں۔ اور اُمتیں ہونگی البتہ فائدہ دیں گے ہم اُنکو پھر

یَمَسُّهُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِیْمٌ ﴿۴۸﴾ تِلْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَیْبِ
لگیگا اُنکو ہماری طرف سے عذاب درد دینے والا ف۲۔ یہ خبروں غیب کی سے ہے

نُوْحِیْهَاۤ اِلَیْكَ ۚ مَا كُنْتَ تَعْلَمُهَاۤ اَنْتَ وَ لَا قَوْمُكَ
کہ وحی کرتے ہیں ہم اُنکو طرف تیری نہ تھا تو جانتا اُن کو تُو اور نہ قوم تیری

مِنْ قَبْلِ هٰذَا ۛؕ فَاصْبِرْ ۛؕ اِنَّ الْعَاقِبَةَ لِلْمُتَّقِیْنَ ﴿۴۹﴾
پہلے اس سے۔ پس صبر کر۔ تحقیق آخرکار واسطے پرہیزگاروں کے ہے۔

وَ اِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ؕ قَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ
اور طرف عاد کی بھائی اُن کے ہُود کو۔ کہا اے قوم میری عبادت کرو اللہ کی

مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ؕ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُفْتَرُوْنَ ﴿۵۰﴾
نہیں واسطے تمہارے کوئی معبود سوائے اسکے۔ نہیں تم مگر جھوٹ باندھنے والے۔

یٰقَوْمِ لَاۤ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَیْهِ اَجْرًا ؕ اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا عَلَى
اے قوم میری نہیں سوال کرتا میں تم سے اُوپر اسکے مزدوری کا۔ نہیں مزدوری میری مگر اُوپر

الَّذِیْ فَطَرَنِیْ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۵۱﴾ وَ یٰقَوْمِ اسْتَغْفِرُوْا
اس شخص کے کہ پیدا کیا مجھ کو۔ کیا پس نہیں سمجھتے تم۔ اور اے قوم میری بخشش مانگو

رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْۤا اِلَیْهِ یُرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَیْكُمْ مِّدْرَارًا
پروردگار اپنے سے پھر توبہ کرو طرف اسکی بھیج دیگا آسمان کو اُوپر تمہارے برسنے والا

وَّ یَزِدْكُمْ قُوَّةً اِلٰى قُوَّتِكُمْ وَ لَا تَتَوَلَّوْا مُجْرِمِیْنَ ﴿۵۲﴾
اور زیادہ دیگا تمکو زور طرف زور تمہارے کی اور مت پھر جاؤ گنہگار ہو کر۔

قَالُوْا یٰهُوْدُ مَا جِئْتَنَا بِبَیِّنَةٍ وَّ مَا نَحْنُ بِتَارِكِیْۤ
کہا اُنھوں نے اے ہُود نہیں لایا تو ہمارے پاس کچھ دلیل ظاہر اور نہیں ہم چھوڑنے والے

ع ۴ مع ۹

عند المتاخرین ۱۲

الوقف علی فاصبر احسن فالیحفظ ۱۲

ربع ۳/۴

موضح القرآن

ف۱ حضرت نوح نے توبہ کی لیکن یہ نہ کہا کہ پھر ایسا نہ کرونگا کہ اس میں دعویٰ نکلتا ہے بندے کو کیا مقدور ہے چاہیئے اُسی کی پناہ مانگے کہ مجھ سے پھر نہ ہو۔ ۱۲ منہ رحمہ

ف۲ حق تعالیٰ نے تسلی فرمادی کہ پھر سارے نوع انسان پر ہلاک نہ آوے گا قیامت سے پہلے مگر بعضے فرقے ہلاک ہوں گے۔ ۱۲ منہ رحمہ

آلِهَتِنَا عَنْ قَوْلِكَ وَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِينَ ﴿٥٣﴾

معبودوں اپنے کو کہنے تیرے سے اور نہیں ہم واسطے تیرے ایمان لانے والے۔

إِنْ نَقُولُ إِلَّا اعْتَرَاكَ بَعْضُ آلِهَتِنَا بِسُوءٍ

نہیں کہتے ہم مگر یہ کہ آسیب پہنچایا ہے تجھ کو بعضے معبودوں ہمارے نے ساتھ برائی کے۔

قَالَ إِنِّي أُشْهِدُ اللَّهَ وَاشْهَدُوا أَنِّي بَرِيءٌ مِمَّا

کہا کہ میں شاہد کرتا ہوں اللہ کو اور تم بھی شاہد رہو تحقیق میں بھی بیزار ہوں اسچیز سے

تُشْرِكُونَ ﴿٥٤﴾ مِنْ دُونِهِ فَكِيدُونِي جَمِيعًا ثُمَّ لَا

کو شریک لاتے ہو تم۔ سوائے اس کے پس مکر کرو مجھ سے سب پھر مت

تُنْظِرُونِ ﴿٥٥﴾ إِنِّي تَوَكَّلْتُ عَلَى اللَّهِ رَبِّي وَرَبِّكُمْ

ڈھیل دو مجھ کو۔ تحقیق میں نے توکل کیا اوپر اللہ کے پروردگار اپنے کے اور پروردگار تمہارے کے

مَا مِنْ دَابَّةٍ إِلَّا هُوَ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا إِنَّ رَبِّي

نہیں کوئی چلنے والا مگر وہ پکڑ رہا ہے پیشانی اس کی تحقیق پروردگار میرا

عَلَى صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ ﴿٥٦﴾ فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقَدْ أَبْلَغْتُكُمْ

اوپر راہ سیدھی کے ہے ف۱۔ پس اگر پھر جاؤ تم پس تحقیق پہنچا دی ہے میں نے تم کو

مَا أُرْسِلْتُ بِهِ إِلَيْكُمْ وَيَسْتَخْلِفُ رَبِّي قَوْمًا

وہ چیز کہ بھیجا گیا تھا میں ساتھ اسکے طرف تمہاری۔ اور جانشین کرے گا رب میرا کسی قوم کو

غَيْرَكُمْ وَلَا تَضُرُّونَهُ شَيْئًا إِنَّ رَبِّي عَلَى كُلِّ شَيْءٍ

سوائے تمہارے اور نہ ضرر کرو گے اس کو کچھ۔ تحقیق پروردگار میرا اوپر ہر چیز کے

حَفِيظٌ ﴿٥٧﴾ وَلَمَّا جَاءَ أَمْرُنَا نَجَّيْنَا هُودًا وَالَّذِينَ

نگہبان ہے ف۲ اور جب آیا حکم ہمارا نجات دی ہم نے ہود کو اور ان لوگوں کو کہ

آمَنُوا مَعَهُ بِرَحْمَةٍ مِنَّا وَنَجَّيْنَاهُمْ مِنْ عَذَابٍ

ایمان لائے تھے ساتھ اسکے ساتھ رحمت کے اپنی طرف سے اور نجات دی ہم نے ان کو عذاب

غَلِيظٍ ﴿٥٨﴾ وَتِلْكَ عَادٌ جَحَدُوا بِآيَاتِ رَبِّهِمْ وَ

گاڑھے سے ف۳ اور یہ تھے عاد کہ انکار کیا انھوں نے ساتھ نشانیوں پروردگار اپنے کے اور

عَصَوْا رُسُلَهُ وَاتَّبَعُوا أَمْرَ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيدٍ ﴿٥٩﴾

نافرمانی کی پیغمبروں اسکے کی اور پیروی کی انھوں نے حکم ہر سرکش عناد کرنے والے کی۔

موضح القرآن

ف۱ یعنی جو سیدھی راہ چلے وہ اس سے ملے۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۲ یعنی اللہ کے رسول کا کچھ بگاڑ سکو گے کہ اللہ نگہبان ہے۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ گاڑھی مار وہی جو دنیا میں آئی یا آخرت کے عذاب سے۔ ۱۲ منہ رح۔

وَأُتْبِعُوا فِي هَٰذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ

اور پیچھے لگائے گئے بیچ اس دنیا کے لعنت اور دن قیامت کے۔

أَلَا إِنَّ عَادًا كَفَرُوا رَبَّهُمْ أَلَا بُعْدًا لِّعَادٍ قَوْمِ هُودٍ ﴿٦٠﴾

خبردار ہو تحقیق عاد نے کفر کیا ساتھ پروردگار اپنے کے۔ خبردار ہو لعنت ہے واسطے عاد کے قوم ہود کے ف۱

وَإِلَىٰ ثَمُودَ أَخَاهُمْ صَالِحًا قَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ

اور طرف ثمود کی بھائی اُن کے صالح کو۔ کہا اے قوم میری عبادت کرو اللہ کو

مَا لَكُم مِّنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُ هُوَ أَنشَأَكُم مِّنَ الْأَرْضِ

نہیں واسطے تمہارے کوئی معبود سوائے اس کے۔ اُس نے پیدا کیا تمکو زمین سے

وَاسْتَعْمَرَكُمْ فِيهَا فَاسْتَغْفِرُوهُ ثُمَّ تُوبُوا إِلَيْهِ

اور آباد کیا تمکو بیچ اس کے پس بخشش مانگو اُس سے پھر پھر آؤ طرف اس کی۔

إِنَّ رَبِّي قَرِيبٌ مُّجِيبٌ ﴿٦١﴾ قَالُوا يَا صَالِحُ قَدْ كُنتَ

تحقیق پروردگار میرا نزدیک ہے دعا قبول کرنے والا۔ کہا انھوں نے اے صالح تحقیق تھا تو

فِينَا مَرْجُوًّا قَبْلَ هَٰذَا أَتَنْهَانَا أَن نَّعْبُدَ مَا يَعْبُدُ

بیچ ہمارے اُمید رکھا گیا پہلے اس سے کیا منع کرتا ہے تو ہمکو اس سے کہ عبادت کریں ہم اس چیز کو کہ عبادت کرتے

آبَاؤُنَا وَإِنَّنَا لَفِي شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُونَا إِلَيْهِ مُرِيبٍ ﴿٦٢﴾

تھے باپ ہمارے اور تحقیق ہم البتہ بیچ شک کے ہیں اس چیز سے کہ پکارتا ہے تو ہمکو طرف اس کی قلق میں ڈالنے والی ف۲

قَالَ يَا قَوْمِ أَرَأَيْتُمْ إِن كُنتُ عَلَىٰ بَيِّنَةٍ مِّن رَّبِّي

کہا اے قوم میری کیا دیکھا تم نے اگر ہوں میں اوپر دلیل کے پروردگار اپنے سے

وَآتَانِي مِنْهُ رَحْمَةً فَمَن يَنصُرُنِي مِنَ اللَّهِ

اور دی اُس نے مجھ کو اپنی طرف سے رحمت پس کون مدد دے گا مجھ کو خدا سے

إِنْ عَصَيْتُهُ فَمَا تَزِيدُونَنِي غَيْرَ تَخْسِيرٍ ﴿٦٣﴾

اگر نافرمانی کروں میں اس کی۔ پس نہ زیادہ کرو گے تم مجھ کو سوائے ٹوٹا دینے کے۔

وَيَا قَوْمِ هَٰذِهِ نَاقَةُ اللَّهِ لَكُمْ آيَةً فَذَرُوهَا تَأْكُلْ

اور اے قوم میری یہ ہے اُونٹنی اللہ کی واسطے تمہارے نشانی پس چھوڑ دو اسکو کھاتی پھرے

فِي أَرْضِ اللَّهِ وَلَا تَمَسُّوهَا بِسُوءٍ فَيَأْخُذَكُمْ

بیچ زمین اللہ کے اور مت ہاتھ لگاؤ اُسکو ساتھ بُرائی کے پس پکڑے گا تمکو

ع ۱۱ / ۵ — وقف لازم

موضح القرآن

ف۱ یعنی قیامت کو یوں پکاریں گے۔ ۱۲ منہ رحمہ۔

ف۲ تجھ پر ہم کو اُمید تھی یعنی ہونہار لگتا تھا کہ باپ دادے کی راہ روشن کریگا تو لگا مٹانے۔ ۱۲ منہ رحمہ۔

عَذَابٌ قَرِيبٌ ﴿٦٤﴾ فَعَقَرُوهَا فَقَالَ تَمَتَّعُوا فِي

عذاب نزدیک ف۱۔ پس پاؤں کاٹ ڈالے اسکے پس کہا فائدہ اٹھاؤ بیچ

دَارِكُمْ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ ۖ ذٰلِكَ وَعْدٌ غَيْرُ مَكْذُوبٍ ﴿٦٥﴾

گھر اپنے کے تین دن۔ یہ وعدہ ہے نہیں جھوٹا کیا گیا۔

فَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا صٰلِحًا وَّ الَّذِينَ اٰمَنُوا

پس جب آیا حکم ہمارا نجات دی ہمنے صالح کو اور اُن لوگوں کو کہ ایمان لائے

مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَ مِنْ خِزْيِ يَوْمِئِذٍ ۗ اِنَّ رَبَّكَ

ساتھ اسکے ساتھ رحمت کے اپنی طرف سے اور رُسوائی اُس دن کی سے۔ تحقیق پروردگار تیرا

هُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيزُ ﴿٦٦﴾ وَ اَخَذَ الَّذِينَ ظَلَمُوا

وہی ہے زور آور غالب۔ اور پکڑا اُن لوگوں کو کہ ظلم کرتے تھے

الصَّيْحَةُ فَاَصْبَحُوا فِي دِيَارِهِمْ جٰثِمِينَ ﴿٦٧﴾ كَاَنْ

آواز تند نے پس فجر ہوئے بیچ گھروں اپنے کے زانو پر گرے ہوئے۔ گویا کہ

لَّمْ يَغْنَوْا فِيهَا ۗ اَلَآ اِنَّ ثَمُودَا۠ كَفَرُوا رَبَّهُمْ ۗ اَلَا

نہ بسے تھے بیچ اُن کے۔ خبردار ہو تحقیق ثمود نے کفر کیا تھا ساتھ رب اپنے کے خبردار ہو

بُعْدًا لِّثَمُودَ ﴿٦٨﴾ وَ لَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُنَآ اِبْرٰهِيمَ

لعنت ہو جیو ثمود کو ف۲ اور البتہ تحقیق آئے بھیجے ہوئے ہمارے ابراہیم کے پاس

بِالْبُشْرٰى قَالُوا سَلٰمًا ۗ قَالَ سَلٰمٌ فَمَا لَبِثَ اَنْ

ساتھ خوشخبری کے کہنے لگے کہ سلام بھیجتے ہیں ہم۔ کہا سلام ہے پس نہ دیر کی یہ کہ

جَآءَ بِعِجْلٍ حَنِيذٍ ﴿٦٩﴾ فَلَمَّا رَآٰ اَيْدِيَهُمْ لَا تَصِلُ

لے آیا گائے کا بچہ تلا ہوا ف۳ پس جب دیکھے ہاتھ اُن کے کہ نہیں پہنچتے

اِلَيْهِ نَكِرَهُمْ وَ اَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيفَةً ۗ قَالُوا لَا

طرف اسکی انجان ہوا اُن سے اور جی میں چھپایا اُن سے ڈر۔ کہا انھوں نے مت

تَخَفْ اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمِ لُوطٍ ﴿٧٠﴾ وَامْرَاَتُهٗ قَآئِمَةٌ

ڈر تحقیق ہم بھیجے گئے طرف قوم لوط کی ف۴۔ اور بی بی اُس کی کھڑی تھی

فَضَحِكَتْ فَبَشَّرْنٰهَا بِاِسْحٰقَ ۙ وَ مِنْ وَّرَآءِ اِسْحٰقَ

پس ہنسی پس بشارت دی ہمنے اُسکو ساتھ اسحٰق کے اور پیچھے سے اسحاق کے

موضح القرآن

ف۱ حضرت صالح سے قوم نے معجزہ مانگا جفتگا نے اُنکی دُعا سے پتھر میں سے اُونٹنی نکالی اسی وقت اُس نے بچہ دیا اسی وقت ماں کے برابر ہو گیا۔ حضرت صالح نے فرمایا کہ اسکی تعظیم کرتے رہوگے تب تک دُنیا کا عذاب ہوگا جہاں وہ جاتی کھانے کو یا پینے کو سب جانور بھاگ جاتے۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ ان پر عذاب آیا اس طرح کہ رات کو پڑے سوتے تھے۔ فرشتے نے چنگھاڑ ماری سب کے جگر پھٹ گئے۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ وہ کئی شخص فرشتے تھے قوم لوط پر جاتے تھے ہلاک لیکر اوّل حضرت ابراہیم پاس آئے اور بشارت دی بیٹے کی انکو بی بی سے جنانہ تھا اول حضرت ابراہیم نے نہ پہچانا کہ فرشتے ہیں کھانا لے آئے۔ ۱۲ منہ رح

ف۴ انکے ساتھ جو عذاب تھا اسکا ڈر پڑا اُنکے دل پر۔ ۱۲ منہ رح

يَعْقُوبَ ﴿٧١﴾ قَالَتْ يَٰوَيْلَتَىٰٓ ءَأَلِدُ وَأَنَا۠ عَجُوزٌ وَهَٰذَا
یعقوب کی ف۱ کہا اے وائے مجھ کو کیا جنوں گی میں اور میں بڑھیا ہوں اور یہ

بَعْلِى شَيْخًا ۖ إِنَّ هَٰذَا لَشَىْءٌ عَجِيبٌ ﴿٧٢﴾ قَالُوٓا۟ أَتَعْجَبِينَ
خاوند میرا بوڑھا ہے۔ تحقیق یہ بات ہے تعجب کی۔ کہا انہوں نے کیا تعجب کرتی ہو تو

مِنْ أَمْرِ ٱللَّهِ ۖ رَحْمَتُ ٱللَّهِ وَبَرَكَٰتُهُۥ عَلَيْكُمْ أَهْلَ
حکم خدا کے سے رحمت ہے اللہ کی اور برکتیں اس کی اوپر تمہارے اے

ٱلْبَيْتِ ۚ إِنَّهُۥ حَمِيدٌ مَّجِيدٌ ﴿٧٣﴾ فَلَمَّا ذَهَبَ عَنْ إِبْرَٰهِيمَ
اس گھر والو۔ تحقیق وہ تعریف کیا گیا بزرگ ہے۔ پس جب گیا ابراہیم سے

ٱلرَّوْعُ وَجَآءَتْهُ ٱلْبُشْرَىٰ يُجَٰدِلُنَا فِى قَوْمِ لُوطٍ ﴿٧٤﴾
ڈر اور آئی اس کو خوشخبری جھگڑنے لگا ہم سے بیچ قوم لوط کے۔

إِنَّ إِبْرَٰهِيمَ لَحَلِيمٌ أَوَّٰهٌ مُّنِيبٌ ﴿٧٥﴾ يَٰٓإِبْرَٰهِيمُ
قَرْيَةٍ إِلَّا وَلَهَا كِتَابٌ مَّعْلُومٌ ۝٤ مَّا تَسْبِقُ مِنْ أُمَّةٍ
کوئی بستی مگر واسطے اس کے لکھا ہوا ہے معلوم۔ نہیں آگے نکل جاتی کوئی جماعت
أَجَلَهَا وَمَا يَسْتَأْخِرُونَ ۝٥ وَقَالُوا يَا أَيُّهَا الَّذِي
وقت اپنے سے اور نہ پیچھے رہ جاتی ہیں۔ اور کہا کافروں نے اے وہ شخص کہ
نُزِّلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ إِنَّكَ لَمَجْنُونٌ ۝٦ لَّوْ مَا تَأْتِينَا
اُتارا گیا ہے اوپر اس کے ذکر تحقیق تو البتہ دیوانہ ہے۔ کیوں نہیں لے آتا ہمارے پاس
بِالْمَلَائِكَةِ إِن كُنتَ مِنَ الصَّادِقِينَ ۝٧ مَا نُنَزِّلُ
فرشتوں کو اگر ہے تو سچوں سے۔ نہیں اُتارتے ہم
الْمَلَائِكَةَ إِلَّا بِالْحَقِّ وَمَا كَانُوا إِذًا مُّنظَرِينَ ۝٨
فرشتوں کو مگر ساتھ حق کے اور نہ ہوں گے اس وقت ڈھیل دیئے گئے۔
إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ ۝٩ وَ
تحقیق ہم نے اُتارا ہے ذکر یعنی قرآن اور ہم ہیں واسطے اس کے البتہ نگہبان۔ اور
لَقَدْ أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ فِي شِيَعِ الْأَوَّلِينَ ۝١٠ وَمَا
البتہ تحقیق بھیجے تھے ہم نے پیغمبر پہلے تجھ سے بیچ اُمتوں پہلے کے۔ اور نہیں
يَأْتِيهِم مِّن رَّسُولٍ إِلَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ۝١١
آتا تھا ان کے پاس کوئی پیغمبر مگر تھے ساتھ اس کے ٹھٹھا کرتے۔
كَذَٰلِكَ نَسْلُكُهُ فِي قُلُوبِ الْمُجْرِمِينَ ۝١٢ لَا يُؤْمِنُونَ
اسی طرح چلا دیتے ہیں اُسکو یعنی انکار کو بیچ دلوں گنہگاروں کے۔ نہیں ایمان لاتے
بِهِ وَقَدْ خَلَتْ سُنَّةُ الْأَوَّلِينَ ۝١٣ وَلَوْ فَتَحْنَا عَلَيْهِم
ساتھ اسکے اور تحقیق گذر گئی ہے عادت پہلوں کی ف۔ اور اگر کھول دیں ہم اوپر ان کے
بَابًا مِّنَ السَّمَاءِ فَظَلُّوا فِيهِ يَعْرُجُونَ ۝١٤ لَقَالُوا إِنَّمَا
دروازے آسمان سے پس ہو جاویں بیچ اسکے چڑھتے ہوئے۔ البتہ کہینگے سوائے اسکے نہیں
سُكِّرَتْ أَبْصَارُنَا بَلْ نَحْنُ قَوْمٌ مَّسْحُورُونَ ۝١٥ وَلَقَدْ
کہ مست ہو گئی ہیں آنکھیں ہماری بلکہ ہم ایک قوم ہیں سحر کیے ہوئے۔ اور البتہ تحقیق

منزل ۳ — ع ۱

موضح القرآن

ف یعنی یہ قرآن کسی کے دل میں حق تعالیٰ اسی طرح سُناتا ہے کہ ساتھ اس کے انکار چلا آوے شک راہی اور گمراہی کے اختیار ہے۔ ۱۲ منہ رحمہ

جَعَلْنَا فِي السَّمَاءِ بُرُوجًا وَّزَيَّنّٰهَا لِلنّٰظِرِيْنَ ۝۱۶
کیے ہم نے بیچ آسمان کے برج اور زینت دی ہمنے انکو واسطے دیکھنے والوں کے ف۱

وَحَفِظْنٰهَا مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ۝۱۷ اِلَّا مَنِ
اور محفوظ رکھا ہمنے اس کو ہر ایک شیطان راندے گئے سے ۔ مگر جس نے

اسْتَرَقَ السَّمْعَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ مُّبِيْنٌ ۝۱۸ وَالْاَرْضَ
چرا لیا سننے کو پس پیچھے لگتا ہے اس کے شعلہ ظاہر ف۲ ۔ اور زمین کو

مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ وَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ
پھیلایا ہمنے اسکو اور ڈالے ہمنے بیچ اس کے پہاڑ اور اگائی ہمنے بیچ اسکے ہر ایک

شَيْءٍ مَّوْزُوْنٍ ۝۱۹ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ وَمَنْ
چیز وزن والی ۔ اور کیں ہمنے واسطے تمہارے بیچ اسکے معیشتیں اور اسکو کہ

لَّسْتُمْ لَهٗ بِرٰزِقِيْنَ ۝۲۰ وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا خَزَآئِنُهٗ
نہیں تم واسطے اسکے رزق دینے والے ف۳ ۔ اور نہیں کوئی چیز مگر نزدیک ہمارے ہیں خزانے اسکے

وَمَا نُنَزِّلُهٗٓ اِلَّا بِقَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ۝۲۱ وَاَرْسَلْنَا الرِّيٰحَ
اور نہیں اتارتے ہم اسکو مگر ساتھ اندازہ معلوم کے ۔ اور بھیجا ہمنے باؤں کو

لَوَاقِحَ فَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَاَسْقَيْنٰكُمُوْهُ ۚ وَمَا
حاملہ کرنے والی پس اتارا ہمنے آسمان سے پانی پس پلایا ہمنے تمکو وہ ۔ اور نہیں

اَنْتُمْ لَهٗ بِخٰزِنِيْنَ ۝۲۲ وَاِنَّا لَنَحْنُ نُحْيٖ وَنُمِيْتُ وَ
تم اس کو ذخیرہ کرنے والے ف۴ ۔ اور تحقیق ہم جلاتے ہیں اور مارتے ہیں اور

نَحْنُ الْوٰرِثُوْنَ ۝۲۳ وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَقْدِمِيْنَ مِنْكُمْ
ہم وارث ہیں ف۵ ۔ اور البتہ تحقیق ہم جانتے ہیں آگے بڑھ جانیوالوں کو تم میں سے

وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَاْخِرِيْنَ ۝۲۴ وَاِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَحْشُرُهُمْ ۭ
اور البتہ تحقیق ہم جانتے ہیں پیچھے رہنے والوں کو ۔ اور تحقیق پروردگار تیرا وہی اکٹھا کریگا انکو

اِنَّهٗ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ۝۲۵ وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ
تحقیق وہ حکمت والا جاننے والا ہے ۔ اور البتہ تحقیق پیدا کیا ہم نے آدمی کو

صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ۝۲۶ وَالْجَاۗنَّ خَلَقْنٰهُ
بجنے والی مٹی سے جو بنی تھی کیچڑ سڑی ہوئی سے ف۶ ۔ اور جنوں کو پیدا کیا ہمنے انکو

ف۱ حق تعالیٰ بندوں سے خطاب کرتا ہے جو سمجھیں انکے عرف میں آسمان مشرق سے مغرب تک اور مغرب سے مشرق تک بارہ پھانک ہو رہے ہیں وہی بارہ برج ہیں اور سورج بارہ مہینوں میں سب طے کرتا ہے تو موسم گرمی اور سردی کا اس سے بدلتا ہے اور گرمی سردی سے [illegible] دنیا بستی ہے اور روشن تارے [illegible] ہیں ۔

ف۲ فرشتوں کی مشورت سننے کو شیطان جاتے ہیں آسمان کے قریب [illegible] انکا [illegible] کوئی بات سن بھاگا [illegible]

ع

ف۳ یعنی جانوروں کی روزیاں ۔ ۱۲ منہ رح

ف۴ یعنی اگلے برس کے واسطے پانی کے [illegible] جمع رہتے ہیں [illegible] پانی کے بھرے ۔ ۱۲ منہ رح

ف۵ یعنی ہر کوئی مرجاتا ہے اور اسکی کمائی اللہ کے ہاتھ میں رہتی ہے ۔ ۱۲ منہ رح

ع ۱۰

ف۶ مٹی ملی میں تری اور خمیر اٹھایا تو کھنکھنانے لگی وہی بدن ہوا انسان کا [illegible] اسکی خاصیتیں ہیں [illegible] اور بوجھ اسی طرح گرم باؤ کی خاصیت رہی جنکی پیدائش میں ۔ ۱۲ منہ رح

مِنْ قَبْلُ مِنْ نَّارِ السَّمُوْمِ ﴿٢٧﴾ وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ

پہلے اس سے آگ لُوؤں کی سے ف۱ - اور جب کہا پروردگار تیرے نے واسطے فرشتوں کے

اِنِّیْ خَالِقٌۢ بَشَرًا مِّنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿٢٨﴾

تحقیق میں پیدا کرنے والا ہوں آدمی کو بجنے والی مٹی سے جو بنی تھی کیچڑ سڑی ہوئی سے ف۲ -

فَاِذَا سَوَّیْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِیْهِ مِنْ رُّوْحِیْ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِیْنَ ﴿٢٩﴾

پس جب درست کروں میں اسکو اور پھونکدوں بیچ اسکے روح اپنی سے پس گر پڑو واسطے اسکے سجدہ کرتے ہوئے ف۳

فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ ﴿٣٠﴾ اِلَّآ اِبْلِیْسَؕ اَبٰٓی

پس سجدہ کیا فرشتوں سب ساروں نے - مگر ابلیس نے - نہ مانا

اَنْ یَّكُوْنَ مَعَ السّٰجِدِیْنَ ﴿٣١﴾ قَالَ یٰٓاِبْلِیْسُ مَا لَكَ

یہ کہ ہو ساتھ سجدہ کرنے والوں کے - کہا اے ابلیس کیا ہوا واسطے تیرے

اَلَّا تَكُوْنَ مَعَ السّٰجِدِیْنَ ﴿٣٢﴾ قَالَ لَمْ اَكُنْ لِّاَسْجُدَ

یہ کہ نہ ہوا تو ساتھ سجدہ کرنے والوں کے - کہا کہ میں نہیں لائق اس بات کے کہ سجدہ کروں

لِبَشَرٍ خَلَقْتَهٗ مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿٣٣﴾

واسطے بشر کے کہ پیدا کیا اسکو مٹی بجنے والی سے جو بنی تھی کیچڑ سڑی ہوئی سے -

قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَاِنَّكَ رَجِیْمٌ ﴿٣٤﴾ وَّاِنَّ عَلَیْكَ

کہا پس نکل اس میں سے پس تحقیق تو راندہ ہوا ہے ف۴ اور تحقیق اوپر تیرے

اللَّعْنَةَ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ ﴿٣٥﴾ قَالَ رَبِّ فَاَنْظِرْنِیْٓ اِلٰی

لعنت کی دن قیامت تک - کہا اے پروردگار میرے پس ڈھیل دے مجھ کو

یَوْمِ یُبْعَثُوْنَ ﴿٣٦﴾ قَالَ فَاِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِیْنَ ﴿٣٧﴾ اِلٰی

اُسدن تک کہ زندہ کئے جاویں گے - کہا پس تحقیق تو ڈھیل دیئے گیوں سے ہے - دن

یَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ﴿٣٨﴾ قَالَ رَبِّ بِمَآ اَغْوَیْتَنِیْ

وقت معلوم تک - کہا اے رب میرے بسبب اسکے کہ گمراہ کیا تو نے مجھ

لَاُزَیِّنَنَّ لَهُمْ فِی الْاَرْضِ وَلَاُغْوِیَنَّهُمْ اَجْمَعِیْنَ ﴿٣٩﴾

کو البتہ زینت دُوں گا میں واسطے انکے بیچ زمین کے اور البتہ گمراہ کروں گا میں اُن کو سب کو -

اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِیْنَ ﴿٤٠﴾ قَالَ هٰذَا

مگر بندے تیرے اُن میں سے جو خالص کئے گئے ہیں - کہا کہ یہ

موضح القرآن

ف۱ یعنی لطیف آگ ہوا ملی ہوئی ابلیس بھی اسی قسم میں ہے - ۱۲ منہ رح

ف۲ بشر وہ جو بدن رکھے کہ ہاتھ سے پکڑا جاوے اور روح رکھے ہوشیار اگلے مخلوقات یا حیوان تھے جنکو ہوش نہیں یا فرشتے یا جن تھے جنکا بدن نہ پکڑا جاوے ۱۲ منہ رح

ف۳ اپنی جان جیسی خاص جس میں نمونہ ہے اللہ کی صفات کا علم اور تدبیر اور یاد حق کی اور لگاؤ اللہ سے - ۱۲ منہ رح

ف۴ شاید یہی مراد ہو کہ انگارے پھینکتے ہیں اور نکالا زمین سے کہ انسان بسیں - ۱۲ منہ رح

صِرَاطٌ عَلَيَّ مُسْتَقِيمٌ ﴿٤١﴾ إِنَّ عِبَادِي لَيْسَ لَكَ

راہ ہے اُوپر میرے سیدھی ف۱ ۔ تحقیق بندے میرے نہیں واسطے تیرے

عَلَيْهِمْ سُلْطَانٌ إِلَّا مَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْغَاوِينَ ﴿٤٢﴾

اُوپر اُن کے غلبہ مگر جس نے پیروی کی تیری گمراہوں میں سے ۔

وَإِنَّ جَهَنَّمَ لَمَوْعِدُهُمْ أَجْمَعِينَ ﴿٤٣﴾ لَهَا سَبْعَةُ أَبْوَابٍ

اور تحقیق دوزخ جگہ وعدے اُنکے کی ہے سب کی ۔ واسطے اُسکے سات دروازے ہیں ۔

لِكُلِّ بَابٍ مِنْهُمْ جُزْءٌ مَقْسُومٌ ﴿٤٤﴾ إِنَّ الْمُتَّقِينَ

واسطے ہر ایک دروازے کے انمیں سے ایک حصہ ہے تقسیم کیا ہوا ف۲ ۔ تحقیق پرہیزگار

فِي جَنَّاتٍ وَعُيُونٍ ﴿٤٥﴾ ادْخُلُوهَا بِسَلَامٍ آمِنِينَ ﴿٤٦﴾

بیچ بہشتوں کے اور چشموں کے ہیں ۔ کہیں گے انکو داخل ہو انہیں ساتھ سلامتی کے امن سے ف۳ ۔

وَنَزَعْنَا مَا فِي صُدُورِهِمْ مِنْ غِلٍّ إِخْوَانًا عَلَى سُرُرٍ

اور نکال ڈالا ہمنے جو کچھ بیچ سینوں اُنکے کے تھا ناخوشی سے بھائی ہو جاوینگے اُوپر تختوں کے

مُتَقَابِلِينَ ﴿٤٧﴾ لَا يَمَسُّهُمْ فِيهَا نَصَبٌ وَمَا هُمْ مِنْهَا

آمنے سامنے ف۴ ۔ نہیں لگے گی اُن کو بیچ اُس کے محنت اور نہیں وہ اس سے

بِمُخْرَجِينَ ﴿٤٨﴾ نَبِّئْ عِبَادِي أَنِّي أَنَا الْغَفُورُ الرَّحِيمُ ﴿٤٩﴾

نکالے گئے ہونگے ۔ خبر دے بندوں میرے کو تحقیق میں ہی ہوں بخشنے والا مہربان ۔

وَأَنَّ عَذَابِي هُوَ الْعَذَابُ الْأَلِيمُ ﴿٥٠﴾ وَنَبِّئْهُمْ عَنْ

اور یہ کہ تحقیق عذاب میرا وہ ہے عذاب درد دینے والا ف۵ ۔ اور خبر دے اُن کو

ضَيْفِ إِبْرَاهِيمَ ﴿٥١﴾ إِذْ دَخَلُوا عَلَيْهِ فَقَالُوا سَلَامًا

مہمانوں ابراہیم کے سے ۔ جس وقت داخل ہوئے اُوپر اسکے پس کہا انھوں نے کو سلام کرتے ہیں ہم

قَالَ إِنَّا مِنْكُمْ وَجِلُونَ ﴿٥٢﴾ قَالُوا لَا تَوْجَلْ إِنَّا نُبَشِّرُكَ

کہا تحقیق ہم تم سے ڈرتے ہیں ف۶ ۔ کہا انھوں نے مت ڈر تحقیق ہم خوشخبری دیتے ہیں تجھ

بِغُلَامٍ عَلِيمٍ ﴿٥٣﴾ قَالَ أَبَشَّرْتُمُونِي عَلَى أَنْ مَسَّنِيَ الْكِبَرُ

کو ساتھ لڑکے علم والے کے ۔ کہا کیا بشارت دی تمنے مجھ کو اُوپر اس بات کے کہ لگا ہے مجھ کو بڑھاپا

فَبِمَ تُبَشِّرُونَ ﴿٥٤﴾ قَالُوا بَشَّرْنَاكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُنْ مِنَ

پس ساتھ کس چیز کے بشارت دیتے ہو مجھ کو ف۷ ۔ کہا انھوں نے بشارت دیتے ہیں ہم تجھ کو ساتھ حق کے پس مت ہو

موضح القرآن

ف۱ یعنی بندگی اللہ کی سیدھی راہ ہے اور اُن پر شیطان قابو نہیں رکھتا ۔ ۱۲ منہ

ف۲ یعنی بہشت کے آٹھ دروازے ہیں نیک عمل والوں پر بانٹے ہوئے ہیں دوزخ کے سات دروازے ہیں بدعمل والوں پر بانٹے ہوئے شاید بہشت کا ایک دروازہ زیادہ وہ ہے کہ بعضے لوگ نرے فضل سے جاوینگے بغیر عمل باقی عمل پر دروازے برابر ہیں ۔ ۱۲ منہ

ف۳ سلامتی سے یعنی کسی طرح کی بے آرامی نہیں یا سلام علیک سے کہ فرشتے اُن سے کہیں گے ۔ ۱۲ منہ

ف۴ یعنی دنیا میں جو کچھ آپس خفگی تھی جی صاف ہو گئے اس سے معلوم ہوا کہ کبھی دو آدمیوں میں خفگی رہی ہو اور دونوں بہشتی ہیں جیسے حضرت کے اصحاب ۔ ۱۲ منہ

ف۵ اگلا قصہ فرمایا کہ ایک بار فرشتے آئے ایک جا خوشخبری دیتے اور ایک جا پتھر برساتے تاکہ معلوم ہو کہ اسکی دونوں صفتیں پوری ہیں بندے نہ دلیر ہوں نہ آس توڑیں ۔ ۱۲ منہ

(باقی صفحہ ۳۵۶ پر)

الْقَانِطِينَ ﴿٥٥﴾ قَالَ وَمَنْ يَقْنَطُ مِنْ رَحْمَةِ رَبِّهِ

ناامیدوں سے۔ کہا اور کون ناامید ہوتا ہے رحمت پروردگار اپنے کی سے

إِلَّا الضَّالُّونَ ﴿٥٦﴾ قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ أَيُّهَا الْمُرْسَلُونَ ﴿٥٧﴾

مگر گمراہ ف۱۔ کہا پس کیا ہے مہم تمہاری اے بھیجے ہوؤ۔

قَالُوا إِنَّا أُرْسِلْنَا إِلَىٰ قَوْمٍ مُجْرِمِينَ ﴿٥٨﴾ إِلَّا آلَ لُوطٍ

کہا انھوں نے تحقیق ہم بھیجے ہوئے طرف قوم گنہ گار کی۔ مگر کنبہ لوط کا۔

إِنَّا لَمُنَجُّوهُمْ أَجْمَعِينَ ﴿٥٩﴾ إِلَّا امْرَأَتَهُ قَدَّرْنَا ۙ إِنَّهَا

تحقیق ہم البتہ نجات دینے والے ہیں اُن سب کو۔ مگر عورت اسکی مقرر کر رکھا ہے ہمنے یہ کہ وہ

لَمِنَ الْغَابِرِينَ ﴿٦٠﴾ فَلَمَّا جَاءَ آلَ لُوطٍ الْمُرْسَلُونَ ﴿٦١﴾

البتہ پیچھے رہنے والوں سے ہو ف۲۔ پس جب آئے کنبے لوط کے پاس بھیجے ہوئے۔

قَالَ إِنَّكُمْ قَوْمٌ مُنْكَرُونَ ﴿٦٢﴾ قَالُوا بَلْ جِئْنَاكَ بِمَا

کہا تحقیق تم قوم ہو ناپہچان۔ کہا انھوں نے بلکہ لائے ہیں ہم تیرے پاس ساتھ اس چیز کے

كَانُوا فِيهِ يَمْتَرُونَ ﴿٦٣﴾ وَأَتَيْنَاكَ بِالْحَقِّ وَإِنَّا لَصَادِقُونَ ﴿٦٤﴾

کہ تھے بیچ اسکے شک کرتے ف۳۔ اور لائے ہیں ہم تیرے پاس ساتھ حق کے اور تحقیق ہم البتہ سچے ہیں۔

فَأَسْرِ بِأَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِنَ اللَّيْلِ وَاتَّبِعْ أَدْبَارَهُمْ

پس لے چل اہل اپنے کو بیچ ایک ٹکڑے کے رات سے اور پیروی کر پچھاڑی اُنکی کی

وَلَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ أَحَدٌ وَامْضُوا حَيْثُ تُؤْمَرُونَ ﴿٦٥﴾

اور نہ پھر کر دیکھے تم میں سے کوئی شخص اور چلے جاؤ جہاں حکم کیے جاتے ہو۔

وَقَضَيْنَا إِلَيْهِ ذَٰلِكَ الْأَمْرَ أَنَّ دَابِرَ هَٰؤُلَاءِ مَقْطُوعٌ

اور مقرر کر دیا ہمنے طرف اسکی اس بات کو کہ تحقیق جڑ اُن کی کاٹی جاوے گی

مُصْبِحِينَ ﴿٦٦﴾ وَجَاءَ أَهْلُ الْمَدِينَةِ يَسْتَبْشِرُونَ ﴿٦٧﴾

صبح ہوتے۔ اور آئے اُس شہر والے خوشیاں کرتے۔

قَالَ إِنَّ هَٰؤُلَاءِ ضَيْفِي فَلَا تَفْضَحُونِ ﴿٦٨﴾ وَاتَّقُوا اللَّهَ

کہا تحقیق یہ لوگ مہمان میرے ہیں پس مت فضیحت کرو مجھ کو۔ اور ڈرو اللہ سے

وَلَا تُخْزُونِ ﴿٦٩﴾ قَالُوا أَوَلَمْ نَنْهَكَ عَنِ الْعَالَمِينَ ﴿٧٠﴾

اور مت رسوا کرو مجھ کو۔ کہا انھوں نے کیا نہیں منع کیا ہمنے تجھ کو سارے جہان سے۔

(بقیہ صفحہ ۳۵۵)

ف۱ ظاہر کچھ سبب۔ تھا ڈر کا پر انکے ساتھ جو حکم تھا عذاب کا حضرت ابراہیم کو دل پر اسکا اثر پڑا دل کی صفائی سے یہ ہوتا ہے۔ ۱۲ منہ رح

ف معلوم ہوا کہ کامل بھی ظاہر اسباب پر ہوتے ہیں ۱۲ منہ

موضح القرآن

ف۱ عذاب سے نڈر ہونا اور فضل سے ناامیدی دونوں کفر کی باتیں ہیں یعنی آگے کی خبر اللہ کو ہے ایک بات پر دعویٰ کرنا یقین کر کے یہی کفر کی بات ہے لیکن دل کے خیال پر پکڑ نہیں جب منہ سے دعویٰ کرے تب گناہ آتا ہے۔ ۱۲ منہ رح

ع ۱۶ | منزل ۳

ف۲ وہ عورت دل سے منافق تھی لیکن حق تعالیٰ بغیر تقصیر ظاہر کے عذاب نہیں کرتا۔ ایک حکم ایسا بھیجا کہ اس سے نہ ہوسکا وہ یہ کہ منہ پھیر کر۔ دیکھو پھر اس گناہ پر عذاب میں پکڑا۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۳ یعنی ہم اوپرے آدمی نہیں فرشتے ہیں۔ قوم پر عذاب لائے ہیں۔ ۱۲ منہ رح

قَالَ هٰٓؤُلَآءِ بَنٰتِيٓ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ﴿٧١﴾ لَعَمْرُكَ اِنَّهُمْ

کہا کہ یہ ہیں بیٹیاں میری اگر ہو تم کرنے والے۔ قسم ہے زندگی تیری کی تحقیق وہ

لَفِيْ سَكْرَتِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿٧٢﴾ فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ مُشْرِقِيْنَ ﴿٧٣﴾

البتہ بیچ مستی اپنی کے سرگرداں تھے ف۱۔ پس پکڑا اُن کو آواز تند نے سورج نکلتے ہوئے۔

فَجَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ حِجَارَةً

پس کیا ہم نے اوپر اُس کا نیچے اُسکے اور برسایا ہم نے اوپر اُن کے پتھروں کو

مِّنْ سِجِّيْلٍ ﴿٧٤﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلْمُتَوَسِّمِيْنَ ﴿٧٥﴾

کنکر سے۔ تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانیاں ہیں واسطے چہرہ پہچاننے والوں کے۔

وَاِنَّهَا لَبِسَبِيْلٍ مُّقِيْمٍ ﴿٧٦﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٧٧﴾

اور تحقیق وہ بستی البتہ بیچ راہ چلنے کے ہے ف۲ تحقیق بیچ اسکے البتہ نشانی ہے واسطے ایمان والوں کو۔

وَاِنْ كَانَ اَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ لَظٰلِمِيْنَ ﴿٧٨﴾ فَانْتَقَمْنَا

اور تحقیق تھے رہنے والے بن کے البتہ ظالم۔ پس بدلا لیا ہم نے

مِنْهُمْ ۘ وَاِنَّهُمَا لَبِاِمَامٍ مُّبِيْنٍ ﴿٧٩﴾ وَلَقَدْ كَذَّبَ اَصْحٰبُ

اُن سے۔ اور تحقیق وہ دونو البتہ بیچ راستے ظاہر کے ہیں ف۳۔ اور البتہ تحقیق جھٹلایا رہنے والوں

الْحِجْرِ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٨٠﴾ وَاٰتَيْنٰهُمْ اٰيٰتِنَا فَكَانُوْا عَنْهَا

حجر کے نے پیغمبروں کو ف۴۔ اور دیں ہم نے اُنکو نشانیاں پس ہوئے اُن سے

مُعْرِضِيْنَ ﴿٨١﴾ وَكَانُوْا يَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا اٰمِنِيْنَ ﴿٨٢﴾

منہ پھیرنے والے۔ اور تھے تراشتے پہاڑ سے گھر امن چاہنے والے۔

فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ مُصْبِحِيْنَ ﴿٨٣﴾ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ

پس پکڑا اُن کو آواز تند نے صبح ہوتے۔ پس نہ کفایت کیا اُن سے

مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿٨٤﴾ وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

اس چیز نے کہ تھے کماتے۔ اور نہیں پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو

وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ ۭ وَاِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِيَةٌ فَاصْفَحِ

اور اس چیز کو کہ درمیان اُنکے ہے مگر ساتھ حق کے۔ اور تحقیق قیامت البتہ آنیوالی ہے پس درگذر کر

الصَّفْحَ الْجَمِيْلَ ﴿٨٥﴾ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ﴿٨٦﴾

درگذر کرنا نیک ف۵۔ تحقیق رب تیرا وہ ہے پیدا کرنے والا جاننے والا۔

موضح القرآن

ف۱ یہ اللہ تعالیٰ حضرت کو فرماتا ہے قسم ہے تیری جان کی وہ قوم لوط اپنی مستی میں اُن کی بات نہیں سنتے۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۲ مکے سے شام کو جاتے ہوئے وہ بستی اوپر نظر آتی تھی۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۳ بن کے رہنے والے یعنی قوم شعیب مدین میں رہتے تھے اور پاس اس شہر کے درختوں کا بن تھا وہاں بھی رہتے تھے۔ ۱۲ منہ رح

ف۴ حجر والے فرمایا ثمود کو انکے ملک کا نام حجر تھا۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۵ پہلی امتوں کا احوال سنا کر فرمایا کہ یہ جہان خالی نہیں پڑا سر پر ایک مدبر ہے ہر چیز کا تدارک کرنے والا پورا تدارک آخر کو قیامت ہے اور کنارہ پکڑنے کو فرمایا جب حکم پہنچا چکے اور کافر ضد پر آئے تب حکم ہوا کہ جھگڑنے کا فائدہ نہیں وعدہ کی راہ دیکھو۔

۱۲ منہ رح

نصف ۔ ع ۵ ۱۹

وَلَقَدْ اٰتَيْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ ﴿۸۷﴾

اور البتہ تحقیق دیں ہمنے تجھ کو سات چیزیں کہ دُہرائی جاتی ہیں اور قرآن بڑا ف۱۔

لَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖۤ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ وَ

مت لمبی کر دونوں آنکھیں اپنی طرف اس چیز کی کہ فائدہ دیا ہے ہمنے ساتھ اسکے کتنی قسموں کو اُن میں سے اور

لَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۸۸﴾

مت غم کھا اُوپر ان کے اور نیچے کر بازو اپنے کو واسطے ایمان والوں کے۔

وَقُلْ اِنِّيْۤ اَنَا النَّذِيْرُ الْمُبِيْنُ ﴿۸۹﴾ كَمَاۤ اَنْزَلْنَا عَلَى

اور کہہ تحقیق میں ڈرانے والا ہوں ظاہر ف۲۔ جس طرح اُتارا ہم نے اُوپر

الْمُقْتَسِمِيْنَ ﴿۹۰﴾ الَّذِيْنَ جَعَلُوا الْقُرْاٰنَ عِضِيْنَ ﴿۹۱﴾

بانٹنے والوں کے۔ جنھوں نے کیا قرآن کو ٹکڑے ٹکڑے۔

فَوَرَبِّكَ لَنَسْئَلَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۹۲﴾ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۹۳﴾

پس قسم ہے رب تیرے کی البتہ سوال کرینگے ہم اُنسے سب سے۔ اس چیز کہ تھے عمل کرتے ف۳۔

فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۹۴﴾ اِنَّا

پس آشکارا کر اس چیز کو کہ حکم کیا جاتا ہے تو اور منہ پھیر لے مشرکوں سے۔ تحقیق

كَفَيْنٰكَ الْمُسْتَهْزِءِيْنَ ﴿۹۵﴾ الَّذِيْنَ يَجْعَلُوْنَ مَعَ اللّٰهِ

ہمنے کفایت کیا ہے تجھ کو ٹھٹھا کرنیوالوں سے۔ وہ جو مقرر کرتے ہیں ساتھ اللہ کے

اِلٰهًا اٰخَرَ ۚ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۹۶﴾ وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّكَ يَضِيْقُ

معبود اور پس۔ پس البتہ جانیں گے۔ اور البتہ تحقیق جانتے ہیں ہم یہ کہ تو تنگ ہو جاتا

صَدْرُكَ بِمَا يَقُوْلُوْنَ ﴿۹۷﴾ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُنْ مِّنَ

ہے سینہ تیرا ساتھ اس چیز کے کہ کہتے ہیں۔ پس پاکی بیان کر ساتھ تعریف رب اپنے کے اور ہو

السّٰجِدِيْنَ ﴿۹۸﴾ وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ ﴿۹۹﴾

سجدہ کرنیوالوں سے۔ اور عبادت کر پروردگار اپنے کو یہاں تک کہ آوے تجھ کو موت ف۴۔

سُوْرَةُ النَّحْلِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ مِائَةٌ وَّثَمَانٌ وَّعِشْرُوْنَ اٰيَةً وَّسِتَّةَ عَشَرَ رُكُوْعًا

سورۂ نحل مکہ میں نازل ہوئی اسمیں ایک سو اٹھائیس آیتیں اور سولہ رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے۔

موضح القرآن

ف۱ یعنی یہ نعمت بڑی دیکھ اور کافروں کی ضد سے خفا نہ ہو سات آیتیں ونشیذ کہا سورۂ فاتحہ کو اور بڑا قرآن بھی اسی کو کہا ہر سورۃ قرآن ہے یہ سب سے بڑی ہے درجے میں رسول نے فرمایا جسکو اللہ نے قرآن دیا ہو پھر کسی کی اور نعمت دیکھ کر ہوس کرے اُس نے قرآن کی قدر نہ جانی۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۲ یعنی تیرا کام دل پھیر دینا نہیں یہ خدا سے ہو سکتا ہے۔ جو کوئی ایمان نہ لاوے تو غم نہ کھا۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۳ کافر سنتے تھے سورتوں کے نام تو آپسیں ٹھٹھے کو بانٹتے کوئی کہتا میں بقرہ لونگا یا مائدہ تجھ کو عنکبوت دونگا۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۴ یعنی موت کہ بیشک ہے۔ ۱۲ منہ رح۔

معنی ۲۔ ع ۶ (۳۰)

أَتَىٰ أَمْرُ اللَّهِ فَلَا تَسْتَعْجِلُوهُ ۚ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَىٰ عَمَّا
آیا حکم اللہ کا پس مت جلدی کرو اسکو۔ پاک ہے وہ اور بلند ہے اس چیز سے
يُشْرِكُونَ ① يُنَزِّلُ الْمَلَائِكَةَ بِالرُّوحِ مِنْ أَمْرِهِ
کہ شریک کرتے ہیں۔ اتارا ہے فرشتوں کو ساتھ روح کے حکم اپنے سے
عَلَىٰ مَن يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ أَنْ أَنذِرُوا أَنَّهُ لَا إِلَٰهَ
اوپر جس کے چاہتا ہے بندوں اپنے سے یہ کہ ڈراؤ ساتھ اس بات کے کہ نہیں کوئی معبود
إِلَّا أَنَا فَاتَّقُونِ ② خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ ۚ
مگر میں پس ڈرو مجھ سے۔ پیدا کیا ہے آسمانوں کو اور زمین کو ساتھ حق کے۔
تَعَالَىٰ عَمَّا يُشْرِكُونَ ③ خَلَقَ الْإِنسَانَ مِن نُّطْفَةٍ
بلند ہوا اس چیز سے کہ شریک لاتے ہیں۔ پیدا کیا انسان کو نطفے سے
فَإِذَا هُوَ خَصِيمٌ مُّبِينٌ ④ وَالْأَنْعَامَ خَلَقَهَا ۗ لَكُمْ
پس ناگہاں وہ جھگڑنے والا ہے ظاہر۔ اور چارپایوں کو پیدا کیا ان کو واسطے تمہارے
فِيهَا دِفْءٌ وَمَنَافِعُ وَمِنْهَا تَأْكُلُونَ ⑤ وَلَكُمْ فِيهَا
بیچ اسکے اسباب گرمی کا اور فائدے ہیں اور اسمیں سے کھاتے ہو۔ اور واسطے تمہارے بیچ اسکے
جَمَالٌ حِينَ تُرِيحُونَ وَحِينَ تَسْرَحُونَ ⑥ وَتَحْمِلُ
جمال ہے جس وقت کہ شام کو چگا لاتے ہو اور جب چگانے کو نکالتے ہو۔ اور اٹھائے جاتے ہیں
أَثْقَالَكُمْ إِلَىٰ بَلَدٍ لَّمْ تَكُونُوا بَالِغِيهِ إِلَّا بِشِقِّ
بوجھ تمہارے طرف کسی شہر کی کہ نہ تھے تم پہنچنے والے اس کے مگر ساتھ آدھی
الْأَنفُسِ ۚ إِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوفٌ رَّحِيمٌ ⑦ وَالْخَيْلَ
جان کے۔ تحقیق پروردگار تمہارا البتہ شفقت کرنیوالا مہربان ہے۔ اور پیدا کیے گھوڑے
وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيرَ لِتَرْكَبُوهَا وَزِينَةً ۚ وَيَخْلُقُ مَا
اور خچریں اور گدھے تاکہ چڑھو ان پر اور واسطے زینت کے۔ اور پیدا کرتا ہے جو کچھ کہ
لَا تَعْلَمُونَ ⑧ وَعَلَى اللَّهِ قَصْدُ السَّبِيلِ وَمِنْهَا
نہیں جانتے تم۔ اور اوپر اللہ کے پہنچتی ہے سیدھی راہ اور بعضی ان میں سے
جَائِرٌ ۚ وَلَوْ شَاءَ لَهَدَاكُمْ أَجْمَعِينَ ⑨ هُوَ الَّذِي
کج ہے۔ اور اگر چاہتا اللہ البتہ ہدایت کرتا تمکو سب کو ف۱۔ وہی ہے جس نے

موضح القرآن
ف۱ یعنی اس کی قدرتیں دیکھ کر صاف معلوم ہوتی ہیں اس کی خوبیاں اور جس کی عقل سیدھی نہیں وہ بہکتا ہے۔ ۱۲ منہ رح۔

(نصف)

(ع ۹ ا)

أَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً لَّكُمْ مِّنْهُ شَرَابٌ وَّمِنْهُ
اُتارا آسمان سے پانی واسطے تمہارے اس میں سے پینا ہے اور اُس میں سے
شَجَرٌ فِيْهِ تُسِيْمُوْنَ ﴿١٠﴾ يُنْۢبِتُ لَكُمْ بِهِ الزَّرْعَ
درخت ہیں کہ بیچ اُسکے چَراتے ہو۔ اُگاتا ہے واسطے تمہارے ساتھ اُسکے کھیتی
وَالزَّيْتُوْنَ وَالنَّخِيْلَ وَالْأَعْنَابَ وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ؕ
اور زیتون اور کھجور اور انگور اور ہرایک میووں سے۔
اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿١١﴾ وَسَخَّرَ لَكُمُ
تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانی ہے واسطے اُس قوم کے کہ فکر کرتے ہیں۔ اور مسخر کیا واسطے تمہارے
الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۙ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ وَالنُّجُوْمُ مُسَخَّرٰتٌۢ
رات اور دن اور سورج اور چاند اور تارے مسخر ہیں
بِاَمْرِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿١٢﴾ وَ
ساتھ حکم اُسکے کے۔ تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانیاں ہیں واسطے اُس قوم کے کہ سمجھتے ہیں ف۱ اور
مَا ذَرَاَ لَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ
جو کچھ پھیلا دیا ہے واسطے تمہارے بیچ زمین کے کہ مختلف ہیں رنگ اسکے۔ تحقیق بیچ اس کے
لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ﴿١٣﴾ وَهُوَ الَّذِيْ سَخَّرَ الْبَحْرَ
البتہ نشانی ہے واسطے اُس قوم کے کہ نصیحت پکڑتے ہیں ف۲۔ اور وہ ہے جس نے مسخر کیا دریا کو
لِتَاْكُلُوْا مِنْهُ لَحْمًا طَرِيًّا وَّتَسْتَخْرِجُوْا مِنْهُ حِلْيَةً
تاکہ کھاؤ اُس میں سے گوشت تازہ اور نکالو اُس میں سے گہنا
تَلْبَسُوْنَهَا ۚ وَتَرَى الْفُلْكَ مَوَاخِرَ فِيْهِ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ
کہ پہنتے ہو اُسکو۔ اور دیکھتا ہے تو کشتیوں کو پانی پھاڑنے والی بیچ اسکے اور تاکہ ڈھونڈو
فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿١٤﴾ وَاَلْقٰى فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ
فضل اُسکے سے اور تاکہ تم شکر کرو ف۳۔ اور ڈالے بیچ زمین کے پہاڑ
اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ وَاَنْهٰرًا وَّسُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿١٥﴾
ایسا نہ ہو کہ ہل جاوے ساتھ تمہارے اور نہریں اور راہیں تاکہ تم راہ پاؤ ف۴۔
وَعَلٰمٰتٍ ؕ وَبِالنَّجْمِ هُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿١٦﴾ اَفَمَنْ يَّخْلُقُ
اور نشانیاں راہ کی۔ اور ساتھ تاروں کے وہ راہ پاتے ہیں ف۵۔ کیا پس جو شخص کہ پیدا کرتا ہے

موضح القرآن

ف۱ چار چیزوں سے بندوں کے کام لگ رہے ہیں صریح لیکن اور ستاروں سے کچھ ظاہر ہیں انکو کام نہیں اُن کو جُدا فرمایا۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۲ شاید اس سے مراد جانور ہیں۔ ۱۲ منہ

ف۳ تلاش کرو اسکے فضل سے یعنی روزی کماؤ سوداگری سے دریا میں۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۴ یعنی ایک ملک سے دوسرے ملک میں جاسکو۔ ۱۲ منہ

ف۵ یعنی راہ میں پتے رکھے بھول نہ جاویں۔ ۱۲ منہ رح

كَمَنْ لَّا يَخْلُقُ ۗ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَاِنْ تَعُدُّوْا
مانند اُسکے ہو کہ نہیں پیدا کرتا۔ کیا پس نہیں نصیحت پکڑتے تم۔ اور اگر گنو تم
نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا ۗ اِنَّ اللّٰهَ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۸﴾
نعمتیں اللہ کی نہ پورا گن سکو اُن کو۔ تحقیق اللہ البتہ بخشنے والا مہربان ہے۔
وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَالَّذِيْنَ
اور اللہ جانتا ہے جو چھپاتے ہو تم اور جو ظاہر کرتے ہو تم ف ۱۔ اور اُن لوگوں کو
يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَا يَخْلُقُوْنَ شَيْـًٔا وَّهُمْ
کہ پکارتے ہیں سوائے اللہ کے نہیں پیدا کرتے کچھ اور وہ
يُخْلَقُوْنَ ﴿۲۰﴾ اَمْوَاتٌ غَيْرُ اَحْيَآءٍ ۚ وَمَا يَشْعُرُوْنَ اَيَّانَ
پیدا کئے جاتے ہیں۔ مُردے ہیں نہیں زندے۔ اور نہیں جانتے کب
يُبْعَثُوْنَ ﴿۲۱﴾ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ
اُٹھائے جاویں گے ف ۲۔ معبود تمہارا معبود اکیلا ہے۔ پس جو لوگ کہ نہیں ایمان لاتے
بِالْاٰخِرَةِ قُلُوْبُهُمْ مُّنْكِرَةٌ وَّهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۲۲﴾ لَا
ساتھ آخرت کے دل اُنکے انکار کرتے ہیں اور وہ تکبر کرنے والے ہیں۔ نہیں
جَرَمَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۗ اِنَّهٗ
شک یہ کہ اللہ جانتا ہے جو چھپاتے ہیں اور جو کچھ کہ ظاہر کرتے ہیں تحقیق وہ
لَا يُحِبُّ الْمُسْتَكْبِرِيْنَ ﴿۲۳﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ مَّاذَآ اَنْزَلَ
نہیں دوست رکھتا تکبر کرنے والوں کو۔ اور جب کہا جاتا ہے واسطے اُنکے کیا اُتارا ہے
رَبُّكُمْ ۙ قَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۲۴﴾ لِيَحْمِلُوْٓا اَوْزَارَهُمْ
پروردگار تمہارے نے کہتے ہیں کہانیاں ہیں پہلوں کی۔ تاکہ اُٹھاویں بوجھ اپنے
كَامِلَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ۙ وَمِنْ اَوْزَارِ الَّذِيْنَ يُضِلُّوْنَهُمْ
پورے دن قیامت کے اور بعضے گناہوں اُن لوگوں کے سے کہ گمراہ کرتے ہیں اُن کو
بِغَيْرِ عِلْمٍ ۗ اَلَا سَآءَ مَا يَزِرُوْنَ ﴿۲۵﴾ قَدْ مَكَرَ الَّذِيْنَ
بغیر علم کے۔ خبردار ہو بُرا ہے جو کچھ بوجھ اُٹھاتے ہیں۔ تحقیق مکر کیا تھا اُن لوگوں نے
مِنْ قَبْلِهِمْ فَاَتَى اللّٰهُ بُنْيَانَهُمْ مِّنَ الْقَوَاعِدِ فَخَرَّ عَلَيْهِمُ
جو پہلے اُن سے تھے پس آیا عذاب اللہ کا عمارت اُنکی کے پاس نیووں سے پس گر پڑی اُوپر اُنکے

موضح القرآن

ف ۱ شاید اس جگہ یہ بات اس پر فرمائی کہ جیسے شہر باتیں لاجواب ہوتے ہیں ... بات نہیں سمجھتی سو خدا دل پر پہنچا ہے۔ ۱۲ منہ رحمہ۔

ف ۲ شاید ان کو فرمایا جو مرے اُن کو پوجتے تھے۔

ع ۱۲ ۸ ۲ — ع ۱۳ ۳ ۹

السَّقْفُ مِنْ فَوْقِهِمْ وَاَتٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ
چھت اُوپر اُن کے سے اور آیا اُن کے پاس عذاب اس جگہ سے کہ
لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۲۶﴾ ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُخْزِيْهِمْ وَيَقُوْلُ اَيْنَ
نہیں جانتے تھے ف۱۔ پھر دن قیامت کے رُسوا کریگا اُن کو اور کہے گا کہاں ہیں
شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تُشَآقُّوْنَ فِيْهِمْ ۭ قَالَ الَّذِيْنَ
شریک میرے وہ جو تھے تم جھگڑتے بیچ اُنکے۔ کہیں گے وہ لوگ کہ
اُوْتُوا الْعِلْمَ اِنَّ الْخِزْيَ الْيَوْمَ وَالسُّوْۗءَ عَلَي الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۷﴾
دیئے گئے تھے علم تحقیق رُسوائی آج کے دن اور بُرائی اُوپر کافروں کے ہے۔
الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰۗىِٕكَةُ ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۠ فَاَلْقَوُا
جو قبض کرتے تھے اُن کو فرشتے اس حالت میں کہ ظلم کرنیوالے تھے جانوں اپنی کو پس ڈالی انھوں نے
السَّلَمَ مَا كُنَّا نَعْمَلُ مِنْ سُوْۗءٍ ۭ بَلٰٓى اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ
صلح نہ تھے ہم کرتے کچھ بُرائی۔ کیوں نہیں تحقیق اللہ جاننے والا ہے
بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۸﴾ فَادْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ
ساتھ اُس چیز کے کہ تھے تم کرتے۔ پس داخل ہو دروازوں دوزخ کے میں ہمیشہ رہنے والے
فِيْهَا ۭ فَلَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۲۹﴾ وَقِيْلَ لِلَّذِيْنَ
بیچ اسکے۔ پس البتہ بُری ہے جگہ تکبر کرنے والوں کی۔ اور کہا گیا واسطے اُن لوگوں کے
اتَّقَوْا مَاذَآ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ ۭ قَالُوْا خَيْرًا ۭ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا
جو پرہیزگاری کرتے ہیں کیا اُتارا تھا پروردگار تمہارے نے کہا انھوں نے بھلائی واسطے اُن لوگوں کے احسان
فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ۭ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ ۭ وَلَنِعْمَ
کرتے ہیں بیچ اس دُنیا کے بھلائی ہے۔ اور البتہ گھر آخرت کا بہتر ہے۔ اور البتہ بہتر ہے
دَارُ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۰﴾ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا تَجْرِيْ مِنْ
گھر پرہیزگاروں کا۔ بہشتیں ہمیشہ رہنے کی داخل ہوں گے اُن میں چلتی ہیں
تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَاۗءُوْنَ ۭ كَذٰلِكَ يَجْزِي
نیچے اُنکے نہریں واسطے اُنکے ہے بیچ اُن کے جو چاہیں۔ اسی طرح جزا دیتا ہے
اللّٰهُ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۱﴾ الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰۗىِٕكَةُ طَيِّبِيْنَ
اللہ پرہیزگاروں کو۔ جو لوگ کہ قبض کرتے ہیں اُنکو فرشتے اس حالت میں کہ پاکیزہ ہیں

موضح القرآن
ف۱ چنائی پر پہنچا [partial]
اسے اور چھت گر [partial]
یعنی انکے فریب دغا [partial]
اکھاڑ مارا ہے۔ ۱۲ منہ رحمہ [partial]

يَقُولُونَ سَلٰمٌ عَلَيْكُمُ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٣٢﴾

کہتے ہیں فرشتے سلامتی ہو اُوپر تمھارے داخل ہو بہشت میں بسبب اس کے کہ تھے تم عمل کرتے۔

هَلْ يَنْظُرُونَ إِلَّا أَنْ تَأْتِيَهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ أَوْ يَأْتِيَ أَمْرُ

نہیں انتظار کرتے مگر یہ کہ آویں اُن کے پاس فرشتے یا آوے حکم

رَبِّكَ ۚ كَذٰلِكَ فَعَلَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ

پروردگار تیرے کا۔ اسی طرح کیا تھا اُن لوگوں نے کہ پہلے اُن سے تھے۔ اور نہیں ظلم کیا اُنکو اللہ نے

وَلٰكِنْ كَانُوٓا أَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ ﴿٣٣﴾ فَأَصَابَهُمْ سَيِّاٰتُ

ولیکن تھے جانوں اپنی کو ظلم کرتے۔ پس پہنچیں اُن کو بُرائیاں

مَا عَمِلُوا وَحَاقَ بِهِمْ مَا كَانُوا بِهٖ يَسْتَهْزِءُونَ ﴿٣٤﴾ وَقَالَ

اُس چیز کی کہ کیا تھا اُنھوں نے اور گھیر لیا اُنکو اُس چیز نے کہ تھے ساتھ اُسکے ٹھٹھا کرتے۔ اور کہا

الَّذِينَ أَشْرَكُوا لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا عَبَدْنَا مِنْ دُونِهٖ مِنْ

اُن لوگوں نے جو شریک لاتے ہیں اگر چاہتا اللہ نہ عبادت کرتے ہم سوائے اس کے

شَيْءٍ نَحْنُ وَلَآ اٰبَآؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ دُونِهٖ مِنْ شَيْءٍ ۚ

کسی چیز کو ہم اور نہ باپ ہمارے اور نہ حرام کر ڈالتے ہم سوائے اسکے یعنی بن کہے اسکے کسی چیز کو

كَذٰلِكَ فَعَلَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ فَهَلْ عَلَى الرُّسُلِ

اسی طرح کیا اُن لوگوں نے جو پہلے اُن سے تھے۔ پس آیا ہے اُوپر پیغمبروں کے

إِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِينُ ﴿٣٥﴾ وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِي كُلِّ أُمَّةٍ رَّسُولًا

مگر پہنچا دینا ظاہر ف۱۔ اور البتہ تحقیق بھیجے ہیں ہم نے بیچ ہر ایک اُمت کے پیغمبر

أَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوتَ ۚ فَمِنْهُمْ مَنْ

یہ کہ عبادت کرو اللہ کو اور ایک طرف رہو بُتوں سے پس بعضے اُنمیں سے وہ تھے

هَدَى اللّٰهُ وَمِنْهُمْ مَنْ حَقَّتْ عَلَيْهِ الضَّلٰلَةُ ۚ فَسِيرُوا

کہ ہدایت کی اُنکو اللہ نے اور بعضے اُنمیں سے وہ ہیں کہ ثابت ہوئی اُوپر اُنکے گمراہی۔ پس سیر کرو

فِي الْأَرْضِ فَانْظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِينَ ﴿٣٦﴾

بیچ زمین کے پس دیکھو کیونکر ہوا آخر کام جھٹلانے والوں کا ف۲۔

إِنْ تَحْرِصْ عَلٰى هُدٰىهُمْ فَإِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي مَنْ

اگر حرص کرے تو اُوپر ہدایت اُنکی کے پس تحقیق اللہ نہیں ہدایت کرتا اُس شخص کو

مُوضح القرآن

ف۱ یہ نادانوں کے کلام ہیں کہ اللہ کو یہ کام بُرا لگتا تو کیوں کرنے دیتا آخر ہر فرقے کے نزدیک بعضے کام بُرے ہیں پھر وہ کیوں ہوتے ہیں یہاں جواب مجمل فرمایا کہ ہمیشہ رسول منع کرتے آئے ہیں اس سے جس کی قسمت تھی ہدایت پائی جو خراب ہونا تھا خراب ہوا اللہ کو یہی منظور ہے۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۲ طاغوت وہ جو ناحق سرداری کا دعوے کرے کچھ سند نہ رکھے ایسے کو طاغوت کہتے ہیں بُت اور شیطان اور زبردست ظالم سب یہی ہیں۔ ۱۲ منہ رح۔

ع ۴ / ۹ / ۱۰

ع ۵ / ۶

يُضِلُّ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿٣٧﴾ وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ
کو گمراہ کرتا ہے اور نہیں واسطے اُنکے کوئی مددگار ۔ اور قسم کھائی اُنھوں نے ساتھ اللہ کے

جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَا يَبْعَثُ اللّٰهُ مَنْ يَّمُوْتُ بَلٰى وَعْدًا
سخت قسم اپنی کہ نہ اٹھاوے گا اللہ اُنکو جو مرجاتے ہیں۔ کیوں نہیں وعدہ کیا ہے

عَلَيْهِ حَقًّا وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٣٨﴾ لِيُبَيِّنَ
اُوپر اپنے ثابت ولیکن اکثر لوگ نہیں جانتے ۔ تاکہ بیان کرے

لَهُمُ الَّذِيْ يَخْتَلِفُوْنَ فِيْهِ وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا
واسطے اُنکے وہ چیز کہ اختلاف کرتے ہیں بیچ اسکے اور تاکہ جانیں وہ لوگ کہ کافر ہوئے

اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰذِبِيْنَ ﴿٣٩﴾ اِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَيْءٍ اِذَآ اَرَدْنٰهُ
یہ کہ وہ تھے جھوٹے ف۱ ۔ سوائے اسکے نہیں کہ کہنا ہمارا واسطے کسی چیز کے جب ارادہ کرتے

اَنْ نَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿٤٠﴾ وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِي
ہیں ہم اسکو یہ کہ کہتے ہیں ہم اسکو ہو پس ہو جاتی ہے ف۲ ۔ اور جن لوگوں نے کہ وطن چھوڑا بیچ

اللّٰهِ مِنْ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا لَنُبَوِّئَنَّهُمْ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً
راہ اللہ کے پیچھے اسکے کہ ظلم کئے گئے البتہ جگہ دیویں گے ہم اُنکو بیچ دنیا کے اچھی یعنی مہاجرین کو

وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿٤١﴾ الَّذِيْنَ صَبَرُوْا
اور البتہ ثواب آخرت کا بہت بڑا ہے کاش کہ ہوتے جانتے ۔ جن لوگوں نے صبر کیا

وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿٤٢﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا
اور اُوپر رب اپنے کے توکل کرتے ہیں ۔ اور نہیں بھیجے ہمنے پہلے تجھ سے مگر

رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ فَسْـَٔلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ
مرد کہ وحی بھیجتے تھے ہم طرف اُن کی پس سوال کرو یاد والوں کو اگر ہو تم

لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٤٣﴾ بِالْبَيِّنٰتِ وَالزُّبُرِ وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الذِّكْرَ
نہیں جانتے ف۳ ۔ یعنی بھیجا ہمنے اُنکو ساتھ دلیلوں کے اور کتابوں کے اور اُتارا ہمنے طرف تیری ذکر کو

لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿٤٤﴾
تاکہ بیان کرے تو واسطے لوگوں کے وہ چیز کہ اُتاری گئی ہے طرف اُنکی اور تاکہ وہ فکر کریں ۔

اَفَاَمِنَ الَّذِيْنَ مَكَرُوا السَّيِّاٰتِ اَنْ يَّخْسِفَ اللّٰهُ بِهِمُ
کیا پس نڈر ہو گئے وہ لوگ جو مکر کرتے ہیں بُرائیاں یہ کہ دھنسا دیوے اللہ ساتھ اُن کے

النصف

موضح القرآن

ف۱ یعنی اس جہان میں بہت باتوں کا شبہ رہا اور کسی نے اللہ کو نہ مانا کوئی منکر رہا تو دوسرا جہان ہونا لازمی ہے کہ جھگڑے تحقیق ہوں سچ اور جھوٹ جُدا ہو اور مطیع اور منکر اپنا کیا پاویں۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۲ یعنی مُردوں کو جِلانا ہمارے پاس مشکل نہیں۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ یاد رکھنے والے یعنی اہل کتاب کہ اگلے احوال جانتے تھے۔ ۱۲ منہ رح۔

الْأَرْضَ أَوْ يَأْتِيَهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُونَ ﴿۴۵﴾
زمین کو یا آوے اُنکے پاس عذاب اُس جگہ سے کہ نہیں جانتے ۔

أَوْ يَأْخُذَهُمْ فِي تَقَلُّبِهِمْ فَمَا هُمْ بِمُعْجِزِينَ ﴿۴۶﴾ أَوْ
یا پکڑے اُن کو بیچ چلنے پھرنے اُنکے کے پس نہیں وہ عاجز کرنے والے ۔ یا

يَأْخُذَهُمْ عَلَىٰ تَخَوُّفٍ فَإِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوفٌ رَحِيمٌ ﴿۴۷﴾
پکڑے اُن کو اُوپر ڈرانے کے ۔ پس تحقیق پروردگار تمہارا البتہ شفقت کرنیوالا مہربان ہے۔

أَوَلَمْ يَرَوْا إِلَىٰ مَا خَلَقَ اللَّهُ مِنْ شَيْءٍ يَتَفَيَّأُ
کیا نہیں دیکھا اُنھوں نے طرف اُسکی کہ پیدا کیا اللہ نے ہر چیز سے پھرتے ہیں

ظِلَالُهُ عَنِ الْيَمِينِ وَالشَّمَائِلِ سُجَّدًا لِلَّهِ وَهُمْ
سائے اُس کے داہنی طرف سے اور بائیں طرف سے سجدہ کرتے ہوئے واسطے اللہ کے اور وُہ

دَاخِرُونَ ﴿۴۸﴾ وَلِلَّهِ يَسْجُدُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي
ذلیل ہیں اُسکے آگے ف ۱ ۔ اور واسطے اللہ کے سجدہ کرتے ہیں جو کچھ بیچ آسمانوں کے اور جو کچھ بیچ

الْأَرْضِ مِنْ دَابَّةٍ وَالْمَلَائِكَةُ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُونَ ﴿۴۹﴾
زمین کے ہیں چلنے والوں سے اور فرشتے اور وُہ نہیں تکبر کرتے ف ۲ ۔

يَخَافُونَ رَبَّهُمْ مِنْ فَوْقِهِمْ وَيَفْعَلُونَ مَا يُؤْمَرُونَ ﴿۵۰﴾
ڈرتے ہیں پروردگار اپنے سے اُوپر اپنے سے اور کرتے ہیں جو کچھ حکم کئے جاتے ہیں ف ۳ ۔

وَقَالَ اللَّهُ لَا تَتَّخِذُوا إِلَٰهَيْنِ اثْنَيْنِ ۖ إِنَّمَا هُوَ
اور کہا اللہ نے مت پکڑو معبود دو سوائے اسکے نہیں کہ وُہ

إِلَٰهٌ وَاحِدٌ ۖ فَإِيَّايَ فَارْهَبُونِ ﴿۵۱﴾ وَلَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ
معبود اکیلا ہے ۔ پس مجھ ہی سے ڈرو ۔ اور واسطے اسکے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے

وَالْأَرْضِ وَلَهُ الدِّينُ وَاصِبًا ۚ أَفَغَيْرَ اللَّهِ تَتَّقُونَ ﴿۵۲﴾
اور زمین کے ہے اور واسطے اُسی کے ہے عبادت لازم ۔ کیا پس غیر خدا کے سے ڈرتے ہو ۔

وَمَا بِكُمْ مِنْ نِعْمَةٍ فَمِنَ اللَّهِ ۖ ثُمَّ إِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ
اور جو کچھ تمہارے پاس ہے نعمت سے پس اللہ کی طرف سے ہے پھر جب لگتی ہے تمکو سختی

فَإِلَيْهِ تَجْأَرُونَ ﴿۵۳﴾ ثُمَّ إِذَا كَشَفَ الضُّرَّ عَنْكُمْ إِذَا
پس طرف اُسی کی فریاد کرتے ہو ۔ پھر جب کھول دیتا ہے سختی کو تم سے ناگہاں

موضح القرآن

ف ۱ ہر چیز ٹھیک دوپہر میں کھڑی ہے اس کا سایہ بھی کھڑا ہے جب دن ڈھلا سایہ جھکا پھر جھکتے جھکتے شام تک زمین پر پڑ گیا جیسے نماز میں کھڑے سے رکوع رکوع سے سجدہ اسی طرح ہر چیز آپ کھڑی ہے اپنے سایہ سے نماز کرتی ہے کبھی ملک میں کسی موسم میں داہنے طرف جھکتا ہے کہیں بائیں طرف ۔ ۱۲ منہ رح

ف ۲ پہلے کھڑی چیزوں کا سجدہ بیان ہوا ۔ یہ جانوروں کا اور فرشتوں کا مغرور لوگوں کو سر رکھنا زمین پر مشکل پڑتا ہے نہیں جانتے کہ بندے کی بڑائی اسی میں ہے ۔ ۱۲ منہ رح

ف ۳ ہر بندے کے دل میں ہے کہ میرے اُوپر اللہ ہے آپ کو نیچے سمجھتا ہے یہ سجدہ فرشتوں کا بھی ہے اور سب کا ۔ ۱۲ منہ رح

(حاشیہ: ع ۱۰ / ۱۲ ۔ سجدہ)

فَرِيقٌ مِّنكُم بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُونَ ﴿٥٤﴾ لِيَكْفُرُوا بِمَا آتَيْنَاهُمْ
ایک فرقہ تم میں کو ساتھ پروردگار اپنے کے شریک لاتا ہے تاکہ کفر کریں ساتھ اس چیز کے کہ دیا ہم نے انکو

فَتَمَتَّعُوا فَسَوْفَ تَعْلَمُونَ ﴿٥٥﴾ وَيَجْعَلُونَ لِمَا لَا يَعْلَمُونَ
پس اٹھالو فائدہ۔ پس البتہ جانو گے۔ اور مقرر کرتے ہیں واسطے اس چیز کے کہ نہیں جانتے

نَصِيبًا مِّمَّا رَزَقْنَاهُمْ تَاللَّهِ لَتُسْأَلُنَّ عَمَّا كُنتُمْ تَفْتَرُونَ ﴿٥٦﴾
ایک حصہ اس چیز سے کہ دی ہے ہم نے انکو قسم ہے اللہ کی البتہ سوال کئے جاؤ گے تم اس چیز سے کہ تھے تم باندھ لیتے ف۱

وَيَجْعَلُونَ لِلَّهِ الْبَنَاتِ سُبْحَانَهُ وَلَهُم مَّا يَشْتَهُونَ ﴿٥٧﴾
اور مقرر کرتے ہیں واسطے اللہ کے بیٹیاں پاکی ہے اسکو اور واسطے انکے ہے جو کچھ کہ چاہتے ہیں ف۲۔

وَإِذَا بُشِّرَ أَحَدُهُم بِالْأُنثَىٰ ظَلَّ وَجْهُهُ مُسْوَدًّا وَهُوَ
اور جب خبر دیا جاتا ہے ایک اُن کا ساتھ بیٹی کے، ہو جاتا ہے منہ اُس کا سیاہ اور وہ

كَظِيمٌ ﴿٥٨﴾ يَتَوَارَىٰ مِنَ الْقَوْمِ مِن سُوءِ مَا بُشِّرَ بِهِ
غم سے بھرا ہوتا ہے۔ چھپتا پھرتا ہے قوم سے یعنی لوگوں سے برائی اس چیز کی سے کہ بشارت دیا گیا ہے ساتھ اسکے۔

أَيُمْسِكُهُ عَلَىٰ هُونٍ أَمْ يَدُسُّهُ فِي التُّرَابِ أَلَا
آیا نگاہ رکھے اُس کو اوپر ذلت کے یا گاڑے اسکو بیچ مٹی کے۔ خبردار ہو

سَاءَ مَا يَحْكُمُونَ ﴿٥٩﴾ لِلَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ
برا ہے جو کچھ کہ حکم کرتے ہیں۔ واسطے اُن لوگوں کے کہ نہیں ایمان لاتے ساتھ آخرت کے

مَثَلُ السَّوْءِ وَلِلَّهِ الْمَثَلُ الْأَعْلَىٰ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿٦٠﴾
صفت بری ہے۔ اور واسطے اللہ کے ہے صفت بلند۔ اور وہ ہے غالب حکمت والا۔

وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللَّهُ النَّاسَ بِظُلْمِهِم مَّا تَرَكَ عَلَيْهَا مِن
اور اگر پکڑے اللہ لوگوں کو ساتھ ظلم انکے کے نہ چھوڑے اوپر اس کے زمین کے کوئی

دَابَّةٍ وَلَٰكِن يُؤَخِّرُهُمْ إِلَىٰ أَجَلٍ مُّسَمًّى فَإِذَا جَاءَ
چلنے والا ولیکن ڈھیل دیتا ہے اُن کو ایک وقت مقرر تک۔ پس جب آوے گا

أَجَلُهُمْ لَا يَسْتَأْخِرُونَ سَاعَةً وَلَا يَسْتَقْدِمُونَ ﴿٦١﴾
وقت اُن کا نہ پیچھے رہیں گے ایک ساعت اور نہ پہلے چلیں گے ف۳۔

وَيَجْعَلُونَ لِلَّهِ مَا يَكْرَهُونَ وَتَصِفُ أَلْسِنَتُهُمُ
اور مقرر کرتے ہیں واسطے اللہ کے جو کچھ کہ ناخوش رکھتے ہیں اور بیان کرتی ہیں زبانیں اُن کی

ع ١٠

موضح القرآن

ف۱ یہ اُن کو فرمایا جو اپنے کھیت میں مواشی میں تجارت میں اللہ کے سوا کسی کی نیاز ٹھیراتے ہیں سب مال اللہ کا ہے اور کسی کا حق نہیں مگر اللہ کی راہ میں دے اپنے تو آپ پھر اپنے بدلے تو بے کسی کو دلوائے ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی اپنے واسطے چاہتے ہیں بیٹا۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ یعنی لوگوں کو سزا نہ دے تو مینہ بند کرے جس میں جانور بھی مریں۔ ۱۲ منہ رح

الْكَذِبَ أَنَّ لَهُمُ الْحُسْنَىٰ ۖ لَا جَرَمَ أَنَّ لَهُمُ النَّارَ
جھوٹ یہ کہ واسطے اُنکے ہے اچھی چیز۔ نہیں شک یہ کہ واسطے اُنکے ہے آگ

وَأَنَّهُمْ مُفْرَطُونَ ﴿٦٢﴾ تَاللَّهِ لَقَدْ أَرْسَلْنَا إِلَىٰ أُمَمٍ
اور یہ کہ وہ آگے چلائے گئے ہیں ف۱ ۔ قسم ہے اللہ کی البتہ تحقیق بھیجے ہمنے پیغمبر طرف امتوں کی

مِنْ قَبْلِكَ فَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطَانُ أَعْمَالَهُمْ فَهُوَ وَلِيُّهُمُ الْيَوْمَ
پہلے تجھ سے پس زینت دی واسطے اُنکے شیطان نے عملوں اُنکے کو پس وہی ہے دوست اُن کا

وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿٦٣﴾ وَمَا أَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ إِلَّا
آج کے دن اور واسطے اُنکے عذاب ہے درد دینے والا۔ اور نہیں اُتاری ہمنے اُوپر تیرے کتاب کو مگر

لِتُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِي اخْتَلَفُوا فِيهِ ۙ وَهُدًى وَرَحْمَةً لِقَوْمٍ
تاکہ بیان کرے تو واسطے اُنکے وہ چیز کہ اختلاف کرتے ہیں بیچ اسکے اور ہدایت اور رحمت واسطے اُس

يُؤْمِنُونَ ﴿٦٤﴾ وَاللَّهُ أَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَحْيَا بِهِ
قوم کے کہ ایمان لاتے ہیں۔ اور اللہ نے اُتارا ہے آسمان سے پانی پس زندہ کیا ساتھ اس کے

الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لِقَوْمٍ يَسْمَعُونَ ﴿٦٥﴾
زمین کو پیچھے موت اسکی کے۔ تحقیق بیچ اسکے البتہ نشانی ہے واسطے اس قوم کے کہ سنتے ہیں ف۲

وَإِنَّ لَكُمْ فِي الْأَنْعَامِ لَعِبْرَةً ۖ نُسْقِيكُمْ مِمَّا فِي بُطُونِهِ
اور تحقیق واسطے تمہارے بیچ چارپایوں کے البتہ عبرت ہے۔ پلاتے ہیں ہم تمکو اس چیز سے کہ بیچ پیٹوں اُنکے کے

مِنْ بَيْنِ فَرْثٍ وَدَمٍ لَبَنًا خَالِصًا سَائِغًا لِلشَّارِبِينَ ﴿٦٦﴾
ہے درمیان سے گوبر اور لہو کے دودھ خالص آسانی سے حلق میں گزرنیوالا واسطے پینے والوں کے

وَمِنْ ثَمَرَاتِ النَّخِيلِ وَالْأَعْنَابِ تَتَّخِذُونَ مِنْهُ
اور میوے کھجوروں کے اور انگوروں کے سے لیتے ہو تم اُس سے

سَكَرًا وَرِزْقًا حَسَنًا ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لِقَوْمٍ يَعْقِلُونَ ﴿٦٧﴾
مست کرنیوالی چیزیں اور رزق اچھا۔ تحقیق بیچ اسکے البتہ نشانی ہے واسطے اس قوم کے کہ سمجھتے ہیں

وَأَوْحَىٰ رَبُّكَ إِلَى النَّحْلِ أَنِ اتَّخِذِي مِنَ الْجِبَالِ
اور وحی بھیجی پروردگار تیرے نے طرف مکھی شہد کے یہ کہ پکڑ لے پہاڑوں سے

بُيُوتًا وَمِنَ الشَّجَرِ وَمِمَّا يَعْرِشُونَ ﴿٦٨﴾ ثُمَّ كُلِي مِنْ
گھر اور درختوں سے اور اس چیز سے کہ بلند کرتے ہیں ف۳ ۔ پھر کھا سب

ع ۸ ۵ ۱۴

موضح القرآن

ف۱ یہ اُنکو فرمایا جو ناکا چیزیں اللہ کے نام دیں اور اس پر یقین کریں کہ ہمکو بہشت ملے اور وہ روز برزخ میں بڑھتے ہیں ۱۲ منہ

ف۲ یعنی اسی طرح قرآن سے جاہلوں کو عالم کریگا اگر دل سے سنیں گے۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ یعنی انگور کی بیل چڑھانے کو۔ ۱۲ منہ رح

كُلِّ الثَّمَرٰتِ فَاسْلُكِيْ سُبُلَ رَبِّكِ ذُلُلًا ۭ يَخْرُجُ

میووں سے پس چل راہوں پروردگار اپنے کی میں ستھری ہوئی ۔ نکلتی ہیں

مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَاۗءٌ

پیٹوں اُن کے سے پینے کی چیزیں کہ مختلف ہیں رنگ اُس کے بیچ اس کے شفا ہے

لِّلنَّاسِ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿٦٩﴾

واسطے لوگوں کے ۔ تحقیق بیچ اسکے البتہ نشانی ہے واسطے اُس قوم کے کہ فکر کرتے ہیں ف۱ اور

وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ ثُمَّ يَتَوَفّٰىكُمْ ڐ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰٓى

اللہ نے پیدا کیا تمکو پھر قبض کرے گا تمکو اور بعض تم میں سے وہ شخص ہے کہ پھیرا جاتا ہے

اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْ لَا يَعْلَمَ بَعْدَ عِلْمٍ شَـيْــــًٔا ۭ اِنَّ اللّٰهَ

طرف ناکارہ عمر کی تا کہ نہ جانے پیچھے جاننے کے کچھ ۔ تحقیق اللہ

عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ﴿٧٠﴾ وَاللّٰهُ فَضَّلَ بَعْضَكُمْ عَلٰي بَعْضٍ فِي

جاننے والا ہے قدرت والا ف۲ ۔ اور اللہ نے بزرگی دی بعضے تمہارے کو اوپر بعض کے بیچ

الرِّزْقِ ۚ فَمَا الَّذِيْنَ فُضِّلُوْا بِرَاۗدِّيْ رِزْقِهِمْ عَلٰي مَا

رزق کے ۔ پس نہیں وہ لوگ کہ بزرگی دیے گئے ہیں پھیر دینے والے رزق اپنے کو اوپر اسکے جو

مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَهُمْ فِيْهِ سَوَاۗءٌ ۭ اَفَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ﴿٧١﴾

مالک ہوئے ہیں داہنے ہاتھ اُنکے پس وہ بیچ اسکے برابر ہوں کیا پس ساتھ نعمت اللہ کے انکار کرتے ہیں ۔

وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا وَّجَعَلَ لَكُمْ

اور اللہ نے پیدا کیں واسطے تمہارے جنس تمہاری سے جوروئیں اور پیدا کیے واسطے تمہارے

مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ بَنِيْنَ وَحَفَدَةً وَّرَزَقَكُمْ مِّنَ

بی بیوں تمہاری سے بیٹے اور پوتے اور رزق دیا تمکو

الطَّيِّبٰتِ ۭ اَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُوْنَ وَبِنِعْمَتِ اللّٰهِ هُمْ

پاکیزہ چیزوں سے ۔ کیا پس ساتھ باطل کے ایمان لاتے ہیں اور ساتھ نعمت اللہ کے وہ

يَكْفُرُوْنَ ﴿٧٢﴾ وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ

کفر کرتے ہیں ف۳ ۔ اور عبادت کرتے ہیں سوائے اللہ کے اس چیز کو کہ نہیں اختیار رکھتے

لَهُمْ رِزْقًا مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ شَيْــــًٔا وَّلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ﴿٧٣﴾

واسطے اُنکے رزق کا آسمانوں سے اور زمین سے کچھ اور نہیں طاقت رکھتے ف۴ ۔

ف۱ تین پتے بتائے برسے میں سے بھلا نکلنے کے جانور کے پیٹ میں سے دودھ اور نشا کے انگور کھجور سے روزی پاک اور مکھی کے پیٹ سے شہد یعنی اس قرآن سے جاہلوں کی اور عالم نکلے گی حضرت صلعم کے وقت یہی ہوا کافروں کی اولاد کامل ہوئی ۱۲ منہ رح ۔

ع ۹ / ۱۵

ف۲ رسول نے فرمایا کہ جب کسی کا غلام اسکا کھانا پکالاوے گرمی اور دھواں آپ اٹھاوے اور تحفہ مال اسکو پہنچاوے تو لازم ہے کہ اسکو ساتھ بٹھا کر کھلاوے نہ ہو تو ایک دو نوالے ہاتھ میں کھ دے ۔ ۱۲ منہ رح ۔

ف۳ یعنی بتوں کا احسان مانتے ہیں کہ بیماری سے چنگا کیا یا بیٹا دیا یا روزی دی اور یہ سب جھوٹ ۔ وہ جو سچ دینے والا ہے اسکے شکر گذار نہیں ۱۲ منہ رح

ف۴ یعنی نہ آسمان سے مینھ برسا دیں نہ زمین سے اناج نکالیں ۔ ۱۲ منہ رح ۔

فَلَا تَضْرِبُوا لِلّٰهِ الْاَمْثَالَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝۷۴

پس مت بیان کرو واسطے اللہ کے مثالیں۔ تحقیق اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے ف۱۔

ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا عَبْدًا مَّمْلُوْكًا لَّا يَقْدِرُ عَلٰى شَيْءٍ

بیان کی اللہ نے مثال کی طرح ایک غلام پرائے بس میں نہیں قدرت پاتا اوپر کسی چیز کے

وَّمَنْ رَّزَقْنٰهُ مِنَّا رِزْقًا حَسَنًا فَهُوَ يُنْفِقُ مِنْهُ سِرًّا

اور وہ شخص کہ دیا ہمنے اُسکو اپنی طرف سے رزق اچھا پس وہ خرچ کرتا ہے اس سے چھپے

وَّجَهْرًا ؕ هَلْ يَسْتَوٗنَ ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝۷۵

اور ظاہر۔ کیا برابر ہوتے ہیں۔ سب تعریف واسطے اللہ کے ہے۔ بلکہ اکثر اُن کے نہیں جانتے ف۲۔

وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلَيْنِ اَحَدُهُمَاۤ اَبْكَمُ لَا يَقْدِرُ

اور بیان کی اللہ نے مثال دو مردوں کی ایک اُن دونو کا گونگا ہے نہیں قدرت رکھتا

عَلٰى شَيْءٍ وَّهُوَ كَلٌّ عَلٰى مَوْلٰىهُ ۙ اَيْنَمَا يُوَجِّهْهُّ لَا يَاْتِ

اوپر کسی چیز کے اور وہ بوجھ ہے اوپر مالک اپنے کے جدھر بھیجے اُس کو نہیں لاتا

بِخَيْرٍ ؕ هَلْ يَسْتَوِيْ هُوَ ۙ وَمَنْ يَّاْمُرُ بِالْعَدْلِ ۙ وَهُوَ

بھلائی۔ کیا برابر ہوتا ہے وہ اور جو شخص کہ حکم کرتا ہے ساتھ انصاف کے اور وہ

عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝۷۶ وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

اوپر راہ سیدھی کے ہے ف۳۔ اور واسطے اللہ کے ہے علم غیب آسمانوں کا اور زمین کا

وَمَاۤ اَمْرُ السَّاعَةِ اِلَّا كَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْ هُوَ اَقْرَبُ ؕ

اور نہیں حال قیامت کا مگر مانند جھپکنے پلک کے یا وہ زیادہ نزدیک ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۷۷ وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ

تحقیق اللہ اوپر ہر چیز کے قادر ہے۔ اور اللہ نے نکالا تمکو

مِّنْۢ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ شَيْـًٔا ۙ وَّجَعَلَ لَكُمُ

پیٹوں ماؤں تمہاری کے سے نہیں جانتے تھے تم کچھ اور کیا واسطے تمہارے

السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۙ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝۷۸ اَلَمْ

کان اور آنکھیں اور دل تاکہ تم شکر کرو۔ کیا نہیں

يَرَوْا اِلَى الطَّيْرِ مُسَخَّرٰتٍ فِيْ جَوِّ السَّمَآءِ ؕ مَا يُمْسِكُهُنَّ

دیکھا انھوں نے طرف پرند جانوروں کی کہ مسخر کیے گئے ہیں بیچ اُدھر آسمان کے نہیں تھام رکھتا ان کو

موضح القرآن

ف۱ مشرک کہتے ہیں کہ مالک اللہ ہی ہے پر یہ لوگ اس کی سرکار میں مختار ہیں اس واسطے ان کو پوجیے سو یہ غلط مثال ہے اللہ ہر چیز آپ کرتا ہے کسی پر سپرد نہیں کر رکھا اور اگر صحیح مثال چاہو تو آگے دو مثالیں فرمائیں۔ ۱۲ منہ

ف۲ یعنی اللہ مالک ہر چیز کا جس کو جو چاہے سو دے اور بُت مالک نہیں کسی چیز کا بلکہ آپ پرایا مال ہے۔ ۱۲ منہ

ف۳ یعنی خدا کے دو بندے ایک بُت نکمت نہ بل سکے نہ چل سکے جیسے گونگا غلام دوسرا رسول جو اللہ کی راہ بتا دے ہزاروں کو اور آپ بندگی پر قائم ہے اسکے تابع بہتر یا اس کے۔ ۱۲ منہ

ع ۱۰ / ۱۶

ربع

إِلَّا اللّٰهُ ۗ إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۷۹﴾
مگر اللہ۔ تحقیق بیچ اسکے البتہ نشانیاں ہیں واسطے اُن قوم کے کہ ایمان لاتے ہیں ف۱۔
وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْۢ بُيُوْتِكُمْ سَكَنًا وَّجَعَلَ لَكُمْ
اور اللہ نے کیا واسطے تمہارے گھروں تمہارے سے ایک جگہ رہنے کی اور کیا واسطے تمہارے
مِّنْ جُلُوْدِ الْاَنْعَامِ بُيُوْتًا تَسْتَخِفُّوْنَهَا يَوْمَ ظَعْنِكُمْ
چمڑوں جانوروں کے سے گھر کہ ہلکا جانتے ہو تم اُسکو دن سفر اپنے کے
وَيَوْمَ اِقَامَتِكُمْ ۙ وَمِنْ اَصْوَافِهَا وَاَوْبَارِهَا وَاَشْعَارِهَآ
اور دن مقام اپنے کے اور بالوں بھیڑوں کے اور بالوں اونٹوں کے اور بالوں بکریوں کے
اَثَاثًا وَّمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ﴿۸۰﴾ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّمَّا
اسباب اور فائدہ ہر ایک مدت تک۔ اور اللہ نے کئے واسطے تمہارے اس چیز سے
خَلَقَ ظِلٰلًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الْجِبَالِ اَكْنَانًا وَّجَعَلَ
کہ پیدا کیا ہے سائے اور کئے واسطے تمہارے پہاڑوں سے سائے اور کئے
لَكُمْ سَرَابِيْلَ تَقِيْكُمُ الْحَرَّ وَسَرَابِيْلَ تَقِيْكُمْ بَاْسَكُمْ
واسطے تمہارے کرتے بڑے بڑے کہ بچاتے ہیں تمکو گرمی سے اور کرتے ہیں کہ بچاتے ہیں تمکو لڑائی تمہاری
كَذٰلِكَ يُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْلِمُوْنَ ﴿۸۱﴾ فَاِنْ
سے اسی طرح پورا کرتا ہے نعمت اپنی کو اوپر تمہارے تاکہ تم مطیع ہو ف۲۔ پس اگر
تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۸۲﴾ يَعْرِفُوْنَ نِعْمَتَ
پھر جاویں پس سوائے اسکے نہیں کہ اوپر تیرے پہنچا دینا ظاہر ہے۔ پہچانتے ہیں نعمت
اللّٰهِ ثُمَّ يُنْكِرُوْنَهَا وَاَكْثَرُهُمُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۳﴾ وَيَوْمَ
اللہ کی پھر انکار کرتے ہیں اُسکا اور اکثر اُن کے کافر ہیں۔ اور جس دن کہ
نَبْعَثُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا ثُمَّ لَا يُؤْذَنُ لِلَّذِيْنَ
کھڑا کریں گے ہم ہر اُمت سے گواہ پھر نہ اذن دیا جاویگا واسطے اُن لوگوں کے
كَفَرُوْا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿۸۴﴾ وَاِذَا رَاَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا
کہ کافر ہوئے اور نہ وہ عذر قبول کئے جاویں گے ف۳۔ اور جب دیکھیں گے وہ لوگ کہ ظالم ہیں
الْعَذَابَ فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿۸۵﴾ وَ
عذاب کو پس نہ ہلکا کیا جاویگا اُن سے اور نہ وہ ڈھیل دیئے جاویں گے۔ اور

موضح القرآن

ف۱ یعنی ایمان لانے میں بعضے اٹکتے ہیں معاش کی فکر سے سو فرمایا کہ ماں کے پیٹ سے کوئی کچھ نہیں لاتا اسباب کمائی کے آنکھ کان دل اسی نے دیا ہے اور اُڑتے جانور ادھر بن کس کے تھامے رہتے ہیں۔ ۱۲ منہ رح۔
ف۲ جن کرتوں میں گرمی کا بچاؤ ہے سردی کا بھی بچاؤ ہے پر اس ملک میں گرمی بہت ہے اسی کا ذکر فرمایا اور لڑائی کا بچاؤ زرہیں۔ ۱۲ منہ رح
ف۳ حکم نہ ملے گا بولنے کا۔ ۱۲ منہ رح۔

نصف
ع ۱۱
۱۷

إِذَا رَاَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا شُرَكَآءَهُمْ قَالُوْا رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ

جب دیکھیں گے وہ لوگ جو شریک لاتے ہیں شریکوں اپنوں کو کہیں گے اے پروردگار ہمارے یہ ہیں

شُرَكَآؤُنَا الَّذِيْنَ كُنَّا نَدْعُوْا مِنْ دُوْنِكَ ۚ فَاَلْقَوْا اِلَيْهِمُ

شریک ہمارے وہ جو تھے ہم پکارتے سوائے تیرے پس ڈالینگے طرف انکی

الْقَوْلَ اِنَّكُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿٨٦﴾ وَاَلْقَوْا اِلَى اللّٰهِ يَوْمَئِذِ ۨالسَّلَمَ

بات تحقیق تم جھوٹے ہو ف۱ ۔ اور ڈالیں گے طرف اللہ کی اُس دن صلح

وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿٨٧﴾ اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ

اور کھوئی جاویگی اُن سے وہ چیز کہ تھے باندھتے ۔ وہ لوگ کہ کافر ہوئے اور

صَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ زِدْنٰهُمْ عَذَابًا فَوْقَ الْعَذَابِ

بند کیا انھوں نے راہ خدا کی سے زیادہ دیں گے ہم انکو عذاب اُوپر عذاب کے

بِمَا كَانُوْا يُفْسِدُوْنَ ﴿٨٨﴾ وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ

سبب اسکے کہ تھے فساد کرتے ۔ اور جس دن کہ کھڑا کریں گے ہم بیچ ہر اُمت کے

شَهِيْدًا عَلَيْهِمْ مِّنْ اَنْفُسِهِمْ وَجِئْنَا بِكَ شَهِيْدًا عَلٰى

گواہ اُن کے جانوں اُن کی سے اور لاویں گے ہم تجھ کو گواہ اُوپر

هٰٓؤُلَآءِ ۭ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّ

اُن لوگوں کے ۔ اور اُتاری ہمنے اُوپر تیرے کتاب بیان کرنے والی ہر چیز کی اور

هُدًى وَّرَحْمَةً وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ﴿٨٩﴾ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ

ہدایت اور رحمت اور خوشخبری واسطے مسلمانوں کے ۔ تحقیق اللہ حکم کرتا ہے

بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِيْتَآئِ ذِي الْقُرْبٰى وَيَنْهٰى

ساتھ عدل کے اور احسان کے اور دینے قرابت والوں کے اور منع کرتا ہے

عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ ۚ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿٩٠﴾

بے حیائی سے اور نامعقول سے اور سرکشی سے ۔ نصیحت کرتا ہے تمکو تاکہ تم نصیحت پکڑو ف۲ ۔

وَاَوْفُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ اِذَا عٰهَدْتُّمْ وَلَا تَنْقُضُوا الْاَيْمَانَ

اور پورا کرو عہد اللہ کا جب عہد باندھو تم اور مت توڑو قسموں کو

بَعْدَ تَوْكِيْدِهَا وَقَدْ جَعَلْتُمُ اللّٰهَ عَلَيْكُمْ كَفِيْلًا ۭ اِنَّ

پیچھے مضبوطی اُنکی کے اور تحقیق کیا ہے تمکو اللہ نے اُوپر اپنے ضامن ۔ تحقیق

موضح القرآن

ف۱ جو لوگ پوجتے ہیں بزرگوں کو وہ بزرگ بیگناہ ہیں ایک شیطان اپنا وہی نام رکھکر آپکو پجواتا ہو اسی سے انکو کہیں گے کہ تم جھوٹے ہو ۔ ۱۲ منہ رح ۔

ف۲ غیر کے مقدمہ میں انصاف چاہیے یعنی برابر رکھنا اور اپنی طرف سے بھلائی ۔ ۱۲ منہ رح ۔

اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ ﴿٩١﴾ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّتِيْ نَقَضَتْ
اللہ جانتا ہے جو کچھ کرتے ہو تم ۔ اور مت ہو مانند اس عورت کے کہ توڑ ڈالا

غَزْلَهَا مِنْۢ بَعْدِ قُوَّةٍ اَنْكَاثًا ؕ تَتَّخِذُوْنَ اَيْمَانَكُمْ
کاتا اپنا کر پیچھے قوت کے ریزہ ریزہ ۔ پکڑتے ہو تم قسموں اپنی کو

دَخَلًۢا بَيْنَكُمْ اَنْ تَكُوْنَ اُمَّةٌ هِيَ اَرْبٰى مِنْ اُمَّةٍ ؕ
دخل دینے والی درمیان اپنے اسواسطے کہ ہووے کوئی امت بڑھتی ہوئی دوسری جماعت سے ۔

اِنَّمَا يَبْلُوْكُمُ اللّٰهُ بِهٖ ؕ وَلَيُبَيِّنَنَّ لَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مَا
سوائے اسکے نہیں کہ آزمایش کرتا ہے تم کو اللہ ساتھ اسکے ۔ اور البتہ بیان کریگا واسطے تمہارے دن قیامت کے

كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿٩٢﴾ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ
جو کچھ تھے تم بیچ اسکے اختلاف کرتے ف۱ ۔ اور اگر چاہتا اللہ البتہ کر دیتا تمکو

اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ يُّضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ
امت ایک ولیکن گمراہ کرتا ہے جس کو چاہتا ہے اور ہدایت کرتا ہے

مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَلَتُسْـَٔلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٩٣﴾ وَلَا
جسکو چاہتا ہے ۔ اور البتہ پوچھے جاؤ گے تم اس چیز سے کہ تھے تم عمل کرتے ف۲ ۔ اور مت

تَتَّخِذُوْۤا اَيْمَانَكُمْ دَخَلًۢا بَيْنَكُمْ فَتَزِلَّ قَدَمٌۢ بَعْدَ
پکڑو قسموں اپنی کو دخل دینے والی درمیان اپنے پس ڈگ جاویگا قدم تمہارا پیچھے

ثُبُوْتِهَا وَتَذُوْقُوا السُّوْٓءَ بِمَا صَدَدْتُّمْ عَنْ سَبِيْلِ
ثابت ہونے اسکے کے اور چکھو گے تم برائی بسبب اس کے کہ بند کیا تم نے راہ

اللّٰهِ ۚ وَلَكُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿٩٤﴾ وَلَا تَشْتَرُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ
اللہ کی سے اور ہوگا واسطے تمہارے عذاب بڑا ف۳ ۔ اور مت مول لو بدلے عہد اللہ کے

ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ اِنَّمَا عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٩٥﴾
مول تھوڑا سا ۔ تحقیق وہ چیز نزدیک اللہ کے ہو وہ بہتر ہے واسطے تمہارے اگر ہو تم جانتے ف۴ ۔

مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ ؕ وَلَنَجْزِيَنَّ الَّذِيْنَ
جو کچھ نزدیک تمہارے ہے تمام ہو جاتا ہے اور جو کچھ نزدیک اللہ کے ہے باقی رہنے والا ہے اور البتہ جزا دینگے ہم

صَبَرُوْۤا اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٩٦﴾ مَنْ عَمِلَ
ان لوگوں کو کہ صبر کرتے ہیں ثواب انکا ساتھ بہتر اس چیز کے کہ تھے کرتے ۔ جو کوئی کرے کام

موضح القرآن

آدمی بُرائی کا اور نہ تھی ماں تیری بدکار۔ پس اشارت کی طرف اسکی

قَالُوْا كَيْفَ نُكَلِّمُ مَنْ كَانَ فِي الْمَهْدِ صَبِيًّا ﴿٢٩﴾ قَالَ

کہا انھوں نے کیونکر کلام کریں ہم اس شخص سے کہ ہے بیچ گود کے لڑکا۔ کہا

اِنِّيْ عَبْدُ اللّٰهِ ۟ؕ اٰتٰىنِيَ الْكِتٰبَ وَجَعَلَنِيْ نَبِيًّا ﴿٣٠﴾ وَّ

تحقیق میں بندہ اللہ کا ہوں۔ دی ہے مجھ کو کتاب اور کیا ہے مجھ کو نبی۔ اور

جَعَلَنِيْ مُبٰرَكًا اَيْنَ مَا كُنْتُ ۪ وَاَوْصٰنِيْ بِالصَّلٰوةِ

کیا ہے مجھ کو برکت والا جہاں ہوں میں اور حکم کیا ہے مجھ کو ساتھ نماز کے

وَالزَّكٰوةِ مَا دُمْتُ حَيًّا ﴿٣١﴾ وَّبَرًّاۢ بِوَالِدَتِيْ ۫ وَلَمْ

اور زکوٰۃ کے جبتک رہوں میں جیتا۔ اور خوش سلوک ساتھ ماں اپنی کے اور نہیں

يَجْعَلْنِيْ جَبَّارًا شَقِيًّا ﴿٣٢﴾ وَالسَّلٰمُ عَلَيَّ يَوْمَ وُلِدْتُّ

کیا مجھ کو سرکش بدبخت۔ اور سلامتی ہو اوپر میرے جسدن پیدا ہوا میں

وَيَوْمَ اَمُوْتُ وَيَوْمَ اُبْعَثُ حَيًّا ﴿٣٣﴾ ذٰلِكَ عِيْسَى

اور جسدن مروں گا میں اور جسدن اٹھوں گا میں زندہ ہوکر۔ یہ ہے عیسے

ابْنُ مَرْيَمَ ۚ قَوْلَ الْحَقِّ الَّذِيْ فِيْهِ يَمْتَرُوْنَ ﴿٣٤﴾ مَا

بیٹا مریم کا۔ بات حق کی وہ جو بیچ اسکے شک کرتے ہیں۔ نہیں

كَانَ لِلّٰهِ اَنْ يَّتَّخِذَ مِنْ وَّلَدٍ ۙ سُبْحٰنَهٗ ۭ اِذَا قَضٰٓى

لائق واسطے اللہ کے یہ کہ پکڑے اولاد پاکی ہے اسکو۔ جب مقرر کرتا ہے

اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿٣٥﴾ وَاِنَّ اللّٰهَ

کچھ کام پس سوائے اسکے نہیں کہ کہتا ہے اسکو ہو پس ہو جاتا ہے۔ اور تحقیق اللہ

رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ۭ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿٣٦﴾

پروردگار میرا ہے اور پروردگار تمھارا پس عبادت کرو اسکو۔ یہ ہے راہ سیدھی۔

فَاخْتَلَفَ الْاَحْزَابُ مِنْۢ بَيْنِهِمْ ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ

پس اختلاف کیا فرقوں نے درمیان اپنے۔ پس وائے ہے واسطے ان لوگوں کے

كَفَرُوْا مِنْ مَّشْهَدِ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿٣٧﴾ اَسْمِعْ بِهِمْ وَ

کہ کافر ہوئے حاضر ہونے دن بڑے کے سے۔ کیا خوب سنتے ہونگے اور

موضح القرآن

ف بہن ہارون کی یعنی نبی ہارون کی بہن والے کا نام پرتے ہیں قوم کو جیسی عاد و ثمود تھیں اولاد حضرت ہارون میں۔ ١٢ منہ رح

أَبْصِرْ يَوْمَ يَأْتُونَنَا لَٰكِنِ الظَّٰلِمُونَ الْيَوْمَ فِي ضَلَٰلٍ
کیا خوب دیکھتے ہونگے جسدن آوینگے ہمارے پاس لیکن ظالم آج کے دن بیچ گمراہی

مُّبِينٍ ﴿٣٨﴾ وَأَنذِرْهُمْ يَوْمَ الْحَسْرَةِ إِذْ قُضِيَ الْأَمْرُ
ظاہر کے ہیں۔ اور ڈرا ان کو دن پچھتانے کے سے جسوقت مقرر کیا جاویگا کام

وَهُمْ فِي غَفْلَةٍ وَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿٣٩﴾ إِنَّا نَحْنُ
اور وہ بیچ غفلت کے ہیں اور وہ نہیں ایمان لانے والے ف۱ تحقیق ہم

نَرِثُ الْأَرْضَ وَمَنْ عَلَيْهَا وَإِلَيْنَا يُرْجَعُونَ ﴿٤٠﴾
وارث ہونگے زمین کے اور اس کسی کے کہ اوپر اسکے ہے اور طرف ہماری پھیرے جاویں گے

وَاذْكُرْ فِي الْكِتَٰبِ إِبْرَٰهِيمَ إِنَّهُ كَانَ صِدِّيقًا
اور یاد کر بیچ کتاب کے ابراہیم کو۔ تحقیق وہ تھا سچا

نَّبِيًّا ﴿٤١﴾ إِذْ قَالَ لِأَبِيهِ يَٰٓأَبَتِ لِمَ تَعْبُدُ مَا لَا يَسْمَعُ
نبی۔ جسوقت کہا اسنے واسطے باپ اپنے کے اے باپ میرے کیوں عبادت کرتا ہے اس چیز کو کہ نہ سنے

وَلَا يُبْصِرُ وَلَا يُغْنِي عَنكَ شَيْـًٔا ﴿٤٢﴾ يَٰٓأَبَتِ إِنِّي
اور نہ دیکھے اور نہ کفایت کرے تجھ سے کچھ۔ اے باپ میرے تحقیق میں

قَدْ جَآءَنِي مِنَ الْعِلْمِ مَا لَمْ يَأْتِكَ فَاتَّبِعْنِي أَهْدِكَ
تحقیق آیا ہے میرے پاس علم سے جو کچھ کہ نہیں آیا تیرے پاس پس پیروی کر میری کہ دکھاؤنگا میں تجھ

صِرَٰطًا سَوِيًّا ﴿٤٣﴾ يَٰٓأَبَتِ لَا تَعْبُدِ الشَّيْطَٰنَ إِنَّ الشَّيْطَٰنَ
کو راہ سیدھی۔ اے باپ میرے مت عبادت کر شیطان کی تحقیق شیطان

كَانَ لِلرَّحْمَٰنِ عَصِيًّا ﴿٤٤﴾ يَٰٓأَبَتِ إِنِّيٓ أَخَافُ أَن
ہے واسطے اللہ کے نافرمان۔ اے باپ میرے تحقیق میں ڈرتا ہوں یہ کہ

يَمَسَّكَ عَذَابٌ مِّنَ الرَّحْمَٰنِ فَتَكُونَ لِلشَّيْطَٰنِ
لگ جاوے تجھ کو عذاب اللہ کی طرف سے پس ہو جاوے تو شیطان کا

وَلِيًّا ﴿٤٥﴾ قَالَ أَرَاغِبٌ أَنتَ عَنْ ءَالِهَتِي يَٰٓإِبْرَٰهِيمُ
دوست ف۲۔ کہا کیا اعراض کرتا ہے تو معبودوں میرے سے اے ابراہیم

لَئِن لَّمْ تَنتَهِ لَأَرْجُمَنَّكَ وَاهْجُرْنِي مَلِيًّا ﴿٤٦﴾ قَالَ
البتہ اگر باز نہ آویگا تو البتہ سنگسار کرونگا میں تجھ کو اور چھوڑ جا مجھ کو مدت تک۔ کہا

موضح القرآن

ف۱ جب تک حشر کا دن ہے دوزخ سے مسلمان نکل نکل کر بہشت میں جاویں گے تب تک کافر بھی توقع میں ہوں گے پھر موت کو مینڈھے کی صورت میں لاکر دوزخ بہشت کے بیچ سب کو دکھا کر ذبح کریں گے اور پکاریں گے کہ جنتی بہشت میں اور دوزخی دوزخ میں پڑے ہمیشہ کو وہ دن ہو کر کافر ناامید ہونگے ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی کفر کرے وبال سے کچھ آفت آوے اور تو مدد مانگنے لگے شیطان سے یعنی بتوں سے اکثر لوگ ایسے ہر وقت شرک کرتے ہیں ۱۲ منہ رح

سَلٰمٌ عَلَيْكَ ۚ سَأَسْتَغْفِرُ لَكَ رَبِّيْ ۗ إِنَّهٗ كَانَ بِيْ

سلام ہے اوپر تیرے ۔ البتہ بخشش مانگوں گا میں واسطے تیرے رب اپنے سے تحقیق وہ ہے ساتھ میرے

حَفِيًّا ﴿٤٧﴾ وَأَعْتَزِلُكُمْ وَمَا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

مہربان ف۱ ۔ اور چھوڑ دوں گا میں تم کو اور اس چیز کو کہ پکارتے ہو تم سوائے اللہ کے

وَأَدْعُوْا رَبِّيْ ۖ عَسٰٓى أَلَّآ أَكُوْنَ بِدُعَآءِ رَبِّيْ شَقِيًّا ﴿٤٨﴾

اور پکاروں گا میں رب اپنے کو شاید کہ نہ ہوں میں ساتھ پکارنے رب اپنے کے بے نصیب

فَلَمَّا اعْتَزَلَهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۙ وَهَبْنَا

پس جب چھوڑ دیا ان کو اور اس چیز کو کہ عبادت کرتے تھے وہ سوائے خدا کے دیا ہم نے

لَهٗٓ إِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ۖ وَكُلًّا جَعَلْنَا نَبِيًّا ﴿٤٩﴾ وَوَهَبْنَا

اس کو اسحاق اور یعقوب ۔ اور ہر ایک کو کیا ہم نے نبی ف۲ ۔ اور دی ہم نے

لَهُمْ مِّنْ رَّحْمَتِنَا وَجَعَلْنَا لَهُمْ لِسَانَ صِدْقٍ

ان کو رحمت اپنی سے اور کی ہم نے واسطے انکے زبان راستی کی

عَلِيًّا ﴿٥٠﴾ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ مُوْسٰٓى ۚ إِنَّهٗ كَانَ مُخْلَصًا

بلند ف۳ ۔ اور یاد کر بیچ کتاب کے موسیٰ کو تحقیق وہ تھا خالص کیا گیا

وَّكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا ﴿٥١﴾ وَنَادَيْنٰهُ مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ

اور تھا پیغمبر نبی ف۴ ۔ اور پکارا ہم نے اس کو کنارے طور کے سے

الْأَيْمَنِ وَقَرَّبْنٰهُ نَجِيًّا ﴿٥٢﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗ مِنْ رَّحْمَتِنَآ

جو بہت برکت والا تھا اور نزدیک کیا ہم نے اسکو باتیں کرتے ہوئے ف۵ ۔ اور دیا ہم نے اسکو مہربانی اپنی سے

أَخَاهُ هٰرُوْنَ نَبِيًّا ﴿٥٣﴾ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ إِسْمٰعِيْلَ ۚ

بھائی اس کا ہارون پیغمبر ف۶ ۔ اور یاد کر بیچ کتاب کے اسماعیل کو

إِنَّهٗ كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ وَكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا ﴿٥٤﴾ وَ

تحقیق وہ تھا سچا وعدے کا اور تھا پیغمبر نبی ف۷ ۔ اور

كَانَ يَأْمُرُ أَهْلَهٗ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ ۖ وَكَانَ عِنْدَ

تھا حکم کرتا اہل اپنے کو ساتھ نماز کے اور زکوٰۃ کے اور تھا نزدیک

رَبِّهٖ مَرْضِيًّا ﴿٥٥﴾ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ إِدْرِيْسَ ۚ إِنَّهٗ

پروردگار اپنے کے پسندیدہ ۔ اور یاد کر بیچ کتاب کے ادریس کو تحقیق وہ

موضح القرآن

ف۱ تیری سلامتی رہے یہ رخصت کا سلام ہے معلوم ہوا اگر دین کی بات سے ماں باپ ناخوش ہوں اور گھر سے نکالدیں تو بیٹا بات سچی کہکر الگ ہو وے وہ بیٹا عاق نہیں اور ان کو بخشوانے کو دعا کرے یہ جب تھا جب اللہ کی مرضی نہ دیکھی تب موقوف کیا ۱۲ منہ

ف۲ یعنی اللہ کی راہ میں ہجرت کی اپنوں سے دور پڑے اللہ نے انسے بہتر اپنے دیئے اسحٰق کو یہاں اسمٰعیل کا نام نہ فرمایا کہ وہ انکے پاس نہیں رہے ۱۲ منہ رح

ف۳ یعنی ہمیشہ لوگ انکی تعریف کرتے رہیں اور ان پر رحمت بھیجتے ۱۲ منہ رح

ف۴ جسکو اللہ سے وحی آئی وہی نبی جو خاص ہیں امت سے یا کتاب رسول ہیں ۱۲ منہ

ف۵ اسے کلام ہوا بیچ میں فرشتہ نہ تھا ۱۲ منہ رح

ف۶ یعنی انکے ساتھ مددگار ہوئے ۱۲ منہ رح

ف۷ ایک شخص سے وعدہ کیا تھا کہ جبتک تو آوے میں اسی جگہ رہونگا وہ ایک برس نہ آیا وہیں رہے ۱۲ منہ رح

ع ۱

كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا ﴿٥٦﴾ وَّ رَفَعْنٰهُ مَكَانًا عَلِيًّا ﴿٥٧﴾

تھا سچا نبی اور چڑھا لیا ہم نے اُسکو مکان بلند میں ف۱ ۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ

یہ لوگ ہیں وہ کہ انعام کیا اللہ نے اُوپر اُن کے پیغمبروں سے

مِنْ ذُرِّيَّةِ اٰدَمَ ۗ وَمِمَّنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ ۡ وَّمِنْ ذُرِّيَّةِ

اولاد آدم کی سے اور اُن لوگوں سے کہ چڑھا لیا ہم نے ساتھ نوح کے اور اولاد

اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْرَآءِيْلَ ۡ وَمِمَّنْ هَدَيْنَا وَاجْتَبَيْنَا ۭ

ابراہیم کی اور اسرائیل کی سے اور اُن لوگوں سے کہ ہدایت کی ہم نے اور کھینچ لیا ہم نے اُنکو

اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُ الرَّحْمٰنِ خَرُّوْا سُجَّدًا وَّ

اپنی طرف جب پڑھی جاتی ہیں اوپر اُن کے نشانیاں رحمٰن کی گر پڑتے ہیں سجدہ کرتے ہوئے اور

بُكِيًّا ﴿٥٨﴾ فَخَلَفَ مِنْ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ اَضَاعُوا

روتے ہوئے ۔ پس جانشین ہوئے پیچھے اُن کے بُرے لوگ کہ ضائع کیا انھوں نے

الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا ﴿٥٩﴾

نماز کو اور پیروی کی خواہشوں کی پس ملاقات کریں گے غی کی ۔

اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ

مگر جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور عمل کیا اچھا پس یہ لوگ داخل ہوں گے

الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُوْنَ شَيْـًٔا ﴿٦٠﴾ جَنّٰتِ عَدْنِ ِۨالَّتِيْ

بہشت میں اور نہ ظلم کئے جاویں گے کچھ ۔ بہشتیں ہمیش رہنے کی وہ جو

وَعَدَ الرَّحْمٰنُ عِبَادَهٗ بِالْغَيْبِ ۭ اِنَّهٗ كَانَ وَعْدُهٗ

وعدہ کیا ہے رحمٰن نے بندوں اپنے سے ساتھ غیب کے ۔ تحقیق ہے وعدہ اُس کا

مَاْتِيًّا ﴿٦١﴾ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا اِلَّا سَلٰمًا ۭ وَلَهُمْ

لایا ہوا ۔ نہیں سنیں گے بیچ اس کے بیہودہ مگر سلام ۔ اور واسطے اُن کے ہے

رِزْقُهُمْ فِيْهَا بُكْرَةً وَّعَشِيًّا ﴿٦٢﴾ تِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِيْ

رزق اُن کا بیچ اُس کے صبح اور شام ف۲ ۔ یہ وہ بہشت ہے کہ

نُوْرِثُ مِنْ عِبَادِنَا مَنْ كَانَ تَقِيًّا ﴿٦٣﴾ وَمَا نَتَنَزَّلُ

وارث کرتے ہیں ہم اُسکا بندوں اپنے میں سے اُس شخص کو کہ ہو پرہیزگار ف۳ ۔ اور نہیں اترتے ہم

موضح القرآن

ف۱ لکھا ہے کہ حضرت ادریسؑ پہلے تھے حضرت نوح علیہ السلام سے حساب ستاروں کی چال کا ادریسا کہتے ہیں ان سے سیکھا خلق نے ملک الموت ان سے آشنا تھا ایک بار آزمانے کو اپنی جان بدن سے نکلوائی پھر ڈالدی اور بہشت کی سیر مانگی پھر وہاں رہ گئے اللہ کے حکم سے حضرت سے ملے تھے معراج کی رات آسمان پر اور بعضے کہتے ہیں حضرت الیاس کا لقب ہے ادریس یہ بنی اسرائیل میں پیغمبر ہوئے تھے خضر کی طرح یہ بھی زندہ رہ گئے ہیں ۱۲ منہ رح

ف۲ بک بک نہ سنیں گے اور سلام علیک کی آواز بلند سنیں گے ۱۲ منہ رح

ف۳ میراث آدم کی کہ اول ان کو بہشت ملی ہے ۔ ۱۲ منہ رح ۔

إِلَّا بِأَمْرِ رَبِّكَ ۖ لَهُ مَا بَيْنَ أَيْدِينَا وَمَا خَلْفَنَا وَ

مگر ساتھ حکم رب تیرے کو واسطے اسکے ہے جو آگے ہمارے ہے اور جو کچھ پیچھے ہمارے ہے اور

مَا بَيْنَ ذَٰلِكَ ۚ وَمَا كَانَ رَبُّكَ نَسِيًّا ﴿٦٤﴾ رَبُّ السَّمَاوَاتِ

جو کچھ درمیان اسکے ہے۔ اور نہیں ہے پروردگار تیرا بھولنے والا ف۱۔ پروردگار آسمانوں کا

وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا فَاعْبُدْهُ وَاصْطَبِرْ لِعِبَادَتِهِ ۚ

اور زمین کا اور اس چیز کا کہ درمیان ان کے ہے پس عبادت کر اسی کو اور صبر کر واسطے عبادت اسکی کے۔

هَلْ تَعْلَمُ لَهُ سَمِيًّا ﴿٦٥﴾ وَيَقُولُ الْإِنسَانُ أَإِذَا مَا

کیا جانتا ہے تو واسطے اسکے ہمنام ف۲۔ اور کہتا ہے آدمی کیا جب

مِتُّ لَسَوْفَ أُخْرَجُ حَيًّا ﴿٦٦﴾ أَوَلَا يَذْكُرُ الْإِنسَانُ أَنَّا

مر جاؤنگا میں البتہ نکالا جاؤں گا میں زندہ۔ کیا نہیں یاد کرتا انسان یہ کہ

خَلَقْنَاهُ مِن قَبْلُ وَلَمْ يَكُ شَيْئًا ﴿٦٧﴾ فَوَرَبِّكَ

ہمنے پیدا کیا تھا اس کو پہلے اس سے اور نہ تھا کچھ۔ پس قسم ہے رب تیرے کی

لَنَحْشُرَنَّهُمْ وَالشَّيَاطِينَ ثُمَّ لَنُحْضِرَنَّهُمْ حَوْلَ جَهَنَّمَ

البتہ اکٹھا کریں گے ہم انکو ساتھ شیطانوں کے پھر البتہ حاضر کریں گے ہم انکو گرد دوزخ کے

جِثِيًّا ﴿٦٨﴾ ثُمَّ لَنَنزِعَنَّ مِن كُلِّ شِيعَةٍ أَيُّهُمْ أَشَدُّ

زانو پر گرے ہوئے ف۳ پھر البتہ کھینچ لیویں گے ہر جماعت سے جو ان میں سے اشد ہے

عَلَى الرَّحْمَٰنِ عِتِيًّا ﴿٦٩﴾ ثُمَّ لَنَحْنُ أَعْلَمُ بِالَّذِينَ هُمْ

اوپر باری تعالیٰ کے سرکشی میں۔ پھر البتہ ہم خوب جانتے ہیں ان لوگوں کو کہ وہ

أَوْلَىٰ بِهَا صِلِيًّا ﴿٧٠﴾ وَإِن مِّنكُمْ إِلَّا وَارِدُهَا ۚ كَانَ

بہت لائق ہیں ساتھ اسکے داخل ہونے میں۔ اور نہیں کوئی تم میں سے مگر گذرنیوالا ہے اوپر اسکے ہے

عَلَىٰ رَبِّكَ حَتْمًا مَّقْضِيًّا ﴿٧١﴾ ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِينَ اتَّقَوا

اوپر پروردگار تیرے کے لازم ادا کیا گیا۔ پھر نجات دینگے ہم انکو جو پرہیزگاری کرتے ہیں

وَّنَذَرُ الظَّالِمِينَ فِيهَا جِثِيًّا ﴿٧٢﴾ وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ

اور چھوڑ دیں گے ہم ظالموں کو بیچ اسکے گرے ہوئے ف۴۔ اور جب پڑھی جاتی ہیں اوپر انکے

آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ قَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِلَّذِينَ آمَنُوا أَيُّ

نشانیاں ہماری ظاہر کہتے ہیں وہ لوگ کہ کافر ہوئے واسطے ان لوگوں کے کہ ایمان لائے ہیں کونسا

موضح القرآن

ف۱ ایکبار جبرئیل کئی روز نہ آئے جب آئے حضرت نے کہا تم ہر روز کیوں نہیں آتے اللہ تعالیٰ نے یہ کلام سکھایا جبرئیل کو کہ جواب یوں کہو کلام ہے اللہ کا جبرئیل کی طرف سے جیسا ایاک نعبد و ایاک نستعین ہم کو ہمارے آگے پیچھے کہا آسمان و زمین کو اترتے ہوئے زمین آگے آسمان پیچھے چڑھتے ہوئے وہ پیچھے یہ آگے۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ اللہ کے نام سب اسکی صفت ہیں یعنی کوئی ہے اس صفت کا۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ مارے دہشت کے کھڑے سو گر پڑیں گے اور جن سے بیٹھے نہ سکینگے یہی ہے گھٹنوں پر گرنا۔

ف۴ بہشت کو راہ نہیں مگر دوزخ کے منہ میں تنور کی شکل دوزخ ہے منہ اسکا دنیا سے بڑا اسکے اوپر ایک تنگ راہ پڑی ہے بال برابر تیز جیسے تلوار اور کانپتے ایمان والے اس پر سے سلامت گذر جاویں گے اور گنہگار گر پڑیں گے پھر موافق عمل کئی روز کے نکلیں گے اور شفاعت سے اور ارحم الراحمین کی مہر سے آخر جس نے کلمہ کہا ہے سچے دل سے سب نکلیں گے اور کافر رہ جاویں گے پھر اس کا منہ بند ہوگا۔ ۱۲ منہ رح

ع ۵

منزل ۴

الْفَرِيقَيْنِ خَيْرٌ مَّقَامًا وَّأَحْسَنُ نَدِيًّا ﴿٧٣﴾ وَكَمْ أَهْلَكْنَا

دو فرقوں میں بہتر ہے جگہ میں اور بہتر ہے مجلس میں ف۱ ۔ اور کتنے ہلاک کئے ہیں ہمنے

قَبْلَهُم مِّن قَرْنٍ هُمْ أَحْسَنُ أَثَاثًا وَّرِئْيًا ﴿٧٤﴾ قُلْ

پہلے اُن سے قرن وہ بہتر تھے اسباب میں اور نمود میں ۔ کہہ

مَن كَانَ فِي الضَّلَالَةِ فَلْيَمْدُدْ لَهُ الرَّحْمَٰنُ مَدًّا ۚ

جو شخص کہ ہے بیچ گمراہی کے پس چاہیے کہ کھینچ لیجاوے اسکو رحمن خوب کھینچنا ف۲

حَتَّىٰ إِذَا رَأَوْا مَا يُوعَدُونَ إِمَّا الْعَذَابَ وَإِمَّا

یہاں تک کہ جب دیکھیں جو وعدہ دیے جاتے ہیں یا عذاب کا اور یا

السَّاعَةَ فَسَيَعْلَمُونَ مَنْ هُوَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّأَضْعَفُ

قیامت کا ۔ پس البتہ جانیں گے کونسا بدتر ہے مکان میں اور بودا ہے

جُندًا ﴿٧٥﴾ وَيَزِيدُ اللَّهُ الَّذِينَ اهْتَدَوْا هُدًى ۗ وَ

لشکر میں ف۳ ۔ اور زیادہ دیتا ہے اللہ اُن لوگوں کو کہ راہ پائی ہے راہ پانا ۔ اور

الْبَاقِيَاتُ الصَّالِحَاتُ خَيْرٌ عِندَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ

باقی رہنے والی نیکیاں بہتر ہیں نزدیک پروردگار تیرے کے ثواب میں اور بہتر ہیں

مَّرَدًّا ﴿٧٦﴾ أَفَرَأَيْتَ الَّذِي كَفَرَ بِآيَاتِنَا وَقَالَ لَأُوتَيَنَّ

پھر آنے میں ف۴ ۔ آیا پس دیکھا تو نے اس شخص کو کہ کافر ہوا ساتھ نشانیوں ہماری کے اور کہا البتہ دیا جاؤنگا

مَالًا وَّوَلَدًا ﴿٧٧﴾ أَطَّلَعَ الْغَيْبَ أَمِ اتَّخَذَ عِندَ الرَّحْمَٰنِ

میں مال اور اولاد ف۵ ۔ کیا جھانک آیا ہے غیب کو یا لیا ہے نزدیک اللہ کے سے

عَهْدًا ﴿٧٨﴾ كَلَّا ۚ سَنَكْتُبُ مَا يَقُولُ وَنَمُدُّ لَهُ مِنَ

عہد ۔ ہرگز نہیں ۔ یہ البتہ لکھیں گے ہم جو کہتا ہے وہ اور لمبا کریں گے ہم اس کو

الْعَذَابِ مَدًّا ﴿٧٩﴾ وَنَرِثُهُ مَا يَقُولُ وَيَأْتِينَا فَرْدًا ﴿٨٠﴾

عذاب سے لمبا کرنا ۔ اور وارث کرینگے ہم اسکو بیچ اس چیز کا کہ کہتا ہے اور آویگا ہمارے پاس اکیلا ف۶

وَاتَّخَذُوا مِن دُونِ اللَّهِ آلِهَةً لِّيَكُونُوا لَهُمْ

اور پکڑتے ہیں وہ سوائے اللہ کے معبود تاکہ ہو دیں واسطے ان کے

عِزًّا ﴿٨١﴾ كَلَّا ۚ سَيَكْفُرُونَ بِعِبَادَتِهِمْ وَيَكُونُونَ عَلَيْهِمْ

عزت ۔ ہرگز نہیں ۔ یہ البتہ کفر کرینگے ساتھ عبادت انکی کے اور ہو دینگے وہ ضد اوپر اُن کے

موضح القرآن

ف۱ یعنی دنیا کی رونق میں مقابلہ دیتے ہیں ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی بہکاوے میں جانے دے کیونکہ دنیا جانچنے کی جگہ ہے بھلا برا پاوینگے آخرت میں یہاں نیک و بد بھلائی برائی میں شامل ہیں ۱۲ منہ

ف۳ فوج یعنی مددگار کافر اپنا مددگار سمجھتے ہیں بتوں کو اور ایمان والے اللہ کو ۱۲ منہ رح

ف۴ یعنی دنیا کی رونق رہ جاوے گی کام کی نہیں نیکیاں رہیں گی اور دنیا نہ رہیگی ۱۲ منہ رح

ع

ف۵ ایک کافر کا ادھار ایک لوہار مسلمان کو کہنے لگا تو مسلمانی سے منکر ہو تو تیری مزدوری دوں اُسنے کہا اگر تو مرے اور پھر جیوے تو بھی میں منکر نہ ہوں اُسنے کہا اگر پھر جیونگا تو بھی مال اور اولاد ہوگا تجھکو مزدوری وہاں دیدونگا اسی پر فرمایا یعنی وہ دولت ملنی ہو یا ہے کافر چاہے کہ یہاں کی دولت وہاں ملے سو نہ ہو ۱۲ منہ رح

ف۶ جو بتاتا ہے کہ یعنی مال اور اولاد اس کافر کے دونوں بیٹے مسلمان ہوئے ۱۲ منہ رح

ضِدًّا ﴿٨٢﴾ أَلَمْ تَرَ أَنَّا أَرْسَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ
مخالف۔ کیا نہیں دیکھا تو نے یہ کہ بھیجا ہے شیطانوں کو اوپر کافروں کے

تَؤُزُّهُمْ أَزًّا ﴿٨٣﴾ فَلَا تَعْجَلْ عَلَيْهِمْ إِنَّمَا نَعُدُّ لَهُمْ
بہکاتے ہیں انکو بد کا نا کر۔ پس مت جلدی کر اوپر انکے سوائے اسکے نہیں کہ گنتے جاتے ہیں ہم واسطے انکے

عَدًّا ﴿٨٤﴾ يَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِيْنَ إِلَى الرَّحْمٰنِ وَفْدًا ﴿٨٥﴾
گنتے جانا۔ اس دن کہ جمع کریں گے ہم پرہیزگاروں کو طرف رحمان کی مہمان۔

وَّنَسُوْقُ الْمُجْرِمِيْنَ إِلٰى جَهَنَّمَ وِرْدًا ﴿٨٦﴾ لَا يَمْلِكُوْنَ
اور ہانکیں گے ہم گنہگاروں کو طرف دوزخ کی پیاسے۔ نہیں اختیار پاویں گے

الشَّفَاعَةَ إِلَّا مَنِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ﴿٨٧﴾
شفاعت کا مگر جس نے کر لیا ہوگا نزدیک اللہ کے عہد ف۱۔

وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا ﴿٨٨﴾ لَقَدْ جِئْتُمْ شَيْئًا
اور کہا انھوں نے پکڑی ہے اللہ نے اولاد۔ البتہ تحقیق لائے تم ایک چیز

إِدًّا ﴿٨٩﴾ تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ
بھاری ف۲۔ نزدیک ہیں آسمان کہ پھٹ جاویں اس سے اور پھٹ جاوے

الْأَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا ﴿٩٠﴾ أَنْ دَعَوْا لِلرَّحْمٰنِ
زمین اور گر پڑے پہاڑ کانپ کر۔ اس کو کہ دعویٰ کیا انھوں نے واسطے اللہ کے

وَلَدًا ﴿٩١﴾ وَمَا يَنْبَغِيْ لِلرَّحْمٰنِ أَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا ﴿٩٢﴾
اولاد کا۔ اور نہیں لائق واسطے رحمان کے یہ کہ پکڑے اولاد۔

إِنْ كُلُّ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ إِلَّا اٰتِي الرَّحْمٰنِ
نہیں کوئی شخص کہ بیچ آسمانوں اور زمین کے ہر مگر آتا ہو رحمان کے پاس

عَبْدًا ﴿٩٣﴾ لَقَدْ أَحْصٰىهُمْ وَعَدَّهُمْ عَدًّا ﴿٩٤﴾ وَكُلُّهُمْ
بندہ ہو کر۔ البتہ تحقیق گھیر لیا ہے انکو اور گن لیا ہے انکو گن لینے کر۔ اور سب وہ

اٰتِيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَرْدًا ﴿٩٥﴾ إِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا
آنے والے ہیں دن قیامت کے اکیلے ہو کر۔ تحقیق جو لوگ کہ ایمان لائے اور کام کئے

الصّٰلِحٰتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا ﴿٩٦﴾ فَإِنَّمَا
اچھے البتہ کرے گا واسطے ان کے رحمان محبت ف۳۔ پس سوائے اسکے نہیں

ع ٥ / ٨

وقف لازم — وقف لازم — منزل

موضح القرآن

ف۱ یعنی جس کو اللہ نے وعدہ دیا وہی سفارش کریگا۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی بھاری گناہ۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ یعنی ان سے محبت کرے گا یا ان کے دل میں اپنی محبت پیدا کریگا یا خلق کے دل میں انکی محبت۔ ۱۲ منہ رح

يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ الْمُتَّقِيْنَ وَتُنْذِرَ
کہ آسان کیا ہم نے اس قرآن کو تمہاری زبان تیری کہ تاکہ بشارت دے تو ساتھ اسکے پرہیزگاروں کو اور ڈرا دے

بِهٖ قَوْمًا لُّدًّا ۝ وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ
ساتھ اسکے قوم جھگڑنیوالوں کو۔ اور بہت ہلاک کئے ہم نے پہلے اس سے قرن۔

هَلْ تُحِسُّ مِنْهُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا ۝
کیا دیکھتا ہے تو ان میں سے کسی کو یا سنتا ہے واسطے ان کے کھٹکا۔

سُوْرَةُ طٰهٰ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ مِائَةٌ وَّخَمْسٌ وَّثَلٰثُوْنَ اٰيَةً وَّثَمَانُ رُكُوْعَاتٍ
سورۂ طٰہٰ مکہ میں نازل ہوئی اس میں ایکسو پینتیس آیتیں اور آٹھ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے۔

طٰهٰ ۝ مَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓى ۝ اِلَّا
نہیں اتارا ہم نے اوپر تیرے قرآن تاکہ رنج کھینچے۔ مگر

تَذْكِرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى ۝ تَنْزِيْلًا مِّمَّنْ خَلَقَ
نصیحت واسطے اس شخص کے کہ ڈرتا ہے۔ اتارے گئے اسکی طرف سے کہ جس نے پیدا کیا

الْاَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰى ۝ اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ
زمین کو اور آسمانوں بلند کو۔ وہ رحمٰن ہے اوپر عرش کے

اسْتَوٰى ۝ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا
قرار پکڑا اس نے واسطے اسکے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے ہے اور جو کچھ بیچ زمین کے اور جو کچھ درمیان ان دونوں کے ہے

وَمَا تَحْتَ الثَّرٰى ۝ وَاِنْ تَجْهَرْ بِالْقَوْلِ فَاِنَّهٗ يَعْلَمُ
اور جو کچھ نیچے گیلی مٹی کے ہے۔ اور اگر پکار کر کہے تو بات پس تحقیق وہ جانتا ہے

السِّرَّ وَاَخْفٰى ۝ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لَهُ الْاَسْمَآءُ
چھپے بھید کو اور بہت چھپے کو ف ۱۔ اللہ ہے کہ نہیں کوئی معبود مگر وہ۔ واسطے اسی کے ہیں نام

الْحُسْنٰى ۝ وَهَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ۝ اِذْ
اچھے ف ۲۔ اور کیا آئی ہے تیرے پاس بات موسےٰ کی۔ جس وقت

رَاٰ نَارًا فَقَالَ لِاَهْلِهِ امْكُثُوْٓا اِنِّىْٓ اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّىْٓ
دیکھی اس نے آگ پس کہا واسطے اہل اپنے کے رہ جاؤ تحقیق میں نے دیکھی ہے آگ شاید کہ

(حاشیہ) نصف القرآن ۶ / ۴۶ ع — ربع ۶ — وقف لازم

موضح القرآن
ف ۱ چھپا جو آہستہ بولے اور اس سے چھپا جو دل میں ہو۔ ۱۲ منہ
ف ۲ کا ترجمہ رحمٰن سنتے تو کہتے تم ایک کو ٹھیراؤ کبھی کسی کو پکارتے ہو کبھی کسی کو۔ ۱۲ منہ

اٰتِيۡكُمۡ مِّنۡهَا بِقَبَسٍ اَوۡ اَجِدُ عَلَى النَّارِ هُدًى ﴿۱۰﴾

لے آؤں میں تمہارے پاس اس میں سے انگارا یا پاؤں اوپر آگ کے راہ بتانے والا ف۱

فَلَمَّاۤ اَتٰٮهَا نُوۡدِىَ يٰمُوۡسٰى ﴿۱۱﴾ اِنِّىۡۤ اَنَا رَبُّكَ فَاخۡلَعۡ

پس جب آیا اس کے پاس پکارا گیا اے موسیٰ۔ تحقیق میں ہوں پروردگار تیرا پس اتار ڈال

نَعۡلَيۡكَ ۚ اِنَّكَ بِالۡوَادِ الۡمُقَدَّسِ طُوًى ﴿۱۲﴾ وَاَنَا

دونوں جوتیاں اپنی۔ تحقیق تو بیچ میدان پاک کے ہے کہ نام اسکا طویٰ ہے ف۲۔ اور میں نے

اخۡتَرۡتُكَ فَاسۡتَمِعۡ لِمَا يُوۡحٰى ﴿۱۳﴾ اِنَّنِىۡۤ اَنَا اللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ

پسند کیا تجھ کو پس سن جو کچھ کہ وحی کی جاتی ہے۔ تحقیق میں ہی ہوں اللہ نہیں کوئی معبود

اِلَّاۤ اَنَا فَاعۡبُدۡنِىۡ ۙ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكۡرِىۡ ﴿۱۴﴾ اِنَّ

مگر میں پس عبادت کر میری اور قائم رکھ نماز کو واسطے یاد میری کے۔ تحقیق

السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ اَكَادُ اُخۡفِيۡهَا لِتُجۡزٰى كُلُّ نَفۡسٍ

قیامت آنے والی ہے نزدیک ہے کہ چھپا ڈالوں میں اس کو تا کہ بدلا دیا جاوے ہر جی

بِمَا تَسۡعٰى ﴿۱۵﴾ فَلَا يَصُدَّنَّكَ عَنۡهَا مَنۡ لَّا يُؤۡمِنُ

ساتھ اس چیز کے کہ کرتا ہے ف۳۔ پس نہ بند کرے تجھ کو فکر اسکے سے وہ شخص کہ نہیں ایمان لاتا

بِهَا وَاتَّبَعَ هَوٰٮهُ فَتَرۡدٰى ﴿۱۶﴾ وَمَا تِلۡكَ بِيَمِيۡنِكَ

ساتھ اسکے اور پیروی کرتا ہے خواہش اپنی کی پس ہلاک ہو جاوے ف۴۔ اور کیا ہے بیچ داہنے ہاتھ تیرے کے

يٰمُوۡسٰى ﴿۱۷﴾ قَالَ هِىَ عَصَاىَ ۚ اَتَوَكَّؤُا عَلَيۡهَا وَ

اے موسیٰ۔ کہا کہ یہ ہے عصا میرا۔ تکیہ کرتا ہوں میں اوپر اسکے اور

اَهُشُّ بِهَا عَلٰى غَنَمِىۡ وَلِىَ فِيۡهَا مَاٰرِبُ اُخۡرٰى ﴿۱۸﴾

پتے جھاڑتا ہوں میں ساتھ اسکے اوپر بکریوں اپنی کے اور میرے تئیں بیچ اس کے فائدے ہیں اور

قَالَ اَلۡقِهَا يٰمُوۡسٰى ﴿۱۹﴾ فَاَلۡقٰٮهَا فَاِذَا هِىَ حَيَّةٌ

کہا ڈال دے اس کو اے موسیٰ۔ پس ڈال دیا اس کو پس ناگہاں وہ سانپ تھا

تَسۡعٰى ﴿۲۰﴾ قَالَ خُذۡهَا وَلَا تَخَفۡ سَنُعِيۡدُهَا

دوڑتا۔ کہا پکڑ لے اس کو اور مت ڈر۔ ابھی پھیر دیں گے ہم اس کو

سِيۡرَتَهَا الۡاُوۡلٰى ﴿۲۱﴾ وَاضۡمُمۡ يَدَكَ اِلٰى جَنَاحِكَ

طرح پہلی میں ف۵۔ اور ملالے ہاتھ اپنا طرف بازو اپنے کے

منزل ۴

موضح القرآن

ف۱ یہ قصہ سورۂ قصص اور طٰہٰ اور اعراف میں سے پورا معلوم ہوگا۔ جب حضرت موسیٰ مدین سے مصر کو آنے لگے عورت اور بکریاں ساتھ لیکر جنگل میں رات کی سردی میں راہ بھولے اور عورت کو جننے کا درد ہوا۔ دور سے آگ نظر آئی وہ آگ نہ تھی اللہ کا نور تھا ان سے کلام کیا اور نبی کر کر فرعون کی طرف بھیجا۔ پیچھے عورت اپنے باپ کے گھر پہنچ رہی ۱۲ منہ رح

ف۲ وہ میدان آگے سے شاید بزرگ تھا یا اب ہوگیا ان کی پاپوشیں ناپاک تھیں یہود یہ نہیں سمجھے پاک موزہ پاپوش بھی نماز میں اتارتے ہیں۔ ہمارے پیغمبر نے فرمایا تم نماز پڑھو موزے سے پاپوش سے اگر پاک ہوں کسی کو نہیں بتاتا۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ موسیٰ کو بھی پہلے اسی میں نماز کا حکم ہوا اور ہمارے پیغمبر کو بھی رتبہ تکبیر اور

(باقی صفحہ ۴۲۳ پر)

تَخْرُجْ بَيْضَآءَ مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ اٰيَةً اُخْرٰى ۝٢٢ لِنُرِيَكَ
نکل آویگا سفید بغیر برائی کے نشانی اور تاکہ دکھلاویں ہم تجھ کو

مِنْ اٰيٰتِنَا الْكُبْرٰى ۝٢٣ اِذْهَبْ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ
نشانیوں اپنی بڑی سے۔ جا طرف فرعون کی تحقیق اُس نے

طَغٰى ۝٢٤ قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ۝٢٥ وَيَسِّرْ لِيْٓ
سرکشی کی ہے۔ کہا اے رب میرے کھول دے واسطے میرے سینہ میرا۔ اور آسان کر واسطے میرے

اَمْرِيْ ۝٢٦ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ۝٢٧ يَفْقَهُوْا
کام میرا۔ اور کھول دے گرہ زبان میری سے۔ تاکہ سمجھیں

قَوْلِيْ ۝٢٨ وَاجْعَلْ لِّيْ وَزِيْرًا مِّنْ اَهْلِيْ ۝٢٩ هٰرُوْنَ
بات میری ف۔ اور کر واسطے میرے وزیر اہل میرے سے۔ ہارون

اَخِي ۝٣٠ اشْدُدْ بِهٖٓ اَزْرِيْ ۝٣١ وَاَشْرِكْهُ فِيْٓ اَمْرِيْ ۝٣٢
بھائی میرا۔ مضبوط کر ساتھ اسکے قوت میری۔ اور شریک کر اسکو بیچ کام میرے کے ف

كَيْ نُسَبِّحَكَ كَثِيْرًا ۝٣٣ وَّنَذْكُرَكَ كَثِيْرًا ۝٣٤ اِنَّكَ كُنْتَ
تاکہ پاکی بیان کریں ہم تیری بہت۔ اور یاد کریں ہم تجھ کو بہت۔ تحقیق تو ہے

بِنَا بَصِيْرًا ۝٣٥ قَالَ قَدْ اُوْتِيْتَ سُؤْلَكَ يٰمُوْسٰى ۝٣٦
ہم کو دیکھنے والا۔ کہا تحقیق دیا گیا تو سوال اپنا اے موسیٰ۔

وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلَيْكَ مَرَّةً اُخْرٰٓى ۝٣٧ اِذْ اَوْحَيْنَآ اِلٰٓى
اور البتہ تحقیق احسان کیا تھا ہمنے اوپر تیرے ایک بار اور۔ جس وقت کہ ڈالی ہمنے طرف

اُمِّكَ مَا يُوْحٰٓى ۝٣٨ اَنِ اقْذِفِيْهِ فِي التَّابُوْتِ فَاقْذِفِيْهِ
ماں تیری کو وہ چیز کہ وحی کیجاتی ہے اب ف۔ یہ کہ ڈال دے اسکو بیچ صندوق کے پس ڈال دے اسکو

فِي الْيَمِّ فَلْيُلْقِهِ الْيَمُّ بِالسَّاحِلِ يَاْخُذْهُ عَدُوٌّ
بیچ دریا کے پس چاہیے کہ ڈال دے اس کو دریا کنارے پر لے لیوے اسکو دشمن

لِّيْ وَعَدُوٌّ لَّهٗ ۭ وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ ۚ وَ
میرا اور دشمن اس کا۔ اور ڈال دی میں نے اوپر تیرے محبت اپنی طرف سے۔ اور

لِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ ۝٣٩ اِذْ تَمْشِيْٓ اُخْتُكَ فَتَقُوْلُ
تاکہ پرورش کیا جائے تو اوپر آنکھوں میری کے ف۔ جس وقت کہ چلتی تھی بہن تیری پس کہتی تھی

(بقیہ صفحہ ۴۲۲)
قیامت کو چھپاتا ہوں یعنی وقت کسی کو نہیں بتاتا۔ ۱۲ منہ رح

ف : روک دے اس سے یعنی قیامت کے یقین لانے سے یا نماز سے جب اللہ نے موسیٰ علیہ السلام کو بُرے کی صحبت سے منع کیا تو اور کوئی کیا ہے ۱۲ منہ رح

ف یعنی پھر لاٹھی ہو جائے گی۔ ۱۲ منہ رح۔

ع ۱۴ ۱۰

موضح القرآن

ف بُری طرح یعنی آزار سے سفید نہیں۔ ۱۲ منہ رح

ف سینہ کشادہ کر یعنی جلد خفا نہ ہوں اور زبان رکا پن میں جل گئی تھی صاف نہ بول سکتے تھے ۱۲ منہ رح۔

ف ایسے بڑے پیغمبروں کو خلق کی طرف بہت خیال نہیں ہوتا۔ ایک پیش کار چاہیے کہ خلق کو سمجھ میں سمجھاوے ہمارے پیغمبر کے آگے ابو بکر تھے اول پیغمبری سے

(باقی صفحہ ۴۲۴ پر)

هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى مَنْ يَّكْفُلُهٗ ؕ فَرَجَعْنٰكَ اِلٰۤى اُمِّكَ
کیا دلالت کروں میں تم کو اوپر اس شخص کے کہ پالے اس کو پس پھیر لائے ہم تجھ کو طرف ماں تیری کے

كَیْ تَقَرَّ عَیْنُهَا وَ لَا تَحْزَنَ ؕ۬ وَ قَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّیْنٰكَ
تاکہ ٹھنڈی ہوں آنکھیں اس کی اور نہ غم کھاوے اور مارا تھا تو نے ایک جان کو پس نجات دی ہم نے

مِنَ الْغَمِّ وَ فَتَنّٰكَ فُتُوْنًا ۫۬ فَلَبِثْتَ سِنِیْنَ فِیْۤ
تجھ کو غم سے اور آزمایا ہم نے تجھ کو آزمانا ۔ پس رہا تو کئی برس بیچ

اَهْلِ مَدْیَنَ ۙ۬ ثُمَّ جِئْتَ عَلٰى قَدَرٍ یّٰمُوْسٰى ﴿۴۰﴾
لوگوں مدین کے ۔ پھر آیا تو اوپر اندازے کے اے موسےٰ ۔

وَ اصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِیْ ﴿ۚ۴۱﴾ اِذْهَبْ اَنْتَ وَ اَخُوْكَ
اور پسند کر لیا میں نے تجھ کو واسطے ذات اپنی کے ۔ جا تو اور بھائی تیرا

بِاٰیٰتِیْ وَ لَا تَنِیَا فِیْ ذِكْرِیْ ﴿ۚ۴۲﴾ اِذْهَبَاۤ اِلٰى فِرْعَوْنَ
ساتھ نشانیوں میری کے اور مت سستی کرو بیچ یاد میری کے ۔ جاؤ تم دونو طرف فرعون کے

اِنَّهٗ طَغٰى ﴿ۚۖ۴۳﴾ فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّیِّنًا لَّعَلَّهٗ یَتَذَكَّرُ اَوْ
تحقیق اُس نے سرکشی کی ۔ پس کہو اس کو بات نرم شاید کہ وہ نصیحت پکڑے یا

یَخْشٰى ﴿۴۴﴾ قَالَا رَبَّنَاۤ اِنَّنَا نَخَافُ اَنْ یَّفْرُطَ عَلَیْنَاۤ
ڈرے ۔ کہا دونو نے اے رب ہمارے تحقیق ہم ڈرتے ہیں یہ کہ جلدی کرے اوپر ہمارے

اَوْ اَنْ یَّطْغٰى ﴿۴۵﴾ قَالَ لَا تَخَافَاۤ اِنَّنِیْ مَعَكُمَاۤ اَسْمَعُ
یا یہ کہ سرکشی کرے ۔ کہا مت ڈرو تحقیق میں ہوں ساتھ تمہارے سنتا ہوں

وَ اَرٰى ﴿۴۶﴾ فَاْتِیٰهُ فَقُوْلَاۤ اِنَّا رَسُوْلَا رَبِّكَ فَاَرْسِلْ مَعَنَا
اور دیکھتا ہوں ۔ پس جاؤ اسکے پاس پس کہو تحقیق ہم دونو بھیجے ہوئے ہیں رب تیرے کے پس بھیج ساتھ ہمارے

بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ ۙ۬ وَ لَا تُعَذِّبْهُمْ ؕ قَدْ جِئْنٰكَ بِاٰیَةٍ
بنی اسرائیل کو ۔ اور مت عذاب کر انکو ۔ تحقیق ہم لائے ہیں تیرے پاس نشانی

مِّنْ رَّبِّكَ ؕ وَ السَّلٰمُ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى ﴿۴۷﴾
رب تیرے سے ۔ اور سلامتی اوپر اس شخص کے ہے کہ پیروی کرے ہدایت کی ۔

اِنَّا قَدْ اُوْحِیَ اِلَیْنَاۤ اَنَّ الْعَذَابَ عَلٰى مَنْ كَذَّبَ
تحقیق وحی کی گئی طرف ہمارے یہ کہ عذاب اوپر اس شخص کے ہے کہ جھٹلاوے

(بقیہ صفحہ ۴۲۳)
وقت بہت لوگ ان کے سمجھانے سے ایمان میں آئے ۔ ۱۲ منہ رح ۔

ف۴ ان کی ماں کو یہ بات خواب میں کہی اس سے پیغمبرنہ ہوگئیں ۔ ۱۲ منہ رح

ف۵ فرعون اس برس بنی اسرائیل کے بیٹے مارتا تھا جب موسیٰ پیدا ہوئے ماں ڈری کہ فرعون کے پیادے خبر پاویں تو مار ہی ڈالیں اور ماں باپ ستاویں کہ ظاہر کیوں کیا ۔ تب خواب میں یہ دیکھا کہ صندوق نہر میں ڈال دیا وہ فرعون کے باغ میں پہنچا اس کی بی بی نے اٹھایا اُن کا نام آسیہ وہ تھیں بنی اسرائیل میں کی پھر فرعون کو بھی دیکھ کر محبت آئی اپنا بیٹا کر کر پالا ۔ ۱۲ منہ رح ۔

منزل ۴

موضح القرآن

ف۱ یہ سارا قصہ سورۂ قصص میں ہے ۱۲ منہ رح

وَتَوَلّٰی ﴿٤٨﴾ قَالَ فَمَنْ رَّبُّكُمَا يٰمُوْسٰی ﴿٤٩﴾ قَالَ رَبُّنَا
اور منھ پھیرے - کہا فرعون نے پس کون ہے پروردگار تمہارا اے موسیٰ - کہا موسیٰ نے رب ہمارا
الَّذِيْۤ اَعْطٰی كُلَّ شَيْءٍ خَلْقَهٗ ثُمَّ هَدٰی ﴿٥٠﴾ قَالَ
وہ شخص ہے جس نے دی ہر چیز کو پیدائش اس کی پھر راہ دکھائی ف١ - کہا
فَمَا بَالُ الْقُرُوْنِ الْاُوْلٰی ﴿٥١﴾ قَالَ عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّيْ
فرعون نے پس کیا ہے حال قرنوں پہلے کا - کہا کہ علم ان کا نزدیک پروردگار میرے کے ہے
فِيْ كِتٰبٍ ۚ لَا يَضِلُّ رَبِّيْ وَلَا يَنْسَی ﴿٥٢﴾ الَّذِيْ
بیچ کتاب کے - نہیں بھٹک جاتا ہے رب میرا اور نہ بھول جاتا ہے ف٢ - جس نے
جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ مَهْدًا وَّسَلَكَ لَكُمْ فِيْهَا سُبُلًا
کیا واسطے تمہارے زمین کو بچھونا اور بنائیں واسطے تمہارے بیچ اس کے راہیں
وَّاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَخْرَجْنَا بِهٖۤ اَزْوَاجًا مِّنْ
اور اتارا آسمان سے پانی - پس نکالے ہم نے ساتھ اس کے اقسام
نَّبَاتٍ شَتّٰی ﴿٥٣﴾ كُلُوْا وَارْعَوْا اَنْعَامَكُمْ ۚ اِنَّ فِيْ
روئیدگی کے مختلف - کھاؤ اور چگاؤ جانوروں اپنے کو - تحقیق بیچ
ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي النُّهٰی ﴿٥٤﴾ مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِيْهَا
اس کے البتہ نشانیاں ہیں واسطے صاحبوں عقل کے ف٣ - اس سے پیدا کیا ہمنے تمکو اور بیچ اسکے
نُعِيْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰی ﴿٥٥﴾ وَلَقَدْ
دوبارہ لیجاویں گے ہم تمکو اور اس میں نکالیں گے ہم تمکو ایک بار اور - اور البتہ تحقیق
اَرَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا كُلَّهَا فَكَذَّبَ وَاَبٰی ﴿٥٦﴾ قَالَ اَجِئْتَنَا
دکھائیں ہمنے اسکو نشانیاں اپنی سب پس جھٹلایا اور نہ مانا - کہا کیا آیا ہے تو ہمارے پاس
لِتُخْرِجَنَا مِنْ اَرْضِنَا بِسِحْرِكَ يٰمُوْسٰی ﴿٥٧﴾ فَلَنَاْتِيَنَّكَ
تاکہ نکالدیوے ہمکو زمین ہماری سے ساتھ جادو اپنے کے اے موسیٰ - پس البتہ لاوینگے ہم تیرے
بِسِحْرٍ مِّثْلِهٖ فَاجْعَلْ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ مَوْعِدًا لَّا
پاس جادو مانند اسکے پس مقرر کر درمیان ہمارے اور درمیان اپنے ایک وعدہ گاہ نہ
نُخْلِفُهٗ نَحْنُ وَلَاۤ اَنْتَ مَكَانًا سُوًی ﴿٥٨﴾ قَالَ مَوْعِدُكُمْ
خلاف کریں اس کا ہم اور نہ تو مکان ہموار - کہا وعدہ گاہ تمہارا

موضح القرآن

ف١ یعنی کھانے پینے کا ہوش دیا بچے کو دودھ پینا وہ نہ سکھاوے تو کوئی نہ سکھا سکے ١٢ منہ

ف٢ فرعون شاید دہری مزاج تھا آدمیوں کی پیدائش سمجھتا تھا جیسے برسات کا سبزہ نہ اول کسی نے پیدا کیا آپ پیدا ہو گیا نہ آخر باقی رہا گل کر مٹی ہو گیا جب سنا کہ سب کے سر پر ایک رب ہے تب پوچھا کہ اگلی خلق کہاں گئی بتایا کہ انکا حساب لکھا ہوا موجود ہے ایک آدمی پھر حاضر ہوگا ١٢ منہ

ف٣ یہ اللہ کلام فرماتا ہے دہریوں کی آنکھ کھولنے کو اسکی تدبیریں اور قدرتیں دیکھو اگر عقل ہے سمجھ لوگے ١٢ منہ ح

ربع ٣٠

يَوْمُ الزِّينَةِ وَأَنْ يُحْشَرَ النَّاسُ ضُحًى ﴿۵۹﴾ فَتَوَلَّىٰ

دن زینت کا ہے اور یہ کہ اکٹھے کئے جاویں گے لوگ دن چڑھے ف۱ پس پھر گیا

فِرْعَوْنُ فَجَمَعَ كَيْدَهُ ثُمَّ أَتَىٰ ﴿۶۰﴾ قَالَ لَهُمْ مُوسَىٰ

فرعون پس جمع کیا مکر اپنا پھر آیا۔ کہا واسطے ان کے موسیٰ نے

وَيْلَكُمْ لَا تَفْتَرُوا عَلَى اللَّهِ كَذِبًا فَيُسْحِتَكُمْ بِعَذَابٍ

اے وائے تمکو مت باندھو اوپر خدا کے جھوٹ پس فنا کردے گا تمکو ساتھ عذاب کے

وَقَدْ خَابَ مَنِ افْتَرَىٰ ﴿۶۱﴾ فَتَنَازَعُوا أَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ

اور تحقیق نامراد ہوا جس نے جھوٹ باندھا۔ پس جھگڑنے لگے کام اپنے میں درمیان اپنے

وَأَسَرُّوا النَّجْوَىٰ ﴿۶۲﴾ قَالُوا إِنْ هَٰذَانِ لَسَاحِرَانِ

اور چھپایا مصلحت کو۔ کہا انھوں نے تحقیق یہ جادوگر ہیں

يُرِيدَانِ أَنْ يُخْرِجَاكُمْ مِنْ أَرْضِكُمْ بِسِحْرِهِمَا وَيَذْهَبَا

چاہتے ہیں کہ نکال دیں تمکو زمین تمہاری سے ساتھ جادو اپنے کے اور لے جاویں

بِطَرِيقَتِكُمُ الْمُثْلَىٰ ﴿۶۳﴾ فَأَجْمِعُوا كَيْدَكُمْ ثُمَّ ائْتُوا

راہ تمہاری بہتر کو۔ پس جمع کرو مکر اپنا یعنی تدبیر پھر آؤ

صَفًّا ۚ وَقَدْ أَفْلَحَ الْيَوْمَ مَنِ اسْتَعْلَىٰ ﴿۶۴﴾ قَالُوا

صف باندھ کر۔ اور تحقیق فلاح پائی آج کے دن اس شخص نے کہ غالب آیا۔ کہا انھوں نے

يَا مُوسَىٰ إِمَّا أَنْ تُلْقِيَ وَإِمَّا أَنْ نَكُونَ أَوَّلَ مَنْ

اے موسیٰ یا یہ کہ تو ڈال دے اور یا ہوں ہم پہلے

أَلْقَىٰ ﴿۶۵﴾ قَالَ بَلْ أَلْقُوا ۖ فَإِذَا حِبَالُهُمْ وَعِصِيُّهُمْ

ڈالنے والے۔ کہا بلکہ ڈالو تم پس ناگہاں رسیاں ان کی اور لاٹھیاں انکی

يُخَيَّلُ إِلَيْهِ مِنْ سِحْرِهِمْ أَنَّهَا تَسْعَىٰ ﴿۶۶﴾ فَأَوْجَسَ

خیال بندھا تھا طرف اسکی جادو ان کے سے یہ کہ وہ دوڑتے ہیں۔ پس چھپایا

فِي نَفْسِهِ خِيفَةً مُوسَىٰ ﴿۶۷﴾ قُلْنَا لَا تَخَفْ إِنَّكَ

بیچ جی اپنے کے ڈر موسیٰ نے۔ کہا ہمنے مت ڈر تحقیق

أَنْتَ الْأَعْلَىٰ ﴿۶۸﴾ وَأَلْقِ مَا فِي يَمِينِكَ تَلْقَفْ مَا

تو ہے غالب۔ اور ڈال جو بیچ داہنے ہاتھ تیرے کے ہڑنگل جاویگا اس چیز کو جو

منزل ۴

موضح القرآن

ف۱ دنگل میں مقابلہ کرنے سے دونوں کو غرض یہی تھی وہ چاہے کہ انکو ہرادے سب کے روبرو۔ یہ چاہیں کہ وہ ہارے جشن کا دن سالانہ مصر کے شہر میں مقرر تھا فرعون نے ساحر جمع کئے اور سب امیروں کو یہی بات پڑھایا تب حضرت موسیٰ نے ہر شخص کو نصیحت کر دی جدا جدا۔ ۱۲ منہ رح۔

صَنَعُوْا ۭ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ۭ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ

بنایا ہوا انھوں نے۔ تحقیق جو کچھ بنایا ہوا انھوں نے مکر جادوگر کا ہو۔ اور نہیں فلاح پاتا جادوگر

حَيْثُ اَتٰى ﴿۶۹﴾ فَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوْٓا اٰمَنَّا

جہاں آتا ہے۔ پس ڈالے گئے جادوگر سجدہ کرتے ہوئے کہنے لگے ایمان لائے ہم

بِرَبِّ هٰرُوْنَ وَمُوْسٰى ﴿۷۰﴾ قَالَ اٰمَنْتُمْ لَهٗ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ

ساتھ رب ہارون اور موسیٰ کے۔ کہا ایمان لائے تم واسطے اسکے پہلے اس سے کہ حکم کروں

لَكُمْ ۭ اِنَّهٗ لَكَبِيْرُكُمُ الَّذِيْ عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ ۚ فَلَاُقَطِّعَنَّ

میں تمکو۔ تحقیق وہ البتہ بڑا تمھارا ہے جس نے سکھایا ہے تمکو جادو۔ پس البتہ کاٹوں گا میں

اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ وَّلَاُوصَلِّبَنَّكُمْ

ہاتھوں تمھارے کو اور پاؤں تمھارے کو خلاف سے اور البتہ سُولی دُونگا میں تمکو

فِيْ جُذُوْعِ النَّخْلِ ۡ وَلَتَعْلَمُنَّ اَيُّنَآ اَشَدُّ عَذَابًا

بیچ شاخوں کھجور کے اور البتہ جانوگے تم کونسا ہم میں اشد ہو عذاب میں

وَّاَبْقٰى ﴿۷۱﴾ قَالُوْا لَنْ نُّؤْثِرَكَ عَلٰي مَا جَاۗءَنَا مِنَ

اور بہت باقی رہنے والا ہو ف۱۔ کہا انھوں نے ہرگز نہ اختیار کرینگے ہم تجھ کو اُوپر اس چیز کے کہ آئی ہو ہمارے

الْبَيِّنٰتِ وَالَّذِيْ فَطَرَنَا فَاقْضِ مَآ اَنْتَ قَاضٍ ۭ

پاس دلیلوں سے اور اس شخص کے کہ پیدا کیا اُس نے ہمکو پس حکم کر جو کچھ تو حکم کرنے والا ہو۔

اِنَّمَا تَقْضِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿۷۲﴾ اِنَّآ اٰمَنَّا بِرَبِّنَا

سوائے اسکے نہیں کہ حکم کریگا تو بیچ اس زندگانی دنیا کے۔ تحقیق ہم ایمان لائے ساتھ پروردگار اپنے

لِيَغْفِرَ لَنَا خَطٰيٰنَا وَمَآ اَكْرَهْتَنَا عَلَيْهِ مِنَ السِّحْرِ ۭ

کے تاکہ بخشے واسطے ہمارے گناہ ہمارے اور وہ چیز کہ زبردستی کی ہو تو نے ہمکو اُوپر اسکے جادو سے۔

وَاللّٰهُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ﴿۷۳﴾ اِنَّهٗ مَنْ يَّاْتِ رَبَّهٗ مُجْرِمًا

اور اللہ بہت بہتر ہو اور باقی رہنے والا ہو ف۲۔ تحقیق بات یہ ہو کہ جو کوئی آوے رب اپنے کے پاس گنہگار ہو کر

فَاِنَّ لَهٗ جَهَنَّمَ ۭ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ﴿۷۴﴾ وَ

پس تحقیق واسطے اسکے دوزخ ہو۔ نہ مرے گا بیچ اس کے اور نہ جیے گا۔ اور

مَنْ يَّاْتِهٖ مُؤْمِنًا قَدْ عَمِلَ الصّٰلِحٰتِ فَاُولٰۗىِٕكَ

جو کوئی آوے اُس کے پاس ایمان والا ہو کر تحقیق عمل کیے ہوں اچھے پس یہ لوگ

مُوضح القرآن

ف۱ تمھارا بڑا جس نے جادو سکھایا یہ شاید کچھ کہنے لگا۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۲ زورآوری کروایا کہتے ہیں جادوگر حضرت موسیٰ کے نشان دیکھ کر سمجھ گئے تھے کہ یہ جادو نہیں مقابلہ نہ کریئے۔ پھر فرعون کی خاطر سے کیا شاید فرعون جو ڈراتا تھا سوان پر کر نہ سکا۔ دل میں ڈر گیا موسیٰ کی نشانی سے۔ ۱۲ منہ رح

نصف

انفاع

لَهُمُ الدَّرَجٰتُ الْعُلٰى ﴿٧٥﴾ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ

واسطے اُن کے درجے ہیں بلند۔ بہشتیں ہمیشہ رہنے کی چلتی ہیں

مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَذٰلِكَ جَزٰۗؤُا

نیچے اُن کے سے نہریں ہمیشہ رہنے والے بیچ اسکے۔ اور یہی ہے بدلا اُس شخص کا

مَنْ تَزَكّٰى ﴿٧٦﴾ وَلَقَدْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَسْرِ

جو پاک ہوا۔ اور البتہ تحقیق وحی کی ہمنے طرف موسیٰ کی یہ کہ راتوں رات لے چل

ع ٣ / ٣٤ / ١٤

بِعِبَادِيْ فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِيْقًا فِي الْبَحْرِ يَبَسًا ۙ لَّا

بندوں میرے کو پس مار واسطے اُن کے راہ بیچ دریا کے خشک نہ

تَخٰفُ دَرَكًا وَّلَا تَخْشٰى ﴿٧٧﴾ فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ

ڈرے گا تو پالینے سے اور نہ خطرہ کرے گا۔ پس پیچھے لگا اُن کے فرعون

بِجُنُوْدِهٖ فَغَشِيَهُمْ مِّنَ الْيَمِّ مَا غَشِيَهُمْ ﴿٧٨﴾ وَ

ساتھ لشکروں اپنے کے پس ڈھانک لیا انکو دریا میں سے جس چیز نے کہ ڈھانک لیا انکو۔ اور

اَضَلَّ فِرْعَوْنُ قَوْمَهٗ وَمَا هَدٰى ﴿٧٩﴾ يٰبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ

گمراہ کیا فرعون نے قوم اپنی کو اور نہ راہ دکھائی۔ اے بنی اسرائیل

قَدْ اَنْجَيْنٰكُمْ مِّنْ عَدُوِّكُمْ وَوٰعَدْنٰكُمْ جَانِبَ الطُّوْرِ

تحقیق نجات دی ہمنے تمکو دشمن تمہارے سے اور وعدہ کیا ہمنے تمکو کنارے طور

الْاَيْمَنَ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى ﴿٨٠﴾ كُلُوْا

برکت والے کے اور اتارا ہمنے اُوپر تمہارے من اور سلویٰ۔ کھاؤ

مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَلَا تَطْغَوْا فِيْهِ فَيَحِلَّ

پاکیزہ اس چیز سے کہ دی ہے ہمنے تمکو اور مت سرکشی کرو بیچ اسکے پس اُتریگا

عَلَيْكُمْ غَضَبِيْ ۚ وَمَنْ يَّحْلِلْ عَلَيْهِ غَضَبِيْ فَقَدْ

اُوپر تمہارے غصہ میرا۔ اور جو کوئی اُترے اُوپر اس کے غصہ میرا پس تحقیق

هَوٰى ﴿٨١﴾ وَاِنِّيْ لَغَفَّارٌ لِّمَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ

گرا وہ ف۔ اور تحقیق میں بخشنے والا ہوں واسطے اس شخص کے کہ پھر آیا اور ایمان لایا اور کام کئے

صَالِحًا ثُمَّ اهْتَدٰى ﴿٨٢﴾ وَمَآ اَعْجَلَكَ عَنْ قَوْمِكَ يٰمُوْسٰى ﴿٨٣﴾

اچھے پھر راہ پائی۔ اور کیا چیز جلد لے آئی تجھ کو قوم تیری سے اے موسیٰ

موضح القرآن

ف زیادتی کرو یعنی رکھ نہ چھوڑو۔ ١٢ منہ رح۔

قَالَ هُمْ أُولَاءِ عَلَىٰ أَثَرِي وَعَجِلْتُ إِلَيْكَ
کہا کہ وہ یہ ہیں اوپر نقشِ قدم میرے کے اور جلد آیا میں طرف تیری اے

رَبِّ لِتَرْضَىٰ ﴿٨٤﴾ قَالَ فَإِنَّا قَدْ فَتَنَّا قَوْمَكَ مِنْ
رب میرے تاکہ راضی ہو تو۔ کہا پس تحقیق ہمنے آزمایش کی ہے قوم تیری کو

بَعْدِكَ وَأَضَلَّهُمُ السَّامِرِيُّ ﴿٨٥﴾ فَرَجَعَ مُوسَىٰ إِلَىٰ قَوْمِهِ
پیچھے تیرے اور گمراہ کیا ان کو سامری نے۔ پس پھر آیا موسیٰ طرف قوم اپنی کے

غَضْبَانَ أَسِفًا ۚ قَالَ يَا قَوْمِ أَلَمْ يَعِدْكُمْ رَبُّكُمْ وَعْدًا
غصے میں غمگین۔ کہا اے قوم میری کیا نہ وعدہ دیا تھا تمکو پروردگار تمھارے نے وعدہ

حَسَنًا ۚ أَفَطَالَ عَلَيْكُمُ الْعَهْدُ أَمْ أَرَدْتُمْ أَنْ
اچھا ف۔ کیا پس لمبا ہوا اوپر تمھارے وقت یا ارادہ کیا تم نے یہ کہ

يَحِلَّ عَلَيْكُمْ غَضَبٌ مِنْ رَبِّكُمْ فَأَخْلَفْتُمْ مَوْعِدِي ﴿٨٦﴾
اترآوے اوپر تمھارے غصہ پروردگار تمھارے کا پس خلاف کیا تمنے وعدے میرے کو۔

قَالُوا مَا أَخْلَفْنَا مَوْعِدَكَ بِمَلْكِنَا وَلَٰكِنَّا حُمِّلْنَا
کہا انھوں نے نہیں خلاف کیا ہمنے وعدے تیرے کو ساتھ اختیار اپنے کے ولیکن اٹھوائے گئے تھے ہم

أَوْزَارًا مِنْ زِينَةِ الْقَوْمِ فَقَذَفْنَاهَا فَكَذَٰلِكَ أَلْقَى
بوجھ گہنوں قوم فرعون کے سے پس پھینک دیا ہمنے اس کو پس اسی طرح ڈالا

السَّامِرِيُّ ﴿٨٧﴾ فَأَخْرَجَ لَهُمْ عِجْلًا جَسَدًا لَهُ خُوَارٌ
سامری نے ف۲۔ پس نکالا واسطے انکے بچہ گائے کا ایک بدن ہر واسطے اسکے آواز ہو گائے کی

فَقَالُوا هَٰذَا إِلَٰهُكُمْ وَإِلَٰهُ مُوسَىٰ فَنَسِيَ ﴿٨٨﴾ أَفَلَا
پس کہا انھوں نے یہ ہے معبود تمھارا اور معبود موسیٰ کا پس بھول گیا ہے موسیٰ ف۳۔ کیا پس نہیں

يَرَوْنَ أَلَّا يَرْجِعُ إِلَيْهِمْ قَوْلًا وَلَا يَمْلِكُ لَهُمْ
دیکھا انھوں نے یہ کہ نہیں پھیرتا طرف اُن کی جواب اور نہیں اختیار میں رکھتا واسطے اُنکے

ضَرًّا وَلَا نَفْعًا ﴿٨٩﴾ وَلَقَدْ قَالَ لَهُمْ هَارُونُ مِنْ
ضرر اور نہ فائدہ۔ اور البتہ تحقیق کہا تھا واسطے اُن کے ہارون نے

قَبْلُ يَا قَوْمِ إِنَّمَا فُتِنْتُمْ بِهِ ۖ وَإِنَّ رَبَّكُمُ الرَّحْمَٰنُ
پہلے اس سے اے قوم میری سوائے اسکے نہیں کہ آزمائے گئے ہو تم ساتھ اسکے اور تحقیق پروردگار تمھارا رحمٰن ہے

موضح القرآن

ف۱ وعدہ توریت دینے کا حضرت موسیٰ تو تیس دن کا وعدہ کر گئے تھے پہاڑ پر۔ وہاں چالیس دن لگے پیچھے بچھڑا بنا کر پوجنے لگے۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۲ فرعون والے عاریت مانگ کر لیا تھا گہنا کہ دیکھیں جائیں کہ ان کو شادی منظور ہے جس واسطے نکلتے ہیں شہر سے اس کے بغیر فرعون نکلنے نہ دیتا۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ یعنی موسیٰ بھول گیا کہ اور جگہ گیا۔ ۱۲ منہ رح

نصف

ع ۱۳
۴

فَاتَّبِعُوْنِيْ وَاَطِيْعُوْٓا اَمْرِيْ ﴿٩٠﴾ قَالُوْا لَنْ نَّبْرَحَ عَلَيْهِ

پس پیروی کرو میری اور مانو حکم میرا۔ کہا انھوں نے ہمیشہ رہیں گے ہم اوپر اسکے

عٰكِفِيْنَ حَتّٰى يَرْجِعَ اِلَيْنَا مُوْسٰى ﴿٩١﴾ قَالَ يٰهٰرُوْنُ

معتکف یہاں تک کہ پھر آوے طرف ہماری موسیٰ۔ کہا اے ہارون

مَا مَنَعَكَ اِذْ رَاَيْتَهُمْ ضَلُّوْٓا ﴿٩٢﴾ اَلَّا تَتَّبِعَنِ

کس چیز نے منع کیا تجھ کو جس وقت کہ دیکھا تو نے انکو گمراہ ہوئے۔ اس سے کہ نہ پیروی کرے میری

اَفَعَصَيْتَ اَمْرِيْ ﴿٩٣﴾ قَالَ يَبْنَؤُمَّ لَا تَاْخُذْ بِلِحْيَتِيْ

کیا پس نافرمانی کی حکم میرے کی۔ کہا اے بیٹے ماں میری کے مت پکڑ داڑھی میری

وَلَا بِرَاْسِيْ ۚ اِنِّيْ خَشِيْتُ اَنْ تَقُوْلَ فَرَّقْتَ بَيْنَ

اور نہ سر میرا۔ تحقیق میں ڈرا یہ کہ کہے تو جدائی ڈال دی درمیان

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ وَلَمْ تَرْقُبْ قَوْلِيْ ﴿٩٤﴾ قَالَ فَمَا خَطْبُكَ

بنی اسرائیل کے اور نہ انتظار کیا بات میری کا ف۱۔ کہا پس کیا ہے حال تیرا

يٰسَامِرِيُّ ﴿٩٥﴾ قَالَ بَصُرْتُ بِمَا لَمْ يَبْصُرُوْا بِهٖ

اے سامری۔ کہا کہ دیکھا میں نے اس چیز کو کہ نہ دیکھا تھا لوگوں نے اس کو

فَقَبَضْتُ قَبْضَةً مِّنْ اَثَرِ الرَّسُوْلِ فَنَبَذْتُهَا وَ

پس بھر لی میں نے ایک مٹھی خاک قدم بھیجے ہوئے کے سے پس ڈال دیا میں نے اسکو یعنی گائے کے

كَذٰلِكَ سَوَّلَتْ لِيْ نَفْسِيْ ﴿٩٦﴾ قَالَ فَاذْهَبْ فَاِنَّ

بچے کے پیٹ میں اور اسی طرح اچھا دکھایا مجھ کو جی میرے نے ف۲۔ کہا پس جا پس تحقیق

لَكَ فِي الْحَيٰوةِ اَنْ تَقُوْلَ لَا مِسَاسَ ۠ وَاِنَّ لَكَ

واسطے تیرے ہے بیچ زندگانی کے یہ کہ کہا کرے تو نہیں ہاتھ لگانا اور تحقیق واسطے تیرے

مَوْعِدًا لَّنْ تُخْلَفَهٗ ۚ وَانْظُرْ اِلٰٓى اِلٰهِكَ الَّذِيْ

ایک جگہ وعدے کی ہرگز نہ پیچھے چھوڑا جاوے گا اس سے۔ اور دیکھ طرف معبود اپنے کے وہ جو

ظَلْتَ عَلَيْهِ عَاكِفًا ۭ لَنُحَرِّقَنَّهٗ ثُمَّ لَنَنْسِفَنَّهٗ فِي

ہو گیا تھا تو اوپر اس کے معتکف۔ ابھی جلا دیں گے ہم اسکو پھر اڑا دیں گے ہم اس کو بیچ

الْيَمِّ نَسْفًا ﴿٩٧﴾ اِنَّمَآ اِلٰهُكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ

دریا کے اڑا دینا کر ف۳۔ سوائے اسکے نہیں کہ معبود تمہارا اللہ ہے وہ جو نہیں کوئی معبود مگر وہ۔

موضح القرآن

ف۱ چلتے وقت موسیٰ ہارون کو نصیحت کر گئے تھے کہ سب کو متفق رکھیو سو اسواسطے انھوں نے بچھڑا پوجنے والوں کا مقابلہ نہ کیا زبان سے سمجھایا وہ نہ سمجھے ۱۲ منہ رح

ف۲ جس وقت بنی اسرائیل پھٹے دریا میں پیچھے پیچھے فرعون ساتھ فوج کے پیٹھا جبرئیل بیچ میں ہو گئے کہ انکو ان تک ملنے دیں سامری نے پہچانا کہ یہ جبرئیل ہیں انکے پاؤں کے نیچے سے مٹھی بھر مٹی اٹھالی وہی اب سونے کے بچھڑے میں ڈال دی۔ سونا تھا کافروں کا مال لیا ہوا فریب سے اسمیں مٹی پڑی برکت کی حق اور باطل ملکر ایک کرشمہ پیدا ہوا کہ رونق جاندار کی اور آواز اس میں ہو گئی ایسی چیزوں سے بہت بچنا چاہئے اسی سے بت پرستی بڑھتی ہے۔ ۱۲ منہ رح

منزل ۴

ف۳ دنیا میں اسکو یہی سزا ہی کہ وہ لشکر بنی اسرائیل سے

(باقی صفحہ ۴۳۱ پر)

وَسِعَ كُلَّ شَىْءٍ عِلْمًا ﴿٩٨﴾ كَذٰلِكَ نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ
سمالیا ہے ہر چیز کو علم میں۔ اسی طرح بیان کرتے ہیں ہم اوپر تیرے
اَنْۢبَآءِ مَا قَدْ سَبَقَ ۚ وَقَدْ اٰتَيْنٰكَ مِنْ لَّدُنَّا ذِكْرًا ﴿٩٩﴾
خبروں اُس چیز کی سے کہ تحقیق پہلے گذری۔ اور تحقیق دیا ہمنے تجھ کو اپنے پاس سے ذکر۔
مَنْ اَعْرَضَ عَنْهُ فَاِنَّهٗ يَحْمِلُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ
جو کوئی منہ پھیرے اُس سے پس تحقیق وہ اُٹھاوے گا دن قیامت کے
وِزْرًا ﴿١٠٠﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهِ ۭ وَسَآءَ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ
بوجھ۔ ہمیشہ رہنے والے بیچ اس کے۔ اور بُرا ہے واسطے اُن کے دن قیامت کے
حِمْلًا ﴿١٠١﴾ يَّوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ وَنَحْشُرُ الْمُجْرِمِيْنَ
بوجھ۔ اس دن کہ پھونکا جاوے گا بیچ صور کے اور اکٹھا کریںگے ہم گنہگاروں کو
يَوْمَئِذٍ زُرْقًا ﴿١٠٢﴾ يَّتَخَافَتُوْنَ بَيْنَهُمْ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا
اُسدن کیری آنکھوں سے ف۱۔ آہستہ کہتے ہوں گے درمیان اپنے نہیں رہے تھے تم مگر
عَشْرًا ﴿١٠٣﴾ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُوْنَ اِذْ يَقُوْلُ اَمْثَلُهُمْ
دس دن ف۲۔ ہم خوب جانتے ہیں اس چیز کو کہ کہتے ہیں جسوقت کہے گا بہتر اُن کا
طَرِيْقَةً اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا يَوْمًا ﴿١٠٤﴾ وَيَسْــَٔـلُوْنَكَ عَنِ
راہ میں نہ رہے تھے مگر ایک روز ف۳۔ اور سوال کرتے ہیں تجھ کو
الْجِبَالِ فَقُلْ يَنْسِفُهَا رَبِّيْ نَسْفًا ﴿١٠٥﴾ فَيَذَرُهَا قَاعًا
پہاڑوں سے پس کہہ اُڑا دیگا انکو رب میرا اُڑا دینا کر۔ پس چھوڑ دیگا اُس زمین کو
صَفْصَفًا ﴿١٠٦﴾ لَّا تَرٰى فِيْهَا عِوَجًا وَّلَآ اَمْتًا ﴿١٠٧﴾ يَوْمَئِذٍ
میدان صاف۔ نہیں دیکھیگا تو بیچ اس کے کجی اور نہ اونچان یعنی ٹیلہ۔ اُس دن
يَّتَّبِعُوْنَ الدَّاعِيَ لَا عِوَجَ لَهٗ ۚ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ
پیچھے چلیں گے پکارنے والے کے نہیں کجی واسطے اسکے۔ اور نیچی ہو جاویں گی آوازیں
لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا ﴿١٠٨﴾ يَوْمَئِذٍ لَّا تَنْفَعُ
واسطے رحمان کے پس نہ سُنے گا مگر آواز آہستہ۔ اُس دن نہ فائدہ دے گی
الشَّفَاعَةُ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَرَضِيَ لَهٗ
شفاعت مگر اُسکو کہ اذن دیا ہے واسطے اُس کے رحمان نے اور پسند کیا ہے واسطے اُسکے

(بقیہ صفحہ ۴۳۰)
باہر الگ رہتا اگر وہ کسی سے ملتا یا کوئی اس سے دونوں کو تپ چڑھتی اس مارے لوگوں کو دُور دُور کرتا ایک وعدہ ہو کر خلاف نہ ہوگا۔ شاید عذاب آخرت ہے اور شاید دجّال کا نکلنا وہ بھی یہود میں سی کا فساد پُورا کرے گا جیسے ہمارے پیغمبر مال بانٹتے تھے ایک شخص نے کہا انصاف سے بانٹو۔ فرمایا اس کی جنس کے لوگ نکلیں گے وہ خارجی نکلے کر اپنے پیشواؤں پر طعن کرے ایسا ہی ہوا۔ ۱۲ منہ رحمہ

ربع

ع ۵
۱۴

مُوضح القرآن

ف۱ یعنی اندھے اور شاید یونہی ہوں نشانی کے واسطے۔ ۱۲ منہ رحمہ۔

ف۲ یعنی دُنیا میں رہنا اتنا نظر آوے گا یا قبر میں رہنا۔ ۱۲ منہ رحمہ۔

ف۳ ہمکو خوب معلوم ہے یعنی چُپکے سے کہنا ہم سے نہیں چھپتا۔ ۱۲ منہ رحمہ۔

قَوْلًا ﴿۱۰۹﴾ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا

کہنا ف۱ ۔ جانتا ہے جو کچھ آگے اُن کے ہے اور جو کچھ پیچھے اُن کے ہے اور نہیں

يُحِيْطُوْنَ بِهٖ عِلْمًا ﴿۱۱۰﴾ وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ ؕ

گھیرتے اس کو علم کر ۔ اور ذلیل ہو گئے منہ واسطے زندہ قائم رہنے والے کے ۔

وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا ﴿۱۱۱﴾ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ

اور تحقیق نامراد ہوا جس نے اُٹھایا ظلم ۔ اور جو کوئی عمل کرے

الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا يَخٰفُ ظُلْمًا وَّلَا

نیکیوں میں سے اور وہ مومن ہو پس نہیں ڈرے گا ظلم سے اور نہ

هَضْمًا ﴿۱۱۲﴾ وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا وَّصَرَّفْنَا

توڑنے سے ف۲ ۔ اور اسی طرح اُتارا ہم نے اسکو قرآن عربی اور طرح طرح سے بیان کیا ہم نے

فِيْهِ مِنَ الْوَعِيْدِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ اَوْ يُحْدِثُ لَهُمْ

بیچ اس کے ڈرانے سے تاکہ وہ ڈریں یا پیدا کرے واسطے اُنکے

ذِكْرًا ﴿۱۱۳﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ وَلَا تَعْجَلْ بِالْقُرْاٰنِ

یاد ۔ پس بہت مرتبہ ہے اللہ بادشاہ برحق ۔ اور مت جلدی کر ساتھ قرآن کے

مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّقْضٰٓى اِلَيْكَ وَحْيُهٗ ۫ وَقُلْ رَّبِّ

پہلے اس سے کہ سرانجام کی جاوے طرف تیری وحی اسکی اور کہہ اے رب میرے

زِدْنِيْ عِلْمًا ﴿۱۱۴﴾ وَلَقَدْ عَهِدْنَآ اِلٰٓى اٰدَمَ مِنْ قَبْلُ

زیادہ دے مجھ کو علم ف۳ ۔ اور البتہ تحقیق عہد کیا تھا ہم نے طرف آدم کی پہلے اس سے

فَنَسِيَ وَلَمْ نَجِدْ لَهٗ عَزْمًا ﴿۱۱۵﴾ۧ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ

پس بھول گیا اور نہ پایا ہم نے واسطے اسکے قصد خلاف کا ف۴ ۔ اور جب کہا ہم نے واسطے فرشتوں کے

اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ اَبٰى ﴿۱۱۶﴾ فَقُلْنَا

سجدہ کرو واسطے آدم کے پس سجدہ کیا انھوں نے مگر ابلیس نے ۔ نہ مانا ۔ پس کہا ہم نے

يٰٓاٰدَمُ اِنَّ هٰذَا عَدُوٌّ لَّكَ وَلِزَوْجِكَ فَلَا يُخْرِجَنَّكُمَا

اے آدم تحقیق یہ دشمن ہے واسطے تیرے اور واسطے جورو تیری کے پس نہ نکالدیوے تم دونوں کو

مِنَ الْجَنَّةِ فَتَشْقٰى ﴿۱۱۷﴾ اِنَّ لَكَ اَلَّا تَجُوْعَ فِيْهَا وَ

بہشت سے پس محنت میں جا پڑے تو ۔ تحقیق واسطے تیرے ہے یہ کہ نہ بھوکا رہے تو بیچ اسکے اور

موضح القرآن

ف۱ یعنی اسکی سفارش چلے گی ۔ ۱۲ منہ رح ۔

ف۲ یعنی اس پر زور نہ ہوگا ۔ اللہ کے ہاں انصاف ہے ۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ جبرئیل جب قرآن لاتے حضرت اُن کے پڑھنے کے ساتھ آپ بھی پڑھنے لگتے کہ بھول نہ جاویں اس کو پہلے منع فرمایا تھا ۔ سورۂ قیامت میں اور تسلی کر دی تھی کہ اس کا یاد رکھوا) اور لوگوں تک پہنچوانا ذمہ ہمارا ہے لیکن بندہ بشر ہے شاید بھول گئے ہوں پھر تقید کیا اور بھولے پر شکل فرمائی آدم کی ۔ ۱۲ منہ

ف۴ وہی جو دانہ کھایا بھول گئے یعنی قائم نہ رہے ۱۲ منہ رح

منزل ۴

ع ۱۱ ۱۵

لَا تَعْرٰى ﴿۱۱۸﴾ وَاَنَّكَ لَا تَظْمَؤُا فِيْهَا وَلَا تَضْحٰى ﴿۱۱۹﴾

ننگا رہے تو۔ اور یہ کہ نہ پیاسا رہے تو بیچ اس کے اور نہ دھوپ کھاوے۔

فَوَسْوَسَ اِلَيْهِ الشَّيْطٰنُ قَالَ يٰٓاٰدَمُ هَلْ اَدُلُّكَ

پس وسوسہ کیا طرف اس کی شیطان نے کہا اے آدم کیا دلالت کروں میں تجھ کو

عَلٰى شَجَرَةِ الْخُلْدِ وَمُلْكٍ لَّا يَبْلٰى ﴿۱۲۰﴾ فَاَكَلَا مِنْهَا

اوپر درخت ہمیشہ رہنے کے اور اس بادشاہی کی کہ نہ پرانی ہو۔ پس کھایا دونوں نے اس میں سے

فَبَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا وَطَفِقَا يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا

پس ظاہر ہو گئی ان کو شرمگاہ ان دونوں کی اور شروع کیا دونوں نے گانٹھتے تھے اوپر اپنے

مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ ۚ وَعَصٰٓى اٰدَمُ رَبَّهٗ فَغَوٰى ﴿۱۲۱﴾ ثُمَّ

پتوں بہشت کے سے اور نافرمانی کی آدم نے رب اپنے کی پس گمراہ ہو گیا۔ پھر

اجْتَبٰهُ رَبُّهٗ فَتَابَ عَلَيْهِ وَهَدٰى ﴿۱۲۲﴾ قَالَ اهْبِطَا

برگزیدہ کیا اسکو رب اسکے نے پس پھر آیا اوپر اسکے اور راہ دکھائی۔ کہا اترو تم

مِنْهَا جَمِيْعًا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ

اس سے اکٹھے بعضے تمہارے بعض کے دشمن ہیں۔ پس اگر آوے تمہارے پاس

مِّنِّيْ هُدًى ۙ فَمَنِ اتَّبَعَ هُدَايَ فَلَا يَضِلُّ وَلَا

میری طرف سے ہدایت پس جس نے پیروی کی ہدایت میری کی پس نہ گمراہ ہوگا اور نہ

يَشْقٰى ﴿۱۲۳﴾ وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِيْ فَاِنَّ لَهٗ

ایذا کھینچیگا ف۱ ۔ اور جس نے منہ پھیرا یاد میری سے پس تحقیق واسطے اس کے

مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَّنَحْشُرُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَعْمٰى ﴿۱۲۴﴾

معیشت ہے تنگ اور اٹھاویں گے ہم اس کو دن قیامت کے اندھا۔

قَالَ رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِيْٓ اَعْمٰى وَقَدْ كُنْتُ بَصِيْرًا ﴿۱۲۵﴾

کہے گا اے رب میرے کیوں اٹھایا مجھ کو اندھا اور تحقیق تھا میں دیکھنے والا۔

قَالَ كَذٰلِكَ اَتَتْكَ اٰيٰتُنَا فَنَسِيْتَهَا ۚ وَكَذٰلِكَ الْيَوْمَ

کہیگا اسی طرح آئی تھیں تیرے پاس نشانیاں ہماری پس بھول گیا تو انکو اور اسی طرح آج

تُنْسٰى ﴿۱۲۶﴾ وَكَذٰلِكَ نَجْزِيْ مَنْ اَسْرَفَ وَلَمْ يُؤْمِنْ

بھلا دیا جاویگا تو ف۲ ۔ اور اسی طرح جزا دیتے ہیں ہم اس شخص کو کہ حد سے نکل گیا اور نہ ایمان لایا

موضح القرآن

ف۱ ایکدوسرے کے دشمن رہے انکی اولاد جیسا آپس میں رفاقت کرکے گناہ کیا اس رفاقت کا بدلہ یہ ملا کہ اولاد آپسمیں دشمن ہوئی۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ آیتوں کو بھلایا یعنی عمل کیا اور یقین نہ لایا اور پیغمبر نے فرمایا میری امت کے سامنے گناہ مجھکو دکھائے انمیں بڑا گناہ یہ دیکھا کہ قرآن کی کوئی آیت کسی شخص کو یاد ہوئی پھر اسنے بھلا دی ۱۲ منہ

بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ؕ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَدُّ وَاَبْقٰى ﴿۱۲۷﴾ اَفَلَمْ

ساتھ نشانیوں رب اپنے کے ۔ اور البتہ عذاب آخرت کا بہت سخت ہے اور بہت باقی رہنے والا ہے ف۱ ۔ کیا پس

يَهْدِ لَهُمْ كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ يَمْشُوْنَ

نہیں راہ دکھاتا ان کو یہ کہ کتنے ہلاک کئے ہیں ہم نے پہلے ان سے قرنوں سے کہ چلتے ہیں

فِيْ مَسٰكِنِهِمْ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي النُّهٰى ﴿۱۲۸﴾

بیچ گھروں انکے کے ۔ تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانیاں ہیں واسطے صاحبوں عقل کے ۔

وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَكَانَ لِزَامًا وَّ

اور اگر نہ ہوتی ایک بات کہ پہلے ہو چکی پروردگار تیرے کی طرف سے البتہ ہوتا عذاب چمٹنے والا اور

اَجَلٌ مُّسَمًّى ﴿۱۲۹﴾ فَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ

اگر نہ ہوتا وعدہ مقرر ف۲ ۔ پس صبر کر اوپر اس چیز کے کہ کہتے ہیں اور تسبیح کر

بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوْبِهَا ۚ

ساتھ تعریف پروردگار اپنے کے پہلے نکلنے سورج کے اور پہلے ڈوبنے اس کے سے ۔

وَمِنْ اٰنَآئِ الَّيْلِ فَسَبِّحْ وَاَطْرَافَ النَّهَارِ لَعَلَّكَ

اور گھڑیوں رات کی سے پس تسبیح کر اور کناروں دن کے سے شاید کہ تو

تَرْضٰى ﴿۱۳۰﴾ وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖٓ

راضی ہو ف۳ ۔ اور ہرگز مت لمبی کر دونوں آنکھیں اپنی کو طرف اس چیز کی کہ فائدہ دیا ہم نے ساتھ اسکے

اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ زَهْرَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ لِنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ ؕ

لوگوں کو ان میں سے آرائش زندگانی دنیا کی تاکہ آزماویں ہم ان کو بیچ اس کے ۔

وَرِزْقُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ﴿۱۳۱﴾ وَاْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ

اور رزق پروردگار تیرے کا بہتر ہے اور باقی رہنے والا ہے ۔ اور حکم کر لوگوں اپنے کو ساتھ نماز کے

وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا ؕ لَا نَسْـَٔلُكَ رِزْقًا ؕ نَحْنُ نَرْزُقُكَ ؕ

اور صبر کر اوپر اس کے ۔ نہیں سوال کرتے ہم تجھ سے رزق ۔ ہمیں رزق دیتے ہیں تجھ کو

وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰى ﴿۱۳۲﴾ وَقَالُوْا لَوْلَا يَاْتِيْنَا بِاٰيَةٍ

اور عاقبت واسطے پرہیزگاروں کے ہے ف۴ ۔ اور کہا انھوں نے کیوں نہیں لے آتا ہمارے پاس کوئی نشانی

مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ اَوَلَمْ تَاْتِهِمْ بَيِّنَةُ مَا فِي الصُّحُفِ

رب اپنے سے ۔ کیا نہیں آئی ان کے پاس دلیل اس چیز کی کہ بیچ کتابوں

ع ۱۳ / ۱۶

موضح القرآن

ف۱ یعنی یہ عذاب اندھا ہونیکا حشر میں ہے اور دوزخ میں اور زیادہ ۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ آخر وعدہ پر بہشت ہوئی مسلمانوں میں اور کافروں میں ۔ ۱۲ منہ رح ۔

ف۳ دن کی حدوں پر یعنی پہر پہر وقت ہیں نمازوں کے سوائے پہلے پہر کے اور تو راضی ہوگا یعنی امت کو مذہوگی دنیا میں اور بخشش گناہوں کی آخرت میں تیری سفارش سے ۔ ۱۲ منہ رح

ف۴ اور خاوند غلام روزی کماتے ہیں خاوند بندگی چاہتا ہے روزی آپ دیتا ہے ۔ ۱۲ منہ

الْأُولَىٰ ﴿۱۳۳﴾ وَلَوْ أَنَّا أَهْلَكْنَاهُم بِعَذَابٍ مِّن

پہلی کی ہے ف۱ ۔ اور اگر ہم ہلاک کرتے اُن کو ساتھ عذاب کے پہلے

قَبْلِهِ لَقَالُوا رَبَّنَا لَوْلَا أَرْسَلْتَ إِلَيْنَا رَسُولًا

اس سے البتہ کہتے اے پروردگار ہمارے کیوں نہ بھیجا تو نے طرف ہماری پیغمبر

فَنَتَّبِعَ آيَاتِكَ مِن قَبْلِ أَن نَّذِلَّ وَنَخْزَىٰ ﴿۱۳۴﴾

پس پیروی کرتے ہم نشانیوں تیری کی پہلے اس سے کہ ذلیل ہوتے اور رسوا ہوتے ۔

قُلْ كُلٌّ مُّتَرَبِّصٌ فَتَرَبَّصُوا ۖ فَسَتَعْلَمُونَ

کہہ کہ ہر ایک انتظار کرنے والا ہے پس انتظار کرو تم ۔ پس البتہ جانو گے تم

مَنْ أَصْحَابُ الصِّرَاطِ السَّوِيِّ وَمَنِ اهْتَدَىٰ ﴿۱۳۵﴾

کون ہیں راہ سیدھی کے اور کس نے راہ پائی ۔

سُورَةُ الْأَنْبِيَاءِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ مِائَةٌ وَاثْنَتَا عَشْرَةَ آيَةً وَسَبْعُ رُكُوعَاتٍ

سورۃ الانبیاء مکہ میں نازل ہوئی اس میں ایک سو بارہ آیتیں اور سات رکوع ہیں

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے ۔

اقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِي

نزدیک آیا ہے واسطے لوگوں کے حساب اُن کا اور وہ بیچ

غَفْلَةٍ مُّعْرِضُونَ ﴿۱﴾ مَا يَأْتِيهِم مِّن ذِكْرٍ مِّن رَّبِّهِم

غفلت کے منہ پھیر رہے ہیں ۔ نہیں آتا اُن کے پاس کچھ ذکر پروردگار اُن کے سے

مُّحْدَثٍ إِلَّا اسْتَمَعُوهُ وَهُمْ يَلْعَبُونَ ﴿۲﴾ لَاهِيَةً

نیا مگر سنتے ہیں اسکو اور وہ کھیلتے ہیں ۔ غفلت میں ہیں

قُلُوبُهُمْ ۗ وَأَسَرُّوا النَّجْوَى الَّذِينَ ظَلَمُوا هَلْ هَٰذَا

دل اُن کے ۔ اور چھپا کر کے مصلحت کی اُن لوگوں نے کہ ظلم کیا تھا نہیں یہ

إِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۖ أَفَتَأْتُونَ السِّحْرَ وَأَنتُمْ تُبْصِرُونَ ﴿۳﴾

مگر آدمی مانند تمہارے ۔ کیا پس آتے ہو سحر کے پاس اور تم دیکھتے ہو ۔

قَالَ رَبِّي يَعْلَمُ الْقَوْلَ فِي السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ ۖ وَ

کہا پیغمبر نے پروردگار میرا جانتا ہے بات بیچ آسمان کے اور زمین کے اور

موضح القرآن

ف۱ یعنی اگلی کتابوں میں خبر رسول آخر الزماں کی پایہ معنی کہ پہلے پیغمبروں کی نشانی کفایت کرے پیغمبر بھی انھیں باتوں کا تصدیق کرتا ہے کوئی بات نئی نہیں بتایا یہ نشانی کہ اگلی بڑی کے موافق قصے بیان کرتا ہے ۔ ۱۲ منہ رح ۔

هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝ بَلْ قَالُوٓا أَضْغَاثُ أَحْلَامٍۭ
وہ ہے سننے والا جاننے والا۔ بلکہ کہا انھوں نے پریشان خیال ہیں
بَلِ افْتَرٰىهُ بَلْ هُوَ شَاعِرٌ ۚ فَلْيَأْتِنَا بِاٰيَةٍ كَمَآ
بلکہ باندھ لیا ہے اسکو بلکہ وہ شاعر ہے۔ پس لے آئے ہمارے پاس کوئی نشانی جیسے
أُرْسِلَ الْأَوَّلُونَ ۝ مَآ اٰمَنَتْ قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْيَةٍ
بھیجے گئے تھے پہلے پیغمبر۔ نہیں ایمان لائی تھی پہلے اُن سے کوئی بستی
أَهْلَكْنٰهَا ۚ أَفَهُمْ يُؤْمِنُونَ ۝ وَمَآ أَرْسَلْنَا قَبْلَكَ
کہ ہلاک کیا ہمنے اسکو۔ کیا پس وہ ایمان لاویں گے۔ اور نہیں بھیجے ہمنے پہلے تجھ سے
إِلَّا رِجَالًا نُّوحِيٓ إِلَيْهِمْ فَسْئَلُوٓا أَهْلَ الذِّكْرِ إِنْ
مگر مرد کہ وحی بھیجتے تھے ہم طرف اُن کی پس سوال کرو ذکر والوں سے اگر
كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُونَ ۝ وَمَا جَعَلْنٰهُمْ جَسَدًا لَّا يَأْكُلُونَ
ہو تم نہیں جانتے۔ اور نہیں کیا تھا ہم نے ان کو ایسا بدن کہ کھاتے
الطَّعَامَ وَمَا كَانُوا خٰلِدِينَ ۝ ثُمَّ صَدَقْنٰهُمُ
کھانا اور نہ تھے ہمیشہ رہنے والے ف۔ پھر سچا کیا ہمنے اُن سے
الْوَعْدَ فَأَنْجَيْنٰهُمْ وَمَنْ نَّشَآءُ وَأَهْلَكْنَا الْمُسْرِفِينَ ۝
وعدہ پس نجات دی ہمنے اُن کو اور جسکو چاہا اور ہلاک کیا ہمنے حد سے نکل جانیوالوں کو۔
لَقَدْ أَنْزَلْنَآ إِلَيْكُمْ كِتٰبًا فِيهِ ذِكْرُكُمْ ۚ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ۝
البتہ تحقیق اتاری ہمنے طرف تمہاری کتاب بیچ اسکے ذکر ہے تمہارا۔ کیا پس نہیں سمجھتے تم۔
وَكَمْ قَصَمْنَا مِنْ قَرْيَةٍ كَانَتْ ظَالِمَةً وَّأَنْشَأْنَا
اور کتنی ہلاک کیں ہمنے بستیاں کہ تھیں ظلم کرنے والیاں اور پیدا کی ہم نے
بَعْدَهَا قَوْمًا اٰخَرِينَ ۝ فَلَمَّآ أَحَسُّوا بَأْسَنَآ إِذَا
پیچھے اُن کے قوم اور۔ پس جب دیکھا انھوں نے عذاب ہمارا ناگہاں
هُمْ مِّنْهَا يَرْكُضُونَ ۝ لَا تَرْكُضُوا وَارْجِعُوٓا إِلٰى
وہ اس میں سے دوڑتے تھے۔ مت دوڑو اور پھر جاؤ طرف
مَآ أُتْرِفْتُمْ فِيهِ وَمَسٰكِنِكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْئَلُونَ ۝
اُس جگہ کی کہ آرام دیئے گئے تھے بیچ اسکے اور گھروں اپنے کے تاکہ تم سوال کئے جاؤ ف۔

موضح القرآن
ف یعنی موت بھی آتی انکو ۱۲ منہ رح
ف یعنی یہ بات ہوتی نہ تھی۔ ۱۲ منہ رح

ع ۱

قَالُوْا يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿١٤﴾ فَمَا زَالَتْ تِّلْكَ

کہا انھوں نے اے وائے ہمکو تحقیق ہمیں تھے ظالم۔ پس ہمیشہ رہا یہی

دَعْوٰىهُمْ حَتّٰى جَعَلْنٰهُمْ حَصِيْدًا خٰمِدِيْنَ ﴿١٥﴾

پکارنا اُن کا یہاں تک کر دیا ہمنے اُن کو جڑسے کٹے ہوئے بجھے ہوئے۔

وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ﴿١٦﴾

اور نہیں پیدا کیا ہمنے آسمان کو اور زمین کو اور جو کچھ کہ درمیان اِن دونوں کے ہے کھیلتے ہوئے۔

لَوْ اَرَدْنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ لَهْوًا لَّاتَّخَذْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّآ ۖ

اگر ارادہ کرتے ہم یہ کہ لیویں مشغول یعنی بچہ البتہ لیتے اُس کو اپنے پاس سے

اِنْ كُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿١٧﴾ بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَى

اگر ہوتے ہم کرنے والے ف۱۔ بلکہ پھینکتے ہیں ہم حق کو اُوپر

الْبَاطِلِ فَيَدْمَغُهٗ فَاِذَا هُوَ زَاهِقٌ ۚ وَلَكُمُ الْوَيْلُ

باطل کے پس توڑتا ہے سر اس کا پس ناگہاں وہ فنا ہو جاتا ہے۔ اور واسطے تمہارے وائے ہے

مِمَّا تَصِفُوْنَ ﴿١٨﴾ وَلَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ

اس چیز سے کہ بیان کرتے ہو تم ف۲۔ اور واسطے اسی کے ہے جو کوئی بیچ آسمانوں کے اور زمین کے ہے

وَمَنْ عِنْدَهٗ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَلَا

اور وہ جو نزدیک اس کے ہیں نہیں تکبر کرتے بندگی اس کی سے اور نہیں

يَسْتَحْسِرُوْنَ ﴿١٩﴾ يُسَبِّحُوْنَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ لَا يَفْتُرُوْنَ ﴿٢٠﴾

تھکتے پاکی بیان کرتے ہیں رات اور دن نہیں تھمتے۔

اَمِ اتَّخَذُوْٓا اٰلِهَةً مِّنَ الْاَرْضِ هُمْ يُنْشِرُوْنَ ﴿٢١﴾

کیا مقرر کیے ہیں انھوں نے معبود زمین میں سے کہ وہ پیدا کرتے ہیں۔

لَوْ كَانَ فِيْهِمَآ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا ۚ فَسُبْحٰنَ

اگر ہوتے بیچ ان دونوں کے معبود سوائے اللہ کے البتہ بگڑ جاتے۔ پس پاکی ہے

اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿٢٢﴾ لَا يُسْئَلُ عَمَّا

اللہ پروردگار عرش کے کو اُس چیز سے کہ بیان کرتے ہیں۔ نہیں سوال کیا جاتا اس چیز سے

يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْئَلُوْنَ ﴿٢٣﴾ اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ

کہ کرتا ہے اور وہ سوال کیے جاتے ہیں۔ یا پکڑے ہیں ورے اُس سے

موضح القرآن

ف۱ کھلونا یعنی بیٹا ۱۲ منہ رحمہ۔

ف۲ یعنی اللہ تعالیٰ غیب سے ایک قدرت کا نمونہ بھیجتا ہے جھوٹ کے مٹانے کو ان کا ملوں کو تم کہتے ہو خدا کا بیٹا!! ۱۲ منہ

رکوع ۲

اٰلِهَةً ؕ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ ۚ هٰذَا ذِكْرُ مَنْ مَّعِيَ
معبود ۔ کہہ کہ لاؤ دلیل اپنی یہ ہے ذکر اُن لوگوں کا کہ ساتھ میرے ہیں

وَذِكْرُ مَنْ قَبْلِيْ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۙ الْحَقَّ
اور ذکر اُن لوگوں کا کہ پہلے مجھ سے تھے ۔ بلکہ اکثر اُن کے نہیں جانتے ہیں حق کو

فَهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ
پس وہ منہ پھیرتے ہیں ف۱ ۔ اور نہ بھیجا ہم نے پہلے تجھ سے

رَّسُوْلٍ اِلَّا نُوْحِيْٓ اِلَيْهِ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدُوْنِ ﴿۲۵﴾
پیغمبر مگر وحی کرتے تھے ہم طرف اُسکی یہ کہ نہیں کوئی معبود مگر میں پس عبادت کرو مجھ کو۔

وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ؕ بَلْ عِبَادٌ
اور کہا انھوں نے کہ پکڑی ہے رحمٰن نے اولاد پاک ہے وہ ۔ بلکہ بندے ہیں

مُّكْرَمُوْنَ ﴿۲۶﴾ لَا يَسْبِقُوْنَهٗ بِالْقَوْلِ وَهُمْ بِاَمْرِهٖ
عزت دیئے گئے۔ نہیں آگے چلتے اس سے بات میں اور وہ ساتھ حکم اس کے کے

يَعْمَلُوْنَ ﴿۲۷﴾ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ
عمل کرتے ہیں ۔ جانتا ہے جو کچھ کہ آگے اُن کے ہے اور جو کچھ کہ پیچھے اُن کے ہے

وَلَا يَشْفَعُوْنَ ۙ اِلَّا لِمَنِ ارْتَضٰى وَهُمْ مِّنْ
اور نہیں شفاعت کرتے مگر واسطے اس کے جو پسند کرے اور وہ

خَشْيَتِهٖ مُشْفِقُوْنَ ﴿۲۸﴾ وَمَنْ يَّقُلْ مِنْهُمْ اِنِّيْ
ڈر اس کے سے ڈرنے والے ہیں۔ اور جو کوئی کہے اُن میں سے تحقیق میں

اِلٰهٌ مِّنْ دُوْنِهٖ فَذٰلِكَ نَجْزِيْهِ جَهَنَّمَ ؕ كَذٰلِكَ
معبود ہوں ورے اس سے پس وہ شخص جزا دیتے ہیں ہم اُسکو دوزخ ۔ اسی طرح

نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۹﴾ اَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّ
جزا دیتے ہیں ہم ظالموں کو۔ کیا نہیں دیکھا انھوں نے کہ کافر ہوئے یہ کہ

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا ۭ وَجَعَلْنَا
آسمان تھے اور زمین تھے ملے ہوئے پس جدا کیا ہم نے اُن دونو کو اور کیا ہم نے

مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ ؕ اَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۰﴾ وَجَعَلْنَا
پانی سے ہر چیز کو زندہ ۔ کیا پس نہیں ایمان لاتے ف۲ ۔ اور کئے ہم نے

موضح القرآن

ف۱ پہلے ان معبودوں کا فرمایا جو برابر خدا کے کوئی سمجھے اگر وہ حاکم ہوتے تو جہان خراب ہوتا اب انکا فرمایا جو خدا کے نائب ٹھیراتے ہیں اس کو مالک کی سند چاہئے اس کے بغیر نائب کیونکر ہووے ۱۲ منہ

منزل ۴

ف۲ منہ بند تھے یعنی ایک چیز تھی زمین میں سے نہریں اور کانیں اور سبزی بھانت بھانت نکالی آسمان سے کتنے ستارے ہر ایک کا گھر جدا اور چال جدا اور بادل بنائے یعنی جانور پانی کر یعنی نطفہ سے ۱۲

ع ۲ ۱۹

فِي الْأَرْضِ رَوَاسِيَ أَنْ تَمِيدَ بِهِمْ وَجَعَلْنَا فِيهَا

بیچ زمین کے پہاڑ ایسا نہ ہو کر ہل جاوے تھا انکے اور کئے ہمنے بیچ اسکے

فِجَاجًا سُبُلًا لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُونَ ﴿۳۱﴾ وَجَعَلْنَا السَّمَاءَ

کشادہ رستے تاکہ وہ راہ پاویں ف۱۔ اور کیا ہم نے آسمان کو

سَقْفًا مَحْفُوظًا ۖ وَهُمْ عَنْ آيَاتِهَا مُعْرِضُونَ ﴿۳۲﴾

چھت محفوظ۔ اور وہ نشانیوں اسکی سے منہ پھیرنے والے ہیں ف۲

وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَ

اور وہ ہے جس نے پیدا کیا رات کو اور دن کو اور سورج اور

الْقَمَرَ ۖ كُلٌّ فِي فَلَكٍ يَسْبَحُونَ ﴿۳۳﴾ وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ

چاند۔ ہر ایک بیچ آسمان کے تیرتے ہیں ف۳۔ اور نہیں کیا ہمنے واسطے کسی آدمی کے

مِنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ ۖ أَفَإِنْ مِتَّ فَهُمُ الْخَالِدُونَ ﴿۳۴﴾

پہلے تجھ سے ہمیشہ رہنا۔ کیا پس اگر تو مر جاویگا پس یہ ہمیشہ رہیں گے ف۴۔

كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ ۗ وَنَبْلُوكُمْ بِالشَّرِّ وَالْخَيْرِ

ہر جی چکھنے والا ہے موت کا۔ اور آزماتے ہیں ہم تمکو ساتھ برائی اور بھلائی کے

فِتْنَةً ۖ وَإِلَيْنَا تُرْجَعُونَ ﴿۳۵﴾ وَإِذَا رَآكَ الَّذِينَ كَفَرُوا

آزمایش کو۔ اور طرف ہماری پھیرے جاؤ گے۔ اور جسوقت دیکھتے ہیں تجھ کو وہ لوگ کہ کافر ہوئے

إِنْ يَتَّخِذُونَكَ إِلَّا هُزُوًا أَهَٰذَا الَّذِي يَذْكُرُ

نہیں پکڑتے تجھ کو مگر ٹھٹھا۔ کیا یہی ہے جو ذکر کرتا ہے

آلِهَتَكُمْ وَهُمْ بِذِكْرِ الرَّحْمَٰنِ هُمْ كَافِرُونَ ﴿۳۶﴾ خُلِقَ

معبودوں تمہارے کا اور وہ ساتھ ذکر اللہ کے وہی کافر ہیں ف۵۔ پیدا کیا گیا

الْإِنْسَانُ مِنْ عَجَلٍ ۚ سَأُرِيكُمْ آيَاتِي فَلَا

آدمی جلدی سے۔ شتاب دکھاؤنگا میں تمکو نشانیاں پس مت

تَسْتَعْجِلُونِ ﴿۳۷﴾ وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ إِنْ

جلدی کرو مجھ سے۔ اور کہتے ہیں کب ہے وعدہ اگر

كُنْتُمْ صَادِقِينَ ﴿۳۸﴾ لَوْ يَعْلَمُ الَّذِينَ كَفَرُوا حِينَ لَا

ہو تم سچے۔ کاش کہ جانیں وہ لوگ جو کافر ہوئے اسوقت کہ نہ

موضح القرآن

ف۱ یعنی ایک ملک کے لوگ دوسرے ملک والوں سے مل سکیں اگر پہاڑ ایسے ڈھب پر پڑتے کہ راہیں بند ہوتیں تو یہ بات کہاں بنتی۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۲ بچاؤ کی چھت یعنی کوئی اسکو توڑ نہیں سکتا اور اس کے نمونے آرے اور چال و رات و دن ۱۲ منہ

ف۳ یعنی اپنی راہ پڑے ہیں کسی سے نہیں ہٹتے ۱۲ منہ

ف۴ کافر کہتے تھے اس شخص تک ہے یہ دھوم جہاں یہ مرا پھر کچھ نہیں ۱۲ منہ رح

ف۵ نام لیتا ہے ٹھاکروں کا یعنی برا کہتا ہے۔ ۱۲ منہ رح

يَكُفُّونَ عَنْ وُجُوهِهِمُ النَّارَ وَلَا عَنْ ظُهُورِهِمْ
روک سکیں گے منہوں اپنے سے آگ اور نہ پیٹھوں اپنی سے

وَلَا هُمْ يُنْصَرُونَ ﴿٣٩﴾ بَلْ تَأْتِيهِمْ بَغْتَةً فَتَبْهَتُهُمْ
اور نہ وہ مدد کئے جاویں گے۔ بلکہ آجاوے گی اُن کے پاس ناگہاں پس بھچکا کر دیگی اُنکو

فَلَا يَسْتَطِيعُونَ رَدَّهَا وَلَا هُمْ يُنْظَرُونَ ﴿٤٠﴾ وَلَقَدِ
پس نہ پھیر سکیں گے پھیر دینا اس کا اور نہ وہ ڈھیل دیئے جاویں گے۔ اور البتہ تحقیق

اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِينَ سَخِرُوا
ٹھٹھا کیا گیا تھا ساتھ پیغمبروں کے پہلے تجھ سے پس گھیر لیا اُن لوگوں کو کہ ٹھٹھا کرتے تھے

مِنْهُمْ مَا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ﴿٤١﴾ قُلْ مَنْ يَكْلَؤُكُمْ
اُن میں سے اُس چیز نے کہ تھے ساتھ اسکے ٹھٹھا کرتے۔ کہہ کہ کون نگہبانی کرتا ہے تمہاری

بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ مِنَ الرَّحْمٰنِ ۗ بَلْ هُمْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهِمْ
رات اور دن اللہ سے۔ بلکہ وہ یاد پروردگار اپنے کی سے

مُعْرِضُونَ ﴿٤٢﴾ أَمْ لَهُمْ آلِهَةٌ تَمْنَعُهُمْ مِنْ دُونِنَا ۚ لَا
منہ پھیرنے والے ہیں۔ کیا واسطے اُن کے معبود ہیں کہ منع کرتے ہیں اُن کو درے ہم سے نہیں

يَسْتَطِيعُونَ نَصْرَ أَنْفُسِهِمْ وَلَا هُمْ مِنَّا يُصْحَبُونَ ﴿٤٣﴾
کر سکتے مدد جانوں اپنی کی اور نہ وہ ہماری طرف سے رفاقت کئے جاتے ہیں۔

بَلْ مَتَّعْنَا هٰؤُلَاءِ وَآبَاءَهُمْ حَتّٰى طَالَ عَلَيْهِمُ
بلکہ فائدہ دیا ہم نے اُن کو اور باپوں اُنکے کو یہاں تک کہ دراز ہوگئی اوپر اُنکے

الْعُمُرُ ۗ أَفَلَا يَرَوْنَ أَنَّا نَأْتِي الْأَرْضَ نَنْقُصُهَا
عمر۔ کیا پس نہیں دیکھتے یہ کہ ہم آتے ہیں زمین پر گھٹاتے اُس کو

مِنْ أَطْرَافِهَا ۚ أَفَهُمُ الْغَالِبُونَ ﴿٤٤﴾ قُلْ إِنَّمَا أُنْذِرُكُمْ
کناروں اُس کے سے۔ کیا پس وہ غالب ہیں ف۔ کہہ سوائے اسکے نہیں کہ ڈراتا ہوں میں

بِالْوَحْيِ ۖ وَلَا يَسْمَعُ الصُّمُّ الدُّعَاءَ إِذَا مَا يُنْذَرُونَ ﴿٤٥﴾
تمکو ساتھ وحی کے اور نہیں سنتے بہرے پکارنا جب ڈرائے جاتے ہیں۔

وَلَئِنْ مَسَّتْهُمْ نَفْحَةٌ مِنْ عَذَابِ رَبِّكَ لَيَقُولُنَّ
اور اگر لگ جاوے اُنکو ایک جھونکا عذاب پروردگار تیرے کے سے البتہ کہیں گے

ع ١٢/٣

منزل ٤

موضح القرآن

ف ہم چلے آتے ہیں گھٹاتے یعنی عرب کے ملک میں مسلمانی پھیلنے لگی ہے کفر گھٹنے لگا ۱۲ منہ رح

يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ۝٤٦ وَنَضَعُ الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ

اے وائے ہمکو تحقیق ہم تھے ظالم ۔ اور رکھیں گے ہم ترازوئیں عدل کی

لِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْـًٔا ۭ وَاِنْ كَانَ

دن قیامت کے پس نہ ظلم کیا جاوے گا کوئی جی کچھ ۔ اور اگر ہو ویگا عمل

مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ اَتَيْنَا بِهَا ۭ وَكَفٰى بِنَا

آدمی کا برابر ایک دانے رائی کے لے آویں گے ہم اسکو ۔ اور کفایت ہیں ہم

حٰسِبِيْنَ ۝٤٧ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ الْفُرْقَانَ

حساب لینے والے ۔ اور تحقیق دیا ہمنے موسیٰ علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام کو معجزہ

وَضِيَاۗءً وَّذِكْرًا لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝٤٨ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ

اور روشنی اور نصیحت واسطے پرہیزگاروں کے ۔ وہ جو ڈرتے ہیں

رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ وَهُمْ مِّنَ السَّاعَةِ مُشْفِقُوْنَ ۝٤٩

رب اپنے سے بن دیکھے اور وہ قیامت سے ڈرتے ہیں ۔

وَهٰذَا ذِكْرٌ مُّبٰرَكٌ اَنْزَلْنٰهُ ۭ اَفَاَنْتُمْ لَهٗ

اور یہ ذکر ہے برکت والا اتارا ہے ہمنے اسکو ۔ کیا پس تم اس کے

مُنْكِرُوْنَ ۝٥٠ وَلَقَدْ اٰتَيْنَآ اِبْرٰهِيْمَ رُشْدَهٗ مِنْ

منکر ہو ۔ اور البتہ تحقیق دی ہمنے ابراہیم کو ہدایت اس کی

قَبْلُ وَكُنَّا بِهٖ عٰلِمِيْنَ ۝٥١ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ

پہلے اس سے اور تھے ہم اسکو جاننے والے ۔ جب کہا اسنے واسطے باپ اپنے کے اور قوم اپنی کے

مَا هٰذِهِ التَّمَاثِيْلُ الَّتِيْٓ اَنْتُمْ لَهَا عٰكِفُوْنَ ۝٥٢

کیا ہیں یہ صورتیں کہ تم واسطے انکے اعتکاف کرنے والے ہو ۔

قَالُوْا وَجَدْنَآ اٰبَاۗءَنَا لَهَا عٰبِدِيْنَ ۝٥٣ قَالَ لَقَدْ

کہا انھوں نے پایا ہمنے باپوں اپنے کو واسطے انکے عبادت کرنے والے ۔ کہا البتہ تحقیق

كُنْتُمْ اَنْتُمْ وَاٰبَاۗؤُكُمْ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝٥٤ قَالُوْٓا

تھے تم اور باپ تمہارے بیچ گمراہی ظاہر کے ۔ کہا انھوں نے

اَجِئْتَنَا بِالْحَقِّ اَمْ اَنْتَ مِنَ اللّٰعِبِيْنَ ۝٥٥ قَالَ بَلْ

کیا لایا ہے تو ہمارے پاس حق یا تو ہے کھیلنے والوں سے ۔ کہا بلکہ

رَبُّكُمْ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الَّذِیْ فَطَرَهُنَّ ۖ
پروردگار تمھارا پروردگار آسمانوں کا اور زمین کا ہے جس نے پیدا کیے اُن کو
وَاَنَا عَلٰی ذٰلِكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِیْنَ ۝۵۶ وَتَاللّٰهِ لَاَكِیْدَنَّ
اور میں اُوپر اس بات کے شاہدوں سے ہوں - اور قسم ہے اللہ کی البتہ میں بدی کرونگا
اَصْنَامَكُمْ بَعْدَ اَنْ تُوَلُّوْا مُدْبِرِیْنَ ۝۵۷ فَجَعَلَهُمْ
بتوں تمھارے سے پیچھے اس کے کہ پھر جاؤ تم پیٹھ پھیر کر - پس کیا اُن کو
جُذٰذًا اِلَّا كَبِیْرًا لَّهُمْ لَعَلَّهُمْ اِلَیْهِ یَرْجِعُوْنَ ۝۵۸
ٹکڑے ٹکڑے مگر ایک بڑے اُنکے کو تا کہ وہ طرف اُس کی پھر آویں ف ۱ -
قَالُوْا مَنْ فَعَلَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَآ اِنَّهٗ لَمِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝۵۹
کہا انھوں نے کس نے کیا یہ ساتھ معبودوں ہمارے کے تحقیق وہ البتہ ظالموں سے ہے -
قَالُوْا سَمِعْنَا فَتًی یَّذْكُرُهُمْ یُقَالُ لَهٗۤ اِبْرٰهِیْمُ ۝۶۰
کہا انھوں نے کہ سنا ہم نے ایک جوان کو کہ ذکر کرتا تھا اُن کا کہتے ہیں اُس کو ابراہیم -
قَالُوْا فَاْتُوْا بِهٖ عَلٰۤی اَعْیُنِ النَّاسِ لَعَلَّهُمْ یَشْهَدُوْنَ ۝۶۱
کہا انھوں نے پس لے آؤ اُس کو رُوبرو آنکھوں لوگوں کے تا کہ وہ دیکھیں -
قَالُوْۤا ءَاَنْتَ فَعَلْتَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَا یٰۤاِبْرٰهِیْمُ ۝۶۲ قَالَ
کہا انھوں نے کیا تو نے کیا ہے یہ ساتھ معبودوں ہمارے کے اے ابراہیم - کہا
بَلْ فَعَلَهٗ ۖ كَبِیْرُهُمْ هٰذَا فَسْـَٔلُوْهُمْ اِنْ كَانُوْا
بلکہ کیا ہے اُس کو بڑے اُن کے نے کہ یہ ہے پس پوچھو اُن سے اگر ہیں
یَنْطِقُوْنَ ۝۶۳ فَرَجَعُوْۤا اِلٰۤی اَنْفُسِهِمْ فَقَالُوْۤا اِنَّكُمْ اَنْتُمُ
بولتے - پس پھر آئے طرف جی اپنے کے پس کہا انھوں نے تحقیق تم ہی ہو
الظّٰلِمُوْنَ ۝۶۴ ثُمَّ نُكِسُوْا عَلٰی رُءُوْسِهِمْ ۚ لَقَدْ عَلِمْتَ
ظالم ف ۲ - پھر اُلٹے کیے گئے اُوپر سروں اپنے کے البتہ تحقیق جانتا ہے تو
مَا هٰۤؤُلَآءِ یَنْطِقُوْنَ ۝۶۵ قَالَ اَفَتَعْبُدُوْنَ مِنْ
کہ نہیں یہ بولتے - کہا کیا پس عبادت کرتے ہو تم
دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا یَنْفَعُكُمْ شَیْـًٔا وَّلَا یَضُرُّكُمْ ۝۶۶
سوائے اللہ کے اس چیز کو کہ نہ نفع دے تمکو کچھ اور نہ ضرر دے تمکو -

موضح القرآن

ف ۱ یہ علاج کرنا انھوں
نے پیچھے کہا پھر جب
شہر سے باہر
ایک میلے
تب بتخانہ میں جا کر
سب کو توڑا - ۱۲ منہ رح
ف ۲ سمجھے کہ پھر پوجنا
یا حاصل - ۱۲ منہ رح

اُفٍّ لَّكُمْ وَلِمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ اَفَلَا

تف ہے تمکو اور اس چیز کو کہ عبادت کرتے ہو تم سوائے اللہ کے کیا پس نہیں

تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۷﴾ قَالُوْا حَرِّقُوْهُ وَ انْصُرُوْۤا اٰلِهَتَكُمْ اِنْ

عقل پکڑتے۔ کہا انھوں نے جلاؤ تم اسکو اور مدد دو معبودوں اپنے کو اگر

كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ﴿۶۸﴾ قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰۤى

ہو تم کرنے والے۔ کہا ہمنے اے آگ ہو جا تو ٹھنڈی اور سلامتی اوپر

اِبْرٰهِيْمَ ﴿۶۹﴾ وَ اَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَخْسَرِيْنَ ﴿۷۰﴾

ابراہیم کے۔ اور ارادہ کیا ساتھ اُسکے مکر کا پس کیا ہمنے انھیں کو زیان پانے والے۔

وَ نَجَّيْنٰهُ وَلُوْطًا اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا

اور نجات دی ہمنے اُسکو اور لوط کو طرف اس زمین کی کہ برکت دی تھی ہمنے بیچ اس کے

لِلْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۱﴾ وَ وَهَبْنَا لَهٗۤ اِسْحٰقَ ؕ وَ يَعْقُوْبَ نَافِلَةً ؕ

واسطے عالموں کے ف۱۔ اور دیا ہمنے اُس کو اسحاق۔ اور یعقوب زیادتی۔

وَ كُلًّا جَعَلْنَا صٰلِحِيْنَ ﴿۷۲﴾ وَجَعَلْنٰهُمْ اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ

اور ہر ایک کو کیا ہمنے صالح ف۲۔ اور کیا ہمنے اُن کو پیشوا ہدایت کرتے تھے

بِاَمْرِنَا وَ اَوْحَيْنَاۤ اِلَيْهِمْ فِعْلَ الْخَيْرٰتِ وَ اِقَامَ

ساتھ حکم ہمارے کے اور وحی کی ہمنے طرف اُن کی کرنا بھلائیوں کا اور برپا رکھنا

الصَّلٰوةِ وَ اِيْتَآءَ الزَّكٰوةِ ۚ وَكَانُوْا لَنَا عٰبِدِيْنَ ﴿۷۳﴾

نماز کا اور دینا زکوٰۃ کا۔ اور تھے وہ واسطے ہمارے عبادت کرنیوالے۔

وَ لُوْطًا اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّ عِلْمًا وَّ نَجَّيْنٰهُ مِنَ الْقَرْيَةِ

اور لوط کو دیا ہمنے اُس کو حکم اور علم اور نجات دی ہمنے اسکو اس بستی سے

الَّتِيْ كَانَتْ تَّعْمَلُ الْخَبٰٓئِثَ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمَ سَوْءٍ

کہ کرتے تھے کام گندے۔ تحقیق وہ تھے قوم بُری

فٰسِقِيْنَ ﴿۷۴﴾ وَ اَدْخَلْنٰهُ فِيْ رَحْمَتِنَا ؕ اِنَّهٗ مِنَ

بدکار۔ اور داخل کیا ہمنے اُس کو بیچ رحمت اپنی کے۔ تحقیق وُہ

الصّٰلِحِيْنَ ﴿۷۵﴾ وَ نُوْحًا اِذْ نَادٰى مِنْ قَبْلُ فَاسْتَجَبْنَا

صالحوں سے تھا۔ اور نوح کو ہدایت کی جسوقت کہ پکارا پہلے اس سے پس قبول کیا ہمنے

موضح القرآن

ف۱ یعنی زمین شام جسمیں آسودگی خوب ہے ۱۲ منہ

ف۲ انعام میں دیا پوتا دُعا تھی بیٹے کی۔ ۱۲ منہ رح۔

لَهٗ فَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿٧٦﴾
واسطے اُس کے پس نجات دی ہمنے اس کو اور اہل اس کے کو سختی بڑی سے۔
وَنَصَرْنٰهُ مِنَ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ؕ اِنَّهُمْ
اور مدد دی ہمنے اُس کو اُس قوم سے کہ وہ جھٹلاتے تھے نشانیوں ہماری کو۔ تحقیق وُہ
كَانُوْا قَوْمَ سَوْءٍ فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿٧٧﴾ وَدَاوٗدَ
تھے قوم بُری پس ڈبو دیا ہمنے اُن سب کو۔ اور داؤد
وَسُلَيْمٰنَ اِذْ يَحْكُمٰنِ فِي الْحَرْثِ اِذْ نَفَشَتْ فِيْهِ
اور سلیمان کو ہدایت دی جسوقت حکم کرتے تھے دو نو بیچ کھیتی کے جسوقت کہ چُگ گیا بیچ اسکے
غَنَمُ الْقَوْمِ ۚ وَكُنَّا لِحُكْمِهِمْ شٰهِدِيْنَ ﴿٧٨﴾ فَفَهَّمْنٰهَا
ریوڑ ایک قوم کا۔ اور تھے ہم واسطے حکم اُن کے کے شاہد۔ پس سمجھا دیا ہمنے وُہ
سُلَيْمٰنَ ۚ وَكُلًّا اٰتَيْنَا حُكْمًا وَّعِلْمًا ؗ وَّسَخَّرْنَا مَعَ
سلیمان کو۔ اور ہر ایک کو دیا ہمنے حکم اور علم ف۱ اور مسخر کیا ہم نے ساتھ
دَاوٗدَ الْجِبَالَ يُسَبِّحْنَ وَالطَّيْرَ ؕ وَكُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿٧٩﴾
داؤد کے پہاڑوں کو تسبیح کہتے تھے اور جانوروں کو اور تھے ہم کرنے والے۔
وَعَلَّمْنٰهُ صَنْعَةَ لَبُوْسٍ لَّكُمْ لِتُحْصِنَكُمْ مِّنْۢ بَاْسِكُمْ ۚ
اور سکھلائی ہمنے اسکو کاریگری ایک پہناوے تمھارے کی تاکہ بچائے تمکو لڑائی تمھاری سے۔
فَهَلْ اَنْتُمْ شٰكِرُوْنَ ﴿٨٠﴾ وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ عَاصِفَةً تَجْرِيْ
پس کیا ہو تم شکر کرنے والے ف۲۔ اور واسطے سلیمان کے باؤ تند کو مسخر کیا چلتی تھی
بِاَمْرِهٖۤ اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا ؕ وَكُنَّا بِكُلِّ شَيْءٍ
ساتھ حکم اسکے کے طرف اس زمین کی کہ برکت دی تھی ہمنے بیچ اس کے۔ اور ہیں ہم ہر چیز کو
عٰلِمِيْنَ ﴿٨١﴾ وَمِنَ الشَّيٰطِيْنِ مَنْ يَّغُوْصُوْنَ لَهٗ وَ
جاننے والے ف۳۔ اور شیطانوں میں سے مسخر کیئے وہ جو غوطہ مارتے تھے واسطے اسکے اور
يَعْمَلُوْنَ عَمَلًا دُوْنَ ذٰلِكَ ۚ وَكُنَّا لَهُمْ حٰفِظِيْنَ ﴿٨٢﴾
کرتے تھے کام بہت سوائے اس کے۔ اور تھے ہم واسطے ان کے نگہبان ف۴۔
وَاَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗۤ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ
اور ایوب کو ہدایت دی جسوقت پکارا اُس نے رب اپنے کو تحقیق مجھ کو پہنچی ہے ایذا اور تو

موضح القرآن

ف۱ حضرت داؤدؑ نے بکریاں دلوا دیں کھیتی والے کو بدلا ان کے دین میں چور کو غلام کر لیتے تھے اسی کے موافق یہ حکم کیا اور حضرت سلیمان لڑکے تھے انھوں نے بھی یہ جھگڑا اپنے پاس منگوایا اور کہا کہ بکریاں رکھو انکا دودھ پیو اور کھیتی کو پانی دیا کریں بکری والے جب کھیتی جیسی تھی ویسی ہو جاوے تب بکریاں پھیر دیں اور کھیتی لے لیں اسمیں دونوں کا نقصان نہ ہو۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۲ حضرت داؤدؑ کے ساتھ زبور پڑھنے کے وقت پہاڑ اور جانور بھی انہی کی سی آواز سے پڑھتے اور لوہے کی زرہ بناتے فقط ہاتھ سے موم کی طرح۔ اور بناتے ہیں آگ سے ۱۲ منہ رح

ف۳ ایک تخت بنایا تھا بہت بڑا اپنے سارے کارخانوں سے اور لوگوں سے اس پر بیٹھتے پھر باؤ آتی زور سے اسکو زمین سے اٹھاتی اوپر نرم باؤ چلتی مہینے کی راہ دو پہر میں پہنچاتی۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۴ شیطانوں سے غوطہ لگواتے جواہر دریا سے نکلواتے جہاں آدمی کا مقدور نہیں اور عمارت میں بھاری کام انسے کرواتے اور سفر میں حوض برابر لگن تانبے کی اور کنوئیں برابر دیگیں اٹھائے چلتے اور ان میں کھانا پکاتے اور سخت کام ان سے لیتے۔ ۱۲ منہ رح

أَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَكَشَفْنَا مَا بِهٖ

بہت مہربان ہے سب مہربانی کرنیوالوں سے۔ پس قبول کیا ہمنے واسطے اسکے پس کھولدی ہمنے جو کچھ تھی

مِنْ ضُرٍّ وَّاٰتَيْنٰهُ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً

اُس کو ایذا اور دی ہمنے اُسکو اولاد اُس کی اور مانند اُن کے ساتھ اُن کے مہربانی

مِّنْ عِنْدِنَا وَذِكْرٰى لِلْعٰبِدِيْنَ ۝ وَاِسْمٰعِيْلَ

اپنی طرف سے اور نصیحت واسطے عبادت کرنے والوں کے ف۱ ۔ اور اسمٰعیل کو

وَاِدْرِيْسَ وَذَا الْكِفْلِ كُلٌّ مِّنَ الصّٰبِرِيْنَ ۝٨٥

اور ادریس کو اور ذالکفل کو ہدایت دی۔ وہ ہر ایک تھا صبر کرنیوالوں سے ف۲ ۔

وَاَدْخَلْنٰهُمْ فِيْ رَحْمَتِنَا اِنَّهُمْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝٨٦

اور داخل کیا ہمنے اُن کو بیچ رحمت اپنی کے۔ تحقیق وہ تھے صالحوں سے ۔

وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ

اور مچھلی والے یعنی یونس کو ہدایت کی جسوقت گیا غصہ کھا کر پس جانا یہ کہ ہرگز نہ تنگ کرینگے

عَلَيْهِ فَنَادٰى فِي الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ

ہم اوپر اس کے پس پکارا بیچ اندھیروں کے یہ کہ نہیں کوئی معبود مگر تو

سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝٨٧ فَاسْتَجَبْنَا

پاکی ہے تجھ کو تحقیق میں تھا ظالموں سے ۔ پس قبول کیا ہمنے

لَهٗ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ ۝٨٨

واسطے اُسکے اور نجات دی ہمنے اُسکو غم سے۔ اور اسی طرح نجات دیتے ہیں ہم ایمان والوں کو ف۳ ۔

وَزَكَرِيَّآ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا

اور ہدایت دی ہمنے زکریا کو جسوقت پکارا اُسنے پروردگار اپنے کو اے پروردگار میرے مت چھوڑ مجھ کو

وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ۝٨٩ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَوَهَبْنَا لَهٗ

اکیلا اور تو بہتر وارثوں کا ہے ف۴ ۔ پس قبول کیا ہمنے واسطے اُسکے اور دیا ہمنے اُسکو

يَحْيٰى وَاَصْلَحْنَا لَهٗ زَوْجَهٗ اِنَّهُمْ كَانُوْا يُسٰرِعُوْنَ

یحییٰ اور درست کر دیا ہمنے واسطے اُسکے بی بی اُسکی۔ تحقیق وہ تھے جلدی کرتے

فِي الْخَيْرٰتِ وَيَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّرَهَبًا وَكَانُوْا لَنَا

بیچ بھلائیوں کے اور پکارتے تھے ہمکو رغبت سے اور ڈر سے ۔ اور تھے واسطے ہمارے

موضح القرآن

ف۱ حضرت ایوب کو حق تعالیٰ نے دنیا میں سب طرح سے آسودہ کیا تھا کھیت اور مواشی اور لونڈی غلام کتنے اور اولاد صالح اور عورت موافق مرضی اور یہ شکر گذار رہتے پھر آزمانے کو آئیں شیطان کو ہاتھ دیا کھیت جل گئے مواشی مر گئے اور اولاد کو کشتی دب مری دوست دار الگ ہو گئے بدن میں پھوڑے پڑ کر کیڑے پڑ گئے ایک عورت رفیق رہی جیسے نعمت میں شاکر تھے ویسے بلا میں صابر رہے ایک قرن کے بعد یہ دعا کی اللہ تعالیٰ نے اولاد مری ہوئی جلائی اور نئی اولاد دی زمین کو چشمہ نکالا اسی سے پی کر اور نہا کر چنگے اور سونے کی ٹڈیاں برسائیں اور سب طرح درست کر دیا ۱۲ منہ رح

ف۲ کہتے ہیں ذوالکفل تھے ایوب کے بیٹے ایک شخص کو ضامن ہو کر کئی برس قید میں رہے اور نبی تحقیق [illegible] ۱۲ منہ رح ۔

ف۳ حضرت یونس کو بات میں تھوڑی بڑے شوق میں عبادت کی اور دنیا سو اللہ کا حکم ہوا کہ انکو بھیجو شہر نینوا میں مشرکوں کو منع کریں بت پوجنے سے وہ خفا ہو کر گئے راہ میں ندی آئی ایک بیٹا کندھے پر چھوڑا ایک کندھے پر لیا عورت کا ہاتھ پکڑا ندی میں جب پانی نے زور کیا عورت کا ہاتھ چھوٹ گیا [illegible] سو کندھے سے گر پڑا [illegible] جدا ہو گئے [illegible] دوست [illegible] اس کو پھر [illegible] جب اس شہر میں پہنچے بڑا زمانہ [illegible] پیغام [illegible] وہ ہٹھ کرنے لگے ایک مدت تک خفا ہو کر بددعا کی عذاب کی

(باقی صفحہ ۴۴۶ پر)

خٰشِعِيْنَ ۝٩٠ وَالَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا

عاجزی کرنیوالے ف۔ اور ہدایت دی اس عورت کو کہ محافظت کی اُسنے شرمگاہ اپنی کی پس

فِيْهَا مِنْ رُّوْحِنَا وَجَعَلْنٰهَا وَابْنَهَآ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝٩١

پھونکدیا ہمنے بیچ اسکے روح اپنی کو اور کیا ہمنے اُسکو اور بیٹے اسکے کو نشانی واسطے عالموں کے۔

اِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً ۖ وَّاَنَا رَبُّكُمْ

تحقیق یہ ہے اُمت تمہاری اُمت ایک اور میں ہوں پروردگار تمہارا

فَاعْبُدُوْنِ ۝٩٢ وَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ ۭ كُلٌّ اِلَيْنَا

پس عبادت کرو میری۔ اور کاٹ لیا انھوں نے کام اپنا درمیان اپنے۔ ہرایک طرف ہماری

رٰجِعُوْنَ ۝٩٣ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ

پھرانے والے ہیں۔ پس جو کوئی کام کرے اچھے اور وہ

مُؤْمِنٌ فَلَا كُفْرَانَ لِسَعْيِهٖ ۚ وَاِنَّا لَهٗ كٰتِبُوْنَ ۝٩٤

ایمان والا ہو پس نہیں ناقدردانی واسطے سعی اسکی کے۔ اور تحقیق ہم واسطے اسکے لکھنے والے ہیں۔

وَحَرٰمٌ عَلٰي قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَآ اَنَّهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ۝٩٥

اور لازم ہے اُوپر اس بستی کے کہ ہلاک کیا ہمنے اُس کو یہ کہ وہ نہیں پھرتے ف۔

حَتّٰٓي اِذَا فُتِحَتْ يَاْجُوْجُ وَمَاْجُوْجُ وَهُمْ مِّنْ

یہاں تک کہ جب کھولے جاویں گے یاجوج اور ماجوج اور وہ

كُلِّ حَدَبٍ يَّنْسِلُوْنَ ۝٩٦ وَاقْتَرَبَ الْوَعْدُ الْحَقُّ

ہر اُونچان سے دوڑتے ہوں گے۔ اور نزدیک آوے وعدہ سچا

فَاِذَا هِىَ شَاخِصَةٌ اَبْصَارُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ يٰوَيْلَنَا

پس ناگہاں وہ چڑھ رہی ہیں آنکھیں اُن لوگوں کی کہ کافر ہوئے کہتے ہوں گے اے وائے

قَدْ كُنَّا فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا بَلْ كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ۝٩٧

ہمکو تحقیق تھے ہم بیچ غفلت کے اس سے بلکہ تھے ہم ظالم ف۔

اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ ۭ

تحقیق تم اور جس چیز کو عبادت کرتے ہو سوائے اللہ کے پتھر ہیں دوزخ کے۔

اَنْتُمْ لَهَا وٰرِدُوْنَ ۝٩٨ لَوْ كَانَ هٰٓؤُلَاۗءِ اٰلِهَةً مَّا

تم اُس کے پاس آنے والے ہو۔ اگر ہوتے یہ معبود نہ

ع ۱۸

منزل ۴

(بقیہ صفحہ ۴۴۵) اور آپ نکل گئے تین دن عذاب آیا شہر کے لوگ جنگل میں نکلے اللہ کے آگے توبہ کی روئے بت سارے توڑ ڈالے۔ عذاب ٹل گیا شیطان نے یونس کو خبر دی کہ وہ قوم ابھی بھلی ہے اُن پر عذاب آیا۔ یہ دل میں خفا ہوئے کہ اللہ نے مجھ کو جھوٹا کیا یہ حکم کی راہ نہ دیکھی کسی طرف چل کھڑے ہوئے ایک کشتی پر سوار ہوئے بھنور میں چکر کھانے لگی لوگوں نے کہا کشتی میں کسی کا غلام ہے بھاگا خاوند سے۔ قرعہ ڈالا تو اُنکے نام پر آیا دریا میں ڈال دیا ایک مچھلی نگل گئی اس اندھیرے میں رب کو پکارے تب توبہ قبول ہوئی مچھلی نے کنارے پر اُگل دیا وہاں ایک بیل نے چھا کر چھاؤں کی اور ہرنی نے دودھ پلایا جب قوت پائی حکم ہوا اسی قوم میں پھر جانے کا۔ وہ آرزومند تھے راہ دیکھتے انکی عورت لڑکے پیدا ہوئے بھیڑیے کو لوگوں نے چھڑایا تھا اور بہتوں کو نکال لیا تھا اسی شہر میں اب انکی قبر ہے۔ اور جو فرمایا سمجھا کہ ہم نہ پکڑ سکیں گے یعنی مہربانی کرکے معاملے میں اسکو راضی نہ کر سکیں گے وہ ایسا خفا ہوا اور ہو گئے معاملے میں ہر چیز آسان ہے ۱۲ منہ
تک یعنی اولاد ۱۲ منہ

موضح القرآن

ف۱ اگلے کہتے ہیں کوئی امت کو بلانے کو تعمیل یا اور سورہ باقی صفحہ ۴۴۷ پر)

وَرَدُوهَا ۖ وَكُلٌّ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿٩٩﴾ لَهُمْ فِيهَا
آتے اُس پاس - اور ہر ایک بیچ اُسکے ہمیشہ رہنے والے ہیں - واسطے اُنکے بیچ اُس کے

زَفِيرٌ وَهُمْ فِيهَا لَا يَسْمَعُونَ ﴿١٠٠﴾ إِنَّ الَّذِينَ
چلانا ہے اور وہ بیچ اس کے نہ سُنیں گے ف۱ - تحقیق وہ لوگ

سَبَقَتْ لَهُم مِّنَّا الْحُسْنَىٰ أُولَٰئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُونَ ﴿١٠١﴾
کہ پہلے ہو چکا ہے واسطے اُنکے ہماری طرف سے وعدہ نیک یہ لوگ اس سے دور کئے گئے ہیں ف۲

لَا يَسْمَعُونَ حَسِيسَهَا ۖ وَهُمْ فِي مَا اشْتَهَتْ
نہیں سُنیں گے کھڑکا اس کا - اور وہ بیچ اس کے کہ چاہیں گے

أَنفُسُهُمْ خَالِدُونَ ﴿١٠٢﴾ لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْأَكْبَرُ وَ
جی اُنکے ہمیشہ رہنے والے ہیں - نہ غمگین کرے گا اُن کو ڈر بڑا اور

تَتَلَقَّاهُمُ الْمَلَائِكَةُ هَٰذَا يَوْمُكُمُ الَّذِي كُنتُمْ
لینے آویں گے اُن کو فرشتے - یہ ہے دن تمہارا جو تھے تم

تُوعَدُونَ ﴿١٠٣﴾ يَوْمَ نَطْوِي السَّمَاءَ كَطَيِّ السِّجِلِّ
وعدہ دیئے جاتے - جس دن لپیٹ لیویں گے ہم آسمان کو جیسا لپیٹتا ہے طومار

لِلْكُتُبِ ۚ كَمَا بَدَأْنَا أَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِيدُهُ ۚ وَعْدًا
رقعوں کا - جیسے شروع کی تھی ہم نے پہلی پیدائش دوبارہ کریں گے اُسکو - وعدہ ہے

عَلَيْنَا ۚ إِنَّا كُنَّا فَاعِلِينَ ﴿١٠٤﴾ وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُورِ
ہمارے ذمے پر - تحقیق ہم ہیں کرنے والے - اور البتہ تحقیق لکھ دیا ہم نے بیچ زبور کے

مِن بَعْدِ الذِّكْرِ أَنَّ الْأَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِيَ
پیچھے ذکر کے یہ کہ زمین کے وارث ہوں گے اسکے میرے بندے

الصَّالِحُونَ ﴿١٠٥﴾ إِنَّ فِي هَٰذَا لَبَلَاغًا لِّقَوْمٍ عَابِدِينَ ﴿١٠٦﴾
صالح - تحقیق بیچ اسکے البتہ مطلب کو پہنچا دینا ہے واسطے قوم عبادت کرنے والی کے

وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِينَ ﴿١٠٧﴾ قُلْ إِنَّمَا
اور نہیں بھیجا ہم نے تجھ کو مگر رحمت واسطے عالموں کے - کہہ سوائے اسکے نہیں

يُوحَىٰ إِلَيَّ أَنَّمَا إِلَٰهُكُمْ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ ۖ فَهَلْ أَنتُم
کہ وحی کی جاتی ہے طرف میری یہ کہ معبود تمہارا معبود ایک ہے اکیلا - پس آیا ہو تم

(بقیہ صفحہ ۴۴۶)
محب تحقیق نہیں - یہاں سے اسکی غلطی نکلی - ۱۲ منہ رح
ف۲ یعنی کفر نہیں چھوڑتے تبھی کھپتے ہیں - ۱۲ منہ رح
ف۳ یعنی خبر پہنچی تھی جا کر بلادی - ۱۲ منہ رح

منزل ۴

موضح القرآن

ف۱ یعنی اپنے چلانے کے شور سے - ۱۲ منہ رح
ف۲ یعنی ایکبار گذر کر پھر ہمیشہ دور رہیں گے - ۱۲ منہ رح

مُّسْلِمُوْنَ ﴿١٠٨﴾ فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ اٰذَنْتُكُمْ عَلٰى سَوَآءٍ

اطاعت کرنے والے ۔ پس اگر پھر جاویں پس کہہ خبردار کر دیا میں نے تمکو اوپر برابری کے ۔

وَإِنْ أَدْرِيْٓ أَقَرِيْبٌ أَمْ بَعِيْدٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ ﴿١٠٩﴾

اور نہیں جانتا میں کہ نزدیک ہے یا دور جو کچھ وعدہ دیے جاتے ہو ف

إِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ مِنَ الْقَوْلِ وَيَعْلَمُ مَا تَكْتُمُوْنَ ﴿١١٠﴾

تحقیق وہ جانتا ہے پکارنے کو بات سے اور جانتا ہے جو چھپاتے ہو تم ۔

وَإِنْ أَدْرِيْ لَعَلَّهٗ فِتْنَةٌ لَّكُمْ وَمَتَاعٌ إِلٰى

اور نہیں جانتا میں شاید کہ وہ آزمایش ہے واسطے تمہارے اور فائدہ ہے ایک

حِيْنٍ ﴿١١١﴾ قٰلَ رَبِّ احْكُمْ بِالْحَقِّ ۗ وَرَبُّنَا الرَّحْمٰنُ

مدت تک ۔ کہا پیغمبر نے اے رب میرے حکم کر ساتھ حق کے ۔ اور پروردگار ہمارا مہربان

الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ﴿١١٢﴾

مدد مانگا گیا ہے اوپر اس چیز کے کہ بیان کرتے ہو تم ۔

موضح القرآن

ف دونوں طرف برابر یعنی ابھی تم دونوں آ کر سکتے ہو ایکطرف کا ور نہیں آیا ۔ ۱۲ منہ رح

النصف

منزل ۴

سُوْرَةُ الْحَجِّ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ ثَمَانٌ وَّسَبْعُوْنَ اٰيَةً وَّعَشْرُ رُكُوْعَاتٍ

سورۃ حج مدینہ میں نازل ہوئی اس میں اٹھتر آیتیں اور دس رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے ۔

يٰٓأَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ۚ إِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ

اے لوگو ڈرو پروردگار اپنے سے ۔ تحقیق زلزلہ قیامت کا

شَيْءٌ عَظِيْمٌ ﴿١﴾ يَوْمَ تَرَوْنَهَا تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ

چیز ہے بڑی ۔ جس دن دیکھیں گے اسکو بھول جاوے گی ہر دودھ پلانے والی

عَمَّآ أَرْضَعَتْ وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا

جس کو دودھ پلایا تھا اور ڈال دیوے گی ہر حمل والی حمل اپنا

وَتَرَى النَّاسَ سُكٰرٰى وَمَا هُمْ بِسُكٰرٰى وَلٰكِنَّ

اور دیکھے گا تو لوگوں کو مست اور نہیں وہ مست یعنی بے حواس ولیکن

عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ ﴿٢﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ

عذاب اللہ کا سخت ہے ۔ اور بعضے لوگ وہ شخص ہیں کہ جھگڑتے ہیں

فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّيَتَّبِعُ كُلَّ شَيْطٰنٍ مَّرِيْدٍ ۝٣
بیچ توحید خدا کے بغیر علم کے اور پیروی کرتے ہیں ہر شیطان سرکش کی -

كُتِبَ عَلَيْهِ اَنَّهٗ مَنْ تَوَلَّاهُ فَاَنَّهٗ يُضِلُّهٗ وَ
لکھا گیا ہے اوپر اسکے یہ کہ جسکی دوستی کرے وہ یعنی شیطان پس تحقیق وہ گمراہ کرتا ہے اسکو اور

يَهْدِيْهِ اِلٰى عَذَابِ السَّعِيْرِ ۝٤ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ
راہ دکھاتا ہے طرف عذاب دوزخ کی اے لوگو

اِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّنَ الْبَعْثِ فَاِنَّا خَلَقْنٰكُمْ
اگر ہو تم بیچ شک کے پھر جی اٹھنے سے پس تحقیق ہمنے پیدا کیا ہے تمکو

مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ
مٹی سے پھر نطفے سے پھر لہو جمے ہوئے سے پھر

مِنْ مُّضْغَةٍ مُّخَلَّقَةٍ وَّغَيْرِ مُخَلَّقَةٍ لِّنُبَيِّنَ لَكُمْ ۭ وَ
بوٹی صورت بنی ہوئی سے اور بن بنی ہوئی سے تاکہ بیان کریں واسطے تمہارے - اور

نُقِرُّ فِي الْاَرْحَامِ مَا نَشَاۗءُ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ نُخْرِجُكُمْ
ٹھیراتے ہیں ہم اسکو بیچ رحم کے جتنا چاہیں ایک وقت مقرر تک پھر نکالتے ہیں تمکو

طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ ۚ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى
بچہ پھر تاکہ پہنچو جوانی اپنی کو - اور بعض تم میں سے وہ شخص ہے کہ قبض کیا جاتا ہے

وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْلَا يَعْلَمَ
اور بعض تم میں سے وہ ہے کہ پھیرا جاتا ہے طرف ناکارہ عمر کی تاکہ نہ جانے

مِنْۢ بَعْدِ عِلْمٍ شَيْـــًٔا ۭ وَتَرَى الْاَرْضَ هَامِدَةً
پیچھے جاننے کے کچھ - اور دیکھتا ہے تو زمین کو خشک

فَاِذَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَاۗءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ وَاَنْۢبَتَتْ
پس جسوقت اتارتے ہیں ہم اوپر اسکے پانی ہلتی ہے اور پھولتی ہے اور اگاتی ہے

مِنْ كُلِّ زَوْجٍۢ بَهِيْجٍ ۝٥ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ
ہر قسم نفیس سے - یہ بسبب اس کے ہے کہ اللہ وہی ہے حق

وَاَنَّهٗ يُحْيِ الْمَوْتٰى وَاَنَّهٗ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝٦
اور یہ کہ وہی جلاتا ہے مُردوں کو اور یہ کہ وہ اوپر ہر چیز کے قادر ہے -

وَّاَنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ

اور یہ کہ قیامت آنے والی ہے نہیں شک بیچ اس کے اور یہ کہ اللہ

يَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُوْرِ ۝۷ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ

اٹھاوے گا اُن لوگوں کو کہ بیچ قبروں کے ہیں۔ اور بعض لوگوں سے وہ ہے جو

يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ

جھگڑتا ہے بیچ خدا کے بغیر علم کے اور بغیر ہدایت کے اور نہ کتاب

مُّنِيْرٍ ۝۸ ثَانِيَ عِطْفِهٖ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ لَهٗ

روشن کے۔ موڑنے والا شانے اپنے کو تاکہ گمراہ کرے راہ خدا کی سے۔ واسطے اُس کے ہے

فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّنُذِيْقُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَذَابَ

بیچ دنیا کے رسوائی ہے اور چکھاویں گے ہم اُس کو دن قیامت کے عذاب

الْحَرِيْقِ ۝۹ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ يَدٰكَ وَاَنَّ اللّٰهَ

جلنے کا۔ یہ سبب اس کے ہے کہ آگے بھیجا تھا دونوں ہاتھ تیرے نے اور یہ کہ اللہ

لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ۝۱۰ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّعْبُدُ

نہیں ظلم کرنے والا واسطے بندوں اپنے کے۔ اور بعض لوگوں میں سے وہ ہے کہ بندگی کرتا ہے

اللّٰهَ عَلٰي حَرْفٍ ۚ فَاِنْ اَصَابَهٗ خَيْرُ ۨ اطْمَاَنَّ بِهٖ ۚ

اللہ کی اوپر کنارے کے۔ پس اگر پہنچے اُس کو بھلائی آرام پکڑے ساتھ اس عبادت کے۔

وَاِنْ اَصَابَتْهُ فِتْنَةُ ۨ انْقَلَبَ عَلٰي وَجْهِهٖ ۚ خَسِرَ

اور اگر پہنچے اُس کو فتنہ پلٹ جاوے اوپر منہ اپنے کے۔ ٹوٹے میں

الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ ۝۱۱

دیا دنیا اور آخرت کو۔ یہ ہے وہ ٹوٹا پانا ظاہر۔

يَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهٗ وَمَا لَا يَنْفَعُهٗ ۭ

پکارتا ہے سوائے اللہ کے اُس چیز کو کہ نہ ضرر دے اُس کو اور نہ نفع دے اُس کو۔

ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ ۝۱۲ يَدْعُوْا لَمَنْ ضَرُّهٗٓ

یہ ہے وہ گمراہی دور۔ پکارتا ہے اُس شخص کو کہ ضرر اُس کا

اَقْرَبُ مِنْ نَّفْعِهٖ ۭ لَبِئْسَ الْمَوْلٰى وَلَبِئْسَ الْعَشِيْرُ ۝۱۳

نزدیک ہے نفع اُس کے سے۔ البتہ بُرا ہے دوست اور بُرا ہے ہم صحبت۔

موضح القرآن

ف۱ یعنی دنیا کی نیکی پاوے تو بندگی پر قائم رہے اور تکلیف پاوے تو چھوڑ دے اُدھر دنیا گئی اِدھر دین گیا

ع ۸

کنارے کھڑا ہو یعنی دل بھی اس طرف نہ۔ اُس طرف جیسے کوئی مکان کے کنارے کھڑا ہے جب چاہے نکل جاوے۔ ۱۱ منہ رح۔

إِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
تحقیق اللہ داخل کرے گا اُن لوگوں کو کہ ایمان لائے اور کام کیے اچھے
جَنّٰتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهٰرُ ۚ إِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ
بہشتوں میں چلتی ہیں نیچے اُن کے سے نہریں۔ تحقیق اللہ کرتا ہے
مَا يُرِيدُ ﴿١٤﴾ مَنْ كَانَ يَظُنُّ أَنْ لَنْ يَنْصُرَهُ اللّٰهُ
جو چاہتا ہے۔ جو شخص کہ گمان کرتا ہے یہ کہ ہرگز نہ مدد دیگا اُس کو اللہ
فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ فَلْيَمْدُدْ بِسَبَبٍ إِلَى السَّمَاءِ
بیچ دنیا کے اور آخرت کے پس چاہیے کہ کھینچ پہنچاوے ایک رسی طرف آسمان کی
ثُمَّ لْيَقْطَعْ فَلْيَنْظُرْ هَلْ يُذْهِبَنَّ كَيْدُهُ مَا
پھر چاہیے کہ کاٹ ڈالے اُس کو پھر دیکھے کیا لے جاویگا مکر اُس کا اُس چیز کو
يَغِيظُ ﴿١٥﴾ وَكَذٰلِكَ أَنْزَلْنٰهُ آيٰتٍ بَيِّنٰتٍ وَأَنَّ اللّٰهَ
کہ غصے میں لاتی ہے ف۔ اور اسی طرح اُتارا ہے ہم نے اُس کو نشانیاں ظاہر اور یہ کہ اللہ
يَهْدِي مَنْ يُرِيدُ ﴿١٦﴾ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَالَّذِينَ
ہدایت کرتا ہے جس کو چاہتا ہے۔ تحقیق جو لوگ کہ ایمان لائے اور وہ لوگ
هَادُوا وَالصّٰبِئِينَ وَالنَّصٰرٰى وَالْمَجُوسَ وَالَّذِينَ
کہ یہودی ہوئے اور بے دین اور نصاریٰ اور مجوس اور وہ لوگ
أَشْرَكُوا ۖ إِنَّ اللّٰهَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ إِنَّ
کہ شریک کرتے ہیں تحقیق اللہ فیصل کردیگا درمیان اُن کے دن قیامت کے۔ تحقیق
اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ ﴿١٧﴾ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللّٰهَ يَسْجُدُ
اللہ اُوپر ہر چیز کے حاضر ہے ف۔ کیا نہیں دیکھا تو نے یہ کہ اللہ کو سجدہ کرتے ہیں
لَهُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ وَالشَّمْسُ
واسطے اُس کے جو کوئی بیچ آسمانوں کے اور جو کوئی بیچ زمین کے ہیں اور سورج
وَالْقَمَرُ وَالنُّجُومُ وَالْجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَابُّ
اور چاند اور تارے اور پہاڑ اور درخت اور جانور
وَكَثِيرٌ مِنَ النَّاسِ ۖ وَكَثِيرٌ حَقَّ عَلَيْهِ الْعَذَابُ
اور بہت آدمیوں میں سے۔ اور بہت ہیں کہ ثابت ہوا اُوپر اُن کے عذاب۔

موضح القرآن

ف دنیا کی تکلیف میں جو خدا سے ناامید ہوکر اسکی بندگی چھوڑدے اور جھوٹی چیزیں پوجے جنکے ہاتھ نہیں بُرا بھلا وہ اپنے دل کے ٹھیرانے کو یہ صورت قیاس کرلے جیسے ایک شخص اونچی لٹکی رسی سے لٹکا ہے اگر چڑھ نہیں سکتا تو توقع ہے کہ رسی اوپر کھینچے تو چڑھ جاوے جب رسی توڑدی پھر کیا توقع رسی کہا اللہ تعالیٰ کی اُمید کو اور آسمان کو تانے یعنی اونچان کو۔ ١٢ منہ رح

ف مجوس آگ پوجتے ہیں اور ایک نبی کا بھی نام لیتے ہیں معلوم نہیں پیچھے بگڑے ہیں یا پہلے سے غلط ہیں ١٢ منہ رح

موضح القرآن

وَمَنْ يُّهِنِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّكْرِمٍ ۭ اِنَّ اللّٰهَ
اور جس کو ذلیل کرے اللہ پس نہیں واسطے اُسکے کوئی عزت دینے والا۔ تحقیق اللہ
يَفْعَلُ مَا يَشَاۗءُ ۞ ۱۸ هٰذٰنِ خَصْمٰنِ اخْتَصَمُوْا
کرتا ہے جو چاہتا ہے ف۔ یہ دو جھگڑنے والے جھگڑے
فِيْ رَبِّهِمْ ۡ فَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا قُطِّعَتْ لَهُمْ ثِيَابٌ
بیچ پروردگار اپنے کے پس وہ لوگ کہ کافر ہوئے ہیں بیونتے جاویں گے واسطے اُنکے کپڑے
مِّنْ نَّارٍ ۭ يُصَبُّ مِنْ فَوْقِ رُءُوْسِهِمُ الْحَمِيْمُ ۱۹
آگ کے۔ ڈالا جاوے گا اُوپر سروں اُن کے کے گرم پانی۔
يُصْهَرُ بِهٖ مَا فِيْ بُطُوْنِهِمْ وَالْجُلُوْدُ ۲۰ وَلَهُمْ
گلایا جاوے گا ساتھ اس کے جو کچھ پیٹوں اُنکے کے ہے اور چمڑا۔ اور واسطے اُن کے
مَّقَامِعُ مِنْ حَدِيْدٍ ۲۱ كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا
ہتھوڑے ہیں لوہے کے۔ جس وقت ارادہ کریں گے یہ کہ نکلیں
مِنْهَا مِنْ غَمٍّ اُعِيْدُوْا فِيْهَا ۤ وَذُوْقُوْا عَذَابَ
اُس سے غم سے پھیرے جاویں گے بیچ اس کے اور چکھو عذاب
الْحَرِيْقِ ۲۲ اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا
جلنے کا۔ تحقیق اللہ داخل کرتا ہے اُن لوگوں کو کہ ایمان لائے اور کام کئے
الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ
اچھے بہشتوں میں کہ چلتی ہیں نیچے اُن کے سے نہریں پہنائے جاویں گے
فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا ۭ وَلِبَاسُهُمْ
بیچ اس کے کنگن سونے سے اور موتی۔ اور لباس اُن کا
فِيْهَا حَرِيْرٌ ۲۳ وَهُدُوْٓا اِلَى الطَّيِّبِ مِنَ الْقَوْلِ ښ
بیچ اس کے ریشمی ہے ف۔ اور راہ دکھلائے گئے طرف پاکیزگی کی بات سے
وَهُدُوْٓا اِلٰى صِرَاطِ الْحَمِيْدِ ۲۴ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ
اور راہ دکھلائے گئے طرف راہ تعریف کئے گئے کے ف۔ تحقیق وہ لوگ کہ کافر ہوئے اور
يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ الَّذِيْ
بند کرتے ہیں راہ خدا کی سے اور مسجد حرام سے وہ جو

سجدہ

منزل ۴

ع ۹/۱۲

ف۱ ایک سجدہ ہے کہ سب ہمیشہ شامل ہیں۔ آسمان زمین میں جو کوئی ہے وہ یہ کہ اللہ کی قدرت میں ہے بس میں اور ایک سجدہ ہے ہر ایک کا جدا وہ یہ کہ اس کو جس کام کا بنایا اس کام میں لگے بہت آدمی کرتے ہیں بہت نہیں کرتے اور حلق سامنے کرتے ہیں۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۲ یہ جو فرمایا کہ وہاں گہنا اور وہاں پوشاک معلوم ہوا کہ یہ دونوں یہاں نہیں اور گہنوں میں سے کنگن اس واسطے کہ غلام کی خدمت پسند آتی ہو تو کنگنے ڈالتے ہیں ہاتھ میں۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ ستھری بات یعنی بہشت میں جھگڑا اور بکنا نہیں سوائے خوشی کی باتیں اور شکر اللہ کا یا دنیا میں توحید کی راہ پائی اور شاباشی کی راہ۔ ۱۲ منہ رح

جَعَلْنٰهُ لِلنَّاسِ سَوَآءَ ۨالْعَاكِفُ فِيْهِ وَ الْبَادِ ؕ وَ
مقرر کیا ہم نے اسکو واسطے لوگوں کے برابر ہیں رہنے والے بیچ اسکے اور باہر سے آنے والے ۔ اور

مَنْ يُّرِدْ فِيْهِ بِاِلْحَادٍۭ بِظُلْمٍ نُّذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۲۵﴾
جو کوئی ارادہ کرے بیچ اسکے گمراہی کا ساتھ ظلم کے چکھاویں گے اسکو عذاب درد دینے والے سے ف۱ ۔

وَ اِذْ بَوَّاْنَا لِاِبْرٰهِيْمَ مَكَانَ الْبَيْتِ اَنْ لَّا تُشْرِكْ بِيْ
اور جس وقت جگہ مقرر کر دی ہم نے واسطے ابراہیم کے مکان کعبے کا اس شرط پر کہ نہ شریک لا ساتھ میرے

شَيْـًٔا وَّ طَهِّرْ بَيْتِيَ لِلطَّآئِفِيْنَ وَ الْقَآئِمِيْنَ وَ الرُّكَّعِ
کسی چیز کو اور پاک رکھ گھر میرے کو واسطے گرد پھرنیوالوں کے اور کھڑے رہنے والوں کے اور رکوع

السُّجُوْدِ ﴿۲۶﴾ وَ اَذِّنْ فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ يَاْتُوْكَ رِجَالًا
سجدہ کرنیوالوں کے ف۲ ۔ اور پکار دے بیچ لوگوں کے ساتھ حج کے آوینگے تیرے پاس پیادے

وَّ عَلٰى كُلِّ ضَامِرٍ يَّاْتِيْنَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيْقٍ ﴿۲۷﴾
اور اوپر ہر اونٹ دبلے کے آویں گے ہر راہ دور سے ف۳ ۔

لِّيَشْهَدُوْا مَنَافِعَ لَهُمْ وَ يَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ فِيْۤ
تاکہ حاضر ہوں واسطے فائدوں اپنے کے اور یاد کریں نام اللہ کا بیچ

اَيَّامٍ مَّعْلُوْمٰتٍ عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ مِّنْۢ بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ ۚ
دنوں معلوم کے اوپر اس چیز کے کہ دیا ہے انکو چوپایوں پالے ہوئے سے ۔

فَكُلُوْا مِنْهَا وَ اَطْعِمُوا الْبَآئِسَ الْفَقِيْرَ ﴿۲۸﴾ ثُمَّ لْيَقْضُوْا
پس کھاؤ اس میں سے اور کھلاؤ بھوکے محتاج کو ف۴ ۔ پھر چاہیے کہ دور کریں

تَفَثَهُمْ وَ لْيُوْفُوْا نُذُوْرَهُمْ وَ لْيَطَّوَّفُوْا بِالْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ﴿۲۹﴾
میل اپنا اور پوری کریں نذریں اپنی اور گرد پھریں گھر قدیم کے ف۵ ۔

ذٰلِكَ ۗ وَ مَنْ يُّعَظِّمْ حُرُمٰتِ اللّٰهِ فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ عِنْدَ
بات یہ ہے اور جو کوئی تعظیم کرے حرمتوں اللہ کی کو پس وہ بہتر ہے واسطے اسکے نزدیک

رَبِّهٖ ؕ وَ اُحِلَّتْ لَكُمُ الْاَنْعَامُ اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ
پروردگار اسکے کے ۔ اور حلال کیے گئے واسطے تمہارے چارپائے پالے ہوئے جانور مگر جو پڑھا جاتا ہے اوپر تمہارے

فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ وَ اجْتَنِبُوْا قَوْلَ
پس بچتے رہو ناپاکی بتوں کی سے اور بچتے رہو بولنے

ع ۳ ۱۰

موضح القرآن

ف۱ یعنی جنھوں نے لوگوں کو وہاں جانا بند کیا وہ سزا پاویں گے

ف۲ پہلے یہاں جو گھر تھا طوفان نوح کے سبب گر گیا تھا پھر بعد مدتوں کے نشان نہ رہا تھا حضرت ابراہیم کو حکم ہوا پھر عمارت بنائی اور تازہ کیا ایک بادل غیب سے آکر کھڑا ہوا اسکی چھاؤں پر لکیر ڈالی اور بنیاد رکھی اور شرک میں کوئی نہ تھا۔ حاصل یہ کہ امت میں یہ خبر دی ہو کہ اب کے اسکو آباد کرنیوالے ہوں گے

ف۳ ایک پہاڑ پر کھڑے ہو کر حضرت ابراہیم نے پکارا کہ لوگو تمہارے رب نے حج فرض کیا ہے حج کو آؤ باپ کی پشت میں لبیک کہا جس کی قسمت میں حج ہو گیا

یا دو بار یا زیادہ اپنے شوق سے پر اتنی حق پیادہ آنے میں بھی فرض تب ہو کر سواری پیدا ہو اور اگر مکہ نزدیک ہو یا شخص چلنے کی طاقت ہو تو امام مالک کے ہاں فرض ہے

ف۴ جو قربانی وہ ذبح ہو اسکا گوشت وہ آپ کھاوے اور جو بدلہ قصور ہو انہیں آپ نہ کھاوے اور کئی دن فرمایا یعنی عید کے دن اور تین دن بعد اسکے

ف۵ جہاں تک احرام باندھے رہے ہیں حجامت نہ بنا سکیں نہ ناخن تراشیں نہ بالوں میں تیل لگائیں سب تمام کرنے میں حجامت کرے

(باقی صفحہ ۴۵۵ پر)

الزُّوْرِ ۝٣٠ حُنَفَآءَ لِلّٰهِ غَيْرَ مُشْرِكِيْنَ بِهٖ ؕ وَمَنْ
جھوٹ کے سے ۔ توحید کرنیوالے اللہ کو ، شریک لانیوالے ساتھ اسکے اور جو کوئی

يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَكَاَنَّمَا خَرَّ مِنَ السَّمَآءِ فَتَخْطَفُهُ
شریک لاوے ساتھ اللہ کے پس گویا گر پڑا آسمان سے پس اُچک لے جاتے ہیں اسکو

الطَّيْرُ اَوْ تَهْوِيْ بِهِ الرِّيْحُ فِيْ مَكَانٍ سَحِيْقٍ ۝٣١
جانور یا پھینک دیتی ہے اُس کو باؤ بیچ مکان دُور کے ف۱ ۔

ذٰلِكَ ۗ وَمَنْ يُّعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰهِ فَاِنَّهَا مِنْ تَقْوَى
بات یہ ہے اور جو کوئی تعظیم کرے نشانیوں خدا کی کو پس تحقیق وہ پرہیزگاری

الْقُلُوْبِ ۝٣٢ لَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى
دلوں کی سے ہے ۔ واسطے تمہارے بیچ اسکے فائدے ہیں ایک وقت مقرر تک

ثُمَّ مَحِلُّهَآ اِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ۝٣٣ وَلِكُلِّ اُمَّةٍ
پھر جگہ حلال ہونے اُن کے کی طرف کعبے کے ہے ف۲ ۔ اور واسطے ہر اُمت کے

جَعَلْنَا مَنْسَكًا لِّيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ
مقرر کی ہر ہمنے طرح عبادت کی تاکہ یاد کریں نام اللہ کا اُوپر اس چیز کے کر دی ہے ہمنے

مِّنْۢ بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ ؕ فَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَلَهٗٓ
اُنکو چارپایوں پالے ہوئے سے ۔ پس معبود تمہارا معبود ایک ہے پس واسطے اُسی کے

اَسْلِمُوْا ؕ وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِيْنَ ۝٣٤ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ
مطیع ہو ۔ اور خوشخبری دے عاجزی کرنیوالوں کو ۔ وہ جو جس وقت یاد کیا جاتا ہے اللہ

وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ عَلٰى مَآ اَصَابَهُمْ
ڈر جاتے ہیں دل اُن کے اور صبر کرنے والے اوپر اُس چیز کے کہ پہنچتی ہے اُن کو

وَالْمُقِيْمِي الصَّلٰوةِ ۙ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝٣٥
اور قائم رکھنے والے نماز کو اور اُس چیز سے کہ دی ہے ہمنے اُن کو خرچ کرتے ہیں ف۳

وَالْبُدْنَ جَعَلْنٰهَا لَكُمْ مِّنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ لَكُمْ فِيْهَا
اور اونٹ قربانی کے کیا ہمنے اُنکو واسطے تمہارے نشانیوں اللہ کی سے واسطے تمہارے بیچ اُن کے

خَيْرٌ ۖ فَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا صَوَآفَّ ۚ فَاِذَا
خوبی ہے پس یاد کرو نام اللہ کا اُوپر اُن کے قطار باندھے ہوئے ۔ پس جس وقت

بقیہ صفحہ ٤٥٣
مسلی اُنکے کپڑے پہنکر طواف کو جاتے ہیں جسکو ذبح کرنا ہو پہلے ذبح کر لیتا ہے اور منتیں اپنی مراد ملنے کے واسطے جو مانا ہو وہ ادا کریں اصل منت اللہ کی ہے اور کسی کی نہیں۔ ١٢ منہ رح۔

موضح القرآن

ف۱ بڑائی رکھے اللہ کے ادب کی یعنی قربانی کے جانور اچھے موٹے اور قیمتی جانور لاوے اور اسپر جھول اچھی ڈالکر پھر وہ بھی خیرات کرے اور چوپائے تمکو حلال ہیں یعنی جو کھانے میں رواج ہے اور بحیرے چھوٹے حرام بھی ہیں اور جسکو بتوں کے نام کا کیا سو کسی تھان پر ذبح کیا وہ مردار ہوا اور جھوٹی بات یعنی جو کسی کے نام کا کرکے ذبح کیا وہ بھی حرام ہے اور جو کوئی شریک کرے اسکی مثال فرمائی اسواسطے کہ جسکی نیت ایک اللہ پر ہو وہ قائم ہے اور جہاں نیت بہت طرف گئی وہ سب اسکو راہ میں کو اُچک لے گئے یا سب سے متنفر ہو کر دہری ہو گیا۔ ١٢ منہ رح۔

ف۲ جتنے مواشی ہیں اسکو حق یہی ہے کہ کام لے بیچتے پھر کعبہ پاس لیجا کر چڑھا دیجئے مگر یہ بات دشوار ہے تو جہاں بسم اللہ اللہ اکبر کہا اور ذبح کیا یہ نشان ہے کہ اللہ کی نیاز کعبہ کو چڑھایا اور ہو بہ نزدیک ہو۔ ١٢ منہ

ف۳ یعنی مواشی ذبح کرنا نیاز اللہ کی ہر دین میں عبادت تھی ہے اسکے سوا اور کی نیاز ذبح کرنا کسی کی عبادت ہو گئی تو شرک ہے۔ ١٢ منہ

وَجَبَتْ جُنُوبُهَا فَكُلُوا مِنْهَا وَأَطْعِمُوا الْقَانِعَ
گر پڑیں کروٹیں اُن کی پس کھاؤ اُن میں سے اور کھلاؤ بے سوال فقیر کو
وَالْمُعْتَرَّ ۚ كَذَٰلِكَ سَخَّرْنَاهَا لَكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ﴿۳۶﴾
اور سوال کرنیوالے کو۔ اسی طرح مسخر کیا اُن کو واسطے تمہارے تاکہ تم شکر کرو ف۔
لَنْ يَنَالَ اللَّهَ لُحُومُهَا وَلَا دِمَاؤُهَا وَلَٰكِنْ يَنَالُهُ
ہرگز نہ پہنچیگا اللہ کو گوشت اُن کا اور نہ لہو اُن کا ولیکن پہنچیگی اُسکو
التَّقْوَىٰ مِنْكُمْ ۚ كَذَٰلِكَ سَخَّرَهَا لَكُمْ لِتُكَبِّرُوا اللَّهَ
پرہیزگاری تمہاری۔ اسی طرح مسخر کیا اُنکو واسطے تمہارے تاکہ تم بڑائی بولو اللہ کی
عَلَىٰ مَا هَدَاكُمْ ۗ وَبَشِّرِ الْمُحْسِنِينَ ﴿۳۷﴾ إِنَّ اللَّهَ
اُوپر اس کے کہ ہدایت کیا تمکو۔ اور بشارت دے نیکی کرنے والوں کو۔ تحقیق اللہ
يُدَافِعُ عَنِ الَّذِينَ آمَنُوا ۗ إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ
دفع کرتا ہے اُن لوگوں سے کہ ایمان لائے۔ تحقیق اللہ نہیں دوست رکھتا ہر
خَوَّانٍ كَفُورٍ ﴿۳۸﴾ أُذِنَ لِلَّذِينَ يُقَاتَلُونَ بِأَنَّهُمْ
خیانت کرنیوالے کفر کرنیوالے کو ف۲۔ اذن دیا گیا واسطے اُن لوگوں کو کہ لڑائی کیے جاتے ہیں بسبب اسکے
ظُلِمُوا ۚ وَإِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ نَصْرِهِمْ لَقَدِيرٌ ﴿۳۹﴾ الَّذِينَ
کہ وہ ظلم کیے گئے ہیں۔ اور تحقیق اللہ اُوپر مدد اُن کی کے البتہ قادر ہے۔ وہ لوگ کہ
أُخْرِجُوا مِنْ دِيَارِهِمْ بِغَيْرِ حَقٍّ إِلَّا أَنْ يَقُولُوا
نکالے گئے گھروں اپنے سے ناحق مگر یہ کہ کہا انہوں نے
رَبُّنَا اللَّهُ ۗ وَلَوْلَا دَفْعُ اللَّهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ
پروردگار ہمارا اللہ ہے۔ اور اگر نہ ہوتا دور کرنا اللہ کا لوگوں کو بعضے اُن کے کو
بِبَعْضٍ لَهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَصَلَوَاتٌ
بعض سے البتہ ڈھائے جاتے خلوت خانے درویشوں کے اور عبادت خانے نصاریٰ کے اور عبادت
وَمَسَاجِدُ يُذْكَرُ فِيهَا اسْمُ اللَّهِ كَثِيرًا ۗ وَلَيَنْصُرَنَّ
خانے یہود کے اور مسجدیں کہ یاد کیا جاتا ہے بیچ اُن کے نام اللہ کا بہت اور البتہ مدد دے گا
اللَّهُ مَنْ يَنْصُرُهُ ۗ إِنَّ اللَّهَ لَقَوِيٌّ عَزِيزٌ ﴿۴۰﴾ الَّذِينَ
اللہ اُسکو جو مدد دیتا ہے اُسکو۔ تحقیق اللہ البتہ زورآور ہے غالب ف۳۔ وہ لوگ

موضح القرآن

ف۱ اُونٹ کو ذبح کے بدلے نحر ہو کھڑا کر کے قبلے کے سامنے پھر چھاتی میں زخم دیجئے جب سارا لہو نکل چکا وہ گر پڑا کاٹنے لگیے۔ قانع دو قسم کے ہیں ایک وہ ہے جو مانگتا نہیں اور دوسرا وہ جو مانگتا ہے۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ جبتک حضرت مکے میں رہے حکم تھا کہ مسلمان صبر کریں کافروں کی بدی پر۔ جب مدینے میں آئے حکم ہوا کہ جو تم سے بدی کرتے ہیں تم بھی بدلا لو تب جہاد شروع ہوا۔ اگلی آیت میں حکم ہے۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ جو اسکی مدد کرے یعنی اسکے دین اور اس کے رسول کی۔ اللہ قادر ہے جو چاہے ایکدم میں کرے انسان سے یہی معاملہ ہے بھلے بُرے آپس میں سزا پاویں۔ ۱۲ منہ رح

ع ۵ / ۱۲

اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا

کہ اگر قدرت دیں ہم اُن کو بیچ زمین کے قائم رکھیں نماز کو اور دیں

الزَّكٰوةَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ ؕ

زکوٰۃ اور حکم کریں ساتھ بھلائی کے اور منع کریں نامعقول سے۔

وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ ﴿٤١﴾ وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ

اور واسطے اللہ کے ہے آخر سب کاموں کا ۔ اور اگر جھٹلاویں تجھ کو پس تحقیق

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّعَادٌ وَّثَمُوْدُ ﴿٤٢﴾ وَقَوْمُ

جھٹلایا تھا پہلے اُن سے قوم نوح کی نے اور قوم عاد اور ثمود نے۔ اور قوم

اِبْرٰهِيْمَ وَقَوْمُ لُوْطٍ ﴿٤٣﴾ وَّاَصْحٰبُ مَدْيَنَ ۚ وَكُذِّبَ

ابراہیم کی نے اور قوم لوط کی نے۔ اور رہنے والے مدین کے نے۔ اور جھٹلایا گیا

مُوْسٰى فَاَمْلَيْتُ لِلْكٰفِرِيْنَ ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ ۚ فَكَيْفَ

موسیٰ پس ڈھیل دی میں نے کافروں کو پھر پکڑا میں نے اُنکو۔ پس کیونکر تھا

كَانَ نَكِيْرِ ﴿٤٤﴾ فَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا وَهِيَ

عذاب میرا۔ پس بہت بستیاں ہیں کہ ہلاک کیا ہم نے اُن کو اور وہ

ظَالِمَةٌ فَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا وَبِئْرٍ مُّعَطَّلَةٍ

ظالم تھیں پس وہ گری ہوئی ہیں اوپر چھتوں اپنی کے اور بہت کنوئیں ناکارہ پڑے ہوئے

وَّقَصْرٍ مَّشِيْدٍ ﴿٤٥﴾ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَتَكُوْنَ

اور بہت محل ہیں بلند کئے ہوئے۔ کیا پس نہیں سیر کی انھوں نے بیچ زمین کے پس ہوتے

لَهُمْ قُلُوْبٌ يَّعْقِلُوْنَ بِهَاۤ اَوْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ بِهَا ۚ

واسطے اُن کے دل کہ سمجھتے ساتھ اُن کے اور کان کہ سنتے ساتھ اُن کے۔

فَاِنَّهَا لَا تَعْمَى الْاَبْصَارُ وَلٰكِنْ تَعْمَى الْقُلُوْبُ

پس تحقیق وہ نہیں کہ اندھی ہو جاتی ہیں آنکھیں ولیکن اندھے ہو جاتے ہیں دل

الَّتِيْ فِي الصُّدُوْرِ ﴿٤٦﴾ وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ

وہ جو بیچ سینوں کے ہیں۔ اور جلدی مانگتے ہیں تجھ سے عذاب کو

وَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ وَعْدَهٗ ؕ وَاِنَّ يَوْمًا عِنْدَ رَبِّكَ

اور ہرگز نہ خلاف کریگا اللہ وعدے اپنے کو۔ اور تحقیق ایک دن نزدیک پروردگار تیرے کے

موضح القرآن

منزل

ف یعنی اُمت دین قائم کریگے ایک مدت آخر اللہ ہی جانے۔ ۱۲ منہ رح۔

كَاَلْفِ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ﴿۴۷﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ

مانند ہزار برس کے ہوتا ہے ان دنوں سے کہ گنتے ہو تم ف۱ ۔ اور بہت بستیاں ہیں

اَمْلَيْتُ لَهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ ثُمَّ اَخَذْتُهَا ۚ وَاِلَيَّ

کہ ڈھیل دی میں نے انکو اور وہ ظلم کرنیوالیاں تھیں پھر پکڑا میں نے انکو اور طرف میری

الْمَصِيْرُ ﴿۴۸﴾ قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَآ اَنَا لَكُمْ نَذِيْرٌ

ہے پھر آنا ۔ کہہ اے لوگو سوائے اسکے نہیں کہ میں واسطے تمہارے ڈرانے والا

مُّبِيْنٌ ﴿۴۹﴾ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ

ہوں ظاہر ۔ پس وہ لوگ کہ ایمان لائے اور کام کیے اچھے واسطے اُن کے

مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿۵۰﴾ وَالَّذِيْنَ سَعَوْا فِيْٓ اٰيٰتِنَا

بخشش ہے اور رزق ہے عزت کا ۔ اور جن لوگوں نے سعی کی بیچ نشانیوں ہماری کے

مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿۵۱﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا

عاجز کرنے کو یہ لوگ ہیں رہنے والے دوزخ کے ۔ اور نہیں بھیجا ہم نے

مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَّلَا نَبِيٍّ اِلَّآ اِذَا تَمَنّٰٓى

پہلے تجھ سے کوئی رسول اور نہ نبی مگر جس وقت کہ آرزو کرتا تھا

اَلْقَى الشَّيْطٰنُ فِيْٓ اُمْنِيَّتِهٖ ۚ فَيَنْسَخُ اللّٰهُ مَا يُلْقِي

ڈال دیتا تھا شیطان بیچ آرزو اس کی کے ۔ پس موقوف کر دیتا ہے اللہ جو ڈالتا ہے

الشَّيْطٰنُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۵۲﴾

شیطان پھر محکم کرتا ہے اللہ نشانیوں اپنی کو ۔ اور اللہ جاننے والا ہے حکمت والا ف۲ ۔

لِّيَجْعَلَ مَا يُلْقِي الشَّيْطٰنُ فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ فِيْ

تاکہ کر دیوے اس چیز کو کہ ڈالتا ہے شیطان آزمایش واسطے اُن لوگوں کے کہ بیچ

قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْقَاسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ ۗ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ

دلوں اُن کے کے مرض ہے اور جو کہ سخت ہیں دل اُن کے ۔ اور تحقیق ظالم

لَفِيْ شِقَاقٍۢ بَعِيْدٍ ﴿۵۳﴾ وَّلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ

البتہ بیچ خلاف دور کے ہیں ۔ اور تاکہ جانیں وہ لوگ کہ دیے گئے ہیں علم

اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَيُؤْمِنُوْا بِهٖ فَتُخْبِتَ لَهٗ

یہ کہ وہ سچ ہے پروردگار تیرے کی طرف سے پس ایمان لاویں ساتھ اسکے پس عاجزی کریں واسطے اُسکے

موضح القرآن

ف۱ یعنی ہزار برس کا کام ایک دن میں کر سکتا ہے ۱۲ منہ رح ۔

ف۲ نبی کو ایک حکم اللہ سے آتا ہے اس میں ہرگز تفاوت نہیں اور ایک اپنے دل کا خیال اس میں جیسے اور آدمی کبھی خیال ٹھیک پڑا کبھی نہ پڑا جیسے حضرت نے خواب میں دیکھا کہ مدینے سے مکے میں گئے عمرہ کیا خیال میں آیا کہ شاید اسی برس ٹھیک پڑا اگلے برس یا وعدہ ہوا کافروں پر غلبہ ہوگا خیال آیا کہ اسی لڑائی میں ہیں ہوا پھر اللہ جتا دیتا ہے لڑائی کا حکم تھا اس میں تفاوت نہیں ۱۲ منہ رح

(ع ۱۰ / ۱۳ ، ربع)

قُلُوْبُهُمْ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهَادِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِلٰى صِرَاطٍ

دل اُن کے۔ اور تحقیق اللہ البتہ راہ دکھانے والا ہے اُن لوگوں کو کہ ایمان لائے طرف راہ

مُّسْتَقِيْمٍ ۝ وَلَا يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ مِرْيَةٍ

سیدھی کے ف۔ اور ہمیشہ رہیں گے وہ لوگ کہ کافر ہوئے ہیں بیچ شک کے

مِّنْهُ حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً اَوْ يَاْتِيَهُمْ عَذَابُ

اس سے یہانتک کہ آوے اُن کے پاس قیامت ناگہاں یا آوے اُنکے پاس عذاب

يَوْمٍ عَقِيْمٍ ۝ اَلْمُلْكُ يَوْمَىِٕذٍ لِّلّٰهِ ۭ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ

دن نحس کا۔ بادشاہی اُس دن واسطے اللہ کے ہے۔ حکم کریگا درمیان اُن کے۔

فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِيْ جَنّٰتِ

پس وہ لوگ کہ ایمان لائے اور کام کیے اچھے بیچ بہشتوں

النَّعِيْمِ ۝ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا فَاُولٰۗىِٕكَ

نعمت کے ہیں۔ اور وہ لوگ کہ کافر ہوئے اور جھٹلایا نشانیوں ہماری کو پس یہ لوگ

لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝ وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِيْ سَبِيْلِ

واسطے اُنکے عذاب ہے ذلیل کرنے والا۔ اور جن لوگوں نے وطن چھوڑا بیچ راہ

اللّٰهِ ثُمَّ قُتِلُوْٓا اَوْ مَاتُوْا لَيَرْزُقَنَّهُمُ اللّٰهُ رِزْقًا حَسَنًا

اللہ کے پھر مارے گئے یا مر گئے البتہ رزق دیوے گا اُن کو اللہ رزق اچھا۔

وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝ لَيُدْخِلَنَّهُمْ

اور تحقیق اللہ البتہ وہ ہے بہتر روزی دینے والا۔ البتہ داخل کرے گا انکو

مُّدْخَلًا يَّرْضَوْنَهٗ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ۝

اس جگہ کہ پسند کریں گے اُس کو۔ اور تحقیق اللہ جاننے والا تحمل والا ہے۔

ذٰلِكَ ۚ وَمَنْ عَاقَبَ بِمِثْلِ مَا عُوْقِبَ بِهٖ ثُمَّ

بات یہی ہے۔ اور جو کوئی بدلا لیوے برابر اُسکے کہ زیادتی کی گئی ہے اُوپر اسکے پھر

بُغِيَ عَلَيْهِ لَيَنْصُرَنَّهُ اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ۝

تعدی کیجاوے اُوپر اسکے البتہ مدد دیگا اُسکو اللہ تحقیق اللہ البتہ معاف کرنیوالا بخشنے والا ہے ف۔

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ

یہ بسبب اس کے ہے کہ اللہ داخل کرتا ہے رات کو بیچ دن کے اور داخل کرتا ہے

موضح القرآن

ف یعنی اس میں گمراہ اور بھٹکتے ہیں سو ان کا کام ہے بھٹکنا اور ایمان والے اور مضبوط ہوتے ہیں کہ اس کلام میں بندے کا دخل نہیں اگر ہوتا تو یہی بندے کے خیال کی طرح کبھی صحیح کبھی غلط ہوتا اور جس کی نیت اعتقاد پر ہو اسکو اللہ سوجھاتا ہے۔ ۱۲ منہ رح

ع ۷

ف یعنی بدلا واجبی لینے والے کو عذاب نہیں کرتا اگرچہ بدلا نہ لیتا بہتر تھا۔ بدر کی لڑائی میں مسلمانوں نے بدلا لیا کافروں کی ایذا کا پھر کافر آئے زیادتی کرنے کو احد میں اور احزاب میں پھر اللہ نے پوری مدد کی۔ ۱۲ منہ رح

النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَأَنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ بَصِيرٌ ﴿٦١﴾ ذَٰلِكَ

دن کو بیچ رات کے اور یہ کہ اللہ سننے والا دیکھنے والا ہے ۔

بِأَنَّ اللَّهَ هُوَ الْحَقُّ وَأَنَّ مَا يَدْعُونَ مِنْ دُونِهِ

بسبب اسکے ہے کہ اللہ وہ ہی حق اور یہ کہ جو پکارتے ہیں سوائے اسکے

هُوَ الْبَاطِلُ وَأَنَّ اللَّهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيرُ ﴿٦٢﴾ أَلَمْ تَرَ

وہ باطل ہے اور یہ کہ اللہ وہ ہے بلند مرتبہ بڑا ۔ کیا نہ دیکھا تو نے

أَنَّ اللَّهَ أَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَتُصْبِحُ الْأَرْضُ

یہ کہ اللہ نے اُتارا آسمان سے پانی پس ہو جاتی ہے زمین

مُخْضَرَّةً ۗ إِنَّ اللَّهَ لَطِيفٌ خَبِيرٌ ﴿٦٣﴾ لَهُ مَا فِي

سبز ۔ تحقیق اللہ باریک دیکھنے والا ہے خبردار ۔ واسطے اُسی کے ہے جو کچھ بیچ

السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۗ وَإِنَّ اللَّهَ لَهُوَ الْغَنِيُّ

آسمانوں کے اور جو کچھ بیچ زمین کے ہے ۔ اور تحقیق اللہ البتہ وہ ہے بے پروا

الْحَمِيدُ ﴿٦٤﴾ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَا فِي

تعریف کیا گیا ۔ کیا نہ دیکھا تو نے یہ کہ اللہ نے مسخر کیا واسطے تمہارے جو کچھ بیچ

الْأَرْضِ وَالْفُلْكَ تَجْرِي فِي الْبَحْرِ بِأَمْرِهِ وَيُمْسِكُ

زمین کے ہے اور مسخر کیا کشتیوں کو چلتی ہیں بیچ دریا کے ساتھ حکم اسکے کے ۔ اور تھام رکھتا ہے

السَّمَاءَ أَنْ تَقَعَ عَلَى الْأَرْضِ إِلَّا بِإِذْنِهِ ۗ إِنَّ اللَّهَ

آسمان کو اس سے کہ گر پڑے اوپر زمین کے مگر ساتھ حکم اس کے کے ۔ تحقیق اللہ

بِالنَّاسِ لَرَءُوفٌ رَحِيمٌ ﴿٦٥﴾ وَهُوَ الَّذِي أَحْيَاكُمْ

ساتھ لوگوں کے البتہ شفقت کرنیوالا مہربان ہے ۔ اور وہی ہے جس نے جلایا تم کو

ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيكُمْ ۗ إِنَّ الْإِنْسَانَ لَكَفُورٌ ﴿٦٦﴾

پھر مارے گا تمکو پھر زندہ کریگا تمکو ۔ تحقیق آدمی البتہ ناشکر ہے ف۲ ۔

لِكُلِّ أُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا هُمْ نَاسِكُوهُ ۖ فَلَا يُنَازِعُنَّكَ

واسطے ہر ایک اُمت کے کی ہم نے طرح عبادت کی کہ وہ عبادت کرتے ہیں اسکو پس نہ جھگڑیں تجھ کو

فِي الْأَمْرِ ۚ وَادْعُ إِلَىٰ رَبِّكَ ۖ إِنَّكَ لَعَلَىٰ هُدًى

بیچ حکم کے اور پکار طرف پروردگار اپنے کے ۔ تحقیق تو البتہ اوپر راہ

موضح القرآن

ف۱ یعنی اسی طرح کفر میں اسلام غالب کرے گا ۱۲ منہ

ف۲ یعنی اس کو حق نہیں مانتا ۔ ۱۲ منہ رح

ع ۸ / ۱۵

مُّسْتَقِيمٍ ﴿٦٧﴾ وَإِن جَادَلُوكَ فَقُلِ اللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا
سیدھی کے ہے ف۔ اور اگر جھگڑیں تجھ سے پس کہہ کہ اللہ خوب جانتا ہے ساتھ اس چیز کے

تَعْمَلُونَ ﴿٦٨﴾ اللَّهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيمَا
کہ کرتے ہو تم۔ اللہ حکم کرے گا درمیان تمہارے دن قیامت کے بیچ اس چیز کے

كُنتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ﴿٦٩﴾ أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ
کہ تم بیچ اس کے اختلاف کرتے۔ کیا نہیں جانتا تو یہ کہ اللہ جانتا ہے

مَا فِي السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ ۗ إِنَّ ذَٰلِكَ فِي كِتَابٍ ۚ إِنَّ
جو کچھ بیچ آسمان کے اور زمین کے ہے۔ تحقیق یہ بیچ کتاب کے ہے۔ تحقیق

ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرٌ ﴿٧٠﴾ وَيَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ
یہ اوپر اللہ کے آسان ہے ف۔ اور عبادت کرتے ہیں سوائے اللہ کے

مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهِ سُلْطَانًا وَمَا لَيْسَ لَهُم بِهِ عِلْمٌ ۗ
اس چیز کے کہ نہیں اتاری ساتھ اسکے کوئی دلیل اور اس چیز کو کہ نہیں واسطے انکے ساتھ اسکے علم۔

وَمَا لِلظَّالِمِينَ مِن نَّصِيرٍ ﴿٧١﴾ وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا
اور نہیں واسطے ظالموں کے کوئی مدد دینے والا۔ اور جس وقت پڑھی جاتی ہیں اوپر انکے نشانیاں

بَيِّنَاتٍ تَعْرِفُ فِي وُجُوهِ الَّذِينَ كَفَرُوا الْمُنكَرَ ۖ
ہماری روشن پہچانتا ہے تو بیچ مونہوں اُن لوگوں کے کہ کافر ہیں ناخوشی کو۔

يَكَادُونَ يَسْطُونَ بِالَّذِينَ يَتْلُونَ عَلَيْهِمْ آيَاتِنَا ۗ
نزدیک ہیں کہ حملہ کریں ساتھ اُن لوگوں کے کہ پڑھتے ہیں اوپر اُن کے نشانیاں ہماری۔

قُلْ أَفَأُنَبِّئُكُم بِشَرٍّ مِّن ذَٰلِكُمُ ۗ النَّارُ وَعَدَهَا اللَّهُ
کہہ پس کیا خبر دوں میں تمکو ساتھ بدتر کے اس سے۔ آگ ہے۔ وعدہ کیا ہے اُسکا اللہ نے

الَّذِينَ كَفَرُوا ۖ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ﴿٧٢﴾ يَا أَيُّهَا النَّاسُ
اُن لوگوں کو کہ کافر ہوئے۔ اور بری ہے جگہ پھر جانے کی۔ اے لوگو

ضُرِبَ مَثَلٌ فَاسْتَمِعُوا لَهُ ۚ إِنَّ الَّذِينَ تَدْعُونَ
بیان کی گئی ہے مثال پس سنو اُس کو تحقیق کہ جن کو پکارتے ہو

مِن دُونِ اللَّهِ لَن يَخْلُقُوا ذُبَابًا وَلَوِ اجْتَمَعُوا
سوائے اللہ کے ہرگز نہ پیدا کریں گے ایک مکھی اور اگرچہ اکٹھے ہوں

منزل ۴

ع ۹ ۸ ۱۶

موضح القرآن

ف یعنی اصل دین ہمیشہ سے ایک ہے اور احکام ہر دین میں جدا آتے ہیں ہر حکم کا واسطہ کیوں پوچھتے ہیں۔ ۱۲ منہ رح۔

ف یعنی بندوں کے عمل بھی کتاب میں لکھے ہیں ۱۲ منہ رح

لَهٗ ؕ وَ اِنْ یَّسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَیْـًٔا لَّا یَسْتَنْقِذُوْهُ

واسطے اس کے۔ اور اگر چھین لے اُن سے مکھی کچھ نہ چھڑا سکیں اُس کو

مِنْهُ ؕ ضَعُفَ الطَّالِبُ وَ الْمَطْلُوْبُ ۞ مَا قَدَرُوا اللّٰهَ

اُس سے۔ بودا ہے مانگنے والا اور جو مانگا ہے۔ نہ قدر جانی اللہ کی

حَقَّ قَدْرِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِیٌّ عَزِیْزٌ ۞ اَللّٰهُ یَصْطَفِیْ

حق قدر اُس کی کا۔ تحقیق اللہ زبردست ہے غالب ف۱۔ اللہ پسند کرلیتا ہے

مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا وَّ مِنَ النَّاسِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِیْعٌۢ

فرشتوں میں سے پیغام پہنچانے والے اور آدمیوں میں سے۔ تحقیق اللہ سننے والا

بَصِیْرٌ ۞ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَ مَا خَلْفَهُمْ ؕ

دیکھنے والا ہے ف۲۔ جانتا ہے جو کچھ آگے اُن کے ہے اور جو کچھ پیچھے اُن کے ہے۔

وَ اِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۞ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا

اور طرف اللہ کے پھیرے جاتے ہیں سب کام ف۳۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو

ارْكَعُوْا وَ اسْجُدُوْا وَ اعْبُدُوْا رَبَّكُمْ وَ افْعَلُوا

رکوع کرو اور سجدہ کرو اور عبادت کرو پروردگار اپنے کی اور کرو

الْخَیْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۞ وَ جَاهِدُوْا فِی اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ ؕ

بھلائی تاکہ تم فلاح پاؤ۔ اور محنت کرو بیچ راہ اللہ کے حق محنت اس کی کا۔

هُوَ اجْتَبٰىكُمْ وَ مَا جَعَلَ عَلَیْكُمْ فِی الدِّیْنِ مِنْ حَرَجٍ ؕ

اُس نے برگزیدہ کیا تم کو اور نہیں کی اوپر تمہارے بیچ دین کے کچھ تنگی۔

مِلَّةَ اَبِیْكُمْ اِبْرٰهِیْمَ ؕ هُوَ سَمّٰىكُمُ الْمُسْلِمِیْنَ ۙ

دین باپ تمہارے ابراہیم کا۔ اُسی نے نام رکھا ہے تمہارا مسلمان

مِنْ قَبْلُ وَ فِیْ هٰذَا لِیَكُوْنَ الرَّسُوْلُ شَهِیْدًا

پہلے سے اور بیچ اس کتاب کے بھی تاکہ ہو پیغمبر گواہ

عَلَیْكُمْ وَ تَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ ۚۖ فَاَقِیْمُوا

اُوپر تمہارے اور ہو تم گواہ اوپر لوگوں کے پس قائم رکھو

الصَّلٰوةَ وَ اٰتُوا الزَّكٰوةَ وَ اعْتَصِمُوْا بِاللّٰهِ ؕ هُوَ

نماز کو اور دو زکوٰۃ کو اور مضبوط پکڑو ساتھ اللہ کے۔ وہی ہے

منزل ۴

السجدة عند الشافعی

مُوضح القرآن

ف۱ چاہنے والا کافر اور جس کو چاہتا ہے ان کے بُت مکھی چاہتی ہے بُت کو نہ وہ صورت اڑاتی ہے نہ اس صورت کا شیطان۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی ساری خلق میں بہتر وہ لوگ ہیں پیغام پہنچانیوالے فرشتوں میں بھی وہ فرشتے اصلی ہیں ان کو چھوڑ کر بُتوں کو مانتے پھرتے۔ ۱۲ منہ رح

ف۳ یعنی وہ بھی اختیار نہیں رکھتے اختیار ہر چیز میں اللہ کا ہے۔ ۱۲ منہ رح

مَوْلٰىكُمْ ۚ فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ۝٧٨

دوست تمہارا۔ پس بہت اچھا دوست ہے اور اچھا مددگار ہے۔

سُوْرَةُ الْمُؤْمِنُوْنَ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ مِائَةٌ وَّثَمَانَ عَشْرَةَ اٰيَةً وَّسِتُّ رُكُوْعَاتٍ

سورۃ المؤمنون مکہ میں نازل ہوئی اس میں ایکسو اٹھارہ آیتیں اور چھ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے۔

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝١ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ

تحقیق فلاح پائی ایمان والوں نے۔ وہ جو بیچ

صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ ۝٢ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ

نماز اپنی کے زاری کرنے والے ہیں۔ اور وہ جو بے فائدہ بات سے

مُعْرِضُوْنَ ۝٣ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فٰعِلُوْنَ ۝٤

اور کام سے منہ پھیرنے والے ہیں۔ اور وہ جو واسطے زکوٰۃ کے ادا کرنے والے ہیں۔

وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ۝٥ اِلَّا عَلٰٓى

اور وہ جو واسطے شرمگاہ اپنی کے محافظت کرنے والے ہیں۔ مگر اوپر

اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ

بی بیوں اپنی کے یا جن کے مالک ہوئے داہنے ہاتھ اُن کے پس تحقیق وہ نہیں

مَلُوْمِيْنَ ۝٦ فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ

ملامت کیے گئے۔ پس کوئی کہ ڈھونڈے سوائے اس کے پس یہ لوگ وہی ہیں

الْعٰدُوْنَ ۝٧ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ

حد سے گزرنے والے۔ اور وہ جو امانتوں اپنی کو اور عہد اپنے کو

رٰعُوْنَ ۝٨ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۝٩

رعایت کرنیوالے ہیں۔ اور وہ جو اوپر نمازوں اپنی کے محافظت کرنے والے ہیں۔

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ ۝١٠ الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ

یہ لوگ وہی ہیں وارث۔ جو ورثہ لیویں گے بہشت۔

هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝١١ وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ

وہ بیچ اس کے ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ اور تحقیق پیدا کیا ہم نے آدمی کو

ع ۱۰ / ۱۶

موضح القرآن

ف ا انے تمہارا نام رکھا مسلمان یعنی اللہ نے یا ابراہیم نے پہلی دعائیں کہا کر مسلمان پیدا کر اور اس قرآن میں شاید انھیں کے مانگنے سے یہ نام پڑا ہوا اور تا رسول بتانے والا ہو یعنی پسند کیا تمکو اس واسطے کہ تم اور اُمتوں کو سکھاؤ اور رسول تمکو سکھاوے اور یہ اُمت جو سب سے پیچھے آئی سب کی نقل اس پر معلوم ہوئی سبکو راہ صحیح بتائی

۱۴۰۶ھ

مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِیْنٍ ﴿۱۲﴾ ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً
ستنی ہوئی یعنی بچتی مٹی سے ۔ پھر پیدا کیا ہمنے اُسکو ایک قطرہ منی کا

فِیْ قَرَارٍ مَّكِیْنٍ ﴿۱۳﴾ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً
بیچ جگہ مضبوط کے ۔ پھر پیدا کیا ہمنے منی کو لہو جما ہوا

فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا
پس پیدا کیا ہمنے لہو جمے ہوئے کو بوٹی گوشت کی پس پیدا کیا ہمنے بوٹی کو ہڈیاں پھر پہنا دیا ہمنے

الْعِظٰمَ لَحْمًا ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ
ہڈیوں کو گوشت پھر پیدا کیا ہمنے اُس کو پیدایش اور ۔ پس بہت برکت والا ہے اللہ

اَحْسَنُ الْخٰلِقِیْنَ ﴿۱۴﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ لَمَیِّتُوْنَ ﴿۱۵﴾
بہتر پیدا کرنے والوں کا ۔ پھر تحقیق تم پیچھے اس کے البتہ مرنے والے ہو ۔

ثُمَّ اِنَّكُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ تُبْعَثُوْنَ ﴿۱۶﴾ وَلَقَدْ خَلَقْنَا
پھر تحقیق تم دن قیامت کے اُٹھائے جاؤ گے ۔ اور البتہ تحقیق پیدا کیا ہمنے

فَوْقَكُمْ سَبْعَ طَرَآئِقَ ۖ وَمَا كُنَّا عَنِ الْخَلْقِ غٰفِلِیْنَ ﴿۱۷﴾
اُوپر تمہارے سات طبق راہوں والے اور نہیں ہیں ہم پیدایش سے غافل ۔

وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ فَاَسْكَنّٰهُ فِی الْاَرْضِ ۖ
اور اُتارا ہمنے آسمان کی طرف سے پانی ساتھ اندازے کے پس رکھا ہمنے اُسکو بیچ زمین کے

وَاِنَّا عَلٰى ذَهَابٍۢ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ ﴿۱۸﴾ فَاَنْشَاْنَا لَكُمْ
اور تحقیق ہم اوپر لیجانے اُسکے کے البتہ قادر ہیں ۔ پس نکالے ہمنے واسطے تمہارے

بِهٖ جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِیْلٍ وَّاَعْنَابٍ ۘ لَكُمْ فِیْهَا فَوَاكِهُ
ساتھ اس کے باغ کھجوروں کے اور انگوروں کے واسطے تمہارے بیچ اسکے میوے ہیں

كَثِیْرَةٌ وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَشَجَرَةً تَخْرُجُ مِنْ
بہت اور بعض اُن میں سے کھاتے ہو ۔ اور پیدا کیا درخت کو کہ نکلتا ہے

طُوْرِ سَیْنَآءَ تَنْۢبُتُ بِالدُّهْنِ وَصِبْغٍ لِّلْاٰكِلِیْنَ ﴿۲۰﴾
پہاڑ طور سینا سے کہ اُگتا ہے چکنائی کو اور سالن واسطے کھانے والوں کے ۔

وَاِنَّ لَكُمْ فِی الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ۚ نُسْقِیْكُمْ مِّمَّا فِیْ
اور تحقیق واسطے تمہارے بیچ چارپایوں کے البتہ نشانی ڈر کی ہے ۔ پلاتے ہیں تمکو ہم بعضی چیز کہ بیچ

بُطُونِهَا وَلَكُمْ فِيهَا مَنَافِعُ كَثِيرَةٌ وَمِنْهَا تَأْكُلُونَ ﴿٢١﴾

پیٹوں اُنکے کے ہے اور واسطے تمہارے بیچ اُسکے منافع ہیں بہت اور اسیں سے کھاتے ہو۔

وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُونَ ﴿٢٢﴾ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا

اور اُوپر اُنکے اور اُوپر کشتیوں کے سوار کئے جاتے ہو۔ اور البتہ تحقیق بھیجا ہم نے

ع ٢

نُوحًا إِلَىٰ قَوْمِهِ فَقَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُمْ

نوح کو طرف قوم اُس کی کے پس کہا نوح نے اے قوم میری عبادت کرو اللہ کو نہیں واسطے تمہارے

مِنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُ ۖ أَفَلَا تَتَّقُونَ ﴿٢٣﴾ فَقَالَ الْمَلَأُ الَّذِينَ

کوئی معبود سوائے اسکے۔ کیا پس نہیں ڈرتے ہو تم۔ پس کہا سرداروں نے وہ جو

كَفَرُوا مِنْ قَوْمِهِ مَا هَٰذَا إِلَّا بَشَرٌ مِثْلُكُمْ يُرِيدُ

کافر ہوئے تھے قوم اُس کی سے نہیں یہ مگر آدمی مانند تمہارے چاہتا ہے

أَنْ يَتَفَضَّلَ عَلَيْكُمْ وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ لَأَنْزَلَ مَلَائِكَةً

یہ کہ بڑائی کرے اُوپر تمہارے۔ اور اگر چاہتا اللہ اُتارتا فرشتے

مَا سَمِعْنَا بِهَٰذَا فِي آبَائِنَا الْأَوَّلِينَ ﴿٢٤﴾ إِنْ هُوَ إِلَّا

نہیں سُنا ہمنے یہ بیچ باپوں اپنے پہلے کے۔ نہیں وہ مگر

رَجُلٌ بِهِ جِنَّةٌ فَتَرَبَّصُوا بِهِ حَتَّىٰ حِينٍ ﴿٢٥﴾ قَالَ

ایک مرد کہ اس کو جنون ہے پس انتظار کرو اسکی ایک مدت تک۔ کہا اُس نے

رَبِّ انْصُرْنِي بِمَا كَذَّبُونِ ﴿٢٦﴾ فَأَوْحَيْنَا إِلَيْهِ أَنِ

اے رب میرے مدد دے مجھ کو بدلے اسکے کہ جھٹلاتے ہیں مجھ کو۔ پس وحی بھیجی ہمنے طرف اسکی یہ کہ

اصْنَعِ الْفُلْكَ بِأَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا فَإِذَا جَاءَ أَمْرُنَا وَ

بنا کشتی کو ساتھ آنکھوں ہماری کے اور وحی ہماری کے پس جس وقت آوے حکم ہمارا اور

فَارَ التَّنُّورُ ۙ فَاسْلُكْ فِيهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ

جوش مارے تنور پس بٹھا لے بیچ اسکے ہر قسم سے جوڑا دو عدد

وَأَهْلَكَ إِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ مِنْهُمْ ۖ وَلَا

اور لوگوں اپنے کو مگر وہ شخص کہ گزری ہو اُوپر اسکے بات اُن میں سے۔ اور مت

تُخَاطِبْنِي فِي الَّذِينَ ظَلَمُوا ۖ إِنَّهُمْ مُغْرَقُونَ ﴿٢٧﴾

کہو مجھ سے بیچ اُن لوگوں کے کہ ظلم کرتے ہیں۔ تحقیق وہ غرق کئے جاویں گے۔

فَإِذَا اسْتَوَيْتَ أَنْتَ وَمَنْ مَّعَكَ عَلَى الْفُلْكِ فَقُلِ

پس جس وقت سوار ہو تو اور جو کوئی ساتھ تیرے ہیں اوپر کشتی کے پس کہو

الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ نَجّٰنَا مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۸﴾

سب تعریف واسطے اللہ کے ہے جس نے نجات دی ہمکو قوم ظالموں کی سے ۔

وَقُلْ رَّبِّ أَنْزِلْنِيْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّأَنْتَ خَيْرُ

اور کہہ اے رب میرے اُتار مجھ کو اُتارنا مُبارک اور تو بہتر

الْمُنْزِلِيْنَ ﴿۲۹﴾ إِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ وَّإِنْ كُنَّا

اُتارنے والا ہے ۔ تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانیاں ہیں اور تحقیق ہیں ہم

لَمُبْتَلِيْنَ ﴿۳۰﴾ ثُمَّ أَنْشَأْنَا مِنْ بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِيْنَ ﴿۳۱﴾

البتہ آزمایش کرنے والے ۔ پھر پیدا کئے ہم نے پیچھے اُن سے قرن اور ۔

فَأَرْسَلْنَا فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ أَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ

پس بھیجا ہم نے بیچ اُن کے رسول اُن میں سے یہ کہ عبادت کرو اللہ کو نہیں واسطے تمھارے

مِّنْ إِلٰهٍ غَيْرُهٗ ط أَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۳۲﴾ وَقَالَ الْمَلَأُ مِنْ

کوئی معبود سوائے اس کے ۔ کیا پس نہیں ڈرتے ۔ اور کہا سرداروں نے

قَوْمِهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ وَ

قوم اس کی سے جو کافر ہوئے تھے اور جھٹلاتے تھے ملاقات آخرت کی کو اور

أَتْرَفْنٰهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مَا هٰذَا إِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ

دولت دی تھی ہم نے اُن کو بیچ زندگانی دنیا کے نہیں یہ مگر آدمی مانند تمھارے

يَأْكُلُ مِمَّا تَأْكُلُوْنَ مِنْهُ وَيَشْرَبُ مِمَّا تَشْرَبُوْنَ ﴿۳۳﴾

کھاتا ہے اُس چیز سے کہ کھاتے ہو تم اسمیں سے اور پیتا ہے اُس چیز سے کہ پیتے ہو تم ۔

وَلَئِنْ أَطَعْتُمْ بَشَرًا مِّثْلَكُمْ إِنَّكُمْ إِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿۳۴﴾

اور اگر اطاعت کرو گے تم ایک آدمی مانند اپنے کی تحقیق تم اسوقت البتہ زیان پانے والے ہو ۔

أَيَعِدُكُمْ أَنَّكُمْ إِذَا مِتُّمْ وَكُنْتُمْ تُرَابًا وَّعِظَامًا أَنَّكُمْ

کیا وعدہ دیتا ہے تمکو یہ کہ جس وقت مر جاؤ گے اور ہو جاؤ گے تم مٹی اور ہڈیاں یہ کہ تم

مُّخْرَجُوْنَ ﴿۳۵﴾ هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ لِمَا تُوْعَدُوْنَ ﴿۳۶﴾

نکالے جاؤ گے ۔ دور ہے دور ہے جو کچھ وعدہ دئیے جاتے ہو تم ۔

إِنْ هِيَ إِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوتُ وَنَحْيَا وَمَا نَحْنُ

نہیں ہے مگر زندگانی ہماری دُنیا کی مرتے ہیں ہم اور جیتے ہیں ہم اور نہیں ہم

بِمَبْعُوثِينَ ﴿۳۷﴾ إِنْ هُوَ إِلَّا رَجُلٌ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ

اُٹھائے جاویں گے۔ نہیں وہ مگر ایک مرد کہ باندھ لیا ہے اُس نے اُوپر اللہ کے

كَذِبًا وَمَا نَحْنُ لَهُ بِمُؤْمِنِينَ ﴿۳۸﴾ قَالَ رَبِّ

جھوٹ اور نہیں ہم واسطے اُس کے ایمان لانے والے۔ کہا اے پروردگار میرے

انْصُرْنِي بِمَا كَذَّبُونِ ﴿۳۹﴾ قَالَ عَمَّا قَلِيلٍ لَيُصْبِحُنَّ

مدد دے مجھ کو بیچ اُس چیز کے کہ جھٹلاتے ہیں مجھ کو۔ کہا اس چیز سے کہ تھوڑی دیر ہیں ہو جاویں گے

نَادِمِينَ ﴿۴۰﴾ فَأَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ بِالْحَقِّ فَجَعَلْنَاهُمْ

پشیمان۔ پس پکڑا اُن کو آواز تند نے ساتھ حق کے پس کر دیا ہم نے اُن کو

غُثَاءً ۚ فَبُعْدًا لِلْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ﴿۴۱﴾ ثُمَّ أَنْشَأْنَا مِنْ

ریزہ ریزہ۔ پس لعنت ہے واسطے قوم ظالموں کے ف۔ پھر پیدا کیے ہم نے

بَعْدِهِمْ قُرُونًا آخَرِينَ ﴿۴۲﴾ مَا تَسْبِقُ مِنْ أُمَّةٍ

پیچھے اُن کے قرن اور۔ نہیں آگے نکل جاتی کوئی اُمت

أَجَلَهَا وَمَا يَسْتَأْخِرُونَ ﴿۴۳﴾ ثُمَّ أَرْسَلْنَا رُسُلَنَا تَتْرَا ۖ

وقت اپنے سے اور نہ پیچھے رہ جاتی ہے۔ پھر بھیجے ہم نے پیغمبر اپنے پے در پے۔

كُلَّمَا جَاءَ أُمَّةً رَسُولُهَا كَذَّبُوهُ فَأَتْبَعْنَا بَعْضَهُمْ

جب آتا تھا کسی اُمت کے پاس پیغمبر اُسکا جھٹلاتے تھے اُسکو پس پیچھے کیا ہم نے بعضوں کو

بَعْضًا وَجَعَلْنَاهُمْ أَحَادِيثَ ۚ فَبُعْدًا لِقَوْمٍ لَا

بعضوں کے یعنی ہلاک کرنے میں اور کیا ہم نے اُنکو باتیں پس لعنت ہے واسطے اُس قوم کو کہ نہیں

يُؤْمِنُونَ ﴿۴۴﴾ ثُمَّ أَرْسَلْنَا مُوسَىٰ وَأَخَاهُ هَارُونَ ۙ

ایمان لاتے۔ پھر بھیجا ہم نے موسےٰ کو اور بھائی اُس کے ہارون کو

بِآيَاتِنَا وَسُلْطَانٍ مُبِينٍ ﴿۴۵﴾ إِلَىٰ فِرْعَوْنَ وَمَلَئِهِ

ساتھ نشانیوں اپنی کے اور معجزے ظاہر کے۔ طرف فرعون کی اور سرداروں اُسکے کی

فَاسْتَكْبَرُوا وَكَانُوا قَوْمًا عَالِينَ ﴿۴۶﴾ فَقَالُوا أَنُؤْمِنُ

پس تکبر کیا اُنھوں نے اور تھے قوم سرکش۔ پس کہا اُنھوں نے کیا ایمان لاویں ہم

موضح القرآن

ف اس سے معلوم ہوتا ہے یہ قصہ ہے ثمود کا چنگھاڑ سے وہی مرے ہیں ۱۲ منہ

لِبَشَرَيْنِ مِثْلِنَا وَقَوْمُهُمَا لَنَا عٰبِدُوْنَ ۝۴۷

واسطے دو آدمی کے مانند ہمارے اور قوم اُن کی واسطے ہمارے بندگی کرنیوالے ہیں۔

فَكَذَّبُوْهُمَا فَكَانُوْا مِنَ الْمُهْلَكِيْنَ ۝۴۸ وَلَقَدْ

پس جھٹلایا اُن دونو کو پس ہو گئے ہلاک کئے گیوں سے۔ اور البتہ تحقیق

اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ۝۴۹ وَجَعَلْنَا

دی ہمنے موسیٰ کو کتاب تاکہ وہ ہدایت پاویں۔ اور کیا ہم نے

ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗۤ اٰيَةً وَّاٰوَيْنٰهُمَاۤ اِلٰى رَبْوَةٍ ذَاتِ

بیٹے مریم کے کو اور ماں اُسکی کو نشانی اور جگہ دی ہمنے دونو کو طرف زمین بلند کی

قَرَارٍ وَّمَعِيْنٍ ۝۵۰ يٰۤاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ

جگہ رہنے کی اور پانی جاری کی ف۱۔ اے پیغمبرو کھاؤ پاکیزہ چیزوں سے

وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ؕ اِنِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ۝۵۱ وَاِنَّ

اور کام کرو اچھے۔ تحقیق میں ساتھ اسچیز کے کہ کرتے ہو تم جاننے والا ہوں ف۲۔ اور تحقیق

هٰذِهٖۤ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاتَّقُوْنِ ۝۵۲

یہ اُمت تمہاری اُمت ایک ہے اور میں ہوں پروردگار تمہارا پس ڈرو مجھ سے۔

فَتَقَطَّعُوْۤا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ زُبُرًا ؕ كُلُّ حِزْبٍۭ بِمَا لَدَيْهِمْ

پس کاٹ لیا انھوں نے کام اپنا درمیان اپنے ٹکڑے ٹکڑے ہر ایک گروہ ساتھ اسچیز کے کہ پاس

فَرِحُوْنَ ۝۵۳ فَذَرْهُمْ فِيْ غَمْرَتِهِمْ حَتّٰى حِيْنٍ ۝۵۴

اُنکے ہے خوش ہیں ف۳۔ پس چھوڑ دے اُنکو بیچ غفلت اُن کی کے ایک مدت تک۔

اَيَحْسَبُوْنَ اَنَّمَا نُمِدُّهُمْ بِهٖ مِنْ مَّالٍ وَّبَنِيْنَ ۝۵۵

کیا گمان کرتے ہیں یہ کہ جو کچھ کہ مدد دیتے ہیں ہم اُنکو ساتھ اُسکے مال سے اور بیٹوں سے۔

نُسَارِعُ لَهُمْ فِي الْخَيْرٰتِ ؕ بَلْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ۝۵۶ اِنَّ

شتابی کرتے ہیں واسطے اُن کے بیچ بھلائیوں کے۔ بلکہ نہیں سمجھتے۔ تحقیق

الَّذِيْنَ هُمْ مِّنْ خَشْيَةِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ۝۵۷ وَ

جو لوگ کہ وہ ڈر پروردگار اپنے کے سے ڈرنے والے ہیں۔ اور

الَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ ۝۵۸ وَالَّذِيْنَ هُمْ

جو لوگ کہ وہ ساتھ نشانیوں پروردگار اپنے کے ایمان لاتے ہیں۔ اور جو لوگ کہ وہ

موضح القرآن

ف۱ حضرت عیسیٰ جب ماں سے پیدا ہوئے اس وقت کے بادشاہ نے نجومیوں سے سنا کہ بنی اسرائیل کا بادشاہ پیدا ہوا وہ دشمن ہوا ان کی تلاش میں پڑا انکو بشارت ہوئی کہ اسکے ملک سے نکلجاؤ نکلکر مصر کے ملک میں گئے ایک گاؤں کے زمیندار نے حضرت مریم کو اپنی بیٹی کر رکھا جب حضرت عیسیٰ جوان ہوئے ہر طرف بادشاہ مرچکا تب پھر آئے اپنے وطن کو وہ گاؤں تھا ٹیلے اور پانی وہاں کا خوب تھا۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۲ یعنی سب رسولوں کے دین میں یہی ایک حکم ہو کہ حلال کھانا حلال راہ کو کما کر اور نیک کام کرنا نیک کام سب خلق جانتے ہیں۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۳ ہر پیغمبر کے ہاتھ اللہ نے جو اس وقت کے

(باقی صفحہ ۴۶۹ پر)

بِرَبِّهِمْ لَا يُشْرِكُوْنَ ﴿٥٩﴾ وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا
ساتھ پروردگار اپنے کے نہیں شریک لاتے ہیں۔ اور وہ لوگ کہ دیتے ہیں جو کچھ دیئے گئے
وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ ﴿٦٠﴾
اور دل اُن کے ڈرتے ہیں اس سے کہ وہ طرف پروردگار اپنے کے پھر جانیوالے ہیں ف۱
اُولٰٓئِكَ يُسٰرِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ وَهُمْ لَهَا سٰبِقُوْنَ ﴿٦١﴾
یہ لوگ جلدی کرتے ہیں بیچ بھلائیوں کے اور وہ طرف اُن کی آگے نکل جانیوالے ہیں۔
وَلَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا وَلَدَيْنَا كِتٰبٌ
اور نہیں تکلیف دیتے ہم کسی جی کو مگر موافق طاقت اُسکی کے اور نزدیک ہمارے کتاب ہے
يَّنْطِقُ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿٦٢﴾ بَلْ قُلُوْبُهُمْ
کہ بولتی ہے ساتھ حق کے اور وہ نہیں ظلم کئے جاتے۔ بلکہ دل اُن کے
فِيْ غَمْرَةٍ مِّنْ هٰذَا وَلَهُمْ اَعْمَالٌ مِّنْ دُوْنِ ذٰلِكَ
بیچ غفلت کے ہیں اس سے اور واسطے اُن کے عمل ہیں سوائے اس کے
هُمْ لَهَا عٰمِلُوْنَ ﴿٦٣﴾ حَتّٰٓى اِذَآ اَخَذْنَا مُتْرَفِيْهِمْ
وہ اس کو کرنے والے ہیں۔ یہاں تک کہ جب پکڑا ہمنے دولتمندوں اُن کے کو
بِالْعَذَابِ اِذَا هُمْ يَجْئَرُوْنَ ﴿٦٤﴾ لَا تَجْئَرُوا الْيَوْمَ
ساتھ عذاب کے ناگہاں وہ زاری کرتے ہیں۔ مت زاری کرو آج
اِنَّكُمْ مِّنَّا لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿٦٥﴾ قَدْ كَانَتْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ
تحقیق تم ہمسے نہیں مدد دیئے جاؤگے۔ تحقیق تھیں آیتیں میری کہ پڑھی جاتی تھیں اوپر تمہارے
فَكُنْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ تَنْكِصُوْنَ ﴿٦٦﴾ مُسْتَكْبِرِيْنَ
پس تھے تم اوپر ایڑیوں اپنی کے پھر جاتے۔ تکبر کرتے ہوئے
بِهٖ سٰمِرًا تَهْجُرُوْنَ ﴿٦٧﴾ اَفَلَمْ يَدَّبَّرُوا الْقَوْلَ اَمْ
ساتھ اسکے افسانہ گوئی کرتے ہوئے بیہودہ بکتے تھے۔ کیا پس نہیں فکر کی انھوں نے بات میں یا
جَآءَهُمْ مَّا لَمْ يَاْتِ اٰبَآءَهُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٦٨﴾ اَمْ لَمْ
آیا ہے اُن کے پاس جو کچھ کہ نہ آیا تھا باپوں اُن کے پہلے کے پاس ف۲۔ یا نہیں
يَعْرِفُوْا رَسُوْلَهُمْ فَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿٦٩﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ
پہچانا اُنھوں نے پیغمبر اپنے کو پس وہ واسطے اسکے انکار کرنیوالے ہیں ف۳۔ یا کہتے ہیں کہ

(بقیہ صفحہ ۴٦٧) لوگوں میں بگاڑ تھا اس کا سنوار فرمایا ہے پیچھے لوگوں نے جانا انکا حکم جدا جدا ہے آخر ہمارے پیغمبر کے ہاتھ سب بگاڑ کا سنوار کھل بتا دیا اب سب دین مل کر ایک دین ہوگیا۔ ۱۲ منہ رح۔

موضح القرآن

ف۱ یعنی کیا جانے ہاں قبول ہوا نہ ہوا آگے کام آوے نہ آوے دیتے ہیں یعنی اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی نصیحت کرنے والے ہمیشہ ہوتے رہے ہیں پیغمبر ہوئے یا پیغمبر کے تابع ہوئے ۱۲ منہ رح

ف۳ یعنی ہمیشہ اس رسول کی خو اور خصلت سے واقف ہیں اور اس سانچ اور نیکی جان رہے ہیں۔ ۱۲ منہ رح۔

بِهٖ جِنَّةٌ ۭ بَلْ جَاۗءَهُمْ بِالْحَقِّ وَاَكْثَرُهُمْ لِلْحَقِّ
اس کو جنون ہے۔ بلکہ لایا ہے اُن کے پاس حق اور اکثر اُن کے حق کو
كٰرِهُوْنَ ﴿۷۰﴾ وَلَوِ اتَّبَعَ الْحَقُّ اَهْوَاۗءَهُمْ لَفَسَدَتِ
ناخوش رکھنے والے ہیں۔ اور اگر پیروی کرے حق خواہشوں اُن کی کی البتہ بگڑ جاویں
السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ ۭ بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِذِكْرِهِمْ
آسمان اور زمین اور جو کوئی بیچ اُن کے ہے۔ بلکہ لائے ہیں ہم اُن کے پاس ذکر اُن کا
فَهُمْ عَنْ ذِكْرِهِمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۷۱﴾ اَمْ تَسْـَٔــلُهُمْ خَرْجًا
پس وہ ذکر اپنے سے منہ پھیرتے ہیں۔ یا مانگتا ہے تو اُن سے مال
فَخَرَاجُ رَبِّكَ خَيْرٌ ڰ وَّهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۷۲﴾ وَاِنَّكَ
پس مال پروردگار تیرے کا بہتر ہے اور وہ بہتر ہے رزق دینے والا۔ اور تحقیق تو
لَتَدْعُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۷۳﴾ وَاِنَّ الَّذِيْنَ
بلاتا ہے اُن کو طرف راہ سیدھی کے۔ اور تحقیق وہ لوگ کہ
لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ عَنِ الصِّرَاطِ لَنٰكِبُوْنَ ﴿۷۴﴾
نہیں ایمان لاتے ساتھ آخرت کے راہ سے البتہ مڑ جانے والے ہیں۔
وَلَوْ رَحِمْنٰهُمْ وَكَشَفْنَا مَا بِهِمْ مِّنْ ضُرٍّ لَّـلَجُّوْا فِيْ
اور اگر مہربانی کریں ہم اوپر اُنکے اور کھول دیں ہم جو کچھ ساتھ اُنکے ہے سختی سے البتہ اصرار کریں بیچ
طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۷۵﴾ وَلَقَدْ اَخَذْنٰهُمْ بِالْعَذَابِ
سرکشی اپنی کے سرگرداں ہوتے ہوئے ف۱۔ اور البتہ تحقیق پکڑا تھا ہمنے اُن کو ساتھ عذاب کے
فَمَا اسْتَكَانُوْا لِرَبِّهِمْ وَمَا يَتَضَرَّعُوْنَ ﴿۷۶﴾ حَتّٰٓي
پس نہ گڑگڑائے وہ طرف پروردگار اپنے کی اور نہ عاجزی کی۔ یہاں تک کہ
اِذَا فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا ذَا عَذَابٍ شَدِيْدٍ اِذَا هُمْ فِيْهِ
جب کھول دیا ہمنے اُوپر اُن کے دروازہ عذاب سخت کا ناگہاں وہ بیچ اس کے
مُبْلِسُوْنَ ﴿۷۷﴾ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ
ناامید ہیں ف۲۔ اور وہی ہے جس نے پیدا کی واسطے تمہارے شنوائی اور بینائی
وَالْاَفْـِٕدَةَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۸﴾ وَهُوَ الَّذِيْ
اور دل۔ تھوڑا سا شکر کرتے ہو۔ اور وہ ہے جس نے

موضح القرآن

ف۱ حضرت کی دعا سے ایکبار مکے کے لوگوں پر قحط پڑا تھا پھر حضرت ہی کی دعا سے کھلا شاید آگے فرمایا۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ شاید وہ دروازہ لڑائیوں کا کھلا جس میں تھک کر عاجز ہوگئے۔ ۱۲ منہ رح

ذَرَاَكُمْ فِي الْاَرْضِ وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿٧٩﴾ وَهُوَ الَّذِيْ

پھیلایا تمکو بیچ زمین کے اور طرف اُسی کی اِکٹھے کیے جاؤ گے۔ اور وہ ہے کہ

يُحْيٖ وَيُمِيْتُ وَلَهُ اخْتِلَافُ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ۭ اَفَلَا

جِلاتا ہے اور مارتا ہے اور واسطے اسی کے ہے پھر آنا رات کا اور دن کا۔ کیا پس نہیں

تَعْقِلُوْنَ ﴿٨٠﴾ بَلْ قَالُوْا مِثْلَ مَا قَالَ الْاَوَّلُوْنَ ﴿٨١﴾ قَالُوْٓا

سمجھتے تم۔ بلکہ کہا انھوں نے جیسا کہا تھا پہلوں نے۔ کہتے ہیں

ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿٨٢﴾

کیا جب مر جاویں گے ہم اور ہو جاویں گے ہم مٹی اور ہڈیاں کیا ہم اُٹھائے جاویں گے۔

لَقَدْ وُعِدْنَا نَحْنُ وَاٰبَاۗؤُنَا هٰذَا مِنْ قَبْلُ اِنْ

البتہ تحقیق وعدہ دیے گئے ہم اور باپ ہمارے یہ بات پہلے اس سے نہیں

هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٨٣﴾ قُلْ لِّمَنِ الْاَرْضُ

یہ مگر کہانیاں پہلوں کی۔ کہہ واسطے کس کے ہے زمین

وَمَنْ فِيْهَآ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٨٤﴾ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ

اور جو کوئی بیچ اس کے ہے اگر ہو تم جانتے۔ شتاب کہیں گے واسطے اللہ کے

قُلْ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿٨٥﴾ قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ

کہہ کیا پس نہیں نصیحت پکڑتے۔ کہہ کون ہے پروردگار آسمانوں

السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿٨٦﴾ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ

ساتوں کا اور پروردگار عرش بڑے کا۔ شتاب کہیں گے واسطے اللہ کے۔

قُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿٨٧﴾ قُلْ مَنْۢ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ

کہہ کیا پس نہیں ڈرتے۔ کہہ کون شخص ہے کہ بیچ ہاتھ اُسکے کے بادشاہی ہے ہر

شَيْءٍ وَّهُوَ يُجِيْرُ وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ

چیز کی اور وُہی پناہ دیتا ہے اور نہیں پناہ دیا جاتا برخلاف اُس کے اگر ہو تم

تَعْلَمُوْنَ ﴿٨٨﴾ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ۭ قُلْ فَاَنّٰى تُسْحَرُوْنَ ﴿٨٩﴾

جانتے۔ البتہ کہیں گے واسطے اللہ کے ہے۔ کہہ پس کہاں سے سحر کیے جاتے ہو۔

بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِالْحَقِّ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿٩٠﴾ مَا اتَّخَذَ

بلکہ لائے ہم اُن کے پاس حق اور تحقیق وہ البتہ جھوٹے ہیں۔ نہیں پکڑی

اللّٰهُ مِنْ وَّلَدٍ وَّمَا كَانَ مَعَهٗ مِنْ اِلٰهٍ اِذًا

اللہ نے اولاد اور نہیں ہے ساتھ اسکے کوئی معبود اس وقت

لَّذَهَبَ كُلُّ اِلٰهٍۢ بِمَا خَلَقَ وَلَعَلَا بَعْضُهُمْ عَلٰى

البتہ لیجاتا ہر ایک معبود اس چیز کو کہ پیدا کیا ہے اور البتہ چڑھائی کرتے بعضے اُنکے اُوپر

بَعْضٍ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۝۹۱ عٰلِمِ الْغَيْبِ

بعضوں کے پاک ہے اللہ اُس چیز سے کہ بیان کرتے ہیں۔ جاننے والا غیب کا

وَالشَّهَادَةِ فَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝۹۲ قُلْ رَّبِّ اِمَّا

اور حاضر کا پس بلند ہے اس چیز سے کہ شریک لاتے ہیں۔ کہہ اے رب میرے اگر

تُرِيَنِّيْ مَا يُوْعَدُوْنَ ۝۹۳ رَبِّ فَلَا تَجْعَلْنِيْ فِي الْقَوْمِ

دکھلاوے مجھ کو جو کچھ وعدہ دیئے جاتے ہیں۔ اے رب میرے پس مت کیجیو مجھ کو بیچ قوم

الظّٰلِمِيْنَ ۝۹۴ وَاِنَّا عَلٰٓى اَنْ نُّرِيَكَ مَا نَعِدُهُمْ

ظالموں کے ف۱۔ اور تحقیق ہم اُوپر اسکے کہ دکھلاویں تجھ کو جو وعدہ دیتے ہیں ہم انکو

لَقٰدِرُوْنَ ۝۹۵ اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ السَّيِّئَةَ ؕ

البتہ قادر ہیں۔ دور کر ساتھ اُس چیز کے کہ وہ بہت اچھی ہے برائی کو۔

نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَصِفُوْنَ ۝۹۶ وَقُلْ رَّبِّ اَعُوْذُ بِكَ

ہم خوب جانتے ہیں اس چیز کو کہ بیان کرتے ہیں۔ اور کہہ اے پروردگار میرے پناہ مانگتا ہوں میں ساتھ

مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ۝۹۷ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ

تیرے وسوسے ڈالنے شیطانوں کے سے۔ اور پناہ مانگتا ہوں میں تجھ سے اے رب میرے اس سے

يَّحْضُرُوْنِ ۝۹۸ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ

کہ حاضر ہوں میرے پاس ف۲۔ یہاں تک کہ جب آوے ایک کو اُن میں سے موت کہتا ہے

رَبِّ ارْجِعُوْنِ ۝۹۹ لَعَلِّيْٓ اَعْمَلُ صَالِحًا فِيْمَا تَرَكْتُ

اے رب میرے پھیر دے میرے تئیں طرف دنیا کی شاید کہ میں عمل کروں نیک بیچ اسکے کہ چھوڑ آیا ہوں

كَلَّا ؕ اِنَّهَا كَلِمَةٌ هُوَ قَآئِلُهَا ؕ وَمِنْ وَّرَآئِهِمْ بَرْزَخٌ

ہرگز نہیں تحقیق یہ ایک بات ہے کہ وہ کہنے والا ہے اُس کا اور ورے اُن سے پردہ ہے

اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ۝۱۰۰ فَاِذَا نُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَلَآ اَنْسَابَ

اُس دن تک کہ وہ اٹھائے جاویں گے ف۳۔ پس جب پھونکا جاویگا بیچ صور کے پس نہیں نسب

موضح القرآن

ع ۵ / ۱۵

ف۱ یعنی دنیا کی آفت میں شامل نہ کریو ۱۲ منہ

ف۲ پھیر شیطان کی یہی دین کے سوال جواب میں غصہ چڑھے اور ذاتی ہو جاوے اس پر فرمایا کہ برے کا جواب دے اس سے بہتر ۱۲ منہ

ف۳ معلوم ہوا جو لوگ کہتے ہیں آدمی مرکر پھر آتا ہے سب غلط ہے قیامت کو اٹھیں گے اس سے پہلے ہرگز نہیں ۱۲ منہ

بَيْنَهُمْ يَوْمَئِذٍ وَّلَا يَتَسَاءَلُوْنَ ﴿۱۰۱﴾ فَمَنْ ثَقُلَتْ
درمیان اُن کے اُس دن اور نہ ایکدوسرے کو پوچھیگا ف۱۔ پس جو شخص کہ بھاری ہوا
مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۲﴾ وَمَنْ خَفَّتْ
پلہ اُس کا پس یہ لوگ وُہی ہیں فلاح پانے والے۔ اور جو شخص کہ ہلکا ہوا
مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فِيْ
پلہ اُس کا پس یہ لوگ ہیں جنھوں نے ڈبا دیا جانوں اپنی کو بیچ
جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾ تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ النَّارُ وَهُمْ
دوزخ کے ہمیشہ رہیں گے۔ جھلس دیوے گی مُنھ اُن کے کو آگ اور وُہ
فِيْهَا كٰلِحُوْنَ ﴿۱۰۴﴾ اَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ
بیچ اسکے تیور چڑھاتے ہیں ف۲۔ کیا نہ تھیں نشانیاں میری پڑھی جاتیں اُوپر تمھارے
فَكُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ قَالُوْا رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا
پس تھے تم اُن کو جھٹلاتے۔ کہیں گے اے رب ہمارے غالب ائی اُوپر ہمارے
شِقْوَتُنَا وَكُنَّا قَوْمًا ضَآلِّيْنَ ﴿۱۰۶﴾ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا
بدبختی ہماری اور ہوئے ہم قوم گمراہ۔ اے پروردگار ہمارے نکال ہمکو
مِنْهَا فَاِنْ عُدْنَا فَاِنَّا ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۰۷﴾ قَالَ اخْسَئُوْا
اس سے پس اگر پھر کریں گے ہم پس تحقیق ہم ظالم ہیں۔ کہیگا دُور ہو
فِيْهَا وَلَا تُكَلِّمُوْنِ ﴿۱۰۸﴾ اِنَّهٗ كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْ
بیچ اس کے اور مت کلام کرو مجھ سے۔ تحقیق تھا ایک فرقہ
عِبَادِيْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَ
بندوں میرے سے کہ کہتے تھے اے پروردگار ہمارے ایمان لائے ہم پس بخش ہمکو اور رحمت کر ہمکو اور
اَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۰۹﴾ فَاتَّخَذْتُمُوْهُمْ سِخْرِيًّا حَتّٰٓى
تُو بہتر رحم کرنے والا ہے۔ پس پکڑا تھا تم نے اُن کو مسخرہ یہاں تک کہ
اَنْسَوْكُمْ ذِكْرِيْ وَكُنْتُمْ مِّنْهُمْ تَضْحَكُوْنَ ﴿۱۱۰﴾ اِنِّيْ
بھلا دیا تمکو اُنھوں نے یاد میری سے اور تھے تم اُن سے ہنستے۔ تحقیق میں نے
جَزَيْتُهُمُ الْيَوْمَ بِمَا صَبَرُوْٓا اَنَّهُمْ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿۱۱۱﴾
جزا دی اُن کو آج بسبب اس کے کہ صبر کرتے تھے یہ کہ وُہی ہیں مُراد پانے والے۔

موضح القرآن

ف۱ یعنی باپ بیٹا ایک دوسرے کے شامل نہیں ہر ایک کے اسکے عمل کا حساب ہے ۱۲ منہ رح

ف۲ جلتے جلتے بدن سُوج جاویگا نیچے کا ہونٹ ناف تک اور اُوپر کا کھوپری تک اور زبان گھسٹتی زمین میں لوگ اسکو روندتے ۱۲ منہ رح

قٰلَ كَمْ لَبِثْتُمْ فِي الْاَرْضِ عَدَدَ سِنِيْنَ ﴿۱۱۲﴾ قَالُوْا

کہے گا حق تعالےٰ کتنا رہے تھے تم بیچ زمین کے گنتی برسوں کی۔ کہیں گے

لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ فَسْـَٔلِ الْعَآدِّيْنَ ﴿۱۱۳﴾

رہے تھے ہم ایک دن یا ٹکڑا دن کا پس پوچھ لے گنتی والوں سے۔

قٰلَ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا لَّوْ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۱۴﴾

کہے گا نہیں رہے تھے تم مگر تھوڑے اگر ہوتے تم جانتے۔

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا

کیا پس گمان کیا تمنے یہ کہ پیدا کیا ہے ہمنے تمکو بے فائدہ اور یہ کہ تم طرف ہماری نہیں

تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ

پھر آؤ گے ف۱۔ پس بہت بلند ہے اللہ بادشاہ حق۔ نہیں کوئی معبود

اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ﴿۱۱۶﴾ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ

مگر وہ۔ پروردگار عرش کرامت والے کا۔ اور جو کوئی بلاوے ساتھ

اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ

اللہ کے معبود اور کوئی نہیں دلیل واسطے اسکے ساتھ اسکے پس سوائے اسکے نہیں کہ حساب اسکا

عِنْدَ رَبِّهٖ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَ

نزدیک پروردگار اسکے کے ہے تحقیق نہیں فلاح پانے والے کافر۔ اور

قُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۱۸﴾

کہہ اے پروردگار میرے بخش اور رحم کر اور تو بہتر رحم کرنے والوں کا ہے۔

سُوْرَةُ النُّوْرِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ اَرْبَعٌ وَّسِتُّوْنَ اٰيَةً وَّتِسْعُ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ نور مدینہ میں نازل ہوئی اس میں چونسٹھ آیتیں اور نو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے۔

سُوْرَةٌ اَنْزَلْنٰهَا وَفَرَضْنٰهَا وَاَنْزَلْنَا فِيْهَآ اٰيٰتٍۭ

یہ سورت ہے کہ اتارا ہے ہمنے اسکو اور لازم کیا ہمنے اسکو اور اتاریں ہمنے بیچ اسکے نشانیاں

بَيِّنٰتٍ لَّعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۱﴾ اَلزَّانِيَةُ وَالزَّانِيْ

بیان کرنیوالیاں تاکہ تم نصیحت پکڑو۔ زنا کرنے والی اور زنا کرنے والا

موضح القرآن

ف۱ یعنی فرشتوں سے جنھوں نے نیکی اور بدی لکھی ہے یہ بھی گنا ہوگا زمین میں رہنا یعنی قبر میں رہنا یا دنیا کی عمر یہ بھی وہاں تھوڑی نظر آویگی یہ پوچھنا ہوا ہے کو دنیا میں عذاب کی شتابی کرتے تھے اب جانا کہ شتاب ہی آیا۔ ۱۲ منہ رح۔

(ع ٦)

ف۲ یعنی دنیا میں تو نیکی اور بدی کا اثر نہیں ملتا اگر دوسرا دن نہ ہوتا ہے کا تو یہ سب کھیل تھا۔ ۱۲ منہ رح۔

فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ ۪ وَّلَا
پس مارو ہر ایک کو ان دونوں میں سے سو دُرّے اور نہ

تَاْخُذْكُمْ بِهِمَا رَاْفَةٌ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ
پکڑے تمکو بیچ حق اُن کے کے مہربانی بیچ دین خدا کے اگر ہو تم

تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۚ وَلْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا
ایمان لاتے ساتھ اللہ کے اور دن پچھلے کے ۔ اور چاہئیے کہ حاضر ہو عذاب کرنے پر ان دونو

طَآئِفَةٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ اَلزَّانِيْ لَا يَنْكِحُ اِلَّا
کے ایک جماعت مسلمانوں میں سے ۔ زنا کرنے والا نہیں نکاح کرتا مگر

زَانِيَةً اَوْ مُشْرِكَةً ۫ وَّالزَّانِيَةُ لَا يَنْكِحُهَآ اِلَّا
زنا کرنے والی کو یا بت پرست کو اور زنا کرنے والی نہیں نکاح کرتا اُس کو مگر

زَانٍ اَوْ مُشْرِكٌ ۚ وَحُرِّمَ ذٰلِكَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ ۝
زنا کرنے والا یا بت پرست ۔ اور حرام کیا گیا ہے یہ اُوپر مسلمانوں کے ف۱ ۔

وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَاْتُوْا بِاَرْبَعَةِ
اور جو لوگ کہ تہمت لگاتے ہیں پاک دامنوں کو پھر نہیں لاتے چار

شُهَدَآءَ فَاجْلِدُوْهُمْ ثَمٰنِيْنَ جَلْدَةً وَّلَا تَقْبَلُوْا
شاہد پس مارو اُن کو اسّی کوڑے اور مت قبول کرو

لَهُمْ شَهَادَةً اَبَدًا ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝
اُن کی شہادت کبھی ۔ اور یہ لوگ وُہی ہیں فاسق ف۲ ۔

اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْا ۚ فَاِنَّ
مگر جنھوں نے توبہ کی پیچھے اس کے اور سنور گئے ۔ پس تحقیق

اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ
اللہ بخشنے والا مہربان ہے ۔ اور جو لوگ تہمت لگاتے ہیں جوروؤں اپنیوں کو

وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ شُهَدَآءُ اِلَّآ اَنْفُسُهُمْ فَشَهَادَةُ
اور نہیں ہیں واسطے اُن کے شاہد مگر جانیں اُن کی پس گواہی

اَحَدِهِمْ اَرْبَعُ شَهٰدٰتٍۭ بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝
ایک کی اُن میں سے چار بار گواہیاں ساتھ قسم اللہ کے تحقیق وہ شخص البتہ سچوں سے ہے ۔

منزل ۴

مُوضح القرآن

ف۱ مرد اگر بدکار ہو تو عورت پارسا نہ بیاہ لاوے اور اگر نیک ہو تو عورت بدکار نہ لاوے دو واسطے ایک کہ اسکا کفو نہیں اسکو عار ہے دوسرے یہ کہ ایک سے دوسرے کو علت نہ لگجاوے لیکن اگر کرے تو درست ہے مگر مرد کو عورت بدکار نہیں درست جبتک بدکاری کرتی ہے اور اگر توبہ کرے تو درست ہے ۱۲ منہ رح

ف۲ قید والیاں یعنی کبھی انکو بری بات میں نہیں دیکھا اور یہی حکم ہے جو مرد کو عیب لگاوے عیب کہا ہے بدکاری کو ۔ ۱۲ منہ رح ۔

وَالْخَامِسَةُ أَنَّ لَعْنَتَ اللّٰهِ عَلَيْهِ إِنْ كَانَ مِنَ

اور پانچویں بار یہ کہ لعنت خدا کی ہے اُوپر اُس کے اگر ہو وے

الْكٰذِبِيْنَ ۝ وَيَدْرَؤُا عَنْهَا الْعَذَابَ أَنْ تَشْهَدَ

جھوٹوں سے۔ اور دفع کرتا ہے اس سے عذاب کو یہ کہ گواہی دیوے

أَرْبَعَ شَهٰدٰتٍ بِاللّٰهِ إِنَّهُ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝ وَ

چار گواہیاں ساتھ قسم خدا کے تحقیق یہ البتہ جھوٹوں میں سے ہے۔ اور

الْخَامِسَةَ أَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَآ إِنْ كَانَ مِنَ

پانچویں بار یہ کہ غضب خدا کا ہے اُوپر اُس کے اگر ہو یہ شخص

الصّٰدِقِيْنَ ۝ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ

سچوں سے۔ اور اگر نہ ہو فضل خدا کا اُوپر تمہارے اور رحمت اُس کی

وَأَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ حَكِيْمٌ ۝ إِنَّ الَّذِيْنَ جَآءُوْ بِالْإِفْكِ

اور یہ کہ اللہ توبہ قبول کرنیوالا حکمت والا ہوتا۔ تحقیق جو لوگ کہ لائے ہیں طوفان

عُصْبَةٌ مِّنْكُمْ ۚ لَا تَحْسَبُوْهُ شَرًّا لَّكُمْ ۚ بَلْ هُوَ

جماعت ہیں تمہیں میں سے۔ مت گمان کرو اُس کو بُرا واسطے اپنے۔ بلکہ وُہ

خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ مَّا اكْتَسَبَ مِنَ

بہتر ہے واسطے تمہارے واسطے ہر شخص کے ہے اُن میں سے جو کچھ کمایا

الْإِثْمِ ۚ وَالَّذِيْ تَوَلّٰى كِبْرَهُ مِنْهُمْ لَهُ عَذَابٌ

گناہ سے۔ اور جو شخص کہ متولی ہوا بڑی بات کا اُن میں سے واسطے اُس کے عذاب

عَظِيْمٌ ۝ لَوْلَآ إِذْ سَمِعْتُمُوْهُ ظَنَّ الْمُؤْمِنُوْنَ وَ

ہے بڑا۔ کیوں نہ جس وقت سُنا تم نے اُس کو گمان کیا ہوتا مسلمانوں نے اور

الْمُؤْمِنٰتُ بِأَنْفُسِهِمْ خَيْرًا ۙ وَّقَالُوْا هٰذَآ إِفْكٌ

مسلمانیوں نے ساتھ آپس لپنے کے اچھا اور کیوں نہ کہا انھوں نے یہ طوفان ہے

مُّبِيْنٌ ۝ لَوْلَا جَآءُوْ عَلَيْهِ بِأَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ ۚ فَإِذْ

ظاہر۔ کیوں نہیں لائے اُوپر اس کے چار شاہد۔ پس جس وقت

لَمْ يَأْتُوْا بِالشُّهَدَآءِ فَأُولٰٓئِكَ عِنْدَ اللّٰهِ هُمُ

نہ لائے شاہدوں کو پس یہ لوگ نزدیک اللہ کے وُہی ہیں

مُوضح القرآن

ف اسکے بعد ذکر ہے طوفان کا جو حضرت کے وقت ہوا تھا۔ حضرت عائشہ پیغمبر کیساتھ جہاد سے پھر سے آتے تھے رات کو کوچ ہوا نقارہ نہ ہوا ام المومنین جنگل گئی تھیں پیچھے رہ گئیں۔ ایک مسلمان لشکر سے پیچھے چلتا تھا۔ حضرت کے حرم کو گرا پڑا اُٹھانے کو انکو دیکھا تنہا رہ گئیں اونٹ پر سوار کیا آپ مہار پکڑ کر لشکر میں لا پہنچایا۔ تہمت منافقوں نے اپنا رُوسیاہ کرنے ایک مہینے تک یہ چرچا رہا پیغمبر بھی سُنتے بغیر تحقیق کچھ نہ کہتے لیکن دل میں خفا تھے مہینے کے بعد جب ام المومنین نے سُنا انکو نہایت غم اُٹھا روتے روتے دم نہ لیا تب اللہ تعالیٰ نے اگلی آیتیں بھیجیں دو رکوع تک۔

ف تمکو بہتر ہوا واسطے اللہ کے فرمانے سے اور تمکو بزرگی ملی اور جتنا کسی نے گناہ کیا اُس کو پہنچا بعضے خوشیاں کرکے کہتے بعضے افسوس کرکے بعضے چھیڑ کر مجلس میں چرچا اُٹھا دیتے آپ چپکے سُنا کرتے بعضے سُنکر تامل میں چُپ رہ جاتے اور بعضے جھٹلا دیتے۔ ان پچھلوں کو پسند کیا اور سب کو تھوڑا بہت الزام دیا اور بڑا بوجھ اُٹھایا عبداللہ بن اُبی نے منافقوں کا سردار ۔۔۔

ع ١٠ | ربع

الْكٰذِبُوْنَ ۝١٣ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ

جھوٹے ف۱ - اور اگر نہ ہوتا فضل خدا کا اوپر تمہارے اور رحمت اسکی

فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ لَمَسَّكُمْ فِيْ مَآ اَفَضْتُمْ فِيْهِ

بیچ دنیا کے اور آخرت کے البتہ لگتا تمکو بیچ اس چیز کے کہ شروع کیا تھا تم نے بیچ اس کے

عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝١٤ اِذْ تَلَقَّوْنَهٗ بِاَلْسِنَتِكُمْ وَتَقُوْلُوْنَ

عذاب بڑا ف۲ - جس وقت لیتے تھے تم اسکو ساتھ زبانوں اپنی کے اور کہتے تھے

بِاَفْوَاهِكُمْ مَّا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ وَّتَحْسَبُوْنَهٗ هَيِّنًا ۖ

ساتھ مونہوں اپنے کے وہ چیز کہ نہیں واسطے تمہارے ساتھ اسکے علم اور گمان کرتے تھے اسکو آسان

وَّهُوَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمٌ ۝١٥ وَلَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ

اور وہ نزدیک اللہ کے بڑا ہے - اور کیوں نہ جس وقت سنا تم نے اس کو

قُلْتُمْ مَّا يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّتَكَلَّمَ بِهٰذَا ۖ سُبْحٰنَكَ

کہا ہوتا تم نے نہیں لائق ہمکو کہ بولیں یہ بات پاکی ہے تجھکو

هٰذَا بُهْتَانٌ عَظِيْمٌ ۝١٦ يَعِظُكُمُ اللّٰهُ اَنْ تَعُوْدُوْا

یہ بہتان ہے بڑا - نصیحت کرتا ہے تمکو اللہ اس سے کہ پھر کرو تم

لِمِثْلِهٖٓ اَبَدًا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝١٧ وَيُبَيِّنُ اللّٰهُ

ایسا کام کبھی اگر ہو تم ایمان والے - اور بیان کرتا ہے اللہ

لَكُمُ الْاٰيٰتِ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝١٨ اِنَّ الَّذِيْنَ

واسطے تمہارے نشانیاں - اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے ف۳ - تحقیق وہ لوگ کہ

يُحِبُّوْنَ اَنْ تَشِيْعَ الْفَاحِشَةُ فِي الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَهُمْ

دوست رکھتے ہیں یہ کہ پھیلے بے حیائی بیچ مسلمانوں کے واسطے انکے ہے

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۙ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَ

عذاب درد دینے والا بیچ دنیا کے اور آخرت کے - اور اللہ جانتا ہے اور

اَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝١٩ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَ

تم نہیں جانتے - اور اگر نہ ہوتا فضل اللہ کا اوپر تمہارے اور

رَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝٢٠ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

رحمت اس کی اور یہ کہ اللہ شفقت کرنے والا مہربان ہے - اے لوگو

موضح القرآن

ف۱ چاہئے مسلمان جب سنے کہ لوگ ایک نیک شخص کو بری تہمتیں لگاتے ہیں انکو جھٹلاوے پیغمبر نے فرمایا جو کوئی پیٹھ پیچھے بھائی مسلمان کی مدد کرے اللہ پیٹھ پیچھے اسکی مدد کرے اور بے تحقیق تہمتیں کرنی ایمان سے بعید ہیں ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی اللہ نے اس امت کو پیغمبر کے طفیل دنیا کے عذابوں سے بچایا ہے نہیں تو یہ بات قابل تھی عذاب کے ۱۲ منہ رح

ف۳ یعنی پتا اس کا کہ یہ طوفان اٹھایا کس نے معلوم ہوا کہ منافقوں نے جو ہمیشہ چھپے دشمن تھے اگلی آیت میں پتا بتادیا ۱۲ منہ رر.

النصف ع ۲ ۸

اٰمَنُوْا لَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ۚ وَمَنْ يَّتَّبِعْ

جو ایمان لائے ہو مت پیروی کرو قدموں شیطان کی ۔ اور جو کوئی پیروی کرے گا

خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ فَاِنَّهٗ يَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ ۚ

قدموں شیطان کی پس تحقیق وہ حکم کرتا ہے ساتھ بے حیائی کے اور نامعقول کے ۔

وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ مَا زَكٰى مِنْكُمْ

اور اگر نہ ہوتا فضل اللہ کا اوپر تمہارے اور رحمت اس کی نہ پاک ہوتا تم میں سے

مِّنْ اَحَدٍ اَبَدًا ۙ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَاللّٰهُ

کوئی کبھی ولیکن اللہ ہی پاک کرتا ہے جس کو چاہے ۔ اور اللہ

سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۱﴾ وَلَا يَاْتَلِ اُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ

سننے والا جاننے والا ہے ۔ اور نہ قسم کھاویں صاحب بزرگی کے تم میں سے

وَالسَّعَةِ اَنْ يُّؤْتُوْۤا اُولِي الْقُرْبٰى وَالْمَسٰكِيْنَ

اور کشایش کے یہ کہ دیویں صاحب قرابت کو اور فقیروں کو

وَالْمُهٰجِرِيْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۖ وَلْيَعْفُوْا وَلْيَصْفَحُوْا ۗ

اور وطن چھوڑنے والوں کو بیچ راہ اللہ کے اور چاہیے کہ معاف کریں اور درگذر کریں

اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ ۗ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ

کیا نہیں دوست رکھتے تم یہ کہ بخش دیوے تمکو اللہ ۔ اور اللہ بخشنے والا

رَّحِيْمٌ ﴿۲۲﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ الْغٰفِلٰتِ

مہربان ہے ف۔ تحقیق وہ لوگ کہ تہمت لگاتے ہیں پاک دامنوں کو بے خبر

الْمُؤْمِنٰتِ لُعِنُوْا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۪ وَلَهُمْ عَذَابٌ

ایمان والیوں کو لعنت کی گئی ان کو بیچ دنیا کے اور آخرت کے اور واسطے ان کے عذاب

عَظِيْمٌ ﴿۲۳﴾ يَّوْمَ تَشْهَدُ عَلَيْهِمْ اَلْسِنَتُهُمْ وَاَيْدِيْهِمْ

ہے بڑا ۔ اس دن گواہی دیں گے اوپر ان کے زبانیں ان کی اور ہاتھ ان کے

وَاَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۲۴﴾ يَوْمَئِذٍ يُّوَفِّيْهِمُ

اور پاؤں ان کے ساتھ اس چیز کے کہ تھے کرتے ۔ اس دن پوری دیگا ان کو

اللّٰهُ دِيْنَهُمُ الْحَقَّ وَيَعْلَمُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ

اللہ جزا حق ان کی اور جان لیویں گے یہ کہ اللہ وہی ہے حق

موضح القرآن

ف جب طوفان دینے والے جھوٹے پڑے اور انکو حد ماری گئی اسی کوڑے۔ جو ان میں دو تین مسلمان تھے ایک شخص تھا مسطح ابوبکر صدیق کا بھانجا مفلس انکی خبر لیتے تھے اسنے قسم کھائی دا سلوک میں کچھ دونگا اللہ نے انکی سفارش کردی وہ تھا مہاجرین اہل بدر سے بڑائی والے کہا صدیق اکبر کو جو انکی برائی نہ مانے وہ اسنے جتنا تب بعد انھوں نے قسم لی [illegible] دیتا تھا [illegible]

الْمُبِيْنُ ﴿۲۵﴾ اَلْخَبِيْثٰتُ لِلْخَبِيْثِيْنَ وَالْخَبِيْثُوْنَ
بیان کرنے والا۔ خبیث عورتیں واسطے خبیث مردوں کے ہیں اور خبیث مرد
لِلْخَبِيْثٰتِ ۚ وَالطَّيِّبٰتُ لِلطَّيِّبِيْنَ وَالطَّيِّبُوْنَ
واسطے خبیث عورتوں کے ہیں اور پاک عورتیں واسطے پاک مردوں کے ہیں اور پاک مرد
لِلطَّيِّبٰتِ ۚ اُولٰٓئِكَ مُبَرَّءُوْنَ مِمَّا يَقُوْلُوْنَ ۗ لَهُمْ
واسطے پاک عورتوں کے ہیں۔ یہ لوگ پاک ہیں اُس چیز سے کہ کہتے ہیں۔ واسطے اُنکے
مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿۲۶﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
بخشش ہے اور روزی ہے باکرات ف۱۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو
لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ بُيُوْتِكُمْ حَتّٰى تَسْتَاْنِسُوْا
مت داخل ہو گھروں میں سوائے گھروں اپنوں کے یہاں تک کہ اذن لو
وَتُسَلِّمُوْا عَلٰٓى اَهْلِهَا ۚ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ لَعَلَّكُمْ
اور سلام کرو اُوپر رہنے والوں اُن کے۔ یہ بہتر ہے واسطے تمہارے تاکہ تم
تَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۷﴾ فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فِيْهَآ اَحَدًا فَلَا
نصیحت پکڑو ف۲۔ پس اگر نہ پاؤ بیچ اُن کے کسی کو پس مت
تَدْخُلُوْهَا حَتّٰى يُؤْذَنَ لَكُمْ ۚ وَاِنْ قِيْلَ لَكُمُ ارْجِعُوْا
داخل ہو اُنہیں یہاں تک کہ اذن دیا جاوے واسطے تمہارے اور اگر کہا جاوے واسطے تمہارے پھر جاؤ
فَارْجِعُوْا هُوَ اَزْكٰى لَكُمْ ۚ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ﴿۲۸﴾
پس پھر جاؤ وہ پاکیزہ ہے واسطے تمہارے اور اللہ ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم جاننے والا ہے ف۳۔
لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ
نہیں اُوپر تمہارے گناہ یہ کہ داخل ہو گھروں میں کہ کوئی نہیں
مَسْكُوْنَةٍ فِيْهَا مَتَاعٌ لَّكُمْ ۚ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَ
رہتا اُن میں بیچ اُن کے دھرا ہے اسباب تمہارا۔ اور اللہ جانتا ہے جو کچھ ظاہر کرتے ہو اور
مَا تَكْتُمُوْنَ ﴿۲۹﴾ قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ
جو کچھ چھپاتے ہو ف۴۔ کہہ واسطے مسلمان مردوں کے کہ بند کریں آنکھیں اپنی
وَيَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ۚ ذٰلِكَ اَزْكٰى لَهُمْ ۚ اِنَّ اللّٰهَ
اور محافظت کریں شرمگاہوں اپنی کی۔ یہ بہت پاکیزہ ہے واسطے اُنکے۔ تحقیق اللہ

موضح القرآن

ف۱ ابن عباس نے کہا کسی پیغمبر کی عورت بدکار نہیں ہوئی یعنی اللہ انکی ناموس تھامتا ہے ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی بےخبر کسی کے گھر میں گھس جائے کیا جانے وہ کس حال میں ہے اول آواز دیوے سب سے بہتر آواز سلام کی ۱۲ منہ رح

ع ۹

ف۳ کوئی گھر میں ہو تو پرائی نے کہی ہو تو خالی گھر میں چلے جاؤ اور وہ دے ہو تو نہ جاؤ اور پھر جاؤ کہنے سے برا نہ مانو نہیں پیس کی ملاقات صاف نہیں ہو ایک دوسرے پر بوجھ نہیں پڑتا۔ ۱۲ منہ رح

ف۴ شاید سننے والوں کے دل میں آیا ہوگا کہ جس گھر میں کوئی نہیں رہتا تو کس سے اذن مانگیں سو یہ ہر وقت پوچھنا جیسے گھر والوں کو اور جو ایک گھر کے لوگ ہیں جیسے لونڈی غلام یا اولاد انکو ہر وقت پوچھنا ضرور نہیں مگر تین وقت جن کا ذکر ہے وہ اس سورۃ کے آخر میں ہے۔ ۱۲ منہ رح

خَبِيرٌۢ بِمَا يَصْنَعُونَ ﴿۳۰﴾ وَقُل لِّلْمُؤْمِنَٰتِ يَغْضُضْنَ
خبردار ہے ساتھ اُس چیز کے کہ کرتے ہیں ف۱ ۔ اور کہہ واسطے مسلمان عورتوں کے کہ بند کریں

مِنْ أَبْصَٰرِهِنَّ وَيَحْفَظْنَ فُرُوجَهُنَّ وَلَا يُبْدِينَ
آنکھیں اپنی اور محافظت کریں شرمگاہ اپنی کی اور نہ ظاہر کریں

زِينَتَهُنَّ إِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا ۖ وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ
بناؤ اپنا مگر جو ظاہر ہے اُس میں سے اور چاہیئے کہ ڈالیں اوڑھنیاں اپنی

عَلَىٰ جُيُوبِهِنَّ ۖ وَلَا يُبْدِينَ زِينَتَهُنَّ إِلَّا لِبُعُولَتِهِنَّ
اوپر گریبانوں اپنے کے اور نہ ظاہر کریں بناؤ اپنا مگر واسطے خاوندوں اپنے کے

أَوْ ءَابَآئِهِنَّ أَوْ ءَابَآءِ بُعُولَتِهِنَّ أَوْ أَبْنَآئِهِنَّ أَوْ أَبْنَآءِ
یا باپوں اپنے کے یا واسطے باپوں خاوندوں اپنے کے یا بیٹوں اپنے کے یا بیٹوں

بُعُولَتِهِنَّ أَوْ إِخْوَٰنِهِنَّ أَوْ بَنِىٓ إِخْوَٰنِهِنَّ أَوْ بَنِىٓ
خاوندوں اپنے کے یا بھائیوں اپنے کے یا بیٹوں بھائیوں اپنے کے یا بیٹوں

أَخَوَٰتِهِنَّ أَوْ نِسَآئِهِنَّ أَوْ مَا مَلَكَتْ أَيْمَٰنُهُنَّ
بہنوں اپنی کے یا اپنی بیبیوں اپنی کے یا جن کے مالک ہوئے داہنے ہاتھ اُن کے

أَوِ ٱلتَّٰبِعِينَ غَيْرِ أُو۟لِى ٱلْإِرْبَةِ مِنَ ٱلرِّجَالِ أَوِ ٱلطِّفْلِ
یا جو ساتھ رہنے والے ہیں غیر حاجت والے مردوں سے یا لڑکوں سے

ٱلَّذِينَ لَمْ يَظْهَرُوا۟ عَلَىٰ عَوْرَٰتِ ٱلنِّسَآءِ ۖ وَلَا يَضْرِبْنَ
جو نہیں واقف اوپر چھپی باتوں عورتوں کے اور نہ ماریں

بِأَرْجُلِهِنَّ لِيُعْلَمَ مَا يُخْفِينَ مِن زِينَتِهِنَّ ۚ وَتُوبُوٓا۟
پاؤں اپنے تاکہ جانا جاوے جو کچھ کہ چھپا لیتی ہیں زینت اپنی سے ۔ اور توبہ کرو

إِلَى ٱللَّهِ جَمِيعًا أَيُّهَ ٱلْمُؤْمِنُونَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ﴿۳۱﴾
طرف اللہ کی سب اے مسلمانوں تاکہ تم فلاح پاؤ ف۲ ۔

وَأَنكِحُوا۟ ٱلْأَيَٰمَىٰ مِنكُمْ وَٱلصَّٰلِحِينَ مِنْ عِبَادِكُمْ
اور نکاح کردو رانڈوں کو اپنے میں سے اور لائق والوں کو غلاموں اپنے میں سے

وَإِمَآئِكُمْ ۚ إِن يَكُونُوا۟ فُقَرَآءَ يُغْنِهِمُ ٱللَّهُ مِن
اور لونڈیوں اپنی میں سے ۔ اگر ہوں گے فقیر حاجت روائی کریگا اُن کی اللہ

ف۱ تھامے رہیں ستر یعنی نہ کسی کا ستر دیکھیں نہ اپنا دکھاویں اور خبر ہے جو کرتے ہیں کفر کی رسم میں اس بات کی قید نہ تھی۔

ف۲ سنگار میں کہ کھلی چیز یا ایسی چیز کو کہا جیسے چھلے اور نتھ پازیب یا یہ کہا عورت کو منہ تھوڑا سا اور ہاتھ کی انگلیاں اور پاؤں کا پنجہ کھولنا درست ہے ناچاری کو پھر ہاتھ مہندی کھلیگی یا آنکھ کا کاجل یا انگلی کا چھلا اور باقی بدن اور گہنا ڈھانکنا ضرور ہے غیر سے مگر اپنے محرموں سے چھاتی سے زانو تک نہ کھولے اور اپنی عورتیں یعنی نیک چال کی ہوں ان سے بھی اتنا ضرور ہے اور بدراہ عورتوں سے کنارہ پکڑنا اور گھیرے جنکو غرض نہیں وہ کہ کھانے اور رہنے میں غرق ہیں شہوت کی نہیں رکھتے اور لڑکا دس برس تک اور اپنا غلام بھی محرم ہے بہت علماء کے نزدیک اور پاؤں کی دھمک سے معلوم ہوتے ہیں گھونگرو یا گوجری اور باریک کپڑا جس سے بدن نظر آوے ننگے برابر ہے اور اتنا بھی کھلے تو بہت ہے۔

ربع

فَضْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۳۲﴾ وَلْيَسْتَعْفِفِ

فضل اپنے سے - اور اللہ کشایش والا جاننے والا ہے ف۱ - اور چاہیے کہ پاکدامنی کریں

الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ نِكَاحًا حَتّٰى يُغْنِيَهُمُ اللّٰهُ

وہ لوگ کہ نہیں مقدور پاتے نکاح کا یہاں تک کہ غنی کرے گا اُن کو اللہ

مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَالَّذِيْنَ يَبْتَغُوْنَ الْكِتٰبَ مِمَّا مَلَكَتْ

فضل اپنے سے - اور وہ لوگ کہ چاہتے ہیں لکھت آزادی کی کچھ دیکر ان لوگوں میں سے

اَيْمَانُكُمْ فَكَاتِبُوْهُمْ اِنْ عَلِمْتُمْ فِيْهِمْ خَيْرًا ۖ وَّ

کہ مالک ہوئے ہیں داہنے ہاتھ تمہارے پس لکھ دو اُن کو اگر جانو تم بیچ اُن کے بھلائی اور

اٰتُوْهُمْ مِّنْ مَّالِ اللّٰهِ الَّذِيْٓ اٰتٰىكُمْ ؕ وَلَا تُكْرِهُوْا

دو اُن کو مال خدا کے سے جو دیا ہے تم کو - اور مت جبر کرو

فَتَيٰتِكُمْ عَلَى الْبِغَآءِ اِنْ اَرَدْنَ تَحَصُّنًا لِّتَبْتَغُوْا

لونڈیوں اپنیوں کو اوپر بدکاری کے اگر چاہیں بچے رہنا تا طلب کرو تم

عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ وَمَنْ يُّكْرِهْهُّنَّ فَاِنَّ اللّٰهَ

اسباب زندگانی دنیا کا اور جو کوئی جبر کریگا اُن کو پس تحقیق اللہ

مِنْۢ بَعْدِ اِكْرَاهِهِنَّ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۳۳﴾ وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ

پیچھے جبر کرنے کے اُن پر بخشنے والا مہربان ہے ف۲ - اور البتہ تحقیق اُتاری ہیں ہم نے

اِلَيْكُمْ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ وَّمَثَلًا مِّنَ الَّذِيْنَ خَلَوْا

طرف تمہاری نشانیاں بیان کرنے والیاں اور مثالیں اُن لوگوں کی کہ گذرے تھے

مِنْ قَبْلِكُمْ وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۴﴾ اَللّٰهُ نُوْرُ

پہلے تم سے اور نصیحت واسطے پرہیزگاروں کے ف۳ - اللہ نور ہے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا

آسمانوں کا اور زمین کا - مثال نور اُس کے کی مانند طاق کی ہے کہ بیچ اس کے

مِصْبَاحٌ ؕ اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ ؕ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا

چراغ ہو - وہ چراغ بیچ قندیل شیشہ کے ہے - وہ قندیل شیشہ کا گویا کہ وہ

كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ

تارا ہے چمکتا روشن کیا جاتا ہو وہ چراغ درخت مبارک زیتون کے سے

منزل ۴ — ع ۴ / ۸ / ۱۰

موضح القرآن

ف۱ رسول نے فرمایا اے علی تین کام میں دیر نہ کر نماز فرض کا جب وقت آوے جنازہ جب موجود ہو اور رانڈ عورت جب جوڑ ملے اسکی ذات کا جو کوئی دوسرا خاوند کرنے کو عیب سمجھے اسکا ایمان سلامت نہیں اور جو نیک ہوں بندی غلام یعنی بیاہ دینے سے مغرور ہو جاویں گے تمہارا کام چھوڑ بیٹھیں - ۱۲ منہ رحمہ -

ف۲ لکھا چاہیں یعنی کسی کا غلام لونڈی کہے کہ میں اتنی مدت میں اتنا تجھ کو کما دوں تو مجھ کو آزاد کر یہ اقرار لکھوالیں اسکو کتابت کہتے ہیں اگر ان میں نیکی دیکھے تو لکھ دے نیکی یہ کہ آزاد ہو کر فساد نہ مچاوے مگر چوری بدکاری نہ کریگا اور دولتمندوں کو فرمایا کہ ایسے غلام لونڈی کو مال سے مدد کر دو تا کہ آزاد ہو جاویں خواہ مال زکوٰۃ سے اور خواہ خیرات سے اور لونڈیوں سے بدکاری کروانی اور کمانے کو بڑا وبال ہے خواہ وہ خوش ہوں خواہ وہ ناخوش ہوں ناخوشی پر اور زیادہ وبال ہے گناہ سب پاک ہے اور ناخوشی میں (باقی صفحہ ۴۸۱ پر)

لَا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْٓءُ وَ
نہ مشرق کی طرف ہے اور نہ مغرب کی طرف ہے نزدیک ہے تیل اُس کا کہ روشن ہو جاوے اور
لَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ يَهْدِي اللّٰهُ
اگرچہ نہ لگے اُس کو آگ۔ روشنی اوپر روشنی کے۔ راہ دکھاتا ہے اللہ
لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ
طرف نور اپنے کی جسکو چاہتا ہے۔ اور بیان کرتا ہے اللہ مثالیں واسطے لوگوں کے۔
وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۳۵﴾ فِيْ بُيُوْتٍ اَذِنَ اللّٰهُ اَنْ
اور اللہ ساتھ ہر چیز کے جاننے والا ہے ف۱۔ بیچ گھروں کے کہ حکم کیا ہے اللہ نے یہ کہ
تُرْفَعَ وَيُذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ يُسَبِّحُ لَهٗ فِيْهَا بِالْغُدُوِّ
بلند کیے جاویں اور یاد کیا جاوے بیچ انکے نام اُسکا تسبیح کرتے ہیں واسطے اُسکے بیچ اُنکے صبح کو
وَالْاٰصَالِ ﴿۳۶﴾ رِجَالٌ لَّا تُلْهِيْهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا
اور شام کو۔ وہ مرد کہ نہیں غافل کرتی اُن کو سوداگری اور نہ
بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءِ الزَّكٰوةِ
بیچنا یاد خدا کی سے اور قائم کرنے نماز کے سے اور دینے زکوٰۃ کے سے
يَخَافُوْنَ يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيْهِ الْقُلُوْبُ وَالْاَبْصَارُ ﴿۳۷﴾
ڈرتے ہیں اُس دن سے کہ پھر جاویں گے بیچ اس کے دل اور آنکھیں۔
لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَيَزِيْدَهُمْ مِّنْ
تاکہ جزا دیوے اُنکو اللہ تعالیٰ بہتر اس چیز کی کہ کی ہے انھوں نے اور زیادہ دیوے اُنکو
فَضْلِهٖ وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۳۸﴾
فضل اپنے سے۔ اور اللہ رزق دیتا ہے جس کو چاہے بے شمار ف۲۔
وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَعْمَالُهُمْ كَسَرَابٍ بِقِيْعَةٍ
اور جو لوگ کہ کافر ہوئے عمل اُن کے مانند ریت کے ہیں بیچ میدان کے
يَّحْسَبُهُ الظَّمْاٰنُ مَآءً حَتّٰٓى اِذَا جَآءَهٗ لَمْ يَجِدْهُ
گمان کرتا ہے اُس کو پیاسا پانی۔ یہاں تک کہ جب آیا اُسکے پاس نہ پایا اُس کو
شَيْئًا وَّوَجَدَ اللّٰهَ عِنْدَهٗ فَوَفّٰىهُ حِسَابَهٗ وَاللّٰهُ
کچھ اور پایا اللہ کو نزدیک اُسکے پس پورا کر دیا اُسکو حساب اُسکا۔ اور اللہ

(بقیہ صفحہ ۴۸۰)
لونڈی بیگناہ ہو۔ ۱۲ منہ رح
ف۲ یعنی پہلی اُمتوں پر بھی ایسے ہی حکم تھے۔ ۱۲ منہ رح

موضح القرآن

ف۱ یعنی اللہ سے رونق اور بستی ہے زمین اور آسمان کی اُسکے نور سے سب پر ان کو جاویں اور اللہ کی روشنی کی کہاوت ابن عباسؓ نے کہا یہ مومن کے دل میں روشنی ہے کتنے پردوں میں ایک ایک تہ روشنی رکھتا ہے سب کے اندر تارا سا ہے اور زیتون نہ شرق کا نہ غرب کا یعنی باغ کے بیچ کا نہ صبح کی دھوپ کھاوے نہ شام کی غرض ہرا اور چکنا ہے یا پیغمبر کو فرمایا کہ دل کا نور ملتا ہے اُن سے وہ ملک عرب میں پیدا ہوئے نہ مشرق میں نہ مغرب میں اسکا تیل بن آگ لگے تیار ہے یعنی مومن کے ذہن سے رہا صفت اُنکی صحبت سے روشنی پیدا ہوتی ہے آگے فرمایا کہ وہ روشنی ملتی ہے اُن کے جن مسجدوں میں کامل لوگ بندگی کرتے ہیں صبح و شام وہاں لگا ہے۔ ۱۲ منہ
ف۲ ایمان کی برکت سے مومن کو نیک عمل کا بدلا ہے اور بدعمل کی شامت سے کافر کو بدعمل کی سزا ہے اور نیک عمل خراب ہے فرمایا کہ بہتر سے بہتر کام۔ ۱۲ منہ رح

سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۳۹﴾ اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ

جلد لینے والا ہے حساب کا۔ یا مانند اندھیروں کے ہیں بیچ دریائے عمیق کے

يَّغْشٰىهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ؕ

ڈھانکتی ہے اُس کو موج اوپر اس کے اور موج ہے اوپر اس کے بادل ہے۔

ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ؕ اِذَاۤ اَخْرَجَ يَدَهٗ

اندھیرے ہیں بعض اُن کے اوپر بعضوں کے۔ جس وقت نکال یوے ہاتھ اپنا

لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا ؕ وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا

نہیں نزدیک کہ دیکھے اُس کو۔ اور جو کوئی کہ نہ کرے اللہ واسطے اُس کے نور

فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ﴿۴۰﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُسَبِّحُ لَهٗ

پس نہیں واسطے اسکے کچھ نور۔ کیا نہیں دیکھا تو نے یہ کہ اللہ کو تسبیح کرتا ہے واسطے اسکے

مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالطَّيْرُ صٰٓفّٰتٍ ؕ كُلٌّ

جو کوئی بیچ آسمانوں کے ہے اور زمین کے ہے اور جانور پر کھولے ہوئے۔ ہر ایک

قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهٗ وَتَسْبِيْحَهٗ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِمَا

تحقیق جانتا ہے نماز اُس کی اور تسبیح اُس کی۔ اور اللہ جانتا ہے جو کچھ

يَفْعَلُوْنَ ﴿۴۱﴾ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَ

کرتے ہیں۔ اور واسطے اللہ کے ہے بادشاہی آسمانوں کی اور زمین کی۔ اور

اِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ﴿۴۲﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُزْجِيْ سَحَابًا

طرف اللہ کے ہے پھر جانا۔ کیا نہیں دیکھا تو نے یہ کہ اللہ چلاتا ہے بادلوں کو

ثُمَّ يُؤَلِّفُ بَيْنَهٗ ثُمَّ يَجْعَلُهٗ رُكَامًا فَتَرَى

پھر ملاپ ڈالتا ہے درمیان اُن کے پھر کر دیتا ہے اُن کو تہ بہ تہ پس دیکھتا ہے تو

الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ ۚ وَيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَآءِ

مینہ کو نکلتا ہے درمیان اُس کے سے اور اُتارتا ہے آسمان کی طرف سے

مِنْ جِبَالٍ فِيْهَا مِنْۢ بَرَدٍ فَيُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ

پہاڑوں سے کہ بیچ اُنکے ہے سردی اولوں کی پس پہنچاتا ہے اُس کو جسکو چاہتا ہے

وَيَصْرِفُهٗ عَنْ مَّنْ يَّشَآءُ ؕ يَكَادُ سَنَا بَرْقِهٖ يَذْهَبُ

اور پھیر دیتا ہے اُس کو جس سے چاہتا ہے۔ نزدیک ہے چمک بجلی اُس کی کہ لیجاوے

موضح القرآن

ف کافر دو طرح کے ہیں ایک غیب کی طرف تاکتے پھر بہکے اللہ کا دین چھوڑتے ہیں غلط راہیں پکڑتے ہیں یہ انکی کہاوت ہے ریت کو پانی سمجھ کر دوڑے وہاں پانی نہ ملا آخرت میں اپنے گناہوں کی مل دوسرے وہ ہیں جو دنیا میں غرق ہیں یا پتھر پوجتے ہیں۔ ان کی کہاوت آگے فرمائی انکے پاس ریت بھی نہیں اندھیرے میں بند ہوئے ہیں۔ ۱۲ منہ رحمہ۔

ع ۵ / ۱۱

بِالْاَبْصَارِ ﴿۴۳﴾ يُقَلِّبُ اللّٰهُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ؕ اِنَّ فِيْ
آنکھوں کو۔ پھیرتا ہے اللہ رات کو اور دن کو۔ تحقیق بیچ
ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّاُولِي الْاَبْصَارِ ﴿۴۴﴾ وَاللّٰهُ خَلَقَ
اس کے البتہ سمجھنے کی جگہ ہے واسطے سوجھ والوں کے۔ اور اللہ نے پیدا کیا
كُلَّ دَآبَّةٍ مِّنْ مَّآءٍ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰى
ہر جانور کو پانی سے۔ پس بعض اُن میں سے وہ ہو کر چلتا ہے اُوپر
بَطْنِهٖ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰى رِجْلَيْنِ ۚ وَمِنْهُمْ
پیٹ اپنے کے اور بعض اُن میں سے وہ ہو کر چلتا ہے اُوپر دو نو پاؤں اپنے کے اور بعض اُن میں
مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰٓى اَرْبَعٍ ؕ يَخْلُقُ اللّٰهُ مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ
وہ ہے کہ چلتا ہے اُوپر چار پاؤں کے۔ پیدا کرتا ہے اللہ جو کچھ چاہے۔ تحقیق اللہ
عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۴۵﴾ لَقَدْ اَنْزَلْنَآ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ ؕ
اُوپر ہر چیز کے قادر ہے۔ البتہ تحقیق اُتاری ہیں ہم نے نشانیاں ظاہر
وَاللّٰهُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۴۶﴾
اور اللہ تعالےٰ راہ دکھاتا ہے جس کو چاہے طرف راہ سیدھی کے۔
وَيَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالرَّسُوْلِ وَاَطَعْنَا ثُمَّ يَتَوَلّٰى
اور کہتے ہیں ایمان لائے ہم ساتھ اللہ کے اور ساتھ رسول کے اور فرمانبرداری کی ہم نے پھر پھر
فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ؕ وَمَآ اُولٰٓئِكَ
جاتا ہے ایک فرقہ ان میں سے پیچھے اس کے۔ اور نہیں یہ لوگ
بِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۷﴾ وَاِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ
ایمان والے۔ اور جس وقت بلائے جاتے ہیں طرف اللہ کی اور رسول اس کے کی تاکہ حکم کرے
بَيْنَهُمْ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَاِنْ يَّكُنْ
درمیان اُنکے ناگہاں ایک فرقہ اُن میں سے مُنہ پھیرنے والا ہے۔ اور اگر ہو
لَّهُمُ الْحَقُّ يَاْتُوْٓا اِلَيْهِ مُذْعِنِيْنَ ﴿۴۹﴾ اَفِيْ قُلُوْبِهِمْ
واسطے اُن کے حق آتے ہیں طرف اس کی مطیع ہو کر۔ کیا بیچ دلوں اُن کے
مَّرَضٌ اَمِ ارْتَابُوْٓا اَمْ يَخَافُوْنَ اَنْ يَّحِيْفَ اللّٰهُ
بیماری ہے یا شک کرتے ہیں یا ڈرتے ہیں یہ کہ گمراہی کرے اللہ تعالیٰ

منزل ۴

عَلَيْهِمْ وَرَسُولُهُ بَلْ أُولَٰئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ ﴿٥٠﴾
اور اُن کے اور رسول اُس کا۔ بلکہ یہ لوگ وہی ہیں ظالم ف۔

إِنَّمَا كَانَ قَوْلَ الْمُؤْمِنِينَ إِذَا دُعُوا إِلَى اللَّهِ وَ
یہی ہے اس کے نہیں کہ ہے بات مسلمانوں کی جس وقت بلائے جاتے ہیں طرف اللہ کی اور

رَسُولِهِ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ أَنْ يَقُولُوا سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا
رسول اُس کے کی تاکہ حکم کرے درمیان اُن کے یہ کہیں سُنا ہمنے اور فرمانبرداری کی ہمنے

وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ﴿٥١﴾ وَمَنْ يُطِعِ اللَّهَ وَ
اور یہ لوگ وہی ہیں فلاح پانیوالے۔ اور جو کوئی فرمانبرداری کرے اللہ کی اور

رَسُولَهُ وَيَخْشَ اللَّهَ وَيَتَّقْهِ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَائِزُونَ ﴿٥٢﴾
رسول اُسکے کی اور ڈرے اللہ سے اور پرہیزگاری کرے پس یہ لوگ وہی ہیں مُراد پانیوالے۔

وَأَقْسَمُوا بِاللَّهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ لَئِنْ أَمَرْتَهُمْ
اور قسم کھائی اُنھوں نے ساتھ اللہ کے سخت قسمیں اپنی البتہ اگر حکم کریگا تو اُن کو

لَيَخْرُجُنَّ ۖ قُلْ لَا تُقْسِمُوا ۖ طَاعَةٌ مَعْرُوفَةٌ ۚ إِنَّ
نکل جاویں گے۔ کہہ مت قسم کھاؤ مطلب ہمارا فرمانبرداری ہے معقول۔ تحقیق

اللَّهَ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ ﴿٥٣﴾ قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا
اللہ خبردار ہے اُس چیز سے کہ کرتے ہو۔ کہہ فرمانبرداری کرو اللہ کی اور فرمانبرداری کرو

الرَّسُولَ ۖ فَإِنْ تَوَلَّوْا فَإِنَّمَا عَلَيْهِ مَا حُمِّلَ وَعَلَيْكُمْ
رسول کی پس اگر پھر جاؤ پس سوائے اسکے نہیں کہ اوپر ذمے اسکے ہے جو کچھ اُٹھوایا گیا وہ اور اوپر تمہارے

مَا حُمِّلْتُمْ ۖ وَإِنْ تُطِيعُوهُ تَهْتَدُوا ۚ وَمَا عَلَى
ہے جو کچھ اُٹھوائے گئے تم۔ اور اگر فرمانبرداری کرو اُس کی راہ پاؤ۔ اور نہیں اوپر

الرَّسُولِ إِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ ﴿٥٤﴾ وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ
پیغمبر کے مگر پہنچا دینا ظاہر۔ وعدہ کیا اللہ نے اُن لوگوں سے

آمَنُوا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي
جو کہ ایمان لائے ہیں تم میں سے اور کام کئے اچھے البتہ خلیفہ کریگا اُن کو بیچ

الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَ
زمین کے جیسا کہ خلیفہ کیا تھا اُن لوگوں کو کہ پہلے اُن سے تھے اور

الربع ع ٦ ١٢

موضح القرآن
ف دل میں روگ یہ کہ
خدا ور رسول کو سچ مانا
لیکن حرص
نہیں چھوڑتی
کہ سکھ پر چلیں
جیسے بیمار چاہتا ہے
چلے اور پاؤں نہیں
اٹھتا۔ ۱۰ منہ رحم۔

لَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ

البتہ ثابت کر دے گا واسطے اُن کے دین اُنکا جو پسند کر دیا ہے واسطے اُن کے

وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا ۚ يَعْبُدُونَنِي

اور البتہ بدل دے گا اُن کو پیچھے ڈر اُن کے کے امن ۔ عبادت کریں گے میری

لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا ۚ وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ

نہیں شریک لاویں گے ساتھ میرے کچھ ۔ اور جو کوئی کفر کرے پیچھے اس کے

فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ ﴿٥٥﴾ وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا

پس یہ لوگ وہی ہیں فاسق ف ۔ اور قائم رکھو نماز کو اور دو

الزَّكَاةَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ ﴿٥٦﴾ لَا

زکوٰۃ اور فرماں برداری کرو رسول کی تاکہ تم رحم کیے جاؤ ۔ مت

تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا مُعْجِزِينَ فِي الْأَرْضِ ۚ وَ

گمان کر اُن لوگوں کو کہ کافر ہوئے ہیں عاجز کرنے والے بیچ زمین کے ۔ اور

مَأْوَاهُمُ النَّارُ ۖ وَلَبِئْسَ الْمَصِيرُ ﴿٥٧﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ

جگہ رہنے انکے کی آگ ہے ۔ اور البتہ بُری ہے جگہ پھر جانے کی ۔ اے لوگو

آمَنُوا لِيَسْتَأْذِنكُمُ الَّذِينَ مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ وَالَّذِينَ

جو ایمان لائے ہو چاہئے کہ اذن مانگیں تمسے وہ لوگ کہ مالک ہوئے داہنے ہاتھ تمہارے یعنی غلام اور جو لوگ

لَمْ يَبْلُغُوا الْحُلُمَ مِنكُمْ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ۚ مِّن قَبْلِ

کہ نہیں پہنچے بلوغ کو تم میں سے تین بار ۔ پہلے

صَلَاةِ الْفَجْرِ وَحِينَ تَضَعُونَ ثِيَابَكُم مِّنَ الظَّهِيرَةِ

نماز فجر کے اور جس وقت اُتار رکھتے ہو کپڑے اپنے دوپہر کو

وَمِن بَعْدِ صَلَاةِ الْعِشَاءِ ۚ ثَلَاثُ عَوْرَاتٍ لَّكُمْ ۚ

اور پیچھے نماز عشاء کے ۔ تین وقت پردے کے ہیں واسطے تمہارے

لَيْسَ عَلَيْكُمْ وَلَا عَلَيْهِمْ جُنَاحٌ بَعْدَهُنَّ ۚ طَوَّافُونَ

نہیں اُوپر تمہارے اور نہ اُوپر اُن کے گناہ پیچھے اُن کے ۔ پھرنے والے ہیں

عَلَيْكُم بَعْضُكُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ ۚ كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ

اُوپر تمہارے بعضے تمہارے اُوپر بعض کے ۔ اسی طرح بیان کرتا ہے اللہ

موضح القرآن

ف خطاب فرمایا حضرت کے وقت کے لوگوں کو جو ان میں نیک ہیں پیچھے ان کو حکومت دے گا اور جو دین پسند ہے ان کے ہاتھ سے قائم کرے گا۔ اور وہ بندگی کریں گے بغیر شرک یہ چاروں خلیفوں سے ہوا پہلے خلیفوں سے اور زیادہ پھر جو کوئی اس نعمت کی ناشکری کرے انکو بے حکم فرمایا۔ جو کوئی انکی خلافت سے منکر ہوا اس کا حال سمجھا گیا۔ ۱۲ منہ رح

ع ١٤

لَكُمُ الْاٰیٰتِ ؕ وَ اللّٰهُ عَلِیْمٌ حَكِیْمٌ ۝ وَ اِذَا بَلَغَ

واسطے تمہارے نشانیاں۔ اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے ف۱۔ اور جس وقت کہ پہنچیں

الْاَطْفَالُ مِنْكُمُ الْحُلُمَ فَلْیَسْتَاْذِنُوْا كَمَا اسْتَاْذَنَ

لڑکے تم میں سے بلوغ کو پس چاہیے کہ اذن مانگیں جیسا اذن مانگتے ہیں

الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَذٰلِكَ یُبَیِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰیٰتِهٖ ؕ

وہ لوگ کہ پہلے ان سے تھے۔ اسی طرح بیان کرتا ہے اللہ واسطے تمہارے نشانیاں اپنی۔

وَ اللّٰهُ عَلِیْمٌ حَكِیْمٌ ۝ وَ الْقَوَاعِدُ مِنَ النِّسَآءِ الّٰتِیْ

اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے ف۲۔ اور بیٹھ رہنے والیاں عورتوں میں سے وہ جو

لَا یَرْجُوْنَ نِكَاحًا فَلَیْسَ عَلَیْهِنَّ جُنَاحٌ اَنْ

نہیں امید رکھتیں نکاح کی پس نہیں اوپر ان کے گناہ یہ کہ

یَّضَعْنَ ثِیَابَهُنَّ غَیْرَ مُتَبَرِّجٰتٍۭ بِزِیْنَةٍ ؕ وَ اَنْ

اتار رکھیں کپڑے اپنے نہ غور کرنے والیاں ساتھ بناؤ کے۔ اور اگر

یَّسْتَعْفِفْنَ خَیْرٌ لَّهُنَّ ؕ وَ اللّٰهُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ۝

بچیں اس سے بہتر ہے واسطے ان کے۔ اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے ف۳

لَیْسَ عَلَی الْاَعْمٰی حَرَجٌ وَّ لَا عَلَی الْاَعْرَجِ حَرَجٌ

نہیں اوپر اندھے کے تنگی اور نہ اوپر لنگڑے کے تنگی

وَّ لَا عَلَی الْمَرِیْضِ حَرَجٌ وَّ لَا عَلٰۤی اَنْفُسِكُمْ اَنْ تَاْكُلُوْا

اور نہ اوپر بیمار کے تنگی ف۴ اور نہ اوپر آپس تمہارے کے یہ کہ کھاؤ تم

مِنْۢ بُیُوْتِكُمْ اَوْ بُیُوْتِ اٰبَآىٕكُمْ اَوْ بُیُوْتِ اُمَّهٰتِكُمْ

گھروں اپنے سے یا گھروں باپوں اپنے کے سے یا گھروں ماؤں اپنی کے سے

اَوْ بُیُوْتِ اِخْوَانِكُمْ اَوْ بُیُوْتِ اَخَوٰتِكُمْ اَوْ بُیُوْتِ

یا گھروں بھائیوں اپنے کے سے یا گھروں بہنوں اپنی کے سے یا گھروں

اَعْمَامِكُمْ اَوْ بُیُوْتِ عَمّٰتِكُمْ اَوْ بُیُوْتِ اَخْوَالِكُمْ

چچاؤں اپنے کے سے یا گھروں پھوپھیوں اپنی کے سے یا گھروں ماموؤں اپنے کے سے

اَوْ بُیُوْتِ خٰلٰتِكُمْ اَوْ مَا مَلَكْتُمْ مَّفَاتِحَهٗۤ اَوْ صَدِیْقِكُمْ

یا گھروں خالاؤں اپنی کے سے یا جن کے مالک ہوئے ہو کنجیوں انکی کے یا آشناؤں اپنے کے سے۔

موضح القرآن

ف۱ ان تین وقت میں لڑکوں کو اور غلام لونڈی کو بھی پروانگی لینی چاہیے اور سارے وقتوں میں حاجت نہیں۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ ویسی پروانگی یعنی ہر وقت جیسے جدے گھر والے ہر وقت خبر کر کے آویں ۱۲

ف۳ یعنی بوڑھی عورتیں گھر میں تھوڑے کپڑوں میں ہیں تو درست ہے اور پورا پردہ رکھیں تو اور بہتر۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۴ یعنی جو کام تکلیف کے ہیں وہ انکو معاف ہیں جہاد اور حج اور جمعہ اور جماعت اور ایسی چیزیں ۱۲ منہ رح

لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَنْ تَأْكُلُوا جَمِيعًا أَوْ أَشْتَاتًا
نہیں اوپر تمہارے گناہ یہ کہ کھاؤ اکٹھے یا متفرق۔
فَإِذَا دَخَلْتُمْ بُيُوتًا فَسَلِّمُوا عَلَىٰ أَنْفُسِكُمْ تَحِيَّةً
پس جس وقت کہ داخل ہو تم گھروں میں پس سلام بھیجو اوپر اپنے کے دعا مقرر کی ہوئی
مِنْ عِنْدِ اللَّهِ مُبَارَكَةً طَيِّبَةً ۚ كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ
نزدیک خدا کے سے برکت والی پاکیزہ۔ اسی طرح بیان کرتا ہے اللہ
لَكُمُ الْآيَاتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ ﴿۶۱﴾ إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ
واسطے تمہارے نشانیاں تاکہ تم سمجھو ف۔ سوائے اس کے نہیں کہ مسلمان
الَّذِينَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَإِذَا كَانُوا مَعَهُ عَلَىٰ
وہ لوگ ہیں کہ ایمان لائے ساتھ اللہ کے اور رسول اسکے کے اور جس وقت کہ ہوں ساتھ اسکے اوپر
أَمْرٍ جَامِعٍ لَمْ يَذْهَبُوا حَتَّىٰ يَسْتَأْذِنُوهُ ۚ إِنَّ الَّذِينَ
کام جمع کرنے والے کے نہ جائیں یہاں تک کہ اذن لے لیویں پیغمبر سے۔ تحقیق وہ لوگ
يَسْتَأْذِنُونَكَ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَ
کہ اذن مانگتے ہیں تجھ سے یہ لوگ وہی ہیں کہ ایمان لاتے ہیں ساتھ اللہ کے اور
رَسُولِهِ ۚ فَإِذَا اسْتَأْذَنُوكَ لِبَعْضِ شَأْنِهِمْ فَأْذَنْ
رسول اسکے کے پس جس وقت کہ اذن مانگیں تجھ سے واسطے بعضے کام اپنے کے پس حکم دے
لِمَنْ شِئْتَ مِنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمُ اللَّهَ ۚ إِنَّ اللَّهَ
واسطے اس شخص کے کہ چاہے تو ان میں سے اور بخشش مانگ واسطے انکے اللہ سے۔ تحقیق اللہ
غَفُورٌ رَحِيمٌ ﴿۶۲﴾ لَا تَجْعَلُوا دُعَاءَ الرَّسُولِ بَيْنَكُمْ
بخشنے والا مہربان ہے۔ مت مقرر کرو پکارنا پیغمبر کا درمیان اپنے
كَدُعَاءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا ۚ قَدْ يَعْلَمُ اللَّهُ الَّذِينَ
جیسا پکارنا بعضے تمہارے کا ہے بعضوں کو۔ تحقیق جانتا ہے اللہ ان لوگوں کو
يَتَسَلَّلُونَ مِنْكُمْ لِوَاذًا ۚ فَلْيَحْذَرِ الَّذِينَ
کہ چپ کر نکل جاتے ہیں تم میں سے نظر بچا کر۔ پس چاہئے کہ ڈریں وہ لوگ کہ
يُخَالِفُونَ عَنْ أَمْرِهِ أَنْ تُصِيبَهُمْ فِتْنَةٌ أَوْ
جو مخالفت کرتے ہیں حکم اس کے سے اس سے کہ پہنچ جاوے ان کو فتنہ یا

موضح القرآن

ف یعنی پنایت کے علاقوں میں کھانے کی چیز کو ہر وقت پوچھنا ضرور نہیں نہ کھانے والا حجاب کرے نہ گھر والا دریغ کرے مگر عورت کا گھر اگر اس کے خاوند کا ہو اس کی مرضی چاہئے اور مل کر کھاؤ یا جدا یعنی اس کی تکرار دل میں نہ رکھیے کہ کس نے کم کھایا یا کس نے زیادہ سب نے مل کر پکایا سب نے مل کر کھایا اور اگر ایک شخص کی مرضی نہ ہو پھر ہرگز درست نہیں کسی کی چیز کھانی اور تقید فرمایا سلام کا آپس کی ملاقات میں اس سے بہتر دعا نہیں جو لوگ اس کو چھوڑ کر اور لفظ ٹھیراتے ہیں اللہ کی تجویز سے ان کی تجویز بہتر نہیں ۱۲ منہ رح

ع ۸ / ۱۴

ربع

يُصِيبَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿٦٣﴾ أَلَا إِنَّ لِلَّهِ مَا فِي

پہنچ جاوے اُنکو عذاب درد دینے والا ف ۔ خبردار ہو تحقیق واسطے اللہ کے ہے جو کچھ بیچ

السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ قَدْ يَعْلَمُ مَا أَنتُمْ عَلَيْهِ

آسمانوں اور زمین کے ہے ۔ تحقیق جانتا ہے جو کچھ کہ ہو تم اُوپر اُس کے ۔

وَيَوْمَ يُرْجَعُونَ إِلَيْهِ فَيُنَبِّئُهُم بِمَا عَمِلُوا ۗ

اور جسدن کہ پھیرے جاوینگے طرف اسکی پس خبر دیگا اُن کو ساتھ اس چیز کے کہ کیا ہے ۔

وَاللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ﴿٦٤﴾

اور اللہ ساتھ ہر چیز کے جاننے والا ہے ۔

ع ۹ ۱۵

سُورَةُ الْفُرْقَانِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ سَبْعٌ وَسَبْعُونَ آيَةً وَسِتُّ رُكُوعَاتٍ

سورۂ فرقان مکہ میں نازل ہوئی اس میں ستتر آیتیں اور چھ رکوع ہیں

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے ۔

تَبَارَكَ الَّذِي نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلَىٰ عَبْدِهِ لِيَكُونَ

بہت برکت والا ہے جس نے اُتارا قرآن اُوپر بندے اپنے کے تاکہ ہووے

لِلْعَالَمِينَ نَذِيرًا ﴿١﴾ الَّذِي لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَ

واسطے عالموں کے ڈرانے والا ۔ وہ جو واسطے اُس کے ہے بادشاہی آسمانوں کی اور

الْأَرْضِ وَلَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَلَمْ يَكُن لَّهُ شَرِيكٌ

زمین کی اور نہ پکڑی اولاد اور نہیں ہے واسطے اُس کے شریک

فِي الْمُلْكِ وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ فَقَدَّرَهُ تَقْدِيرًا ﴿٢﴾

بیچ بادشاہی کے اور پیدا کیا ہر چیز کو پس اندازہ کیا اُس کو اندازہ کرنا ۔

وَاتَّخَذُوا مِن دُونِهِ آلِهَةً لَّا يَخْلُقُونَ شَيْئًا وَ

اور پکڑے ہیں سوائے اس کے معبود کہ نہیں پیدا کرتے کچھ اور

هُمْ يُخْلَقُونَ وَلَا يَمْلِكُونَ لِأَنفُسِهِمْ ضَرًّا وَلَا

وہ پیدا کئے جاتے ہیں اور نہیں مالک واسطے جان اپنی کے ضرر اور نہ

نَفْعًا وَلَا يَمْلِكُونَ مَوْتًا وَلَا حَيَاةً وَلَا نُشُورًا ﴿٣﴾

نفع کے اور نہ اختیار میں رکھتے موت کو اور نہ زندگی کو اور نہ پھر اُٹھنے کو ۔

موضح القرآن

ف حضرت کے بلانے سے فرض ہوتا تھا حاضر ہونا جس کام کو بلاویں پھر بھی کو وہاں بے حکم چلے نہ جاویں اب بھی یہی چاہئے اپنے سرداروں سے کرنا ۔ ۱۲ منہ رح ۔

وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا إِنْ هَٰذَا إِلَّا إِفْكٌ افْتَرَاهُ
اور کہا اُن لوگوں نے جو کافر ہوئے نہیں یہ مگر طوفان باندھ لیا ہے اُس کو

وَأَعَانَهُ عَلَيْهِ قَوْمٌ آخَرُونَ ۚ فَقَدْ جَاءُوا ظُلْمًا
اور مدد کی ہے اُوپر اس کے قوم اور نے پس تحقیق لائے ظلم

وَزُورًا ۝ وَقَالُوا أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ اكْتَتَبَهَا
اور جھوٹ۔ اور کہا انھوں نے یہ کہانیاں ہیں پہلوں کی لکھ لیا ہے اُن کو

فَهِيَ تُمْلَىٰ عَلَيْهِ بُكْرَةً وَأَصِيلًا ۝ قُلْ أَنْزَلَهُ
پس وہ پڑھی جاتی ہیں اُوپر اس کے صبح اور شام ف۱۔ کہہ اُتارا ہے اُس کو

الَّذِي يَعْلَمُ السِّرَّ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ إِنَّهُ كَانَ
اُس شخص نے کہ جانتا ہے بھید کو بیچ آسمانوں کے اور زمین کے ہے۔ تحقیق وہ ہے

غَفُورًا رَحِيمًا ۝ وَقَالُوا مَالِ هَٰذَا الرَّسُولِ يَأْكُلُ
بخشنے والا مہربان ف۲۔ اور کہا انھوں نے کیا ہے اس پیغمبر کو کہ کھاتا ہے

الطَّعَامَ وَيَمْشِي فِي الْأَسْوَاقِ ۙ لَوْلَا أُنْزِلَ إِلَيْهِ مَلَكٌ
کھانا اور چلتا ہے بیچ بازاروں کے۔ کیوں نہ اُتارا گیا طرف اُسکی فرشتہ

فَيَكُونَ مَعَهُ نَذِيرًا ۝ أَوْ يُلْقَىٰ إِلَيْهِ كَنْزٌ أَوْ
پس ہوتا ساتھ اُس کے ڈرانے والا۔ یا ڈالا جاوے طرف اُس کی گنج یا

تَكُونُ لَهُ جَنَّةٌ يَأْكُلُ مِنْهَا ۚ وَقَالَ الظَّالِمُونَ
ہووے واسطے اس کے باغ کہ کھاوے اس میں سے۔ اور کہا ظالموں نے

إِنْ تَتَّبِعُونَ إِلَّا رَجُلًا مَسْحُورًا ۝ انْظُرْ كَيْفَ
نہیں پیروی کرتے تم مگر ایک مرد جادو کئے گئے کی۔ دیکھ کیونکر

ضَرَبُوا لَكَ الْأَمْثَالَ فَضَلُّوا فَلَا يَسْتَطِيعُونَ
بیان کیں انھوں نے واسطے تیرے مثالیں پس گمراہ ہوئے پس نہیں پا سکتے

سَبِيلًا ۝ تَبَارَكَ الَّذِي إِنْ شَاءَ جَعَلَ لَكَ خَيْرًا
راہ۔ بہت برکت والا ہے وہ شخص کہ اگر چاہے کرے واسطے تیرے بہتر

مِنْ ذَٰلِكَ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ وَ
اُس سے باغ کہ چلتی ہیں نیچے اُن کے سے نہریں اور

مغ
عند المتاخرین

موضح القرآن

ف۱ اول نماز کا وقت مقرر تھا صبح وشام۔ مسلمان حضرت پاس جمع ہوتے جو نیا قرآن اُترا ہوتا لکھ لیتے یاد کرنے کو اسکو کافروں کہنے لگے ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی اپنی بخشش اور مہر ہی سے یہ اُتارا ۱۲ منہ رح

ع ۱ ۹ ۱۶

يَجْعَلْ لَّكَ قُصُوْرًا ﴿١٠﴾ بَلْ كَذَّبُوْا بِالسَّاعَةِ وَ
کرے واسطے تیرے محل۔ بلکہ جھٹلاتے ہیں قیامت کو اور
أَعْتَدْنَا لِمَنْ كَذَّبَ بِالسَّاعَةِ سَعِيْرًا ﴿١١﴾ إِذَا
تیار کیا ہے ہم نے واسطے اس شخص کے کہ جھٹلاتا ہے قیامت کو دوزخ۔ جب
رَأَتْهُمْ مِّنْ مَّكَانٍ بَعِيْدٍ سَمِعُوْا لَهَا تَغَيُّظًا وَّزَفِيْرًا ﴿١٢﴾
دیکھے گی اُن کو مکان دور سے سنیں گے واسطے اسکے غصہ کھانا اور چلانا
وَإِذَآ أُلْقُوْا مِنْهَا مَكَانًا ضَيِّقًا مُّقَرَّنِيْنَ دَعَوْا
اور جب ڈالے جاویں گے اس میں سے مکان تنگ میں جکڑے ہوئے پکاریں گے
هُنَالِكَ ثُبُوْرًا ﴿١٣﴾ لَا تَدْعُوا الْيَوْمَ ثُبُوْرًا وَّاحِدًا
اس جگہ ہلاک کو۔ مت پکارو آج ہلاک ایک کو
وَّادْعُوْا ثُبُوْرًا كَثِيْرًا ﴿١٤﴾ قُلْ أَذٰلِكَ خَيْرٌ أَمْ جَنَّةُ
اور پکارو ہلاک بہت کو۔ کہہ کیا یہ بہتر ہے یا بہشت
الْخُلْدِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ كَانَتْ لَهُمْ جَزَآءً وَّ
ہمیشہ رہنے کی کہ وعدہ دیئے گئے ہیں پرہیزگار۔ ہے واسطے اُن کے بدلا اور
مَصِيْرًا ﴿١٥﴾ لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَآءُوْنَ خٰلِدِيْنَ كَانَ
جگہ پھر جانے کی۔ واسطے اُنکے بیچ اسکے جو کچھ چاہیں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ ہے
عَلٰى رَبِّكَ وَعْدًا مَّسْئُوْلًا ﴿١٦﴾ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ وَمَا
اوپر پروردگار تیرے کے وعدہ سوال کیا گیا۔ اور جس دن اکٹھا کرے گا انکو اور اُس چیز کو
يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَقُوْلُ ءَأَنْتُمْ أَضْلَلْتُمْ
کہ عبادت کرتے ہیں سوائے خدا کے پس کہے گا کیا تم نے گمراہ کیا
عِبَادِيْ هٰٓؤُلَآءِ أَمْ هُمْ ضَلُّوا السَّبِيْلَ ﴿١٧﴾ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ
بندوں میرے کو اُن کو یا وہی بہک گئے راہ سے۔ کہیں گے پاکی ہے تجھ کو
مَا كَانَ يَنْۢبَغِيْ لَنَآ أَنْ نَّتَّخِذَ مِنْ دُوْنِكَ مِنْ
نہیں تھا لائق ہم کو یہ کہ پکڑیں ہم سوائے تیرے
أَوْلِيَآءَ وَلٰكِنْ مَّتَّعْتَهُمْ وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰى نَسُوا الذِّكْرَ
کارساز ولیکن فائدہ دیا تو نے اُنکو اور باپوں اُن کے کو یہاں تک کہ بھول گئے یاد تیری۔

موضح القرآن

و یعنی ایکبار مریں تو چھوٹ جائیں دن میں ہزار بار مرنے سے بدتر حال ہوتا ہے

وَكَانُوا قَوْمًا بُورًا ﴿۱۸﴾ فَقَدْ كَذَّبُوكُم بِمَا تَقُولُونَ فَمَا

اور ہوئے تھے قوم ہلاک ہونے والی ۔ پس تحقیق جھٹلایا تم کو بیچ اُس چیز کے کہ کہتے تھے پس نہیں

تَسْتَطِيعُونَ صَرْفًا وَلَا نَصْرًا ۚ وَمَن يَظْلِم مِّنكُمْ

کر سکتے تم عذاب کو پھیر دینا اور نہ مدد دینا ف۱ اور جو کوئی ظلم کریگا تم میں سے

نُذِقْهُ عَذَابًا كَبِيرًا ﴿۱۹﴾ وَمَا أَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنَ

چکھاویں گے ہم اُس کو عذاب بڑا ۔ اور نہیں بھیجے ہم نے پہلے تجھ سے

الْمُرْسَلِينَ إِلَّا إِنَّهُمْ لَيَأْكُلُونَ الطَّعَامَ وَ

پیغمبر مگر تحقیق وہ البتہ کھاتے تھے کھانا اور

يَمْشُونَ فِي الْأَسْوَاقِ ۗ وَجَعَلْنَا بَعْضَكُمْ لِبَعْضٍ

چلتے تھے بیچ بازاروں کے ۔ اور کیا ہم نے بعضوں تمہارے کو واسطے بعضوں کے

فِتْنَةً أَتَصْبِرُونَ ۗ وَكَانَ رَبُّكَ بَصِيرًا ﴿۲۰﴾

آزمایش ۔ آیا صبر کرتے ہو تم ۔ اور ہے پروردگار تیرا دیکھنے والا ف۲ ۔

وَقَالَ الَّذِينَ لَا يَرْجُونَ لِقَاءَنَا لَوْلَا

اور کہا اُن لوگوں نے کہ نہیں اُمید رکھتے ملاقات ہماری کی کیوں نہ

أُنزِلَ عَلَيْنَا الْمَلَائِكَةُ أَوْ نَرَىٰ رَبَّنَا ۗ لَقَدِ اسْتَكْبَرُوا

اُتارے گئے اوپر ہمارے فرشتے یا دیکھیں ہم پروردگار اپنے کو تحقیق تکبر کیا اُنھوں نے

فِي أَنفُسِهِمْ وَعَتَوْا عُتُوًّا كَبِيرًا ﴿۲۱﴾ يَوْمَ يَرَوْنَ الْمَلَائِكَةَ

بیچ جیوں اپنے کے اور سرکشی کی سرکشی بڑی ۔ جس دن دیکھیں گے فرشتوں کو

لَا بُشْرَىٰ يَوْمَئِذٍ لِّلْمُجْرِمِينَ وَيَقُولُونَ حِجْرًا

نہیں خوشی اُس دن واسطے گنہگاروں کے اور کہیں گے بند کئے جاویں

مَّحْجُورًا ﴿۲۲﴾ وَقَدِمْنَا إِلَىٰ مَا عَمِلُوا مِنْ عَمَلٍ

بند کئے جانا ۔ اور آئے ہم طرف اُس چیز کی کہ کئے تھے اُنھوں نے سب کاموں سے

فَجَعَلْنَاهُ هَبَاءً مَّنثُورًا ﴿۲۳﴾ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ يَوْمَئِذٍ

پس کیا ہم نے اُس کو ریت پراگندہ ۔ رہنے والے بہشت کے اُس دن

خَيْرٌ مُّسْتَقَرًّا وَأَحْسَنُ مَقِيلًا ﴿۲۴﴾ وَيَوْمَ تَشَقَّقُ

بہتر ہیں ٹھکانے میں اور بہتر ہیں جگہ دوپہر کاٹنے میں ۔ اور جس دن کہ پھٹ جاوے گا

موضح القرآن

ف۱ یعنی عذاب پھیر دینا یا بات پلٹ ڈالنا ۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۲ پیغمبر ہیں کافروں کا ایمان جانچنے کو اور کافر ہیں پیغمبروں کا صبر جانچنے کو ۔ ۱۲ منہ رح۔

ع ۱ ۲ ۱۴

السَّمَاءُ بِالْغَمَامِ وَنُزِّلَ الْمَلٰٓئِكَةُ تَنْزِيْلًا ﴿۲۵﴾ اَلْمُلْكُ
آسمان ساتھ بدلی کے اور اُتارے جاویں گے فرشتے اُتارے جانے کر۔ بادشاہی
يَوْمَئِذِ ١لْحَقُّ لِلرَّحْمٰنِ ؕ وَكَانَ يَوْمًا عَلَى الْكٰفِرِيْنَ
اُس دن ثابت ہے واسطے رحمان کے۔ اور ہوگا وہ دن اُوپر کافروں کے
عَسِيْرًا ﴿۲۶﴾ وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰى يَدَيْهِ يَقُوْلُ
سخت۔ اور جسدن کاٹ کاٹ کھاویگا ظالم اوپر دونو ہاتھوں اپنے کے کہے گا
يٰلَيْتَنِي اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُوْلِ سَبِيْلًا ﴿۲۷﴾ يٰوَيْلَتٰى
اے کاش کہ پکڑتا میں ساتھ رسول کے راہ۔ اے وائے ہے مجھ کو
لَيْتَنِيْ لَمْ اَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِيْلًا ﴿۲۸﴾ لَقَدْ اَضَلَّنِيْ عَنِ
کاش کہ نہ پکڑتا فلانے کو دوست۔ البتہ تحقیق گمراہ کیا مجھ کو
الذِّكْرِ بَعْدَ اِذْ جَآءَنِيْ ؕ وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِلْاِنْسَانِ
قرآن سے پیچھے اس کے کہ آیا میرے پاس۔ اور ہے شیطان آدمی کو
خَذُوْلًا ﴿۲۹﴾ وَقَالَ الرَّسُوْلُ يٰرَبِّ اِنَّ قَوْمِي اتَّخَذُوْا
ہلاکی میں سونپنے والا۔ اور کہا رسول نے اے رب میرے قوم میری نے پکڑا ہے
هٰذَا الْقُرْاٰنَ مَهْجُوْرًا ﴿۳۰﴾ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ
اس قرآن کو چھوڑا ہوا۔ اور اسی طرح کیا ہم نے واسطے ہر نبی کے
عَدُوًّا مِّنَ الْمُجْرِمِيْنَ ؕ وَكَفٰى بِرَبِّكَ هَادِيًا وَّ
دشمن گنہگاروں میں سے۔ اور کفایت ہے پروردگار تیرا ہدایت کرنیوالا اور
نَصِيْرًا ﴿۳۱﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ
مدد کرنیوالا ف۔ اور کہا اُن لوگوں نے جو کافر ہوئے کیوں نہ اُتارا گیا اُوپر اس کے
الْقُرْاٰنُ جُمْلَةً وَّاحِدَةً ۚۛ كَذٰلِكَ ۚۛ لِنُثَبِّتَ بِهٖ
قرآن اکٹھا ایک بار۔ اسی طرح اُتارا ہم نے تاکہ ثابت کریں ساتھ اس کے
فُؤَادَكَ وَرَتَّلْنٰهُ تَرْتِيْلًا ﴿۳۲﴾ وَلَا يَاْتُوْنَكَ بِمَثَلٍ
دل تیرے کو اور ٹھہر ٹھہر کر پڑھا ہم نے اس کو ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا ف۔ اور نہیں لاتے تیرے پاس کوئی مثل
اِلَّا جِئْنٰكَ بِالْحَقِّ وَاَحْسَنَ تَفْسِيْرًا ﴿۳۳﴾ اَلَّذِيْنَ
مگر لاتے ہیں ہم تیرے پاس حق کو اور بہت اچھا کھول کر بیان کرتے ہیں۔ وہ لوگ

منزل ۴

ع

موضح القرآن

ف کافر بہکایا کریں جسکو اللہ چاہیگا راہ پر لاویگا ۱۲ منہ رح

ف یعنی ہر بات کے وقت اس کا جواب آتا ہے تو پیغمبر کا دل ثابت رہے ۱۲ منہ رح

يُحْشَرُونَ عَلٰى وُجُوهِهِمْ اِلٰى جَهَنَّمَ ۙ اُولٰٓئِكَ شَرٌّ

کہ اکٹھے کئے جاویں گے اُوپر مُونہوں اپنے کے طرف دوزخ کی یہ لوگ بدتر ہیں

مَّكَانًا وَّاَضَلُّ سَبِيلًا ﴿٣٤﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوسَى

مکان میں اور بہت بہکے ہوئے ہیں راہ میں۔ اور البتہ تحقیق دی ہمنے موسیٰ کو

الْكِتٰبَ وَجَعَلْنَا مَعَهُ اَخَاهُ هٰرُونَ وَزِيرًا ﴿٣٥﴾

کتاب اور کیا ہمنے ساتھ اسکے بھائی اس کے ہارون کو وزیر۔

فَقُلْنَا اذْهَبَا اِلَى الْقَوْمِ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِاٰيٰتِنَا

پس کہا ہمنے جاؤ تم دونو طرف اس قوم کی کہ جھٹلایا ہے انھوں نے نشانیوں ہماری کو

فَدَمَّرْنٰهُمْ تَدْمِيرًا ﴿٣٦﴾ وَقَوْمَ نُوحٍ لَّمَّا كَذَّبُوا

پس ہلاک کیا ہمنے اُنکو ہلاک کرنا۔ اور قوم نوح کی کو جب جھٹلایا انھوں نے

الرُّسُلَ اَغْرَقْنٰهُمْ وَجَعَلْنٰهُمْ لِلنَّاسِ اٰيَةً ۚ وَ

پیغمبروں کو غرق کیا ہمنے اُن کو اور کیا ہمنے اُن کو واسطے لوگوں کے نشانی۔ اور

اَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِينَ عَذَابًا اَلِيمًا ﴿٣٧﴾ وَّعَادًا وَّثَمُودَا

تیار کیا ہمنے واسطے ظالموں کے عذاب درد دینے والا۔ اور عاد کو اور ثمود کو

وَاَصْحٰبَ الرَّسِّ وَقُرُونًا بَيْنَ ذٰلِكَ كَثِيرًا ﴿٣٨﴾

اور رہنے والے کنوئیں کے کو اور قرنوں کو درمیان اس کے بہت کو۔

وَكُلًّا ضَرَبْنَا لَهُ الْاَمْثَالَ ۖ وَكُلًّا تَبَّرْنَا تَتْبِيرًا ﴿٣٩﴾

اور ہرایک کے واسطے بیان کیں ہمنے مثالیں اور ہرایک کو ہلاک کیا ہمنے ہلاک کرنے کر۔

وَلَقَدْ اَتَوْا عَلَى الْقَرْيَةِ الَّتِي اُمْطِرَتْ مَطَرَ السَّوْءِ

اور البتہ تحقیق آئے ہیں اُوپر اس بستی کے کہ برسایا گیا ہے مینھ برا۔

اَفَلَمْ يَكُونُوا يَرَوْنَهَا ۚ بَلْ كَانُوا لَا يَرْجُونَ نُشُورًا ﴿٤٠﴾

کیا پس نہ تھے دیکھتے اُس کو۔ بلکہ تھے نہ اُمید رکھتے جی اُٹھنے کی۔

وَاِذَا رَاَوْكَ اِنْ يَّتَّخِذُونَكَ اِلَّا هُزُوًا ۖ اَهٰذَا الَّذِي

اور جس وقت کہ دیکھتے ہیں تجھ کو نہیں پکڑتے تجھ کو مگر ٹھٹھا۔ کیا یہی ہے جس کو

بَعَثَ اللّٰهُ رَسُولًا ﴿٤١﴾ اِنْ كَادَ لَيُضِلُّنَا عَنْ اٰلِهَتِنَا

بھیجا اللہ نے پیغمبر کرکے۔ تحقیق نزدیک تھا کہ گمراہ کرے ہمکو معبودوں ہمارے سے

ع ٣ ١٤

موضح القرآن

ف کنوئیں والے کہتے ہیں ایک اُمت نے اپنے رسول کو کنوئیں میں ڈالا پھر اُن پر عذاب آیا تب وہ رسول خلاص ہوا ١٢ منہ رح

منزل ٤

لَوْلَآ اَنْ صَبَرْنَا عَلَيْهَا ۚ وَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ حِيْنَ

اگر نہ صبر کرتے ہم اوپر انکے۔ اور البتہ جانیں گے جب

يَرَوْنَ الْعَذَابَ مَنْ اَضَلُّ سَبِيْلًا ﴿۴۲﴾ اَرَءَيْتَ مَنِ

دیکھیں گے عذاب کو کون شخص بہت گمراہ ہوا ہے راہ سے۔ کیا دیکھا تو نے اس

اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ ۭ اَفَاَنْتَ تَكُوْنُ عَلَيْهِ وَكِيْلًا ﴿۴۳﴾

شخص کو کہ پکڑا اس نے معبود اپنا خواہش اپنی کو۔ کیا پس ہوتا ہو تو اوپر اس کے داروغہ۔

اَمْ تَحْسَبُ اَنَّ اَكْثَرَهُمْ يَسْمَعُوْنَ اَوْ يَعْقِلُوْنَ ۭ

کیا گمان کرتا ہے تو کہ اکثر ان کے سنتے ہیں یا سمجھتے ہیں۔

اِنْ هُمْ اِلَّا كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ سَبِيْلًا ﴿۴۴﴾

نہیں وہ مگر مانند چارپایوں کے بلکہ وہ بہت بھولے بھٹکے ہیں راہ کو۔

اَلَمْ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ ۚ وَلَوْ شَاۗءَ لَجَعَلَهٗ

کیا نہیں دیکھا تو نے طرف رب اپنے کی کیونکر پھیلایا ہے سایہ کو اور اگر چاہتا البتہ کر دیتا اس کو

سَاكِنًا ۚ ثُمَّ جَعَلْنَا الشَّمْسَ عَلَيْهِ دَلِيْلًا ﴿۴۵﴾ ثُمَّ

تھما ہوا۔ پھر کیا ہم نے سورج کو اوپر اس کے نشانی۔ پھر

قَبَضْنٰهُ اِلَيْنَا قَبْضًا يَّسِيْرًا ﴿۴۶﴾ وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ

کھینچ لیا ہم نے اسکو طرف اپنی کھینچنا آہستہ آہستہ ف۔ اور وہی ہے جس نے کیا

لَكُمُ الَّيْلَ لِبَاسًا وَّالنَّوْمَ سُبَاتًا وَّجَعَلَ النَّهَارَ

واسطے تمہارے رات کو پردہ اور نیند کو آرام اور کیا دن کو

نُشُوْرًا ﴿۴۷﴾ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ الرِّيْحَ بُشْرًۢا بَيْنَ

وقت منتشر ہونے کا۔ اور وہی ہے جس نے بھیجا باؤں کو خوشخبری دینے والیاں آگے

يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ۚ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً طَهُوْرًا ﴿۴۸﴾

مہربانی اپنی کے۔ اور اتارا ہم نے آسمان سے پانی پاک کرنے والا۔

لِّنُحْیِۦَ بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا وَّنُسْقِيَهٗ مِمَّا خَلَقْنَآ اَنْعَامًا

تاکہ زندہ کریں ساتھ اسکے شہر مردے کو اور پلاویں وہ پانی ان چیزوں میں کہ پیدا کیا ہم نے جانوروں کو

وَّاَنَاسِيَّ كَثِيْرًا ﴿۴۹﴾ وَلَقَدْ صَرَّفْنٰهُ بَيْنَهُمْ لِيَذَّكَّرُوْا ڮ

اور آدمیوں کو بہت کو۔ اور البتہ تحقیق طرح طرح سے بیان کیا ہم نے اسکو درمیان انکے تاکہ نصیحت پکڑیں

موضح القرآن

ع ۱ / ۲ — منزل ۴

ف اول ہر چیز کا سایہ لمبا پڑتا ہے پھر جس طرف سورج چلتا ہو اسکے مقابل سایہ ہٹتا ہے جب تک کہ جڑ میں آلگے اپنی طرف کھینچ لیا یہ کہ اپنی اصل کو جا لگتا ہر سب کی اصل اللہ ہی ہے ۱۲ رح

فَاَبٰٓى اَكْثَرُ النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا ۝ وَلَوْ شِئْنَا لَبَعَثْنَا

پس انکار کیا اکثر لوگوں نے مگر کفر کرنا۔ اور اگر چاہتے ہم البتہ بھیجتے ہم

فِيْ كُلِّ قَرْيَةٍ نَّذِيْرًا ۝ فَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَ

بیچ ہر بستی کے ڈرانے والا۔ پس مت کہا مان کافروں کا اور

جَاهِدْهُمْ بِهٖ جِهَادًا كَبِيْرًا ۝ وَهُوَ الَّذِيْ مَرَجَ

جھگڑا کر اُن سے ساتھ اس کے جھگڑا بڑا۔ اور وہ ہے جس نے ملائے

الْبَحْرَيْنِ هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ وَّهٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ

دو دریا یہ میٹھا ہے پیاس بجھانے والا اور یہ کھاری ہے چھاتی جلانے والا۔

وَجَعَلَ بَيْنَهُمَا بَرْزَخًا وَّحِجْرًا مَّحْجُوْرًا ۝ وَهُوَ

اور کیا درمیان ان دونو کے پردہ اور بند بندھا ہوا۔ اور وہ

الَّذِيْ خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا فَجَعَلَهٗ نَسَبًا وَّصِهْرًا ۗ

ہے جس نے پیدا کیا پانی سے آدمی پس کیا واسطے اُس کے ناتا اور سسرال۔

وَكَانَ رَبُّكَ قَدِيْرًا ۝ وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

اور ہے پروردگار تیرا قادر۔ اور عبادت کرتے ہیں سوائے خدا کے

مَا لَا يَنْفَعُهُمْ وَلَا يَضُرُّهُمْ ۗ وَكَانَ الْكَافِرُ عَلٰى

اس چیز کو کہ نہ نفع دے اُن کو اور نہ ضرر دے اُن کو۔ اور ہے کافر اُوپر

رَبِّهٖ ظَهِيْرًا ۝ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝

رب اپنے کے پیٹھ دینے والا۔ اور نہیں بھیجا ہمنے تجھ کو مگر خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا۔

قُلْ مَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ اِلَّا مَنْ شَآءَ اَنْ

کہہ نہیں سوال کرتا میں تم سے اُوپر اس قرآن کے کچھ بدلا مگر جو کوئی چاہے یہ کہ

يَّتَّخِذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ۝ وَتَوَكَّلْ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ

پکڑ لیوے طرف رب اپنے کی راہ۔ اور توکل کر اُوپر اُس زندہ کے جو

لَا يَمُوْتُ وَسَبِّحْ بِحَمْدِهٖ ۭ وَكَفٰى بِهٖ بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ

نہیں مرتا اور پاکی بیان کر ساتھ تعریف اُسکی کے۔ اور کفایت ہے وہ ساتھ گناہوں بندوں اپنے

خَبِيْرًا ۝ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا

کے خبردار۔ جس نے پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو اور جو کچھ

موضح القرآن

ف۱ یعنی نبی کا آنا تعجب نہیں اللہ چاہے نبیوں کی بہتات کرے ہر بستی میں ایک نبی سو تو شبہ نہ کھا کافروں کے انکار سے ۱۲ منہ رح

ربع

ف۲ اپنی اولاد کا جدہر اور جہاں اُن کا بیاہ ہوا انکی سسرال ہے اور رب سب کر سکتا ہے یعنی مارے پھر جلائے ۱۲ منہ رح

مع عند المتقدمین ۱۲

بَيْنَهُمَا فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوَىٰ عَلَى الْعَرْشِ
درمیان ان دونوں کے ہے بیچ چھ دن کے پھر قرار پکڑا اوپر عرش کے
الرَّحْمَٰنُ فَاسْأَلْ بِهِ خَبِيرًا ۵۹ وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ اسْجُدُوا
وہ رحمان ہے پس سوال کر اُسکو خبردار سے۔ اور جب کہا جاتا ہے واسطے اُنکے سجدہ کرو
لِلرَّحْمَٰنِ قَالُوا وَمَا الرَّحْمَٰنُ أَنَسْجُدُ لِمَا تَأْمُرُنَا
واسطے رحمان کے کہتے ہیں وہ اور کیا ہے رحمان کیا سجدہ کریں ہم جسکو حکم کرے تو
وَزَادَهُمْ نُفُورًا ۶۰ تَبَارَكَ الَّذِي جَعَلَ فِي السَّمَاءِ
اور زیادہ کرتا ہے اُنکو بھاگنا۔ بہت برکت والا ہے جس نے کئے بیچ آسمان کے
بُرُوجًا وَجَعَلَ فِيهَا سِرَاجًا وَقَمَرًا مُنِيرًا ۶۱ وَهُوَ
برج اور کیا بیچ اس کے چراغ یعنی سورج اور چاند روشن ف۱ اور وُہی
الَّذِي جَعَلَ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ خِلْفَةً لِمَنْ أَرَادَ أَنْ
ہے جس نے کیا رات کو اور دن کو آگے پیچھے آنیوالے واسطے اسکے کہ ارادہ کرتا ہے یہ کہ
يَذَّكَّرَ أَوْ أَرَادَ شُكُورًا ۶۲ وَعِبَادُ الرَّحْمَٰنِ الَّذِينَ
نصیحت پکڑے یا ارادہ کرتا ہے شکر کرنا ف۲۔ اور بندے رحمان کے وہ لوگ ہیں کہ
يَمْشُونَ عَلَى الْأَرْضِ هَوْنًا وَإِذَا خَاطَبَهُمُ الْجَاهِلُونَ
چلتے ہیں اوپر زمین کے آہستہ اور جسوقت کہ بات کرتے ہیں اُن سے جاہل
قَالُوا سَلَامًا ۶۳ وَالَّذِينَ يَبِيتُونَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَ
کہتے ہیں کہ سلام ہے ف۳۔ اور وہ لوگ کہ رات کاٹتے ہیں واسطے پروردگار اپنے کے سجدہ کرتے ہوئے
قِيَامًا ۶۴ وَالَّذِينَ يَقُولُونَ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا
اور کھڑے ف۴۔ اور وہ لوگ کہ کہتے ہیں اے پروردگار ہمارے پھیر دے ہم سے
عَذَابَ جَهَنَّمَ إِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ۶۵ إِنَّهَا
عذاب دوزخ کا تحقیق عذاب اُسکا ہے لازم ہو جانے والا۔ تحقیق وہ
سَاءَتْ مُسْتَقَرًّا وَمُقَامًا ۶۶ وَالَّذِينَ إِذَا أَنْفَقُوا
بُری ہے جگہ قرار کی اور رہنے کی۔ اور وہ لوگ کہ جسوقت خرچ کرتے ہیں
لَمْ يُسْرِفُوا وَلَمْ يَقْتُرُوا وَكَانَ بَيْنَ ذَٰلِكَ قَوَامًا ۶۷
نہیں بیجا خرچ کرتے اور نہیں تنگی کرتے اور ہوتی ہے درمیان اسکے معتدل گذران۔

موضح القرآن

ف۱ آسمان کے بارہ حصے کا نام برج ہر ایک ستارے کا پتہ یہ حدیں رکھی ہیں حساب کو۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ بدلتے یا تو بڑھنا گھٹنا یا آنا جانا ایک دوسرے کا بدلا دن کا کام رہ گیا رات کو کیا رات کا دن کو ۱۲ منہ رح

ف۳ یعنی ایسوں سے لگتے نہیں نہ ان میں شامل ہوں نہ ان سے لڑیں۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۴ رکوع کو نہیں کہا رکوع بہت لمبا نہیں ہوتا۔ ۱۲ منہ رح

وَ الَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَلَا
اور جو لوگ کہ نہیں پکارتے ساتھ اللہ کے معبود اور کو اور نہیں
يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا
مار ڈالتے اس جان کو کہ حرام کیا ہے خدا نے مگر ساتھ حق کے اور نہیں
يَزْنُوْنَ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ يَلْقَ اَثَامًا ﴿٦٨﴾ يُّضٰعَفْ
زنا کرتے ۔ اور جو کوئی کرے یہ کام ملے گا بڑے وبال سے ف۱ ۔ دُگنا کیا جاویگا
لَهُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَيَخْلُدْ فِيْهٖ مُهَانًا ﴿٦٩﴾ اِلَّا
واسطے اُس کے عذاب دن قیامت کے اور پڑا رہیگا بیچ اس کے رسوا ف۲ ۔ مگر
مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ
جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور کیا کام اچھا پس یہ لوگ
يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ ۚ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا
بدل ڈالتا ہے اللہ برائیوں اُن کی کو بھلائیوں سے ۔ اور ہے اللہ بخشنے والا
رَّحِيْمًا ﴿٧٠﴾ وَمَنْ تَابَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاِنَّهٗ يَتُوْبُ
مہربان ف۳ ۔ اور جو کوئی توبہ کرے اور عمل کرے اچھے پس تحقیق وہ رجوع کرتا ہے
اِلَى اللّٰهِ مَتَابًا ﴿٧١﴾ وَالَّذِيْنَ لَا يَشْهَدُوْنَ الزُّوْرَ ۙ وَ
طرف اللہ کی رجوع کرنا ف۴ ۔ اور وہ لوگ کہ نہیں گواہی دیتے جھوٹی اور
اِذَا مَرُّوْا بِاللَّغْوِ مَرُّوْا كِرَامًا ﴿٧٢﴾ وَالَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا
جس وقت گذرتے ہیں ساتھ بیہودہ کے گذرتے ہیں بزرگانہ ف۵ ۔ اور وہ لوگ کہ جس وقت نصیحت کیے جاتے ہیں
بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ لَمْ يَخِرُّوْا عَلَيْهَا صُمًّا وَّعُمْيَانًا ﴿٧٣﴾
ساتھ نشانیوں رب اپنے کے نہیں گر پڑتے اوپر اُن کے بہرے اور اندھے ہوکر ف۶ ۔
وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا
اور وہ لوگ کہ کہتے ہیں اے رب ہمارے بخش ہمکو جوروؤں ہماری سے
وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ﴿٧٤﴾
اور اولاد ہماری سے خنکی آنکھوں کی اور کر ہمکو پرہیزگاروں کا پیشوا ف۷ ۔
اُولٰٓئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوْا وَيُلَقَّوْنَ فِيْهَا
یہ لوگ بدلا دیے جاوینگے بالاخانے بسبب اسکے کہ صبر کیا انھوں نے اور پہنچائے جاوینگے

موضح القرآن

ف۱ مگر جہاں چاہئے رسول نے فرمایا مسلمان کی جان نہیں مارنی سوائے تین گناہ پر خون کرنے میں یا بدکاری میں سنگسار کرنا یا راہ لوٹنے پر مارنا ۔ ۱۲ منہ رح ۔

ف۲ یعنی اور گناہوں سے یہ گناہ بڑے ہیں ۱۲ منہ رح

ف۳ بدل دیگا یعنی گناہوں کی جگہ نیکیوں کی توفیق دیگا اور کفر کے گناہ معاف کریگا ۱۲ منہ رح

ف۴ پہلا ذکر تھا کفر کے گناہ کا جو پیچھے ایمان لایا ! یہ ذکر ہے مسلمان گناہ کریگا وہ بھی جب توبہ کرے یعنی پھر اپنے کام سنوارے تو اللہ کو ہر جگہ پاوے ۱۲ منہ

ف۵ یعنی گناہ میں شامل نہیں اور کھیل کی باتوں کی طرف دھیان نہیں کرتے ؛ اس میں شامل نہ ان سے لڑیں ۱۲ منہ رح

ف۶ یعنی دھیان سے سُنیں ۔ ۱۲ منہ رح ۔

ف۷ آنکھ کی ٹھنڈک یہ کہ وہ اپنی راہ پر ہوں ہم پرہیزگاروں کے آگے ہوں وہ ہمارے پیچھے ۱۲ منہ

ربع

تَحِيَّةً وَّ سَلٰمًا ﴿٧٥﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ حَسُنَتْ مُسْتَقَرًّا

بیچ اسکے دعا زندگی اور سلامتی کو ف ۔ ہمیشہ رہیں گے بیچ اس کے اچھی جگہ قرار کی

وَّ مُقَامًا ﴿٧٦﴾ قُلْ مَا يَعْبَؤُا بِكُمْ رَبِّيْ لَوْلَا دُعَاۗؤُكُمْ ۚ

اور رہنے کی ف۲ ۔ کہہ کہ نہیں اختیار رکھتا تمکو رب میرا اگر نہ ہوتی التجا تمہاری ۔

فَقَدْ كَذَّبْتُمْ فَسَوْفَ يَكُوْنُ لِزَامًا ﴿٧٧﴾

پس تحقیق جھٹلایا تم نے پس البتہ ہوگا وبال اُسکا لگ جانے والا ف۳ ۔

ع ١٧

سُوْرَةُ الشُّعَرَاۗءِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ مِائَتَانِ وَّسَبْعٌ وَّعِشْرُوْنَ اٰيَةً وَّاِحْدٰى عَشَرَ رُكُوْعًا

سورۃ الشعراء مکہ میں نازل ہوئی اسمیں دو سو ستائیس آیتیں اور گیارہ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے ۔

طٰسۗمّۗ ﴿١﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿٢﴾ لَعَلَّكَ

یہ ہیں آیتیں کتاب بیان کرنے والی کی ۔ شاید کہ تو

بَاخِعٌ نَّفْسَكَ اَلَّا يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿٣﴾ اِنْ نَّشَاْ

ہلاک کرنیوالا ہو جان اپنی کو اسواسطے کہ نہیں ہوتے ایمان لانیوالے ۔ اگر چاہیں ہم

نُنَزِّلْ عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَاۗءِ اٰيَةً فَظَلَّتْ اَعْنَاقُهُمْ

اُتاریں اُوپر اُن کے آسمان سے نشانی پس ہو جاویں گردنیں اُن کی

لَهَا خٰضِعِيْنَ ﴿٤﴾ وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ ذِكْرٍ مِّنَ

واسطے اُس کے نیچی ۔ اور نہیں آتا اُن کے پاس کچھ مذکور

الرَّحْمٰنِ مُحْدَثٍ اِلَّا كَانُوْا عَنْهُ مُعْرِضِيْنَ ﴿٥﴾ فَقَدْ

اللہ کی طرف سے نیا مگر ہوتے ہیں اُس سے منہ پھیرنیوالے ۔ پس تحقیق

كَذَّبُوْا فَسَيَاْتِيْهِمْ اَنْۢبٰۗؤُا مَا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿٦﴾

جھٹلایا انھوں نے پس شتاب آویں گی انکو خبریں اس چیز کی کہ تھے ساتھ اسکے ٹھٹھا کرتے ۔

اَوَلَمْ يَرَوْا اِلَى الْاَرْضِ كَمْ اَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ

کیا نہیں دیکھا انھوں نے طرف زمین کی کتنے اگائے ہیں ہمنے بیچ اس کے ہر قسم

زَوْجٍ كَرِيْمٍ ﴿٧﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ

کے جوڑے نفیس سے ۔ تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانی ہے ۔ اور نہیں ہیں اکثر اُن کے

منزل ۵

موضح القرآن

ف یعنی فرشتے آگے آگے لیجاویں گے ۔ ١٢ منہ رح

ف۲ یعنی ایسی جگہ تھوڑی دیر ٹھیرنا ملے تو بھی غنیمت ہے اُن کا تو وہ گھر ہے ۔ ١٢ منہ رح

ف۳ یعنی بندہ و مغرور نہ ہو خاوند کو اس کی التجا پر رحم کرتا ہے اب ہوتا ہے بھیٹا یعنی لڑائی جہاد ۔ ١٢ منہ رح

ع ۹ / ۵

مُؤْمِنِينَ ۝ وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ﴿٩﴾ وَ

ایمان لانیوالے ۔ اور تحقیق رب تیرا البتہ وہ غالب ہے مہربان ف۱ ۔ اور

إِذْ نَادَىٰ رَبُّكَ مُوسَىٰ أَنِ ائْتِ الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ﴿١٠﴾

جس وقت پکارا پروردگار تیرے نے موسیٰ کو یہ کہ جا قوم ظالموں کے پاس ۔

قَوْمَ فِرْعَوْنَ ۚ أَلَا يَتَّقُونَ ﴿١١﴾ قَالَ رَبِّ إِنِّي أَخَافُ

قوم فرعون کی ۔ کیا نہیں ڈرتے ہیں وہ ۔ کہا کہ اے رب میرے تحقیق میں ڈرتا ہوں

أَن يُكَذِّبُونِ ﴿١٢﴾ وَيَضِيقُ صَدْرِي وَلَا يَنطَلِقُ

اس سے کہ جھٹلاویں مجھ کو ۔ اور تنگی کرتا ہے سینہ میرا اور نہیں چلتی

لِسَانِي فَأَرْسِلْ إِلَىٰ هَارُونَ ﴿١٣﴾ وَلَهُمْ عَلَيَّ ذَنبٌ

زبان میری پس وحی بھیج طرف ہارون کی بھی ۔ اور ان کو اوپر میرے ایک گناہ ہے

فَأَخَافُ أَن يَقْتُلُونِ ﴿١٤﴾ قَالَ كَلَّا ۖ فَاذْهَبَا بِآيَاتِنَا

پس ڈرتا ہوں یہ کہ مار ڈالیں مجھ کو ۔ کہا کہ ہرگز نہ ماریں گے پس جاؤ تم دونو ساتھ نشانیوں ہماری

إِنَّا مَعَكُم مُّسْتَمِعُونَ ﴿١٥﴾ فَأْتِيَا فِرْعَوْنَ فَقُولَا إِنَّا

کے تحقیق ہم ساتھ تمہارے سننے والے ہیں ۔ پس جاؤ فرعون کے پاس پس کہو تحقیق ہم

رَسُولُ رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿١٦﴾ أَنْ أَرْسِلْ مَعَنَا بَنِي

بھیجے ہوئے ہیں پروردگار عالموں کے ۔ یہ کہ بھیج دے ساتھ ہمارے بنی

إِسْرَائِيلَ ﴿١٧﴾ قَالَ أَلَمْ نُرَبِّكَ فِينَا وَلِيدًا وَلَبِثْتَ

اسرائیل کو ف۲ ۔ کہا کہ کیا نہیں پالا تھا ہم نے تجھ کو درمیان اپنے بچہ اور رہا ہے تو

فِينَا مِنْ عُمُرِكَ سِنِينَ ﴿١٨﴾ وَفَعَلْتَ فَعْلَتَكَ

درمیان ہمارے عمر اپنی سے کتنے برس ۔ اور کیا تو نے وہ کام اپنا

الَّتِي فَعَلْتَ وَأَنتَ مِنَ الْكَافِرِينَ ﴿١٩﴾ قَالَ فَعَلْتُهَا

جو کیا تو نے اور تو کافروں سے ہے ف۳ ۔ کہا موسیٰ نے کیا تھا میں نے

إِذًا وَأَنَا مِنَ الضَّالِّينَ ﴿٢٠﴾ فَفَرَرْتُ مِنكُمْ لَمَّا خِفْتُكُمْ

وہ کام اسوقت اور میں گمراہوں سے تھا ۔ پس بھاگ گیا تھا میں تم سے جب ڈرا تم سے

فَوَهَبَ لِي رَبِّي حُكْمًا وَجَعَلَنِي مِنَ الْمُرْسَلِينَ ﴿٢١﴾

پس دیا مجھ کو رب میرے نے حکم اور کیا مجھ کو پیغمبروں سے ۔

منزل ۵

موضح القرآن

ف۱ یعنی زمانے پر جلد عذاب نہیں بھیجتا ۱۲ منہ رح

ف۲ بنی اسرائیل کا وطن تھا ملک شام حضرت ابراہیم کے وقت سے حضرت یوسف کے سبب مصر میں آ رہے کئی مدت گذری اب حق تعالے نے ان کو ملک شام دینا چاہا ۔ فرعون انکو نہ چھوڑتا تھا کہ ان سے کام لیتا بیگار میں ۱۲ منہ رح

ف۳ ایک قبطی کا خون ہوا تھا ان سے ۔ سورہ قصص میں آوے گا ۱۲ منہ رح

وَتِلْكَ نِعْمَةٌ تَمُنُّهَا عَلَيَّ أَنْ عَبَّدْتَّ بَنِيٓ

اور یہ کیا نعمت ہے کہ احسان رکھتا ہو اس کا اوپر میرے یہ کہ غلام کر رکھا ہے تو نے بنی

إِسْرَآءِيلَ ﴿٢٢﴾ قَالَ فِرْعَوْنُ وَمَا رَبُّ الْعٰلَمِينَ ﴿٢٣﴾

اسرائیل کو۔ کہا فرعون نے اور کیا ہے پروردگار عالموں کا۔

قَالَ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۖ إِنْ كُنْتُمْ

کہا پروردگار ہے آسمانوں کا اور زمین کا اور جو کچھ کہ درمیان ان دونوں کے ہے۔ اگر ہو تم

مُوقِنِينَ ﴿٢٤﴾ قَالَ لِمَنْ حَوْلَهُ أَلَا تَسْتَمِعُونَ ﴿٢٥﴾

یقین لانیوالے۔ کہا واسطے ان لوگوں کے کہ گرد اس کے تھے کیا نہیں سنتے تم۔

قَالَ رَبُّكُمْ وَرَبُّ آبَآئِكُمُ الْأَوَّلِينَ ﴿٢٦﴾ قَالَ إِنَّ

کہا پروردگار تمہارا اور پروردگار باپوں تمہارے پہلے کا ہے۔ کہا تحقیق

رَسُولَكُمُ الَّذِيٓ أُرْسِلَ إِلَيْكُمْ لَمَجْنُونٌ ﴿٢٧﴾ قَالَ

پیغمبر تمہارا جو بھیجا گیا ہے طرف تمہاری البتہ دیوانہ ہے۔ کہا

رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۖ إِنْ كُنْتُمْ

پروردگار مشرق کا اور مغرب کا اور جو کچھ درمیان ان دونوں کے ہے۔ اگر ہو تم

تَعْقِلُونَ ﴿٢٨﴾ قَالَ لَئِنِ اتَّخَذْتَ إِلٰهًا غَيْرِي

سمجھتے وا۔ کہا اگر پکڑے گا تو معبود سوائے میرے

لَأَجْعَلَنَّكَ مِنَ الْمَسْجُونِينَ ﴿٢٩﴾ قَالَ أَوَلَوْ جِئْتُكَ

البتہ کردوں گا میں تجھ کو قیدیوں میں سے۔ کہا اگرچہ لاؤں میں تیرے پاس

بِشَيْءٍ مُّبِينٍ ﴿٣٠﴾ قَالَ فَأْتِ بِهِۦٓ إِنْ كُنْتَ مِنَ

ایک چیز ظاہر۔ کہا پس لے آ اسکو اگر ہے تو

الصّٰدِقِينَ ﴿٣١﴾ فَأَلْقٰى عَصَاهُ فَإِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ

سچوں سے۔ پس ڈال دیا عصا اپنا پس ناگہاں وہ تھا اژدہا اشتی گن

مُّبِينٌ ﴿٣٢﴾ وَنَزَعَ يَدَهُ فَإِذَا هِيَ بَيْضَآءُ لِلنّٰظِرِينَ ﴿٣٣﴾

ظاہر۔ اور بغل میں سے کھینچ لیا ہاتھ اپنا پس ناگہاں وہ سفید تھا واسطے دیکھنے والوں کے

قَالَ لِلْمَلَإِ حَوْلَهُ إِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيمٌ ﴿٣٤﴾ يُرِيدُ

کہا واسطے سرداروں کے گرد اپنے تحقیق یہ البتہ جادوگر ہے دانا۔ چاہتا ہے

منزل ٥

ع ٢

موضح القرآن

وا حضرت موسیٰ ایک بات کہے جاتے تھے۔ اللہ کی قدرتیں پتے بتانے کو اور فرعون بیچ میں اپنے سرداروں کو ابھارتا تھا کہ انکو یقین نہ آجائے ۱۲ منہ

أَنْ يُّخْرِجَكُمْ مِّنْ أَرْضِكُمْ بِسِحْرِهٖ ۖ فَمَاذَا تَأْمُرُوْنَ ۝۳۵

یہ کہ نکالدے تمکو زمین تمہاری سے ساتھ جادو اپنے کے پس کیا حکم کرتے ہو۔

قَالُوْٓا أَرْجِهْ وَأَخَاهُ وَابْعَثْ فِي الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ۝۳۶

کہا انھوں نے کہ ڈھیل دے اسکو اور بھائی اسکے کو اور بھیج بیچ شہروں کے اکٹھے کرنیوالے۔

يَأْتُوْكَ بِكُلِّ سَحَّارٍ عَلِيْمٍ ۝۳۷ فَجُمِعَ السَّحَرَةُ لِمِيْقَاتِ

لے آویں تیرے پاس ہر جادوگر دانا کو۔ پس اکٹھے کئے جادوگر واسطے وقت

يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ۝۳۸ وَّقِيْلَ لِلنَّاسِ هَلْ أَنْتُمْ مُّجْتَمِعُوْنَ ۝۳۹

دن معلوم کے۔ اور کہا گیا واسطے لوگوں کے کیا ہو تم اکٹھے ہونے والے۔

لَعَلَّنَا نَتَّبِعُ السَّحَرَةَ إِنْ كَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ۝۴۰ فَلَمَّا

شاید کہ ہم پیروی کریں جادوگروں کی اگر ہو دیں وہ غالب۔ پس جب

جَآءَ السَّحَرَةُ قَالُوْا لِفِرْعَوْنَ أَئِنَّ لَنَا لَأَجْرًا إِنْ

آئے جادوگر کہنے لگے واسطے فرعون کے کیا مقرر ہوگا واسطے ہمارے بدلا اگر

كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِيْنَ ۝۴۱ قَالَ نَعَمْ وَإِنَّكُمْ إِذًا لَّمِنَ

ہوں ہم غالب۔ کہا کہ ہاں اور تحقیق تم ہو وقت البتہ

الْمُقَرَّبِيْنَ ۝۴۲ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰٓى أَلْقُوْا مَآ أَنْتُمْ

مقربوں سے ہوگے ف۱۔ کہا واسطے ان کے موسیٰ نے ڈالو جو کچھ کہ ہو تم

مُّلْقُوْنَ ۝۴۳ فَأَلْقَوْا حِبَالَهُمْ وَعِصِيَّهُمْ وَقَالُوْا

ڈالنے والے۔ پس ڈالیں انھوں نے رسیاں اپنی اور لاٹھیاں اپنی اور کہا انھوں نے

بِعِزَّةِ فِرْعَوْنَ إِنَّا لَنَحْنُ الْغٰلِبُوْنَ ۝۴۴ فَأَلْقٰى

ساتھ اقبال فرعون کے تحقیق ہم ہیں غالب۔ پس ڈالا

مُوْسٰى عَصَاهُ فَإِذَا هِيَ تَلْقَفُ مَا يَأْفِكُوْنَ ۝۴۵

موسیٰ نے عصا اپنا پس ناگہاں وہ نگل جاتا ہے جو کچھ جھوٹ باندھا تھا۔

فَأُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ۝۴۶ قَالُوْٓا آمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۴۷

پس ڈالے گئے جادوگر سجدہ کرتے ہوئے۔ کہا انھوں نے ایمان لائے ہم ساتھ پروردگار عالموں کے

رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ۝۴۸ قَالَ آمَنْتُمْ لَهٗ قَبْلَ أَنْ

پروردگار موسیٰ کے اور ہارون کے۔ کہا ایمان لائے تم واسطے اسکے پہلے اس سے کہ

موضح القرآن

ف۱ یعنی میرے مصاحب ہوگے ۱۲ منہ

أَذِنَ لَكُمْ ۚ إِنَّهُ لَكَبِيرُكُمُ الَّذِي عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ

پروانگی دوں میں تمکو۔ تحقیق وہ بڑا تمہارا ہے جس نے سکھلایا تم کو جادو۔

فَلَسَوْفَ تَعْلَمُونَ ۚ لَأُقَطِّعَنَّ أَيْدِيَكُمْ وَأَرْجُلَكُم

پس البتہ شتاب جانو گے تم ف۱۔ البتہ کاٹوں گا میں ہاتھ تمہارے اور پاؤں تمہارے

مِّنْ خِلَافٍ وَلَأُصَلِّبَنَّكُمْ أَجْمَعِينَ ﴿٤٩﴾ قَالُوا

مخالف طرف سے اور البتہ سولی پر کھینچوں گا میں تم سب کو۔ کہا انھوں نے

لَا ضَيْرَ ۖ إِنَّا إِلَىٰ رَبِّنَا مُنقَلِبُونَ ﴿٥٠﴾ إِنَّا نَطْمَعُ أَن

نہیں ضرر ہمکو تحقیق ہم طرف رب اپنے کی پھر جانیوالے ہیں۔ تحقیق ہم اُمید رکھتے ہیں یہ کہ

يَغْفِرَ لَنَا رَبُّنَا خَطَايَانَا أَن كُنَّا أَوَّلَ الْمُؤْمِنِينَ ﴿٥١﴾

بخشدے واسطے ہمارے پروردگار ہمارا گناہ ہمارے ہواسطے کہ ہیں ہم اول ایمان لانے والے۔

وَأَوْحَيْنَا إِلَىٰ مُوسَىٰ أَنْ أَسْرِ بِعِبَادِي إِنَّكُم

اور وحی کی بھیجی طرف موسیٰ کی یہ کہ رات کو لے چل بندوں میرے کو تحقیق تم

مُّتَّبَعُونَ ﴿٥٢﴾ فَأَرْسَلَ فِرْعَوْنُ فِي الْمَدَائِنِ

پیچھا کیے جاؤ گے۔ پس بھیجے لوگ فرعون نے بیچ شہروں کے

حَاشِرِينَ ﴿٥٣﴾ إِنَّ هَٰؤُلَاءِ لَشِرْذِمَةٌ قَلِيلُونَ ﴿٥٤﴾

جمع کرنے والے۔ تحقیق یہ ایک جماعت ہے تھوڑی۔

وَإِنَّهُمْ لَنَا لَغَائِظُونَ ﴿٥٥﴾ وَإِنَّا لَجَمِيعٌ حَاذِرُونَ ﴿٥٦﴾

اور تحقیق وہ ہمکو غصے میں لانیوالے ہیں۔ اور تحقیق ہم جماعت ہیں ترسناک۔

فَأَخْرَجْنَاهُم مِّن جَنَّاتٍ وَعُيُونٍ ﴿٥٧﴾ وَكُنُوزٍ وَ

پس نکالا ہمنے اُنکو باغوں سے اور چشموں سے اور گنجوں سے اور

مَقَامٍ كَرِيمٍ ﴿٥٨﴾ كَذَٰلِكَ وَأَوْرَثْنَاهَا بَنِي إِسْرَائِيلَ ﴿٥٩﴾

مکانوں پاکیزہ سے۔ اسی طرح سے کیا۔ اور وارث کردیا ہمنے اُن کا بنی اسرائیل کو۔

فَأَتْبَعُوهُم مُّشْرِقِينَ ﴿٦٠﴾ فَلَمَّا تَرَاءَى الْجَمْعَانِ قَالَ

پس پیچھے لگے اُنکے سورج نکلتے یعنی صبحکو ف۲۔ پس جب آپسمیں دیکھنے لگیں دو جماعتیں کہا

أَصْحَابُ مُوسَىٰ إِنَّا لَمُدْرَكُونَ ﴿٦١﴾ قَالَ كَلَّا ۖ إِنَّ مَعِيَ

یاروں موسیٰ کے نے تحقیق ہم پائے گئے ہیں۔ کہا ہرگز نہیں تحقیق ساتھ میرے

موضح القرآن

ف۱ تمہارا بڑا ایکا رب کو یعنی موسیٰ اور تم ایک اُستاد کے شاگرد ہو۔ ۱۲ منہ رح

ع ۳/۱۸

ف۲ ایک رات اللہ کے حکم سے شہر مصر میں وبا پڑی ہر گھر بڑا بیٹا مرگیا۔ اور بنی اسرائیل کو آگے سے حکم تھا کر تیار رہیں اس رات میں نکل کھڑے ہوئے پھر کئی دن لگے اُن کو ماتم میں آخر فرعون کی تاکید سے سب نکل کر پیچھے لگے دریائے قلزم پر جا ملے۔ ۱۲ منہ رح

منزل ۵

رَبِّيْ سَيَهْدِيْنِ ﴿٦٢﴾ فَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنِ اضْرِبْ

رب میرا ہو شتاب راہ دکھلاویگا مجھ کو۔ پس وحی بھیجی ہمنے طرف موسیٰ کی یہ کہ مار

بِّعَصَاكَ الْبَحْرَ ؕ فَانْفَلَقَ فَكَانَ كُلُّ فِرْقٍ كَالطَّوْدِ

ساتھ عصا اپنے کے دریا کو۔ پس پھٹ گیا پس ہو گیا ہر ٹکڑا مانند پہاڑ

الْعَظِيْمِ ﴿٦٣﴾ وَ اَزْلَفْنَا ثَمَّ الْاٰخَرِيْنَ ﴿٦٤﴾ وَ اَنْجَيْنَا

بڑے کے ف۱۔ اور نزدیک کر دیا ہمنے اسجگہ دوسروں کو۔ اور نجات دی ہم نے

مُوْسٰى وَمَنْ مَّعَهٗٓ اَجْمَعِيْنَ ﴿٦٥﴾ ثُمَّ اَغْرَقْنَا

موسیٰ کو اور اُن لوگوں کو کہ ساتھ اسکے تھے سب کو۔ پھر ڈبو دیا ہم نے

الْاٰخَرِيْنَ ﴿٦٦﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ

دوسروں کو۔ تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانی ہے۔ اور نہ تھے اکثر اُن کے

مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٦٧﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿٦٨﴾

ایمان لانے والے۔ اور تحقیق پروردگار تیرا البتہ وہی ہے غالب مہربان ف۲۔

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ اِبْرٰهِيْمَ ﴿٦٩﴾ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ

اور پڑھ اُوپر اُن کے قصہ ابراہیم کا۔ جسوقت کہا واسطے باپ اپنے کے اور قوم اپنی کے

مَا تَعْبُدُوْنَ ﴿٧٠﴾ قَالُوْا نَعْبُدُ اَصْنَامًا فَنَظَلُّ لَهَا

کس چیز کی عبادت کرتے ہو۔ کہا انھوں نے کہ عبادت کرتے ہیں ہم بتوں کی پس رہتے ہیں واسطے اُنکے

عٰكِفِيْنَ ﴿٧١﴾ قَالَ هَلْ يَسْمَعُوْنَكُمْ اِذْ تَدْعُوْنَ ﴿٧٢﴾

بیٹھے۔ کہا کہ کیا سنتے ہیں تمہارے جسوقت کہ پکارتے ہو تم۔

اَوْ يَنْفَعُوْنَكُمْ اَوْ يَضُرُّوْنَ ﴿٧٣﴾ قَالُوْا بَلْ وَجَدْنَآ

یا نفع دیتے ہیں تم کو یا ضرر دیتے ہیں۔ کہا انھوں نے بلکہ پایا ہے ہم نے

اٰبَآءَنَا كَذٰلِكَ يَفْعَلُوْنَ ﴿٧٤﴾ قَالَ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا كُنْتُمْ

باپوں اپنے کو اسی طرح سے کرتے تھے۔ کہا کہ کیا پس دیکھا ہے تم نے اُس چیز کو کہ ہو تم

تَعْبُدُوْنَ ﴿٧٥﴾ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمُ الْاَقْدَمُوْنَ ﴿٧٦﴾ فَاِنَّهُمْ

عبادت کرتے۔ تم اور باپ تمہارے پہلے۔ پس تحقیق وہ

عَدُوٌّ لِّيْٓ اِلَّا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٧٧﴾ الَّذِيْ خَلَقَنِيْ فَهُوَ

دشمن ہیں واسطے میرے مگر پروردگار عالموں کا۔ وہ شخص کہ جسنے پیدا کیا مجھ کو پھر وہی

موضح القرآن

ف۱ پانی بہت گہرا تھا بارہ جگہ سے پھٹ کر گلیاں پڑگئیں بارہ قبیلے بنی اسرائیل اسمیں پیٹھے بیچ میں پانی کے پہاڑ کھڑے رہ گئے ۱۲ منہ رحمہ۔

ف۲ یہ سنا دیا ہمارے حضرت کو کہ مکے کے فرعون بھی مسلمانوں کے پیچھے نکلیں گے لڑائی کو پھر وطن سے باہر تباہ ہونگے بدر کے دن جیسے فرعون تباہ ہوا ۱۲ منہ رحمہ

ع ۱۷ ۸

منزل ۵

وقف لازم

يَهْدِيْنِ ﴿٧٨﴾ وَالَّذِيْ هُوَ يُطْعِمُنِيْ وَيَسْقِيْنِ ﴿٧٩﴾
راہ دکھاتا ہے مجھ کو۔ اور وہ جو کھلاتا ہے مجھ کو اور پلاتا ہے مجھ کو

وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ﴿٨٠﴾ وَالَّذِيْ يُمِيْتُنِيْ ثُمَّ
اور جب بیمار ہوتا ہوں پس وہی شفا دیتا ہے مجھ کو۔ اور وہ جو مار ڈالے گا مجھ کو پھر

يُحْيِيْنِ ﴿٨١﴾ وَالَّذِيْٓ اَطْمَعُ اَنْ يَّغْفِرَ لِيْ خَطِيْٓئَتِيْ
جلا دیگا مجھ کو۔ اور وہ شخص کہ امید رکھتا ہوں میں یہ کہ بخشے خطا میری

يَوْمَ الدِّيْنِ ﴿٨٢﴾ رَبِّ هَبْ لِيْ حُكْمًا وَّاَلْحِقْنِيْ
دن قیامت کے۔ اے پروردگار میرے بخش مجھ کو حکم اور ملادے مجھ کو

بِالصّٰلِحِيْنَ ﴿٨٣﴾ وَاجْعَلْ لِّيْ لِسَانَ صِدْقٍ فِي
ساتھ صالحوں کے۔ اور کر واسطے میرے زبان راستی کی بیچ

الْاٰخِرِيْنَ ﴿٨٤﴾ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِيْمِ ﴿٨٥﴾
پچھلوں کے۔ اور کر مجھ کو وارثوں بہشتوں نعمتوں کے سے۔

وَاغْفِرْ لِاَبِيْٓ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿٨٦﴾ وَلَا
اور بخش واسطے باپ میرے کے تحقیق وہ تھا گمراہوں سے۔ اور نہ

تُخْزِنِيْ يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ ﴿٨٧﴾ يَوْمَ لَا يَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا
رسوا کیجیو مجھ کو اسدن کہ اٹھائے جاویں گے۔ جس دن کہ نہ نفع دے مال اور نہ

بَنُوْنَ ﴿٨٨﴾ اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ﴿٨٩﴾ وَاُزْلِفَتِ
بیٹے۔ مگر جو کوئی لاوے اللہ کے پاس دل سلامت۔ اور نزدیک کیجاویگی

الْحَنَاجِرَ وَتَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ الظُّنُوْنَا ﴿١٠﴾ هُنَالِكَ ابْتُلِيَ
حلق کو اور گمان کرتے تھے تم ساتھ اللہ کے طرح طرح کے گمان ف۲ ۔ اسجگہ آزمائے گئے

الْمُؤْمِنُوْنَ وَزُلْزِلُوْا زِلْزَالًا شَدِيْدًا ﴿١١﴾ وَاِذْ يَقُوْلُ
ایمان والے اور ہلائے گئے ہلایا جانا سخت ۔ اور جس وقت کہ کہتے تھے

الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ مَّا وَعَدَنَا
منافق اور وہ لوگ کہ بیچ دلوں اُن کے کے بیماری ہے نہیں وعدہ کیا تھا ہمکو

اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗۤ اِلَّا غُرُوْرًا ﴿١٢﴾ وَاِذْ قَالَتْ طَّآئِفَةٌ
اللہ نے اور رسول اسکے نے مگر فریب دینے کو ف۳ ۔ اور جس وقت کہا ایک طائفہ نے

مِّنْهُمْ يٰۤاَهْلَ يَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَكُمْ فَارْجِعُوْا ۚ
اُن میں سے اے اہل مدینے کے نہیں جگہ رہنے کی واسطے تمہارے پس پھر جاؤ۔

وَيَسْتَاْذِنُ فَرِيْقٌ مِّنْهُمُ النَّبِيَّ يَقُوْلُوْنَ اِنَّ بُيُوْتَنَا
اور اذن مانگتا تھا ایک فرقہ ان میں سے پیغمبر سے کہتے ہیں تحقیق گھر ہمارے

عَوْرَةٌ ۛ وَمَا هِيَ بِعَوْرَةٍ ۛ اِنْ يُّرِيْدُوْنَ اِلَّا فِرَارًا ﴿١٣﴾
خالی ہیں ۔ اور نہیں وہ خالی ۔ نہیں ارادہ کرتے مگر بھاگنے کا ف۴ ۔

وَلَوْ دُخِلَتْ عَلَيْهِمْ مِّنْ اَقْطَارِهَا ثُمَّ سُئِلُوا الْفِتْنَةَ
اور اگر پیٹھ آویں مدینے میں اوپر اُنکے طرفوں اسکی سے پھر مانگی جاوے اُن سے خانہ جنگی

لَاٰتَوْهَا وَمَا تَلَبَّثُوْا بِهَاۤ اِلَّا يَسِيْرًا ﴿١٤﴾ وَلَقَدْ كَانُوْا
البتہ دیویں گے اسکو اور نہ ڈھیل کریں گے اس میں مگر تھوڑا ۔ اور البتہ تحقیق تھے

عَاهَدُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ لَا يُوَلُّوْنَ الْاَدْبَارَ ۚ وَكَانَ
کہ عہد باندھا تھا اللہ سے پہلے اس سے کہ نہ پھیریں گے پیٹھ کو ۔ اور ہے

عَهْدُ اللّٰهِ مَسْئُوْلًا ﴿١٥﴾ قُلْ لَّنْ يَّنْفَعَكُمُ الْفِرَارُ اِنْ
عہد خدا کا سوال کیا گیا ف۵ ۔ کہہ کہ ہرگز نہ فائدہ دیگا تمکو بھاگنا اگر

موضح القرآن

ف۱ ہجرت سے چوتھے برس یہود بنی نضیر جو مدینے سے نکالے گئے تھے سورۂ حشر میں انہوں نے جا کر ورغلایا قریش کو اور فزارہ اور غطفان کو اور بنی قریظہ کو جو مدینے کے پاس تھے جمع کر کے حضرت پر چڑھا لائے بارہ ہزار آدمی مسلمان کم تھے تین ہزار آدمی مدینے کے باہر لشکر پڑا اور خندق کھودی جب فوجیں آئیں دور دور لڑتے رہے قریب ایک مہینے تک پھر ایک رات اللہ نے بڑا باد بھیجی تند کا اڑ گئیں کھیمیں بجھ گئیں چولہے کے دیگیں گر پڑے گھوڑے چھٹ گئے سب لشکر برباد ہو ناچار اٹھ کر چلے گئے یہ جنگ احزاب کہلاتی ہے اور جنگ خندق بھی جاڑے کے موسم میں آج تک کی سی لڑائی لڑائی اور خندق کھودنی اور گرد سب خندق میں منافق دل کی بات بولنے لگے اور مومن ثابت رہے اس جنگ میں حضرت نے فرمایا ہے اب ہم جاویں گے کفار پر وہ ہم پر نہ آویں گے وہی ہوا۔

ف۲ اوپر کو اور نیچے سے یعنی مدینے کی شرقی طرف کو جو اونچی ہے اور غربی طرف کو جو نیچی ہے اور آنکھیں ڈر سے جھپ یعنی مدینے تھے ڈر کے دوستی جب بولے تھے آنکھیں پھر گئے اور دل پہنچے حلق تک ...

ف۳ ... مسلمانوں نے سمجھا کہ ہے اور سخت آزمائش ہے اور کچھ منافق ان سے بھاگ کر کہتے ہیں کہ ...

ف۳ بعضے منافق کہنے لگے ہم کو تھا کہ میرا دین پھیلے گا ...

(باقی صفحہ ف ۲۳)

منزل ۵ ۔ ع

فَرَرْتُمْ مِّنَ الْمَوْتِ اَوِ الْقَتْلِ وَاِذًا لَّا تُمَتَّعُوْنَ
بھاگو تم موت سے یا قتل سے اور اُس وقت نہ فائدہ دیئے جاؤ گے

اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۶﴾ قُلْ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَعْصِمُكُمْ مِّنَ اللّٰهِ اِنْ
مگر تھوڑا ف۱ کہہ کون ہے وہ جو بچاوے گا تمکو اللہ سے اگر

اَرَادَ بِكُمْ سُوْٓءًا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ رَحْمَةً ۭ وَلَا يَجِدُوْنَ
ارادہ کرے ساتھ تمہارے بُرائی کا یا ارادہ کرے ساتھ تمہارے رحمت کا۔ اور نہ پاویں گے

لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۱۷﴾ قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ
واسطے اپنے سوائے خدا کے کوئی دوست اور نہ مدد دینے والا ف۲ تحقیق جانتا ہے اللہ

الْمُعَوِّقِيْنَ مِنْكُمْ وَالْقَاۗىِٕلِيْنَ لِاِخْوَانِهِمْ هَلُمَّ اِلَيْنَا ۚ
منع کرنیوالوں کو تم میں سے اور کہنے والوں کو واسطے بھائیوں اپنے کے کہ چلے آؤ طرف ہماری۔

وَلَا يَاْتُوْنَ الْبَاْسَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۸﴾ اَشِحَّةً عَلَيْكُمْ
اور نہیں آتے لڑائی میں مگر تھوڑے۔ بخیلی کرتے ہوئے اوپر تمہارے

فَاِذَا جَاۗءَ الْخَوْفُ رَاَيْتَهُمْ يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ تَدُوْرُ
پس جب آوے ڈر دیکھے گا تو اُن کو کہ دیکھتے ہیں طرف تیری پھرتی ہیں

اَعْيُنُهُمْ كَالَّذِيْ يُغْشٰى عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۚ فَاِذَا
آنکھیں اُن کی مانند اس کے کہ غشی آتی ہے اوپر اس کے موت سے۔ پس جس وقت

ذَهَبَ الْخَوْفُ سَلَقُوْكُمْ بِاَلْسِنَةٍ حِدَادٍ اَشِحَّةً عَلَى
جاتا رہتا ہے ڈر بیٹھتے ہیں ف۳ تمہارے ساتھ زبانوں تیز کے بخیلی کرتے ہوئے اوپر

الْخَيْرِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَمْ يُؤْمِنُوْا فَاَحْبَطَ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ ۭ وَ
بھلائی کے۔ یہ لوگ نہ ایمان لائے تھے پس ناپید کر دیئے اللہ نے عمل اُن کے۔ اور

كَانَ ذٰلِكَ عَلَي اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿۱۹﴾ يَحْسَبُوْنَ الْاَحْزَابَ
ہے یہ اوپر خدا کے آسان ف۴ گمان کرتے ہیں جماعتوں کفار کی کو کہ

لَمْ يَذْهَبُوْا ۚ وَاِنْ يَّاْتِ الْاَحْزَابُ يَوَدُّوْا لَوْ اَنَّهُمْ
نہیں گئیں۔ اور اگر آویں وہ جماعتیں دوست رکھیں کاش کہ وہ

بَادُوْنَ فِي الْاَعْرَابِ يَسْاَلُوْنَ عَنْ اَنْۢبَاۗىِٕكُمْ ۭ وَلَوْ
جنگل میں رہتے بیچ گنواروں کے پوچھا کرتے خبروں تمہاری کو۔ اور اگر

(بقیہ صفحہ ۵۷۱)

مغرب بھاں جائے فرار کو محل نہیں سمجھتے مسلمانو کو چاہئے اب بھی نا امیدی کے وقت بے ایمانی کی باتیں نہ بولے۔ ۱۲ منہ رح

ف۲ یثرب نام تھا مدینے کا یعنی سارے عرب ہمارے دشمن ہوئے تو ہمکو رہنے کا ٹھکانا کہاں اب لشکر سے جدا ہو جاؤ اور حضرت شکر کیسا تھ باہر کھڑے تھے شہر میں محکم حویلیوں کو بند کرکے زنانے انہیں رکھ دیئے تھے بہانے کرنے لگے کہ ہمارے گھر کھلے ہیں اور وہ کھلے نہ تھے تب بھی ۱۲ منہ

ف۳ جنگ احد کے بعد قرار کیا تھا کہ پھر ہم ایسی حرکت نہ کرینگے۔ ۱۲ منہ رح

موضح القرآن

ف۱ یعنی جسکی قسمت میں موت ہے اسکو بچاؤ نہ ہوگا بھاگنے سے اور اگر موت نہیں تو بھاگ کر بچا کئی دن ۱۲ منہ رح

ف۲ یعنی عرب کی مخالفت کو ڈرتے ہو اگر اللہ حکم دے تو مسلمان آپ تمکو قتل کر ڈالیں ۱۲ منہ رح

ف۳ یعنی بیٹے وقت رفاقت جی چراتے ہیں اور ڈر کے مارے جان نکلتی ہے اور فتح کے بعد مردانگی جتاتے ہیں سب سے زیادہ اور غنیمت پر ڈھلکتے ہیں فائدہ بھلا جیسا اعمال کا ذکر ہو تو فرمایا یہ اللہ پر آسان ہے یعنی حکمت میں اللہ کے کسی کی محنت ضائع کرنی تعجب تھی پر لیکن جب جتانے پر لائے انکی عمل ہی میں ایسا نقصان پکڑ لایا جس سے وہ درست ہی نہیں جیسے عمل بے ایمان کا کہ ایمان شرط ہے ہر عمل کی ۱۲ منہ رح

كَانُوا فِيكُم مَّا قَاتَلُوا إِلَّا قَلِيلًا ﴿٢٠﴾ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ

ہوتے درمیان تمہارے نہ لڑتے مگر تھوڑا ف۱ ۔ البتہ تحقیق ہے واسطے تمہارے

فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَن كَانَ يَرْجُو اللَّهَ

بیچ رسول خدا کے پیروی اچھی واسطے اس شخص کے کہ امید رکھتا ہے خدا کی

وَالْيَوْمَ الْآخِرَ وَذَكَرَ اللَّهَ كَثِيرًا ﴿٢١﴾ وَلَمَّا رَأَى الْمُؤْمِنُونَ

اور دن پچھلے کی اور یاد کرتا ہے اللہ کو بہت ف۲ ۔ اور جس وقت دیکھا ایمان والوں نے

الْأَحْزَابَ قَالُوا هَٰذَا مَا وَعَدَنَا اللَّهُ وَرَسُولُهُ وَصَدَقَ

جماعتوں کافروں کی کو کہا یہ ہے جو وعدہ دیا ہے ہمکو اللہ نے اور رسول اُسکے نے اور سچ کہا تھا

اللَّهُ وَرَسُولُهُ وَمَا زَادَهُمْ إِلَّا إِيمَانًا وَتَسْلِيمًا ﴿٢٢﴾

اللہ نے اور رسول اُسکے نے اور نہ زیادہ کیا اُن کو مگر ایمان اور اطاعت کرنا ف۳

مِنَ الْمُؤْمِنِينَ رِجَالٌ صَدَقُوا مَا عَاهَدُوا اللَّهَ

بعضے مسلمانوں میں سے وہ مرد ہیں کہ سچ کہا انھوں نے اسچیز کو کہ عہد باندھا تھا اللہ سے

عَلَيْهِ فَمِنْهُم مَّن قَضَىٰ نَحْبَهُ وَمِنْهُم مَّن يَنتَظِرُ

اوپر اسکے پس بعض اُن میں سے وہ ہے کہ پورا کر چکا کام اپنا اور بعض اُن میں سے وہ ہے کہ انتظار کرتا ہے

وَمَا بَدَّلُوا تَبْدِيلًا ﴿٢٣﴾ لِّيَجْزِيَ اللَّهُ الصَّادِقِينَ

اور نہیں بدل ڈالا انھوں نے کچھ بدل ڈالنا ف۴ ۔ تاکہ بدلا دے اللہ سچوں کو

بِصِدْقِهِمْ وَيُعَذِّبَ الْمُنَافِقِينَ إِن شَاءَ أَوْ

بدلے سچ اُن کے کے اور عذاب کرے منافقوں کو اگر چاہے یا

يَتُوبَ عَلَيْهِمْ إِنَّ اللَّهَ كَانَ غَفُورًا رَّحِيمًا ﴿٢٤﴾ وَ

توبہ کرے اوپر اُنکے ۔ تحقیق اللہ ہے بخشنے والا مہربان ۔ اور

رَدَّ اللَّهُ الَّذِينَ كَفَرُوا بِغَيْظِهِمْ لَمْ يَنَالُوا خَيْرًا

پھیر دیا اللہ نے اُن لوگوں کو کہ کافر ہوئے تھے ساتھ غصے اُن کے کے نہیں پہنچے بھلائی کو

وَكَفَى اللَّهُ الْمُؤْمِنِينَ الْقِتَالَ وَكَانَ اللَّهُ قَوِيًّا عَزِيزًا ﴿٢٥﴾

اور کفایت کیا اللہ نے مسلمانوں کو لڑائی سے ۔ اور ہے اللہ زبردست غالب ۔

وَأَنزَلَ الَّذِينَ ظَاهَرُوهُم مِّنْ أَهْلِ الْكِتَابِ مِنْ

اور اُتارا اللہ نے اُن لوگوں کو کہ مددگار ہوئے تھے اہل کتاب سے

موضح القرآن

ف۱ یعنی نامردی کے مارے یقین نہیں آتا کہ فوجیں پھر گئیں اور باتوں میں تمہاری خیر خواہی جتاویں اور لڑائی میں کام نہ کریں۔ ۱۲ منہ رحمہ۔

ف۲ یعنی رسول کو دیکھو ان سختیوں میں کیا استقلال رکھتا ہے سب سے زیادہ محنت اور اندیشہ اس پر ہے۔ ۱۲ منہ رحمہ۔

ف۳ وعدہ اللہ کا یہی فرمایا تھا تکلیف پاؤگے کافروں کے ہاتھ سے آخر تم کو غلبہ ہے اور یہ بھی کہ رسول نے فرمایا تھا آٹھ دس دن میں تم پر فوجیں آتی ہیں۔ ۱۲ منہ رحمہ۔

ف۴ ذمہ پورا کر چکا یعنی جہاد ہی میں جان دے چکا جیسے شہدائے بدر و احد اور راہ دیکھتے تھے، جو جہاد پر مستعد ہیں موت کی راہ دیکھتے لیکن رسول نے فرمایا کہ طلحہ ان میں سے ہے جو شہید ہو چکے ۱۲ منہ رحمہ

صَيَاصِيهِمْ وَقَذَفَ فِي قُلُوبِهِمُ الرُّعْبَ فَرِيقًا
قلعوں اُن کے سے اور ڈالا بیچ دلوں اُنکے کے ڈر ایک فرقے کو

تَقْتُلُونَ وَتَأْسِرُونَ فَرِيقًا ﴿٢٦﴾ وَأَوْرَثَكُمْ أَرْضَهُمْ وَ
مار ڈالتے ہو تم اور بند کرتے ہو تم ایک فرقے کو ف۱ ۔ اور وارث کیا تمکو زمین اُنکی کا اور

دِيَارَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ وَأَرْضًا لَّمْ تَطَئُوهَا ۚ وَكَانَ اللَّهُ
گھروں اُنکے کا اور مالوں اُن کے کا اور اس زمین کا کہ پاؤں نہ رکھا تھا تمنے اسپر ۔ اور ہے اللہ

عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرًا ﴿٢٧﴾ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ قُل لِّأَزْوَاجِكَ
اُوپر ہر چیز کے قادر ف۲ ۔ اے نبی کہہ واسطے بی بیوں اپنی کے

إِن كُنتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا وَزِينَتَهَا فَتَعَالَيْنَ
اگر ہو تم ارادہ کرتیں زندگانی دُنیا کا اور بناؤ اس کا پس آؤ کہ

أُمَتِّعْكُنَّ وَأُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيلًا ﴿٢٨﴾ وَإِن كُنتُنَّ
کچھ فائدہ دُوں میں تمکو اور رُخصت کروں میں تمکو رُخصت کرنا اچھا ۔ اور اگر ہو تم

تُرِدْنَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَالدَّارَ الْآخِرَةَ فَإِنَّ اللَّهَ أَعَدَّ
ارادہ کرتیں خدا کا اور رسول اس کے کا اور گھر پچھلے کا پس تحقیق اللہ نے تیار کیا

لِلْمُحْسِنَاتِ مِنكُنَّ أَجْرًا عَظِيمًا ﴿٢٩﴾ يَا نِسَاءَ النَّبِيِّ مَن
واسطے نیکی کرنے والیوں کے تم میں سے ثواب بڑا ف۳ ۔ اے بی بیو نبی کی جو کوئی

يَأْتِ مِنكُنَّ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ يُضَاعَفْ لَهَا
لاوے تم میں سے ساتھ بے حیائی ظاہر کے دو چند کیا جاویگا واسطے اُسکے

الْعَذَابُ ضِعْفَيْنِ ۚ وَكَانَ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرًا ﴿٣٠﴾
عذاب دو برابر ۔ اور ہے یہ اوپر اللہ کے آسان ۔

وَمَن يَقْنُتْ مِنكُنَّ لِلَّهِ وَرَسُولِهِ وَتَعْمَلْ
اور جو کوئی فرمانبرداری کرے تم میں سے اللہ کی اور رسول اُسکے کی اور عمل کرے

صَالِحًا نُّؤْتِهَا أَجْرَهَا مَرَّتَيْنِ وَأَعْتَدْنَا لَهَا رِزْقًا
اچھے دیویں گے ہم اسکو ثواب اس کا دو بار اور تیار کیا ہمنے واسطے ان کے رزق

كَرِيمًا ﴿٣١﴾ يَا نِسَاءَ النَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَأَحَدٍ مِّنَ النِّسَاءِ
اچھا ف۴ ۔ اے بی بیو نبی کی نہیں تم مانند ہر ایک کی عورتوں میں سے

موضح القرآن

ف۱ یہ یہود تھے بنی قریظہ نزدیک رہتے مدینے کے پہلے حضرت سے صلح رکھتے تھے اس ہنگامہ میں پھر گئے جب لڑائی سے فارغ ہوئے تو جبرئیل حکم لائے جلد اُنکو جا گھیرا پچیس دن گھیر کر تھکے راضی ہوئے کہ ہم نکلتے ہیں جو بات حق میں سعد بن معاذ کہے سو قبول یہ حضرت نے قبول کیا سعد نے یہی حکم کیا کہ جوانوں کو قتل کرنا اور عورتیں لڑکے بندی لینے خدا اور رسول کی مرضی یہی تھی اور انکی بدعہدی کی سزا۔ ۱۲ منہ رحمہ۔

ف۲ یہ زمین جو مدینے کے نزدیک ہاتھ لگی حضرت نے مہاجرین کو بانٹی انکو گذران کا ٹھکانا ہو گیا اور انصار پر سے انکا خرچ ہلکا ہوا اور اس دوسری زمین سے مُراد ہو زمین خیبر کی دو برس کے پیچھے ان یہود ہی سے وہ ہاتھ لگی اس سے حضرت کے سب اصحاب آسودہ ہو گئے۔ ۱۲ منہ رحمہ۔

ف۳ حضرت کی ازواج نے دیکھا کہ لوگ آسودہ ہوئے چاہا کہ ہم بھی آسودہ ہوں بعضوں نے بول چال کی حضرت نے قسم کھائی کہ ایک مہینے گھر میں نہ جاویں پھر مہینے کے بعد یہ آیت اُتری حضرت گھر میں آئے اول حضرت عائشہ رض کو کہا انھوں نے

(باقی صفحہ ۵۷۵ پر)

إِنِ اتَّقَيْتُنَّ فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ فَيَطْمَعَ الَّذِي فِي

اگر پرہیزگاری کرو تم پس مت نرمی کرو بات میں پس طمع کرے وہ شخص کہ بیچ

قَلْبِهِ مَرَضٌ وَقُلْنَ قَوْلًا مَّعْرُوفًا ﴿۳۲﴾ وَقَرْنَ فِي

دل اس کے کے بیماری ہے اور کہو بات سیدھی ف۱ ۔ اور ٹکی رہو بیچ

بُيُوتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْأُولَىٰ وَ

گھروں اپنے کے اور مت بناؤ کرو بناؤ جاہلیت پہلی کا ف۲ اور

أَقِمْنَ الصَّلَاةَ وَآتِينَ الزَّكَاةَ وَأَطِعْنَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ

قائم کیا کرو نماز کو اور دیا کرو زکوٰۃ کو اور فرمانبرداری کرو اللہ کی اور رسول اسکے کی

إِنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيُذْهِبَ عَنكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ

سوائے اس کے نہیں کہ ارادہ کرتا ہے اللہ تاکہ دور کرے تم سے پلیدی اے اس گھر والو

وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا ﴿۳۳﴾ وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلَىٰ فِي بُيُوتِكُنَّ

اور پاک کرے تمکو خوب پاک کرنا ف۳ ۔ اور یاد کیا کرو جو کچھ پڑھا جاتا ہے بیچ گھروں تمہارے

مِنْ آيَاتِ اللَّهِ وَالْحِكْمَةِ ۚ إِنَّ اللَّهَ كَانَ لَطِيفًا خَبِيرًا ﴿۳۴﴾

کے نشانیوں اللہ کی سے اور حکمت سے ۔ تحقیق اللہ ہے لطف کرنے والا خبردار ۔

إِنَّ الْمُسْلِمِينَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَالْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ

تحقیق مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں اور ایمان والے مرد اور ایمان والی عورتیں

وَالْقَانِتِينَ وَالْقَانِتَاتِ وَالصَّادِقِينَ وَالصَّادِقَاتِ

اور قرآن پڑھنے والے اور قرآن پڑھنے والیاں اور سچ بولنے والے اور سچ بولنے والیاں

وَالصَّابِرِينَ وَالصَّابِرَاتِ وَالْخَاشِعِينَ وَالْخَاشِعَاتِ

اور صبر کرنے والے اور صبر کرنے والیاں اور عاجزی کرنے والے اور عاجزی کرنے والیاں

وَالْمُتَصَدِّقِينَ وَالْمُتَصَدِّقَاتِ وَالصَّائِمِينَ وَ

اور خیرات دینے والے اور خیرات دینے والیاں اور روزہ رکھنے والے اور

الصَّائِمَاتِ وَالْحَافِظِينَ فُرُوجَهُمْ وَالْحَافِظَاتِ وَ

روزہ رکھنے والیاں اور نگہبانی کرنے والے شرمگاہ اپنی کی اور نگہبانی کرنے والیاں اور

الذَّاكِرِينَ اللَّهَ كَثِيرًا وَالذَّاكِرَاتِ أَعَدَّ اللَّهُ لَهُم

یاد کرنے والے اللہ کو بہت اور یاد کرنے والیاں تیار کیا ہے اللہ نے واسطے ان کے

(بقیہ صفحہ ۵۷۴)۔ اللہ اور رسول کی مرضی اختیار کی پھر اسی طرح سب نے۔ حضرت کے ہاں ہمیشہ فقر و فاقہ تھا اپنے اختیار ہوتا تھا۔ شتاب اٹھا ڈالتے تھے پھر قرض لینا پڑتا۔ یہ جو فرمایا کہ جو نیکی پر رہیں انکو بڑا نیگ ہے حضرت کی ازواج نیک ہی رہیں مگر حق تعالیٰ صاف خوشخبری کسی کو نہیں دیتا کہ نڈر نہ ہو جاوے خاتمہ کا ڈر لگا ہے۔ ۱۲ منہ رح۔

ع ۳ ف۴ یہ بڑے درجہ کا لازمہ ہر نیکی کا ثواب دونا اور برائی کا عذاب دونا پیغمبر کو بھی فرمایا اذاً لاذقناك ضعف الحیوة

موضح القرآن

ف۱ یہ ایک ادب سکھایا کہ کسی مرد سے بات کہو تو اس طرح کہو جیسے ماں بیٹے کو۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۲ یعنی نکلو نہ پھرو جیسے پھرتی تھیں عورتیں۔ ۱۲ منہ

ف۳ یہ خطاب ہے ازواج کو اور داخل ہیں حضرت کے سب گھر والے۔ ۱۲ منہ رح

مَغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۳۵﴾ وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا
بخشش اور ثواب بڑا ف۱ ۔ اور نہیں لائق واسطے کسی مرد مسلمان کے اور نہ

مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ
عورت مسلمان کے جس وقت کہ مقرر کرے خدا اور رسول اس کا کوئی کام یہ کہ ہووے

لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ ۭ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ
واسطے ان کے اختیار کام اپنے سے ۔ اور جو کوئی نافرمانی کرے اللہ کی

وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِيْنًا ﴿۳۶﴾ وَاِذْ تَقُوْلُ
اور رسول اس کے کی پس تحقیق گمراہ ہوا گمراہی ظاہر ف۲ ۔ اور جس وقت کہتا تھا تو

لِلَّذِيْٓ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاَنْعَمْتَ عَلَيْهِ اَمْسِكْ
واسطے اس شخص کے کہ نعمت رکھی ہے اللہ نے اوپر اسکے اور نعمت رکھی ہے تو نے اوپر اسکے تھام رکھ

عَلَيْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللّٰهَ وَتُخْفِيْ فِيْ نَفْسِكَ مَا
اوپر اپنے بی بی اپنی کو اور ڈر خدا سے اور چھپاتا تھا تو بیچ جی اپنے کے جو کچھ کہ

اللّٰهُ مُبْدِيْهِ وَتَخْشَى النَّاسَ ۚ وَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ
اللہ ظاہر کرنے والا ہے اُس کا اور ڈرتا تھا تو لوگوں سے ۔ اور اللہ بہت لائق ہے اس کا کہ

تَخْشٰىهُ ۭ فَلَمَّا قَضٰى زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنٰكَهَا
ڈرے تو اس سے ۔ پس جب ادا کرلی زید نے اس سے حاجت بیاہ دیا ہم نے تجھ سے اسکو

لِكَيْ لَا يَكُوْنَ عَلَي الْمُؤْمِنِيْنَ حَرَجٌ فِيْٓ اَزْوَاجِ
تا کہ نہ ہووے اوپر ایمان والوں کے تنگی بیچ بی بیوں

اَدْعِيَاۗىِٕهِمْ اِذَا قَضَوْا مِنْهُنَّ وَطَرًا ۭ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ
لے پالکوں انکے کے جب ادا کرلیں اُن سے حاجت ۔ اور ہے حکم خدا کا

مَفْعُوْلًا ﴿۳۷﴾ مَا كَانَ عَلَي النَّبِيِّ مِنْ حَرَجٍ فِيْمَا
کیا گیا ف۳ ۔ نہیں ہے اوپر نبی کے کچھ تنگی بیچ اس چیز کے کہ

فَرَضَ اللّٰهُ لَهٗ ۭ سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ
مقرر کی ہے اللہ نے واسطے اسکے ۔ راہ مقرر کی اللہ نے بیچ اُن لوگوں کے کہ گذرے

قَبْلُ ۭ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ قَدَرًا مَّقْدُوْرَا ﴿۳۸﴾ الَّذِيْنَ
پہلے اس سے ۔ اور ہے کام اللہ کا اندازے پر مقرر کیا ہوا ۔ وہ لوگ کہ

ف۱ حضرت کی ایک بی بی نے کہا تھا کہ قرآن میں سب ذکر ہیں مردوں کا عورتوں کا کہیں نہیں اسپر یہ آیت اتری یعنی نیک عورتوں کی خاطر کو نہیں تو حکم جو مردوں کو کہا سو عورتوں کو بھی آیا ہر بار جدا کہنے کی حاجت نہیں ۔ ۱۲ منہ رحمہ ۔

ف۲ حضرت زینب رسول خدا کی پھوپھی کی بیٹی اور قوم میں اشراف حضرت نے چاہا کہ انکو نکاح کر دیں زید بن حارثہ سے ۔ زید اصل عرب تھے غلام پکڑے گئے لڑکپن میں شہر مکے میں بکے حضرت نے مول لیا دس برس کی عمر میں انکے باپ بھائی خبر پاکر آئے انکے حضرت دینے پر راضی ہوئے پھر جانے پر راضی نہ ہوئے حضرت کی محبت سے پھر حضرت نے انکو بیٹا کر لیا اسلام کے پہلے ہو تک کے رواج کے موافق حضرت زینب اور انکا بھائی راضی نہ ہوئے اسپر یہ آیت اتری پھر راضی ہوئے اور نکاح کر دیا ۱۲ منہ

ف۳ حضرت زینب زید کے نکاح میں آئیں تو وہ انکی آنکھوں میں حقیر لگتے مزاج کی موافقت نہ ہوئی جب لڑائی ہوتی تو زید حضرت آگے شکایت کرتے اور کہتے میں چھوڑتا ہوں حضرت منع کرتے کہ میری خاطر سے اسنے تجھ کو قبول کیا اب چھوڑ دینا دوسری ذلت ہے جب بار بار قضیہ ہوا حضرت کے دل میں آیا کہ اگر ناچار زید چھوڑیگا تو زینب کی دلجوئی بغیر اسکے نہیں کہ میں نکاح کروں لیکن منافقوں کی بدگوئی سے اندیشہ کیا کہ کہینگے اپنے بیٹے کی جورو گھر میں رکھ لی حالانکہ لے پالک کا حکم بیٹے کا نہیں کسی بات میں اللہ تعالیٰ نے حضرت زینب کی خاطر

(باقی صفحہ ۵۷۷ پر)

يُبَلِّغُوْنَ رِسٰلٰتِ اللّٰهِ وَيَخْشَوْنَهٗ وَلَا يَخْشَوْنَ اَحَدًا

پہنچاتے ہیں پیغام خدا کا اور ڈرتے ہیں اس سے اور نہیں ڈرتے کسی سے

اِلَّا اللّٰهَ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ﴿۳۹﴾ مَا كَانَ مُحَمَّدٌ

مگر اللہ سے۔ اور بس ہے اللہ کفایت کرنے والا ف۔ نہیں ہے محمد صلی اللہ علیہ وسلم

اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ

باپ کسی کا مردوں تمہارے میں سے ولیکن پیغمبر خدا کا ہے اور ختم کرنے والا

النَّبِيّٖنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿۴۰﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ

تمام نبیوں کا۔ اور ہے اللہ ہر چیز کو جاننے والا ف۔ اے لوگو جو

اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا ﴿۴۱﴾ وَّسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّ

ایمان لائے ہو یاد کرو اللہ کو یاد کرنا بہت۔ اور پاکی بیان کرو اسکی صبح اور

اَصِيْلًا ﴿۴۲﴾ هُوَ الَّذِيْ يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ وَمَلٰٓئِكَتُهٗ

شام۔ وہی ہے جو رحمت بھیجتا ہے اوپر تمہارے اور فرشتے اُس کے

لِيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ

تاکہ نکالے تمکو اندھیروں سے طرف روشنی کی۔ اور ہے ساتھ ایمان والوں کے

رَحِيْمًا ﴿۴۳﴾ تَحِيَّتُهُمْ يَوْمَ يَلْقَوْنَهٗ سَلٰمٌ ۚۖ وَاَعَدَّ لَهُمْ

مہربان۔ دُعا اُن کی جس دن ملاقات کریں گے اس سے سلام ہے اور تیار کیا ہے واسطے انکے

اَجْرًا كَرِيْمًا ﴿۴۴﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا

ثواب بزرگ ف۔ اے نبی تحقیق ہمنے بھیجا ہے تجھ کو گواہ

وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ﴿۴۵﴾ وَّدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا

اور خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا۔ اور پکارنے والا طرف اللہ کی ساتھ حکم اسکے کے اور چراغ

مُّنِيْرًا ﴿۴۶﴾ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَضْلًا

روشن۔ اور خوشخبری دے ایمان والوں کو ساتھ اسکے کہ واسطے انکے ہے اللہ کی طرف سے فضل

كَبِيْرًا ﴿۴۷﴾ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَدَعْ اَذٰىهُمْ

بڑا ف۔ اور مت کہا مان کافروں کا اور منافقوں کا اور چھوڑ دے ایذا دینا انکا

وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۴۸﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ

اور توکل کر اوپر اللہ کے۔ اور کفایت ہے اللہ کام بنانے والا۔ اے لوگو جو

(بقیہ صفحہ ۵۷۶)

رکھی بعد طلاق کے حضرت کے نکاح میں دیا اللہ کے فرمانے ہی سے نکاح بندھ گیا۔ ظاہر میں نکاح کی حاجت نہ ہوئی۔ جیسے اب کوئی اپنی لونڈی غلام کا نکاح باندھ دے۔ غرض تمام کر لی یعنی چھوڑ دی۔ ۱۲ منہ رح۔

موضح القرآن

ف یعنی پیغمبر کو ایک کام کرنا جو شرع میں روا ہو گیا مضائقہ رہتا ہے۔ ہمیشہ پیغمبروں کو اسکے سوا کسی کا ڈر نہیں رہا یا یہ کہ سے حکم جیسے پیغمبروں کو خاص ہے ہیں جیسے نو زن کی تھیں حضرت داؤد کو سو عورتیں تھیں کوئی اسی حد سے زیادہ کرے تو گناہ ہو اور جنکو روا ہوا انکو خاص ہے جیسے حکم اس سے ہی کہ خدا کے علاوہ حکم نہیں کرتے ۱۲ منہ رح۔

ف حضرت کی اولاد لڑکے گذر گئے یا بیٹیاں رہیں کوئی مرد ہوا نہیں یعنی کسی کا اس کا بیٹا۔ جانو مگر رسول اللہ کا ہے اس حساب سے سب اُس کے بیٹے ہیں اور پیغمبروں پر مُہر ہے اس کے بعد کوئی پیغمبر نہیں۔ یہ بڑائی اسکو سب پر ہے۔ ۱۲ منہ رح۔

ف یعنی اللہ ان پر سلام بھیجے گا اور نہیں ہیں بھی یہی دُعا سے ادا ہوگی ۱۲ منہ رح۔

ف سب امتوں سے زیادہ بھی امت ہے۔ ۱۲ منہ رح۔

اٰمَنُوْٓا اِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ

ایمان لائے ہو جس وقت کہ نکاح کرو تم ایمان والیوں کو پھر طلاق دو تم اُن کو

قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ

پہلے اس سے کہ ہاتھ لگاؤ اُن کو پس نہیں واسطے تمہارے اُوپر اُن کے گنتی دنوں کی

تَعْتَدُّوْنَهَا ۚ فَمَتِّعُوْهُنَّ وَسَرِّحُوْهُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا ﴿۶۱﴾

کہ گنو اسکو۔ پس کچھ فائدہ دو اُن کو اور رخصت کرو اُن کو رخصت کرنا اچھا ف۱

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَحْلَلْنَا لَكَ اَزْوَاجَكَ الّٰتِيْٓ اٰتَيْتَ

اے نبی تحقیق ہم نے حلال کیں واسطے تیرے بی بیاں تیری وہ جو دیا ہے تو نے

اُجُوْرَهُنَّ وَمَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ مِمَّآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلَيْكَ

مہر اُن کا اور جنکا کہ مالک ہوا ہے داہنا ہاتھ تیرا اسمیں سے کہ پھیر لایا ہے اللہ اُوپر تیرے

وَبَنٰتِ عَمِّكَ وَبَنٰتِ عَمّٰتِكَ وَبَنٰتِ خَالِكَ وَ

یعنی طرف تیری مال کفار سے اور بیٹیاں چچاؤں تیرے کی اور بیٹیاں پھوپھیوں تیری کی اور بیٹیاں ماموں تیری

بَنٰتِ خٰلٰتِكَ الّٰتِيْ هَاجَرْنَ مَعَكَ ۡ وَامْرَاَةً مُّؤْمِنَةً

کی اور بیٹیاں خالاؤں تیری کی وہ جو وطن چھوڑ آئی ہیں ساتھ تیرے اور حلال کی عورت ایمان والی

اِنْ وَّهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ اِنْ اَرَادَ النَّبِيُّ اَنْ

اگر بخش دیوے یعنی بغیر مہر کے جان اپنی واسطے نبی کے اگر ارادہ کرے نبی یہ کہ

يَّسْتَنْكِحَهَا ۤ خَالِصَةً لَّكَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ

نکاح کرے اس کو خالص واسطے تیرے یعنی واسطے اپنے سوائے مسلمانوں کے۔

قَدْ عَلِمْنَا مَا فَرَضْنَا عَلَيْهِمْ فِيْٓ اَزْوَاجِهِمْ وَمَا

تحقیق جان لیا ہے ہم نے جو کچھ مقرر کیا ہے ہم نے اوپر اُنکے بیچ حق بی بیوں انکی کے اور حق اسکے

مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ لِكَيْلَا يَكُوْنَ عَلَيْكَ حَرَجٌ ۭ وَكَانَ

کہ مالک ہوئے ہیں داہنے ہاتھ اُن کے تا کہ نہ ہو اُوپر تیرے تنگی۔ اور ہے

اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۵۰﴾ تُرْجِيْ مَنْ تَشَاۗءُ مِنْهُنَّ وَتُـْٔوِيْٓ

اللہ بخشنے والا مہربان ف۲۔ ڈھیل دیوے تو جسکو چاہے انمیں سے اور جگہ دیوے

اِلَيْكَ مَنْ تَشَاۗءُ ۭ وَمَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا

طرف اپنی جس کو چاہے اور جسکو جی چاہے تو اُن میں سے کہ یک سُوئے کر دیا تھا اسکو پس نہیں

ف۱ بغیر صحبت کئے جو مرد چھوڑ دے عورت کو اگر اس کا مہر بندھا تھا تو آدھا دے اگر نہ بندھا تھا تو کچھ فائدہ دے یعنی ایک جوڑا پوشاک اور اسی وقت چاہے تو اور نکاح کرے عدت نہیں اور اگر خلوت ہوئی گو صحبت نہ ہوئی تو مہر بھی پورا دینا اور عدت بھی بٹھانا پیش۔ یہاں فرمایا حضرت کے ازواج کے ذکر میں شاید اس واسطے کہ حضرت نے ایک عورت نکاح کی تھی جب اسکے نزدیک گئے کہنے لگی اللہ تجھ سے پناہ دے حضرت نے اسکو جواب دیا کہ تو نے بڑے کی پناہ پکڑی اس پر یہ حکم فرمایا ہوا اور رخصت فرمایا ایمان والوں کو تا کہ معلوم ہو کہ پیغمبر کا خاص حکم نہیں سب مسلمانوں پر یہی حکم ہے۔ ۱۲ منہ رح۔

ف۲ جو عورتیں تیری ہیں جنکا مہر دیا یعنی اب نکاح میں ہیں خواہ قریش سے ہوں اور مہاجر ہوں یا نہ ہوں حلال ہیں اور ماموں چچا کی بیٹیاں یعنی قریش میں کی بشرط ہجرت کے اگر ہجرت نہ کی تو حلال نہیں اور جو عورت بخشے نبی کو اپنی جان یعنی بن مہر آپ کو نیاز کرے یہ خاص پیغمبر کو ہے اور مسلمانوں پر وہی حکم ہے اَنْ تَبْتَغُوْا بِاَمْوَالِکُمْ بن مہر نکاح نہیں

(باقی صفحہ ۵۷۹ پر)

جُنَاحَ عَلَيْكَ ۚ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ تَقَرَّ اَعْيُنُهُنَّ وَلَا
گناہ اُوپر تیرے ۔ یہ بہت نزدیک ہے اس بات سے کہ ٹھنڈی رہیں آنکھیں اُنکی اور نہ

يَحْزَنَّ وَيَرْضَيْنَ بِمَآ اٰتَيْتَهُنَّ كُلُّهُنَّ ۚ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ
غم کھاویں اور راضی رہیں ساتھ اس چیز کے کہ دیتا ہے تو اُن کو ساریاں ۔ اور اللہ جانتا ہے

مَا فِىْ قُلُوْبِكُمْ ۚ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَلِيْمًا ﴿۵۱﴾ لَا
جو کچھ بیچ دلوں تمہارے کے ہے ۔ اور ہے اللہ جاننے والا تحمل والا ف ۔ نہیں

يَحِلُّ لَكَ النِّسَآءُ مِنْۢ بَعْدُ وَلَآ اَنْ تَبَدَّلَ بِهِنَّ
حلال واسطے تیرے عورتیں پیچھے اُن کے اور نہ یہ کہ بدل ڈالے تو اُن سے

مِنْ اَزْوَاجٍ وَّلَوْ اَعْجَبَكَ حُسْنُهُنَّ اِلَّا مَا مَلَكَتْ
اور بیبیاں اور اگرچہ خوش لگے تجھ کو حسن اُن کا مگر جن کے مالک ہو گئے ہیں

يَمِيْنُكَ ۚ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ رَّقِيْبًا ﴿۵۲﴾ يٰٓاَيُّهَا
داہنے ہاتھ تیرے ۔ اور ہے اللہ اُوپر ہر چیز کے نگہبان ف ۔ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِىِّ اِلَّآ اَنْ يُّؤْذَنَ
لوگو جو ایمان لائے ہو مت داخل ہو بیچ گھروں پیغمبر کے مگر یہ کہ اذن دیا جاوے

لَكُمْ اِلٰى طَعَامٍ غَيْرَ نٰظِرِيْنَ اِنٰىهُ وَلٰكِنْ اِذَا دُعِيْتُمْ
واسطے تمہارے طرف کھانے کی نہ انتظار کرنے والے پکنے اسکے کے و لیکن جب بلائے جاؤ تم

فَادْخُلُوْا فَاِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا وَلَا مُسْتَاْنِسِيْنَ
پس داخل ہو پس جب کھا چکو پس متفرق ہو جاؤ اور مت بیٹھے رہو جی لگانے والے

لِحَدِيْثٍ ۚ اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ يُؤْذِى النَّبِىَّ فَيَسْتَحْىٖ
واسطے باتوں کے تحقیق یہ کام ہے ایذا دیتا ہے نبی کو پس شرماتا ہے

مِنْكُمْ ۡ وَاللّٰهُ لَا يَسْتَحْىٖ مِنَ الْحَقِّ ۚ وَاِذَا سَاَلْتُمُوْهُنَّ
تم سے اور اللہ نہیں شرماتا حق بات سے ۔ اور جو وقت مانگو چاہو اُن کو

مَتَاعًا فَسْـَٔلُوْهُنَّ مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ ۚ ذٰلِكُمْ اَطْهَرُ
کچھ اسباب پس مانگ لو اُن سے پیچھے پردے کے سے ۔ یہ بہت پاک کرنے والا ہے

لِقُلُوْبِكُمْ وَقُلُوْبِهِنَّ ۚ وَمَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُؤْذُوْا
واسطے دلوں تمہارے کے اور دلوں اُنکے کے ۔ اور نہیں لائق واسطے تمہارے یہ کہ ایذا دو

(بقیہ صفحہ ۵۷۸)
خواہ ذکر میں آیا خواہ بھیج ٹھیرایا خواہ نہ ٹھیرایا [illegible] جو قوم کا تھی حضرت سودہ [illegible] حضرت کی بیبیاں جو مشہور ہیں حضرت خدیجہ [illegible] انکے بعد سب نکاح میں آئیں نو بیبیاں رہیں [illegible] کے بعد حضرت عائشہ حضرت حفصہ حضرت سودہ بنت زمعہ حضرت ام سلمہ حضرت زینب حضرت ام حبیبہ حضرت جویریہ حضرت میمونہ حضرت صفیہ پچھلی تین قریشی نہیں ۱۲ منہ رح

ع ۶ / ۱۲ / ۴

موضح القرآن

ف۱ کسی مرد کو جو کئی عورتیں رکھتا ہو اس پر واجب ہے باری سب پاس رہنا برابر حضرت پر نہ واجب تھا اس واسطے کہ عورتیں اپنا حق نہ سمجھیں تو جو دیں راضی ہو کر قبول کریں پر حضرت نے فرق نہیں کیا سب کی باری برابر رکھی ہے ایک حضرت سودہ نے اپنی باری بخش دی تھی حضرت عائشہ کو ۱۲ منہ رح
ف۲ یعنی جتنی تھیں کم دیں [illegible] زیادہ حلال نہیں اور جو [illegible] بدلنا نہیں حلال [illegible] باندیاں حضرت کی دو حرم مشہور ہیں [illegible] جنکے شکم سے فرزند ہوئے ابراہیم [illegible] دونوں حضرت عائشہ [illegible] [illegible]

رَسُولَ اللّٰهِ وَلَآ اَنْ تَنْكِحُوْٓا اَزْوَاجَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖٓ
رسول خدا کے کو اور نہ یہ کہ نکاح کرو بی بیوں اس کی کو پیچھے اس کے

اَبَدًا ۭ اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمًا ﴿٥٣﴾ اِنْ تُبْدُوْا
کبھی۔ تحقیق یہ ہے نزدیک اللہ کے گناہ بڑا۔ اگر ظاہر کرو تم

شَيْــــًٔا اَوْ تُخْفُوْهُ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿٥٤﴾
کچھ چیز یا پوشیدہ کرو اسکو پس تحقیق اللہ ہے ساتھ ہر چیز کے جاننے والا ف۱۔

لَا جُنَاحَ عَلَيْهِنَّ فِيْٓ اٰبَاۗىِٕهِنَّ وَلَآ اَبْنَاۗىِٕهِنَّ وَلَا
نہیں گناہ اوپر ان کے بیچ باپوں ان کے کے اور نہ بیچ بیٹوں ان کے کے اور نہ

اِخْوَانِهِنَّ وَلَآ اَبْنَاۗءِ اِخْوَانِهِنَّ وَلَآ اَبْنَاۗءِ اَخَوٰتِهِنَّ
بیچ بھائیوں انکے کے اور نہ بیچ بیٹوں بھائیوں انکے کے اور نہ بیچ بیٹوں بہنوں انکے کے

وَلَا نِسَاۗىِٕهِنَّ وَلَا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ ۚ وَاتَّقِيْنَ اللّٰهَ ۭ
اور نہ بیچ بی بیوں انکی کے اور نہ بیچ اس چیز کے کہ مالک ہوئے ہیں اپنے ہاتھ انکے۔ اور ڈرو اے عورتو

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدًا ﴿٥٥﴾ اِنَّ اللّٰهَ وَ
اللہ سے تحقیق اللہ ہے اوپر ہر چیز کے حاضر ف۲۔ تحقیق اللہ اور

مَلٰۗىِٕكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَي النَّبِيِّ ۭ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
فرشتے اسکے درود بھیجتے ہیں اوپر نبی کے۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو

صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ﴿٥٦﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ
درود بھیجو اوپر اس کے اور سلام بھیجو سلام بھیجنا ف۳۔ تحقیق جو لوگ کہ ایذا دیتے ہیں

اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَ
اللہ کو اور رسول اسکے کو لعنت کی ہے انکو اللہ نے بیچ دنیا کے اور آخرت کے اور

اَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿٥٧﴾ وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ
تیار کیا ہے واسطے انکے عذاب رسوا کرنے والا۔ اور وہ لوگ کہ ایذا دیتے ہیں

الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ بِغَيْرِ مَا اكْتَسَبُوْا فَقَدِ
مسلمانوں کو اور مسلمان عورتوں کو بغیر اس کے کہ برا کیا ہو انھوں نے پس تحقیق

احْتَمَلُوْا بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿٥٨﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ
اٹھایا انھوں نے بہتان اور گناہ ظاہر ف۴۔ اے نبی کہہ

ف۱ یہ اللہ تعالیٰ نے ادب سکھائے مسلمانوں کو کبھی کھانے کو حضرت کے گھر میں جمع ہوتے تو پیچھے باتیں کرنے لگ جاتے حضرت کا مکان آرام دہی تھا شرم سے نہ فرماتے کہ اٹھ جاؤ انکے واسطے اللہ نے فرما دیا اور اس آیت میں حکم ہوا پردے کا کہ مرد حضرت کی ازواج کے سامنے نہ جاویں مسلمانوں کی عورتوں پر یہ حکم واجب نہیں مگر عورت سامنے ہو کسی مرد کے سب بدن کپڑوں میں ڈھکا ہو تو گناہ نہیں اور اگر نہ سامنے ہو تو بہتر ہے۔

ف۲ اپنی عورتوں کا اور ہاتھ کے مال کا ذکر ہو چکا سورۂ نور میں۔

ف۳ یہ حکم وا ہوتا ہر نماز میں السلام علیک ایہا النبی اللھم صل علی محمد اللہ سے رحمت مانگی اپنے پیغمبر پر اور انکے گھرانے پر بڑی تربیت کھپتی ہو ان پر انکے لائق رحمت اترتی ہو اور اس رحمتیں اتری ہیں مانگنے والے پر جتنا چاہے اتنا حاصل کرے۔

ف۴ یعنی منہ پر تہمت پیٹھ پیچھے بدگوئی کرتے

(باقی صفحہ ۵۸۱ پر)

لِّأَزْوَاجِكَ وَبَنَاتِكَ وَنِسَاءِ الْمُؤْمِنِينَ يُدْنِينَ
واسطے بی بیوں اپنی کے اور بیٹیوں اپنی کے اور بی بیوں مسلمانوں کی کے نزدیک کر لیں
عَلَيْهِنَّ مِن جَلَابِيبِهِنَّ ۚ ذَٰلِكَ أَدْنَىٰ أَن يُعْرَفْنَ
اوپر اپنے بڑی چادریں اپنی ۔ یہ بہت نزدیک ہے اس سے کہ پہچانی جاویں
فَلَا يُؤْذَيْنَ ۗ وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَّحِيمًا ﴿٥٩﴾ لَّئِن لَّمْ
پس نہ ایذا دی جاویں ۔ اور ہے اللہ بخشنے والا مہربان ف۱ ۔ البتہ اگر نہ
يَنتَهِ الْمُنَافِقُونَ وَالَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ وَ
باز رہیں گے منافق اور وہ لوگ کہ بیچ دلوں ان کے کے بیماری ہے اور
الْمُرْجِفُونَ فِي الْمَدِينَةِ لَنُغْرِيَنَّكَ بِهِمْ ثُمَّ لَا
بہ خبر اڑانے والے بیچ شہر کے البتہ پیچھے لگاویں گے ہم تجھ کو ان کے پھر نہ
يُجَاوِرُونَكَ فِيهَا إِلَّا قَلِيلًا ﴿٦٠﴾ مَّلْعُونِينَ ۖ أَيْنَمَا
ہمسایہ رہیں گے تیرے بیچ اس کے مگر تھوڑے دنوں ۔ لعنت مارے جہاں
ثُقِفُوا أُخِذُوا وَقُتِّلُوا تَقْتِيلًا ﴿٦١﴾ سُنَّةَ اللَّهِ
پائے جاویں پکڑے جاویں اور قتل کیے جاویں خوب قتل کرنا ۔ عادت خدا کی
فِي الَّذِينَ خَلَوْا مِن قَبْلُ ۖ وَلَن تَجِدَ لِسُنَّةِ اللَّهِ
بیچ ان لوگوں کے کہ گزرے پہلے ان سے ۔ اور ہرگز نہ پاویگا تو واسطے عادت اللہ کے
تَبْدِيلًا ﴿٦٢﴾ يَسْأَلُكَ النَّاسُ عَنِ السَّاعَةِ ۖ قُلْ إِنَّمَا
بدل ڈالنا ف۲ ۔ سوال کرتے ہیں تجھ کو لوگ قیامت سے ۔ کہہ سوائے اس کے نہیں
عِلْمُهَا عِندَ اللَّهِ ۚ وَمَا يُدْرِيكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ تَكُونُ
کہ علم اس کا نزدیک اللہ کے ہے ۔ اور کیا چیز معلوم کرواتی ہے تجھ کو شاید کہ قیامت ہو
قَرِيبًا ﴿٦٣﴾ إِنَّ اللَّهَ لَعَنَ الْكَافِرِينَ وَأَعَدَّ لَهُمْ
نزدیک ف۳ ۔ تحقیق اللہ نے لعنت کی ہے کافروں کو اور تیار کیا ہے واسطے ان کے
سَعِيرًا ﴿٦٤﴾ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ۖ لَّا يَجِدُونَ وَلِيًّا وَ
دوزخ ۔ ہمیشہ رہیں گے بیچ اس کے ہمیشہ ۔ نہ پاویں گے بیچ اس کے دوست اور
لَا نَصِيرًا ﴿٦٥﴾ يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوهُهُمْ فِي النَّارِ يَقُولُونَ
نہ مدد دینے والا ۔ جس دن کہ پھیرے جاویں گے منہ ان کے بیچ آگ کے کہیں گے

(بقیہ صفحہ ۵۸۰)
رسول کی یا انکی زوجہ پر طوفان لگایا سورۂ نور میں انکے کلام ذکر ہو چکے ۱۲ منہ

موضح القرآن

ف۱ پہچانی پڑیں کہ لونڈی نہیں بی بی ہے صاحب ناموس یا بدذات نہیں نیکبخت ہے تو بدنیت لوگ اس سے نہ الجھیں کچھ تک اسکا شان رکھا یہ حکم بہتری کا ہوا آگے فرمایا اللہ بخشنے والا مہربان ہے ۔ ۱۲ منہ رح ۔

ف۲ جو لوگ بدنیت تھے مدینے میں عورتوں کو چھیڑتے تکتے اور جھوٹی خبریں اڑاتے مخالفوں کے زور کی اور مسلمانوں کے بیچ کی ان کو یہ فرمایا اور توریت میں بھی تقید ہے کہ مفسدوں کو اپنے بیچ سے باہر کرو ۔ ۱۲ منہ رح ۔

ف۳ شاید یہ بھی منافقوں نے بہت کہنا پکڑا ہوگا کہ جس چیز کا جواب نہیں اسی سوال کریں بار بار اس پر یہاں ذکر کر دیا ۔ ۱۲ منہ رح

لَيْتَنَا أَطَعْنَا اللَّهَ وَأَطَعْنَا الرَّسُولَا ﴿٦٦﴾ وَقَالُوا رَبَّنَا

اے کاش کہ ہمنے فرمانبرداری کی ہوتی اللہ کی اور ہمنے فرمانبرداری کی ہوتی رسول کی ۔ اور کہیں گے اے رب

إِنَّا أَطَعْنَا سَادَتَنَا وَكُبَرَاءَنَا فَأَضَلُّونَا السَّبِيلَا ﴿٦٧﴾

ہمارے تحقیق ہمنے فرمانبرداری کی سرداروں اپنے کی اور بڑوں اپنے کی پس گمراہ کیا انھوں نے ہمکو راہ سے

رَبَّنَا آتِهِمْ ضِعْفَيْنِ مِنَ الْعَذَابِ وَالْعَنْهُمْ

اے رب ہمارے دے اُن کو دوگنا عذاب سے اور لعنت کر اُن کو

لَعْنًا كَبِيرًا ﴿٦٨﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ

لعنت بڑی ۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو مت ہو مانند اُن لوگوں کے

آذَوْا مُوسَىٰ فَبَرَّأَهُ اللَّهُ مِمَّا قَالُوا وَكَانَ عِنْدَ

کہ ایذا دی انھوں نے موسیٰ کو پس پاک کیا اُسکو اللہ نے اس چیز سے کہ کہتے تھے اور تھا وہ نزدیک

اللَّهِ وَجِيهًا ﴿٦٩﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَقُولُوا

اللہ کے آبرو والا ف ۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو ڈرو اللہ سے اور کہو

قَوْلًا سَدِيدًا ﴿٧٠﴾ يُصْلِحْ لَكُمْ أَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ

بات سیدھی ۔ سنوار دیگا واسطے تمہارے عمل تمہارے اور بخشیگا واسطے تمہارے

ذُنُوبَكُمْ وَمَنْ يُطِعِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا

گناہ تمہارے ۔ اور جو کوئی کہا مانے گا اللہ کا اور رسول اسکے کا پس وہ مراد کو پہنچا مراد کو پہنچنا

عَظِيمًا ﴿٧١﴾ إِنَّا عَرَضْنَا الْأَمَانَةَ عَلَى السَّمَاوَاتِ وَ

بڑا ۔ تحقیق روبرو کیا تھا ہمنے امانت کو اوپر آسمانوں کے اور

الْأَرْضِ وَالْجِبَالِ فَأَبَيْنَ أَنْ يَحْمِلْنَهَا وَأَشْفَقْنَ

زمین کے اور پہاڑوں کے پس انکار کیا سب نے یہ کہ اٹھاویں اُس کو اور ڈر گئے

مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْإِنْسَانُ إِنَّهُ كَانَ ظَلُومًا جَهُولًا ﴿٧٢﴾

اس سے اور اُٹھالیا اس کو انسان نے ۔ تحقیق وہ تھا بے باک نادان ف ۔

لِيُعَذِّبَ اللَّهُ الْمُنَافِقِينَ وَالْمُنَافِقَاتِ وَالْمُشْرِكِينَ

تاکہ عذاب کرے اللہ منافق مردوں کو اور منافق عورتوں کو اور شرک کرنے والوں کو

وَالْمُشْرِكَاتِ وَيَتُوبَ اللَّهُ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ

اور شرک کرنے والیوں کو اور پھر آوے اللہ ساتھ رحمت کے اوپر ایمان والوں کے

موضح القرآن

ف یعنی مفسد حضرت موسیٰ کو تہمت لگانے لگے کہ حضرت ہارون کو جنگل میں لیجا کر مار آئے تا شریک ریاست نہ رہیں پھر انکا جنازہ آسمان سے نظر آیا اور ان کی آواز آئی کہ میں اپنی موت سے مرا ہوں اور کتنوں نے کہا یہ جو چھپ کر نہاتے ہیں انکے بدن میں کچھ عیب ہے بدن کی سفیدی یا [illegible] پھولا ایک روز حضرت موسیٰ اکیلے نہانے لگے کپڑے رکھے ایک پتھر پر وہ پتھر کپڑے لے کر بھاگا حضرت موسیٰ عصا لے کر اسکے پیچھے دوڑے جہاں سب لوگ دیکھتے تھے کھڑا ہوگیا سبنے ننگے دیکھ لیا بے عیب پھر اس پتھر کو کئی عصا مارے اس میں نقش پڑ گئے ۔ ۱۲ منہ رح

ف یعنی اپنی جان پر ترس نہ کھایا امانت کیا پرائی چیز رکھنی اپنی خواہش کو روک کر زمین و آسمان میں اپنی خواہش

(باقی صفحہ ۵۸۳ پر)

ع ۱۰ ۵

منزل ۵

وَالْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝

اور ایمان والیوں کے ۔ اور ہے اللہ بخشنے والا مہربان ۔

سُوْرَةُ السَّبَا مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ اَرْبَعٌ وَّخَمْسُوْنَ اٰيَةً وَّسِتَّةُ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ سبا مکہ میں نازل ہوئی اس میں چوّن آیتیں اور چھ رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے ۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي

سب تعریف واسطے اللہ کے وہ جو واسطے اسکے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے ہے اور جو کچھ بیچ

الْاَرْضِ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي الْاٰخِرَةِ ؕ وَهُوَ الْحَكِيْمُ

زمین کے ہے اور واسطے اسکے ہے سب تعریف بیچ آخرت کے ۔ اور وہی ہے حکمت والا

الْخَبِيْرُ ۝ يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا

با خبر ف ۔ جانتا ہے جو کچھ کہ داخل ہوتا ہے بیچ زمین کے اور جو کچھ کہ نکلتا ہے اس میں سے

وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا ؕ وَهُوَ الرَّحِيْمُ

اور جو کچھ کہ اُترتا ہے آسمان سے اور جو کچھ کہ چڑھتا ہے بیچ اس کے اور وہی ہے مہربان

الْغَفُوْرُ ۝ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَاْتِيْنَا السَّاعَةُ ؕ

بخشش کرنیوالا ف ۔ اور کہا اُن لوگوں نے کہ کافر ہوئے ہیں نہ آوے گی ہمارے پاس قیامت

قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتَاْتِيَنَّكُمْ ۙ عٰلِمِ الْغَيْبِ ۚ لَا يَعْزُبُ

کہہ کیوں نہیں قسم ہے رب میرے کی البتہ آوے گی تمہارے پاس جاننے والے غیب کے کی نہیں پوشیدہ

عَنْهُ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ

اس سے برابر ایک چیونٹی کے بیچ آسمانوں کے اور نہ بیچ زمین کے

وَلَآ اَصْغَرُ مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْبَرُ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ

اور نہ چھوٹا اس سے اور نہ بڑا مگر بیچ کتاب

مُّبِيْنٍ ۝ لِّيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ

بیان کرنیوالی کے ہے ۔ تاکہ بدلا دیوے اُن لوگوں کو کہ ایمان لائے اور کام کیے اچھے ۔

اُولٰٓئِكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝ وَالَّذِيْنَ

یہ لوگ واسطے اُن کے بخشش ہے اور رزق باکرامت ف ۔ اور جن لوگوں نے

(بقیہ صفحہ ۵۸۲)

کچھ نہیں ہو تو وہ جسپر قائم ہیں آسمان خواہش پھر نا زمین کا ٹھہرنا انسان میں خو ڑ اور حکم خلاف اسکے اس پرائی چیز برخلاف اپنے جی کے تھامنا بڑا زور چاہتا ہے اسکا انجام یہ کہ منکروں کی قصور پر پکڑنا اور ماننے والوں کا قصور معاف کرنا اب بھی یہی حکم ہے کسی کی امانت کوئی جانکر ضائع کرے تو بدلا ہے اور بے اختیار ضائع ہو تو بدلا نہیں ۔ ۱۲ منہ رح

ع ۵

موضح القرآن

ع ۹

ف دنیا میں ظاہر اور کسی بھی تعریف ہوتی ہے کہ وہ پردہ ہے اللہ کے فعل کا آخرت میں پردہ نہیں جو ہے سو اسی کی طرف سے ۔ ۱۲ منہ رح ۔

ف زمین میں پیٹھتے ہیں دانے کیڑے اور مینہ نکلتا ہے سبزہ کھیتی آسمان سے اُترتا ہے مینہ قرآن تقدیر چڑھتا ہے عمل اور دعا اور روح مرنے کی اور سب ستی اسکی رحمت ہے ۔ ۱۲ منہ رح ۔

ف یعنی قیامت ہوا ہی آنی ضرور ہے ۔ ۱۲

سَعَوْ فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ

سعی کی بیچ نشانیوں ہماری کے عاجز کرنے والے ہو کر یہ لوگ واسطے اُن کے عذاب ہے

مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٌ ۝ وَيَرَى الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ الَّذِيْٓ

سخت قسم سے درد دینے والا۔ اور جانتے ہیں وہ لوگ کہ دیے گئے ہیں علم وہ جو

اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ هُوَ الْحَقَّ ۙ وَيَهْدِيْٓ اِلٰى

اُتارا گیا ہے طرف تیری پروردگار تیرے سے وہ ہی حق اور راہ دکھاتا ہے طرف

صِرَاطِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۝ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا هَلْ

راہ غالب تعریف کیے گئے کی ف۔ اور کہا اُن لوگوں نے کہ کافر ہوئے کیا

نَدُلُّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ يُّنَبِّئُكُمْ اِذَا مُزِّقْتُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ۙ

راہ بتا دیں ہم تم کو اوپر اس شخص کے کہ خبر دیتا ہے تم کو جب ریزہ ریزہ ہو جاؤ گے تم نہایت ریزہ

اِنَّكُمْ لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ۝ اَفْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا

ریزہ ہو جانا تحقیق تم البتہ بیچ پیدایش نئی کے ہو۔ کیا باندھ لیا ہے اُس نے اوپر اللہ کے جھوٹ

اَمْ بِهٖ جِنَّةٌ ۭ بَلِ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ

یا اس کو جنون ہے۔ بلکہ وہ لوگ کہ نہیں ایمان لاتے ساتھ آخرت کے

فِي الْعَذَابِ وَالضَّلٰلِ الْبَعِيْدِ ۝ اَفَلَمْ يَرَوْا اِلٰى

بیچ عذاب کے اور گمراہی دُور کے ہیں۔ کیا پس نہیں دیکھا انھوں نے طرف

مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ مِّنَ السَّمَاۗءِ وَالْاَرْضِ ۭ

اس چیز کی کہ آگے اُن کے ہے اور جو کچھ پیچھے اُن کے ہے آسمان سے اور زمین سے۔

اِنْ نَّشَاْ نَخْسِفْ بِهِمُ الْاَرْضَ اَوْ نُسْقِطْ عَلَيْهِمْ

اگر چاہیں ہم دھنسا دیویں ساتھ اُن کے زمین کو یا ڈال دیں اوپر اُن کے

كِسَفًا مِّنَ السَّمَاۗءِ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّكُلِّ عَبْدٍ

ٹکڑا آسمان سے۔ تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانی ہے واسطے ہر بندے

مُّنِيْبٍ ۝ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ مِنَّا فَضْلًا ۭ يٰجِبَالُ

رجوع کرنے والے کے۔ اور البتہ تحقیق دی ہم نے داؤد کو اپنی طرف سے بزرگی۔ اے پہاڑو

اَوِّبِيْ مَعَهٗ وَالطَّيْرَ ۚ وَاَلَنَّا لَهُ الْحَدِيْدَ ۝ اَنِ اعْمَلْ

رجوع سے تسبیح کرو ساتھ اُس کے اور اُڑتے جانور۔ اور نرم کیا ہم نے واسطے اُس کے لوہا۔ یہ کہ بنا

موضح القرآن

ف یعنی اسواسطے قیامت آتی ہے کہ جس کو یقین تھا کہ وہ آنکھوں سے دیکھ لیں ۱۲ منہ

سٰبِغٰتٍ وَّقَدِّرْ فِي السَّرْدِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ۭ اِنِّيْ بِمَا

زرہیں پوری اور اندازہ رکھ ایک دوسرے کے پڑنے میں اور عمل کرو اچھے تحقیق میں ساتھ اس چیز کے

تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۱﴾ وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ غُدُوُّهَا شَهْرٌ

کہ کرتے ہو تم دیکھنے والا ہوں ف۔ اور واسطے سلیمان کے مسخر کیا باؤ کو کہ صبح کی سیر اسکی ایک مہینہ

وَّرَوَاحُهَا شَهْرٌ ۚ وَاَسَلْنَا لَهٗ عَيْنَ الْقِطْرِ ۭ وَمِنَ

کی راہ اور شام کی سیر ایک مہینے کی راہ اور بہایا ہمنے واسطے اسکے چشمہ گلے ہوئے تانبے کا۔ اور

الْجِنِّ مَنْ يَّعْمَلُ بَيْنَ يَدَيْهِ بِاِذْنِ رَبِّهٖ ۭ وَمَنْ

جنوں میں سے ایک لوگ تھے کہ خدمت کرتے تھے آگے اسکے ساتھ حکم رب اس کے کے۔ اور جو کوئی

يَّزِغْ مِنْهُمْ عَنْ اَمْرِنَا نُذِقْهُ مِنْ عَذَابِ السَّعِيْرِ ﴿۱۲﴾

کجی کرے اُن میں سے حکم ہمارے سے چکھاویں گے ہم اسکو عذاب دوزخ کے سے ف۔

يَعْمَلُوْنَ لَهٗ مَا يَشَاۗءُ مِنْ مَّحَارِيْبَ وَتَمَاثِيْلَ وَ

بناتے تھے واسطے اسکے جو کچھ چاہتا تھا قلعوں سے اور ہتھیاروں سے اور تصویریں اور

جِفَانٍ كَالْجَوَابِ وَقُدُوْرٍ رّٰسِيٰتٍ ۭ اِعْمَلُوْٓا اٰلَ دَاوٗدَ

لگن مانند تالاووں کے اور دیگیں ایک جگہ دھری رہنے والیں۔ عمل کرو اے آل داؤد

شُكْرًا ۭ وَقَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُوْرُ ﴿۱۳﴾ فَلَمَّا قَضَيْنَا

کو واسطے شکر کے۔ اور تھوڑے ہیں بندوں میرے سے شکر کرنیوالے۔ پس جب مقرر کیا ہمنے

عَلَيْهِ الْمَوْتَ مَا دَلَّهُمْ عَلٰي مَوْتِهٖٓ اِلَّا دَاۗبَّةُ الْاَرْضِ

اُوپر اس کے موت کو نہ خبردار کیا اُن کو اوپر موت اسکی کے مگر کیڑے نے گھن کے

تَاْكُلُ مِنْسَاَتَهٗ ۚ فَلَمَّا خَرَّ تَبَيَّنَتِ الْجِنُّ اَنْ لَّوْ كَانُوْا

کہ کھاتا تھا عصا اس کا۔ پس جب گر پڑا جانا جنوں نے کہ اگر ہوتے

يَعْلَمُوْنَ الْغَيْبَ مَا لَبِثُوْا فِي الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ ﴿۱۴﴾

جانتے غیب کو نہیں رہتے بیچ عذاب ذلیل کرنے والے کے ف۔

لَقَدْ كَانَ لِسَبَاٍ فِيْ مَسْكَنِهِمْ اٰيَةٌ ۚ جَنَّتٰنِ عَنْ

البتہ تحقیق تھی واسطے قوم سبا کے بیچ گھروں اُن کے کے نشانی۔ دو باغ

يَّمِيْنٍ وَّشِمَالٍ ڛ كُلُوْا مِنْ رِّزْقِ رَبِّكُمْ وَاشْكُرُوْا

داہنے طرف سے اور بائیں طرف سے۔ کھاؤ رزق پروردگار اپنے سے اور شکر کرو

موضح القرآن

ف حضرت داؤد پچھلے دن جنگل میں نکلتے اپنے گناہ پر روتے اور زبور پڑھتے۔ خوش آواز ان کے اثر سے پہاڑ بھی ساتھ پڑھتے اور روتے اور جانور پاس آبیٹھ کر اسی طرح آواز کرتے اس مجلس میں لوگوں کو بہت جان نکلتے اور کڑیوں کی زرہ پہلے انہیں سے نکلی کہ کشادہ ہے ۱۲ منہ

ف حضرت سلیمان کا تخت تھا جس پر سب لشکر چلتا باؤ اسکو لے چلتی شام سے یمن اور یمن سے شام آدھے دن میں لے پہنچتی اور پگھلے تانبے کا چشمہ اللہ نے نکالدیا یمن کی طرف اسکو سانچے میں ڈالکر جن باسن بناتے بہت بڑے لشکر کو موافق کھانا پکتا اور بٹتا۔ ۱۲ منہ

ف حضرت سلیمان جنوں کے ہاتھ سے مسجد بیت المقدس بنواتے تھے جب معلوم کیا کہ میری موت پہنچی جنوں کو عمارت کا نقشہ بتا کر آپ شیشے کے مکان میں در بند کر کے بندگی میں مشغول ہوئے بعد وفات کے برس دن تک جن بناتے رہے کوئی کی بن گئی جس عصا پر ٹیک کر کھڑے تھے۔

(باقی صفحہ ۵۸۶ پر)

لَهُ بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ وَرَبٌّ غَفُورٌ ۝١٥ فَأَعْرَضُوا
واسطے اسکے۔ شہر ہے پاکیزہ اور پروردگار ہے بخشنے والا ف۱ پس منہ پھیرا انھوں نے
فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ سَيْلَ الْعَرِمِ وَبَدَّلْنَاهُمْ بِجَنَّتَيْهِمْ
پس بھیجی ہمنے اوپر اُن کے رَو زور کی اور بدل دیا ہمنے اُن کو بدلے دو باغوں اُنکے
جَنَّتَيْنِ ذَوَاتَيْ أُكُلٍ خَمْطٍ وَأَثْلٍ وَشَيْءٍ مِنْ
کے دو باغ میووں والے بدمزہ اور جھاؤ اور کچھ
سِدْرٍ قَلِيلٍ ۝١٦ ذَٰلِكَ جَزَيْنَاهُمْ بِمَا كَفَرُوا ۚ وَ
بیرے تھوڑے ف۲۔ یہ بدلا دیا ہمنے اُن کو بسبب اسکے کہ کفر کیا انھوں نے۔ اور
هَلْ نُجَازِي إِلَّا الْكَفُورَ ۝١٧ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ
نہیں بدلا دیتے ہم مگر ناشکر کو۔ اور کیا تھا ہمنے درمیان اُنکے اور درمیان
الْقُرَى الَّتِي بَارَكْنَا فِيهَا قُرًى ظَاهِرَةً وَقَدَّرْنَا فِيهَا
اُن گاؤں کے کہ برکت دی ہمنے بیچ اُنکے بستیاں ظاہر اور مقرر کر دی تھیں ہمنے بیچ اُنکے
السَّيْرَ ۖ سِيرُوا فِيهَا لَيَالِيَ وَأَيَّامًا آمِنِينَ ۝١٨ فَقَالُوا
سرائیں اُترنے کی۔ چلو بیچ اس کے راتوں کو اور دنوں کو امن سے ف۳۔ پس کہا انھوں نے
رَبَّنَا بَاعِدْ بَيْنَ أَسْفَارِنَا وَظَلَمُوا أَنْفُسَهُمْ فَجَعَلْنَاهُمْ
اے رب ہمارے دُوری ڈال درمیان سفروں ہمارے کے اور ظلم کیا انھوں نے جانوں اپنی کو پس کر دیا
أَحَادِيثَ وَمَزَّقْنَاهُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ
ہمنے اُنکو باتیں اور ٹکڑے ٹکڑے کیا ہمنے اُنکو نہایت ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ تحقیق بیچ اسکے البتہ نشانیاں
لِكُلِّ صَبَّارٍ شَكُورٍ ۝١٩ وَلَقَدْ صَدَّقَ عَلَيْهِمْ إِبْلِيسُ
واسطے ہر صبر کرنیوالے شکر کرنیوالے کے ف۴۔ اور البتہ تحقیق سچا کیا اوپر اُن کے ابلیس نے
ظَنَّهُ فَاتَّبَعُوهُ إِلَّا فَرِيقًا مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ۝٢٠ وَمَا
گمان اپنا پس پیروی کی اُسکی مگر ایک فرقے نے ایمان والوں سے ف۵۔ اور نہیں
كَانَ لَهُ عَلَيْهِمْ مِنْ سُلْطَانٍ إِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ يُؤْمِنُ
تھا واسطے اسکے اوپر ان کے کچھ غلبہ مگر تاکہ ظاہر کریں ہم اس شخص کو کہ ایمان لاتا ہے
بِالْآخِرَةِ مِمَّنْ هُوَ مِنْهَا فِي شَكٍّ ۗ وَرَبُّكَ عَلَىٰ
ساتھ آخرت کے جدا اس شخص کر کہ وہ اس آخرت سے بیچ شک کے ہے۔ اور پروردگار تیرا اوپر

(بقیہ صفحہ ۵۸۵)
گھن کی کھانے سے گرا تب ... واقع معلوم ہوئی اور جن جو آدمیوں پاس تھے کرتے تھے علم غیب قائل ہوگئے ۱۲ منہ رح۔

موضح القرآن

ف۱ بلقیس جو سبا کی بادشاہ تھی ملک یمن میں اپنے دیس کو خوب بسایا تھی پانی جیسے کا سب سمیٹ کر ایک جگہ رکھا اوپر نیچے تین کوٹھڑیاں رکھیں اونچی اور نیچی زمینوں کو سطے سامنے برس مینھ کا پانی ہو جو رہتا جتنا چاہتے خرچ کرتے خوب سرسبز آباد ملک ہوا ۱۲ منہ رح۔

ف۲ جب اللہ نے چاہا کہ عذاب بھیجے گھونس پیدا ہوئی اس پانی کے بند میں اسکی جڑ کرید ڈالی ایکبار پانی نے زور کیا بند کو توڑ دیا وہ پانی عذاب کا تھا سرخ رنگ جس زمین پر پھر گیا کام سے جاتی رہی پیچھے وہ قوم پریشان ہو کر جدا جدا ہو گئی اور کچھ نہ رہا ان باغوں کے بدلے یہ چیزیں پائی گئے ۱۲ منہ رح۔

ف۳ برکت والی بستیاں یعنی ملک شام انکے ملک سے شام تک راہ میں کی آباد بستیاں پاس پاس

(باقی صفحہ ۵۸۷ پر)

كُلِّ شَيْءٍ حَفِيظٌ ﴿٢١﴾ قُلِ ادْعُوا الَّذِينَ زَعَمْتُمْ

ہر چیز کے نگہبان ہے ۔ کہہ کر پکارو تم اُن لوگوں کو کہ گمان کرتے ہو تم انکو

مِنْ دُونِ اللَّهِ ۖ لَا يَمْلِكُونَ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ فِي السَّمَاوَاتِ

سوائے خدا کے ۔ نہیں مالک ہوتے برابر ایک ذرہ کے بیچ آسمانوں کے

وَلَا فِي الْأَرْضِ وَمَا لَهُمْ فِيهِمَا مِنْ شِرْكٍ وَمَا لَهُ

اور نہ بیچ زمین کے اور نہیں واسطے اُنکے بیچ ان دونو کے کچھ ساجھا اور نہیں واسطے اسکے

مِنْهُمْ مِنْ ظَهِيرٍ ﴿٢٢﴾ وَلَا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ عِنْدَهُ

ان میں سے کوئی پشتی بان ۔ اور نہیں فائدہ دیتی شفاعت نزدیک اس کے

إِلَّا لِمَنْ أَذِنَ لَهُ ۚ حَتَّىٰ إِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوبِهِمْ قَالُوا

مگر واسطے اس شخص کے کہ اذن دیوے وہ واسطے اسکے وہ منتظر رہتے ہیں حکم اسکے کی یہانتک کہ جب دور کیا جاتا ہے

مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ ۖ قَالُوا الْحَقَّ ۖ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيرُ ﴿٢٣﴾

اضطراب اُن کے دلوں سے کہتے ہیں آپس میں کیا کہا پروردگار تمہارے نے کہتے ہیں کہ کہا حق اور وہ بلند ہے بڑا ۔

قُلْ مَنْ يَرْزُقُكُمْ مِنَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ قُلِ

کہہ کہ کون رزق دیتا ہے تمکو آسمانوں سے اور زمین سے ۔ کہہ

اللَّهُ ۖ وَإِنَّا أَوْ إِيَّاكُمْ لَعَلَىٰ هُدًى أَوْ فِي ضَلَالٍ مُبِينٍ ﴿٢٤﴾

کہ اللہ اور ہم یا تم البتہ اُوپر ہدایت کے ہیں یا بیچ گمراہی ظاہر کے ۔

قُلْ لَا تُسْأَلُونَ عَمَّا أَجْرَمْنَا وَلَا نُسْأَلُ عَمَّا تَعْمَلُونَ ﴿٢٥﴾

کہہ اے محمد نہیں پوچھے جاؤ گے تم اس چیز سے کہ گناہ کرتے ہیں ہم اور نہ پوچھے جاوینگے ہم اس چیز سے کہ کرتے ہو تم ۔

قُلْ يَجْمَعُ بَيْنَنَا رَبُّنَا ثُمَّ يَفْتَحُ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ وَ

کہہ کہ جمع کریگا ہم سب کو رب ہمارا پھر حکم کریگا درمیان ہمارے ساتھ حق کے ۔ اور

هُوَ الْفَتَّاحُ الْعَلِيمُ ﴿٢٦﴾ قُلْ أَرُونِيَ الَّذِينَ أَلْحَقْتُمْ بِهِ

وہ ہے حکم کرنے والا جاننے والا ۔ کہہ کہ دکھاؤ مجھ کو ان لوگوں کو کہ ملا دیا ہے تمنے ساتھ خدا کے

شُرَكَاءَ ۖ كَلَّا ۚ بَلْ هُوَ اللَّهُ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿٢٧﴾ وَمَا

شریک مقرر کر ہرگز نہیں ۔ بلکہ وہ ہے اللہ غالب حکمت والا ۔ اور نہیں

أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا كَافَّةً لِلنَّاسِ بَشِيرًا وَنَذِيرًا وَلَٰكِنَّ

بھیجا ہمنے تجھ کو مگر واسطے سب لوگوں کے خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا لیکن

(بقیہ صفحہ ۵۸۶)

۲ سفر تھا جیسے بیز بند ۔ ع ۱۲ ف آرام میں سستی ۸ آئی تھے تحقیق نا تھے کر جیسے اور ملکوں کا خبر سنتے ہیں سفروں میں پانی نہیں ملتے آبادی نہیں ملتی دیسا بکو گا ۔ یہ بڑی ناشکری ہوئی پیر کر ٹکڑے کر ڈالا یعنی متفرق ہوگئے کیسی کیسی ملک میں ۱۲ منہ رح ف پہلے دن ابلیس نے کہا تھا ولحتنکن ذریتہ الا قلیلا ۔ ویسے ہی نکلے ۱۲ منہ رح ۔

موضح القرآن

ف یعنی اللہ تعالے کے ہاں سفارش عوام چاہتے ہیں دیکاد ہ انبیا وہ فرشتے سے فرشتوں کا یہ حال، جو فرما جب اُوپر سے اللہ کا حکم اُترتا ہے آواز آتی ہے جیسے پتھر پر زنجیر فرشتے ڈر سے تھرتھراتے ہیں جب تسکین آئی اور کلام اُتر چکا ۔ ایک دوسرے پوچھتے ہیں کیا حکم ہوا اوپر والے بتاتے ہیں پیچھے کفروں کو جو اللہ کی حکمت ہے موافق ہوا اور آگے سے قاعدہ معلوم ہے، وہی حکم ہوا ۔

ف یعنی دونوں فرقے تو

(باقی صفحہ ۵۸۸ پر)

أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٢٨﴾ وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا

بہت لوگ نہیں جانتے۔ اور کہتے ہیں کہ کب ہے یہ

الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿٢٩﴾ قُل لَّكُم مِّيعَادُ يَوْمٍ

وعدہ اگر ہو تم سچے۔ کہہ کہ واسطے تمہارے وعدہ ہے ایک دن کا

لَّا تَسْتَأْخِرُونَ عَنْهُ سَاعَةً وَلَا تَسْتَقْدِمُونَ ﴿٣٠﴾

نہیں پیچھے رہو گے اس سے ایک گھڑی اور نہ آگے بڑھو گے۔

ع ۳ ۹ — النصف

وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لَن نُّؤْمِنَ بِهَٰذَا الْقُرْآنِ وَ

اور کہا اُن لوگوں نے کہ کافر ہوئے ہرگز نہ ایمان لاویں گے ہم ساتھ اس قرآن کے اور

لَا بِالَّذِي بَيْنَ يَدَيْهِ ۗ وَلَوْ تَرَىٰ إِذِ الظَّالِمُونَ

نہ ساتھ اس چیز کے کہ آگے اس کے ہے۔ اور کاش کہ دیکھے تو جب کہ ظالم

مَوْقُوفُونَ عِندَ رَبِّهِمْ يَرْجِعُ بَعْضُهُمْ إِلَىٰ بَعْضٍ

کھڑے کیے جاویں گے نزدیک پروردگار اپنے کے پھیریں گے بعضے اُنکے طرف بعض کی

الْقَوْلَ يَقُولُ الَّذِينَ اسْتُضْعِفُوا لِلَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا

بات کو۔ کہیں گے وہ لوگ کہ ناتوان کیے گئے تھے واسطے اُن لوگوں کے جو تکبر کرتے تھے

لَوْلَا أَنتُمْ لَكُنَّا مُؤْمِنِينَ ﴿٣١﴾ قَالَ الَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا

اگر نہ ہوتے تم البتہ ہوتے ہم ایمان والوں سے۔ کہیں گے وہ لوگ کہ تکبر کرتے تھے

لِلَّذِينَ اسْتُضْعِفُوا أَنَحْنُ صَدَدْنَاكُمْ عَنِ الْهُدَىٰ

واسطے اُن لوگوں کے جو ناتوان کیے گئے تھے کیا ہم نے بند کیا تھا تم کو ہدایت سے

بَعْدَ إِذْ جَاءَكُم ۖ بَلْ كُنتُم مُّجْرِمِينَ ﴿٣٢﴾ وَقَالَ الَّذِينَ

پیچھے اسکے کہ آئی تمہارے پاس بلکہ تھے تم گنہگار۔ اور کہیں گے وہ لوگ

اسْتُضْعِفُوا لِلَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا بَلْ مَكْرُ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ

جو ضعیف کیے گئے تھے واسطے اُن لوگوں کے کہ تکبر کرتے تھے بلکہ مکر کرتے تھے تم رات کو اور دن کو

إِذْ تَأْمُرُونَنَا أَن نَّكْفُرَ بِاللَّهِ وَنَجْعَلَ لَهُ أَندَادًا ۚ

جس وقت کہ تم حکم کرتے تھے ہمکو یہ کہ کفر کریں ہم ساتھ اللہ کے اور مقرر کریں ہم واسطے اللہ کے شریک۔

وَأَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَأَوُا الْعَذَابَ وَجَعَلْنَا الْأَغْلَالَ

اور چھپاویں گے پشیمانی جس وقت کہ دیکھیں گے عذاب۔ اور کریں گے ہم طوق

(بقیہ صفحہ ۵۸۰)
سچ نہیں کہتے۔ ایک مقرر سچا ہے ایک مقرر جھوٹا ہے تو لازم ہے کہ سوچو اور سچی بات پکڑو اسمیں ان کا جواب ہے جو اس زمانے میں بعضے لوگ کہتے ہیں دونوں فرقے ہمیشہ سے چلے آئے ہیں کیا ضرور ہر جھگڑا

فِي أَعْنَاقِ الَّذِينَ كَفَرُوا هَلْ يُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كَانُوا

بیچ گردنوں اُن لوگوں کے کہ کافر ہوئے۔ نہیں جزا دیے جاویں گے مگر جو کچھ کرتے

يَعْمَلُونَ ﴿۳۳﴾ وَمَا أَرْسَلْنَا فِي قَرْيَةٍ مِّن نَّذِيرٍ إِلَّا

وہ عمل کرتے۔ اور نہیں بھیجا ہم نے بیچ کسی بستی کے کوئی ڈرانے والا مگر

قَالَ مُتْرَفُوهَا إِنَّا بِمَا أُرْسِلْتُم بِهِ كَافِرُونَ ﴿۳۴﴾ وَقَالُوا

کہا دولتمندوں اُسکے نے تحقیق ہم ساتھ اُس چیز کے کہ بھیجے گئے ہو تم ساتھ اُسکے کافر ہیں۔ اور کہا

نَحْنُ أَكْثَرُ أَمْوَالًا وَأَوْلَادًا وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِينَ ﴿۳۵﴾

انھوں نے ہم زیادہ تر ہیں مال میں اور اولاد میں اور نہیں ہم عذاب کیے گئے۔

قُلْ إِنَّ رَبِّي يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَن يَشَاءُ وَيَقْدِرُ

کہہ کہ تحقیق پروردگار میرا کھولتا ہے رزق کو واسطے جس کے چاہتا ہے اور بند کر دیتا ہے

وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ﴿۳۶﴾ وَمَا أَمْوَالُكُمْ وَ

ولیکن بہت لوگ نہیں جانتے۔ اور نہیں مال تمھارے اور

لَا أَوْلَادُكُم بِالَّتِي تُقَرِّبُكُمْ عِندَنَا زُلْفَىٰ إِلَّا مَنْ آمَنَ

نہ اولاد تمھاری وہ جو نزدیک کرے تمکو نزدیک ہمارے نزدیک کرکے مگر جو شخص کہ ایمان لائے

وَعَمِلَ صَالِحًا فَأُولَٰئِكَ لَهُمْ جَزَاءُ الضِّعْفِ بِمَا

اور کام کیے اچھے پس یہ لوگ واسطے اُن کے ہے جزا دوگنی بسبب اُس کے کہ

عَمِلُوا وَهُمْ فِي الْغُرُفَاتِ آمِنُونَ ﴿۳۷﴾ وَالَّذِينَ يَسْعَوْنَ

جو کیا انھوں نے اور وہ بیچ بالاخانوں کے نڈر ہیں۔ اور جو لوگ کوشش کرتے ہیں

فِي آيَاتِنَا مُعَاجِزِينَ أُولَٰئِكَ فِي الْعَذَابِ مُحْضَرُونَ ﴿۳۸﴾

بیچ نشانیوں ہماری کے واسطے عاجز کرنے کے یہ لوگ بیچ عذاب کے حاضر کیے جاویں گے۔

قُلْ إِنَّ رَبِّي يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَن يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ

کہہ کہ تحقیق پروردگار میرا کھولتا ہے رزق کو واسطے جسکے چاہتا ہے بندوں اپنے سے

وَيَقْدِرُ لَهُ وَمَا أَنفَقْتُم مِّن شَيْءٍ فَهُوَ يُخْلِفُهُ

اور تنگ کرتا ہے واسطے اُسکے۔ اور جو کچھ خرچ کرتے ہو تم کسی چیز سے پس وہ بدلا دیتا ہے اُس کا

وَهُوَ خَيْرُ الرَّازِقِينَ ﴿۳۹﴾ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا ثُمَّ

اور وہ بہت بہتر رزق دینے والا ہے۔ اور جس دن کہ جمع کرے گا اُن کو اکٹھے پھر

يَقُولُ لِلْمَلَـٰٓئِكَةِ أَهَـٰٓؤُلَآءِ إِيَّاكُمْ كَانُوا يَعْبُدُونَ ﴿٤٠﴾

کہے گا واسطے فرشتوں کے کیا یہ تمکو تھے عبادت کرتے ۔

قَالُوا سُبْحَـٰنَكَ أَنتَ وَلِيُّنَا مِن دُونِهِم ۚ بَلْ كَانُوا

کہیں گے پاکی ہے تجھ کو تو کارساز ہمارا ہے سوائے اُن کے ۔ بلکہ وہ تھے

يَعْبُدُونَ ٱلْجِنَّ ۖ أَكْثَرُهُم بِهِم مُّؤْمِنُونَ ﴿٤١﴾ فَٱلْيَوْمَ

عبادت کرتے جنوں کو اکثر اُن کے ساتھ جنوں کے ایمان رکھتے ہیں ۔ پس آج کے دن

لَا يَمْلِكُ بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ نَّفْعًا وَلَا ضَرًّا وَنَقُولُ

نہ اختیار میں رکھے گا بعض تمہارا واسطے بعضوں کے نفع کو اور نہ ضرر کو ۔ اور کہیں گے ہم

لِلَّذِينَ ظَلَمُوا ذُوقُوا عَذَابَ ٱلنَّارِ ٱلَّتِى كُنتُم بِهَا

